# افضلیت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

## کا منکر اہل سنت سے خارج ہے



تحریر

استاذ العلماء ابوالحسن مفتی پیر محمد اسلم نقشبندی قادری

بانی و مہتمم جامعہ اسلامیہ رضویہ ۔ ساؤتھ فیلڈ لین بریڈ فورڈ ۔ 5

ناظم اعلیٰ جامعہ اسلامیہ سلطانیہ حافظ ٹاؤن ۔ جی ٹی روڈ ۔ جہلم

# افضلیت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ

## کا منکر اہل سنت سے خارج ہے

تحریر

استاذ العلماء ابو الحسن مفتی پیر محمد اسلم نقشبندی قادری

بانی و مہتمم جامعہ اسلامیہ رضویہ ۔ ساؤتھ فیلڈ لین بریڈ فورڈ ۔ ۵

ناظم اعلیٰ جامعہ اسلامیہ سلطانیہ حافظ ٹاؤن ۔ جی ٹی روڈ ۔ جہلم

marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا منکر اہلِ سنت سے خارج ہے |
| مصنف | : | ابوالحسن علامہ مفتی پیر محمد اسلم نقشبندی قادری |
| تعداد | : | ایک ہزار |
| تاریخ اشاعت | : | جمادی الاوّل ۱۴۲۹ھ<br>مئی 2008ء |
| قیمت | : | 200 روپے |

ملنے کا پتہ

یو۔کے : جامعہ اسلامیہ رضویہ ساؤتھ فیلڈ لین بریڈفورڈ۔5

پاکستان : جامعہ اسلامیہ سلطانیہ حافظ ٹاؤن جی ٹی روڈ جہلم

marfat.com

# الفہرس


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تقریظ حضرت علامہ محمد اشرف سیالوی | 9 |
| 2 | تقریظ حضرت علامہ محمد حبیب الرحمٰن محبوبی نقشبندی | 11 |
| 3 | تقریظ حضرت علامہ محمد عرفان شاہ مشہدی | 16 |
| 4 | تقریظ حضرت علامہ مفتی علیم الدین جامعہ نعیمیہ | 18 |
| 5 | تقریظ حضرت مولانا عبد الغفور الوری | 19 |
| 6 | تقریظ شیخ الحدیث مولانا قاری محمد طیب مفسر قرآن | 22 |
| 7 | تقریظ حضرت مولانا النصر القادری | 24 |
| 8 | مقدمہ | 27 |
| 9 | نام ونسب | 35 |
| 10 | نسب وخاندانی وجاہت | 38 |
| 11 | آپ کا ایمان | 38 |
| 12 | صحابی کی تعریف | 39 |
| 13 | صحابہ کے مراتب | 40 |
| 14 | صحابیت میں تفاوت | 41 |
| 15 | حضور ﷺ کی زبان سے صحابیت کا بیان | 46 |
| 16 | صحابیت ایک نیکی ہے | 47 |
| 17 | افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 48 |


marfat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 18 | دلیل اوّل قرآن سے | 49 |
| 19 | افضلیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ | 59 |
| 20 | پہلی دلیل | 59 |
| 21 | بعض سادات کی توجہ | 65 |
| 22 | الاتقی سے استدلال صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی افضلیت پر | 66 |
| 23 | ایک شبہ کا ازالہ | 69 |
| 24 | ایک وضاحت | 70 |
| 25 | ایک وضاحت | 73 |
| 26 | ایک شبہ کا ازالہ | 78 |
| 27 | افضلیت پر احادیث سے استدلال | 78 |
| 28 | باب۔ فضل ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ بعد النبی ﷺ | 79 |
| 29 | افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ امم سابقہ پر | 81 |
| 30 | افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی نظر میں | 86 |
| 31 | افضلیت شیخین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نظر میں | 87 |
| 32 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی نظر میں | 93 |
| 33 | ایک وہم کا ازالہ | 105 |
| 34 | ایک شبہ کا ازالہ | 106 |
| 35 | افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ صحابہ کی نظر میں | 111 |
| 36 | افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اُمت کا اجماع | 112 |


marfat.com

| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 37 | لفظ افضل اور خیر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں بطور نص | 119 |
| 38 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر اجماع کی تحقیق | 120 |
| 39 | امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا رجوع | 126 |
| 40 | آئمہ اربعہ کے نزدیک مسلہ تفضیل | 128 |
| 41 | ایک شبہ کا ازالہ اور علامات اہل سنت | 129 |
| 42 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وجہ کیا ہے؟ | 130 |
| 43 | شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی عبارت سے اہل سنت کو مغالطہ دینا | 133 |
| 44 | اس عبارت کی وضاحت | 140 |
| 45 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا منکر اہل سنت و جماعت سے خارج ہے | 162 |
| 46 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر اجماع صحابہ | 169 |
| 47 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا منکر رافضی شیعہ ہے | 172 |
| 48 | روافض یہود و نصاریٰ سے زیادہ بُرے ہیں | 177 |
| 49 | فتویٰ علی پور سیداں سیالکوٹ | 180 |
| 50 | مسئلہ افضلیت کی اہمیت | 187 |
| 51 | افضلیت شیخین عقیدہ اہل سنت کی علامت | 188 |
| 52 | حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے شرح عقائد کی وضاحت | 190 |


marfat.com

| صفحہ نمبر | مضامین | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 191 | سادات کرام کیلئے خصوصاً ایمان افروز بات | 53 |
| 195 | افضلیت شیخین پر اجماع قطعی ہے کہ ظنی؟ | 54 |
| 204 | شیخ محقق کا علماء اہل سنت کو مشورہ | 55 |
| 207 | اکابرین اُمت پر برطانیہ میں شدید حملے | 56 |
| 211 | ابن عبدالبر کا اعتراض | 57 |
| 224 | افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نگاہ رسول ﷺ میں | 58 |
| 225 | ایک شبہ کا ازالہ | 59 |
| 228 | افضلیت میں اقوال صحابہ کی حیثیت | 60 |
| | افضلیت میں اجماع امت کی قطعیت وظنیت میں | 61 |
| 229 | امام عبدالعزیز کی تحقیق وترجیح | |
| 231 | اقادیل موسوسہ حادثہ بعد انعقاد الاجماع | 62 |
| 233 | دوسرا قول باطل | 63 |
| 233 | تیسرا قول باطل | 64 |
| 234 | چوتھا قول | 65 |
| 235 | پانچواں قول | 66 |
| 236 | وضاحت | 67 |
| 240 | حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تصوف وطریقت کے امام ہیں | 68 |
| 244 | فائدہ | 69 |


marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

نابغۃ العصر وحید الدھر جامع المعقول والمنقول حاوی الاصول والفروع
استاذ الاساتذہ مناظر اسلام شیخ الحدیث والتفسیر

ابوالحسنات علامہ محمد اشرف سیالوی مدظلہ العالی

حضرت علامہ مولانا محمد اسلم صاحب زیدت عطارمہ کی کتاب ''افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ'' کے اکثر مقامات کا مطالعہ کرنے کا شرف حاصل کیا۔ ماشاء اللہ آپ نے اس موضوع کو بڑے مدلل اور مبرھن انداز میں تحریر فرمایا اور منکرین ومخالفین کے شکوک وشبہات کا بڑے مدلل پرایہ میں ازالہ فرمایا اور اہل سنت کے اجماعی عقیدہ کی بہترین انداز میں ترجمانی فرمائی۔

جو لوگ اس نظریہ اور عقیدہ سے انحراف کرتے ہیں ان کے دعوائے محبت وعقیدت پر حیرت ہوتی ہے کہ جب وہ حضرت مولائے مرتضٰی رضی اللہ عنہ کے افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے متعلق ارشادات کو تسلیم نہیں کرتے تو ان سے محبت کے دعویٰ کا انہیں کیا حق پہنچتا ہے بلکہ آپ سے اور جملہ اہل بیت کرام علیہم الرضوان سے محبت وعقیدت اور نیاز وفلاح تو محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم والی نسبت کیوجہ سے ہے تو جو حضرات خود نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کو بھی درخور اعتناء نہیں سمجھتے اور ان کے مطابق اعتقاد اپنانے کو تیار نہیں۔ انہیں آپ کی ذات گرامی کے ساتھ بھی محبت وعقیدت کا دعویٰ زیب نہیں دیتا کیونکہ ان المحب عن یحب مطیع۔

marfat.com

حضرت علامہ مدظلہ نے ارشادات مصطفویہ اور فرمودات مرتضویہ بلکہ آیات قرآنیہ کے ساتھ اہل سنت کے اس عقیدہ کو روز روشن کی طرح واضح کر دیا ہے اور اس سے عدول انحراف کی راہیں مسدود کر دی ہیں اللہ تعالیٰ آپ کو اس سعی جمیل پر اجر جزیل عطا فرمائے اور منکرین ومخالفین کو حق کو حق اور باطل کو باطل سمجھنے کی توفیق عطا فرمائے اور قبول حق اور اعتراف حقیقت کی جرأت ایمانی نصیب فرمائے آمین ثم آمین۔

احقر الانام خادم علماء کرام ومشائخ عظام

الفقیر الی اللہ المفتی سمی حبیب اللہ محمد اشرف الانام علیہ الصلوٰۃ والسلام

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

پیرِ طریقت رہبرِ شریعت استاذ العلماء محبوب المشائخ

حضرت علامہ الحاج محمد حبیب الرحمٰن محبوبی نقشبندی قادری صاحب دامت برکاتہم العالیہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ ڈھانگری شریف آزاد کشمیر وحال مقیم وسجادہ نشین

صفۃ الاسلام سن برج روڈ بریڈ فورڈ یو۔ کے

**نحمده و نصلی و نسلم علی حبیبه ورسوله و نبیه سیدنا محمد و اله و صحبه اجمعین. اما بعد**

زیر نظر تالیف (افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) کے اکثر اور مختلف مقامات میری نظر سے گزرے، بعض بنظر غائر۔ بعض بنظر عابر۔ میں نے اِسے مذہب حق، عقائدِ اہلسنت کی ترجمانی میں نہایت مفید پایا۔ اللہ کرے زورِ قلم اور زیادہ۔

یہ تالیف، میرے عزیز اور قابلِ فخر فاضلِ جلیل علامہ الحافظ پیر محمد اسلم صاحب بندیالوی زید مجدہ کی علمی کاوش ہے۔ یہ تالیف اپنے موضوع پر مفسرین، محدثین، فقہاء، صوفیاء اور دیگر محققین کی مسلمہ نصوص سے مزین اور اسلاف واخلاف کی معتبرات کے حوالہ جات سے بھری پڑی ہے۔ موجودہ دور میں کچھ زعمائے امت نے (بالخصوص برطانیہ میں) صحابہ کرام کے متعلق معتقداتِ اہل سنت و جماعت کے برخلاف غیر معتدل رویہ اپنایا ہے جو اہل سنت و جماعت کی صفوں میں انتشار و خلفشار کا سبب بن سکتا ہے۔ حالانکہ اصاغر واکابر اہل سنت و جماعت کا فرض منصبی یہ ہے کہ وہ

marfat.com

اپنی سری وجہری محافل میں جمہور اعلامِ امت ہی کے مسلمہ عقائد کو بیان کریں۔ کیونکہ سنیت وحقیقت کی یہی اساس ہے۔ ہرگز ہرگز احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔ اربابِ عقل ودانش سے حدیث ''اتقوا من مواضع التھمۃ'' کیونکر مخفی ہوسکتی ہے۔ یقیناً اساطین علم وفن کا ایسی غیر محتاط گفتگو اور مذاکرات سے اجتناب، تقاضا دانش ہی نہیں بلکہ مذہبی ومنصبی فریضہ بھی ہے۔ **فتمسکوا بھا بالنواجذ۔**

کجا ماند آں رازے کز وسازند محفلہا

نا قابلِ تردید حقیقت:

رافضیت وشیعیت، جس مہلک ہتھیار سے بھولی بھالی سنیت پر حملہ آور ہوتی ہے وہ ہے، حضور مولائے کائنات سیدنا ومولانا حضرت علی (کرم اللہ وجہہ الکریم) کے متعلق ''افضلیتِ مطلقہ کا اعتقاد'' اور اِس اعتقاد کے اساسی اور بنیادی مقدمات (حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حضور پرنور سید عالم ﷺ کے ساتھ قرابتِ قریبہ اور دیگر جزوی فضائل ومناقب ہیں) جنہیں غیر محقق، محقق خودساختہ قواعد وضوابط کے مطابق ترتیب دے کر منطقی نتائج اخذ کرتے ہیں، پھر عوام الناس کے سامنے پیش کرتے ہیں، سادہ لوح سُنی تذبذب کا شکار ہوجاتے ہیں اور اہل بیت کی محبت کی آڑ میں صحابہ کرام کے متعلق انتہائی بودے اعتقاد کے حامل بن جاتے ہیں۔ **اللھم انا نعوذبک من سوء الاعتقاد ومن کل شرٍ جليٍ وخفيٍ وخصوصاً من شر النفاثين فی العقد۔**

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمہ اللہ تعالیٰ، جو دنیائے سنیت کی مسلّم شخصیت ہیں رقمطراز ہیں:

marfat.com

افضلیت حضرات شیخین باجماع صحابہ وتابعین ثابت شدہ است، چنانچہ نقل کردہ آنرا جماعت از اکابر آئمہ کہ یکے از ایشاں امام شافعی است قال الشیخ الامام ابوالحسن الاشعری، إن تفضیل ابی بکر ثم عمر علی بقیۃ الامۃ قطعی، وقد تواتر عن علی رضی اللہ عنہ فی خلافتہ وکرسی مملکتہ وبین الجم الغفیر من شیعتہ ان ابا بکر وعمر افضل الامۃ ۔ (دفتر دوم ص ۲۸)۔ ترجمہ: حضرات شیخین (سیدنا ابوبکر وسیدنا عمر) کی افضلیت صحابہ وتابعین کے اجماع سے ثابت ہے، جیسا کہ اکابر آئمہ کی ایک جماعت نے اس کو نقل فرمایا ہے۔ جن میں سے ایک امام شافعی بھی ہیں اور امام ابوالحسن اشعری نے فرمایا۔ کہ حضرت صدیق وفاروق رضی اللہ عنہما کی فضیلت باقی تمام امت پر قطعی ہے اور حضرت علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ سے بہ تواتر ثابت ہے، کہ آپ نے اپنی خلافت کے زمانہ میں، خاص اپنے دارالخلافۃ میں اور اپنے متبعین کے جم غفیر کے سامنے ارشاد فرمایا، کہ ابوبکر وعمر ساری امت سے افضل ہیں۔

مزید حضرت مجدد پاک رحمۃ اللہ علیہ رقمطراز ہیں:

افضلیت ایشاں بترتیب خلافت است، افضلیتِ حضرات شیخین باجماع صحابہ وتابعین ثابت شدہ است، وحضرت امیر کرم اللہ وجہہ الکریم میغر ماید، کسیکہ مرابر ابی بکر وعمر فضل بدھد مفتری است واورا تازیانہ زنم چنانکہ مفتری رابزنند۔

(دفتر دوم ص ۱۳۰)

ترجمہ: ان حضرات کی افضلیت کی ترتیب خلافت کی ترتیب کے مطابق ہے اور حضرات شیخین (صدیق وفاروق) کی افضلیت، صحابہ وتابعین کے اتفاق سے ثابت ہے، حضرت امیر (علی) کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ: جو شخص مجھے ابوبکر

marfat.com

وعمر پر فضیلت دے گا، وہ مفتری ہے اور میں اُسے ویسے ہی کوڑوں کی سزا دوں گا جیسا کہ مفتری کو دی جاتی ہے۔ تفصیلات، ان شاء اللہ تعالیٰ، آپ کو اِس کتاب کی ورق گردانی سے دستیاب ہوں گی۔

صحابہ کے متعلق ایک نصیحت:

**والسبقون الاولون من المهاجرين والانصار والذين اتبعوهم باحسان رضی الله عنهم ورضوا عنه، واعدلهم جنت تجری تحتها الانهار خالدين فيها ابدا ذالک الفوز العظيم۔** (التوبۃ ۱۰۰)

ترجمہ: نیکی میں سبقت کرنے والے اور سب سے پہلے ایمان لانے والے مہاجرین اور انصار (صحابہ) اور جن مسلمانوں نے نیکی میں ان کی اتباع کی، اللہ ان سے راضی ہو گیا اور وہ اللہ سے راضی ہو گئے، اور اللہ نے ان کیلئے ایسی جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے سے دریا بہتے ہیں اور وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے۔ یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔

**عن علی کرم الله وجهه الكريم مرفوعاً يكون لاصحابی زلة يغفرها الله لهم لسابقتهم معی۔** (ابن عساکر)

ترجمہ: حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے موفوعاً روایت ہے میرے (بعض) صحابہ سے (اگر) کوئی لغزش ہوئی تو اُسے اللہ تعالیٰ ان کے میرے ساتھ تعلق اور سابقیت کی وجہ سے بخش دے گا۔

جن کی عظمت، بخشش، علوِ مرتبت میں کتاب وسنت کی کثیر نصوص ناطق ہیں ان کے متعلق ناراضگی، ناگواری کا اظہار کرنا انکے خلاف ہفوات بکنا کس قدر بدنصیبی

marfat.com

اورشقاوت ہے۔ **العیاذ باللہ تعالیٰ . وقال صلی اللہ علیہ وسلم لاتذکروا موتا کم الا بخیر** (النسائی)

تم اپنے گزشتہ لوگوں کا تذکرہ صرف ذکرِ خیر ہی سے کیا کرو۔ بلکہ راسخ الایمان لوگوں کی یہ شان ہے۔ **یقولون ربنا اغفرلنا ولاخواننا الذین سبقونا بالایمان۔** (الحشر ۱۰)

وہ دُعا کرتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں اور ہم سے پہلے ایمان لانے والوں کو بخش دے۔ آمین۔

طویلب الحق خویدم الخلق محمد حبیب الرحمٰن عفاہ اللہ المنان

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

حضرت علامہ محمد عرفان شاہ مشہدی

زیب آستانہ عالیہ بھکھی شریف

علامہ مولانا مفتی محمد اسلم نقشبندی بندیالوی مدظلہ کی تصنیف ''افضلیت سیدنا ابوبکر صدیق کا منکر اہلسنت سے خارج ہے''۔ چیدہ چیدہ مقامات سے دیکھی کتاب کے مباحث کو عمدہ پایا اور نفسِ مسئلہ کو مصنف نے خوب خوب محقق کیا ہے اور مذبذبین کے بیتِ منکبوت کے دجل وفریب کا پردہ چاک کیا ہے۔

جہاں تک اس موضوع پر قلم اٹھانے کا تعلق ہے ہر سچے صاحبِ علم وحکمت کو حکم ہے: **واذ اخذ اللہ میثاق الذین اوتوالکتاب لتبیننہ للناس ولاتکتمونہ فنبذوہ وراء ظھورھم واشتروبہ ثمنا قلیلا فبئس مایشترون** ۔ (آل عمران پارہ ۴)

یاد کرو جب اللہ نے عہد لیا ان سے جنہیں کتاب عطا ہوئی کہ تم ضرور اسے لوگوں سے بیان کر دینا اور نہ چھپانا تو انہوں نے اسے اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا اور اس کے بدلے ذلیل دام حاصل کیے تو کتنی بری خریداری ہے۔

علم دین کا چھپانا ممنوع ہے حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص سے دریافت کیا گیا جس کو وہ جانتا ہے اور اس نے اس کو چھپایا روز قیامت اس کے آگ کی لگام لگائی جائے گی۔ علماء پر واجب ہے کہ اپنے علم سے فائدہ پہنچائیں اور حق ظاہر کریں اور کسی غرض فاسد کیلئے اس میں سے کچھ نہ چھپائیں۔

marfat.com

راقم الحروف یہ سمجھتا ہے کہ جہاں کسی مصنف کا اپنے دلائل اور تحقیق اور نتائجِ فکر کی تصدیق پر اصرار اور شدت کے ساتھ تسلیم کا تقاضہ زیادہ مناسب نہیں وہاں اصحابِ دانش وبینش کو تحقیق وتدقیق ودلائل وبراہین کے مقابلہ میں ظنیات اور اوھام اویحبون ان یحمد وبمالم یفعلوا کے مصداق بزعم خویش مفکرین ومشائخ کے بت پوجتے رہنے پر اڑے رہنا بھی انصاف نہیں ہے۔

اس لئے قدرت کی بخشی ہوئی فراست وبصیرت سے کام لیتے ہوئے دلائل کا تجزیہ کرتے ہوئے سچ اور جھوٹ میں فرق اور تمیز ضرور کرنی چاہیے۔

موضوع زیر بحث پر قرآن مقدس کی آیات کی دلالت، احادیث مبارکہ کی ثقاہت اجماعِ صحابہ کی صراحت، اقوالِ سلف صالحین کی وضاحت کے سارے رنگ قارئین کتاب میں مطالعہ کے دوران بچشمِ نور دیکھ سکیں گے۔

بارگاہِ رب العزت جل وعلیٰ میں دست بدعا ہوں کہ وہ اس کتاب کو نافع بنائے حضرت مصنف کو علمی وروحانی ترقی سے نوازے اور بھٹکے ہوؤں کیلئے اسے ہدایت کا سبب بنائے آمین۔

الراجی الی رحمۃ ربہ المنان

محمد عرفان غفرلہ الرحمٰن الی یوم المیزان

نزیل بریڈفورڈ انگلینڈ

۲۰۰۷-۱۰-۱۴

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

اُستاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت **مفتی محمد عبد العلیم** صاحب سیالوی

شیخ الحدیث ومفتی جامعہ نعیمیہ گڑھی شاہو لاہور (پاکستان)

عزیزی حضرت علامہ محمد اسلم صدیقی نقشبندی دام اللہ فیوضہ کی حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے شرف افضل البشر بعد الانبیاء پر کتاب مسمیٰ۔ ''افضلیت سیدنا ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا منکر اہل سنت سے خارج ہے'' کو مختلف مقامات سے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔

کتاب کے عنوان، دعویٰ میں حضرت علامہ کی کاوش قابل ستائش ہے۔ حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اسلام کیلئے خدمات پوری امت پر احسان اور سرکار دو عالم ﷺ سے انکی محبت **اذ یقول لصاحبہ لاتحزن** سے عیاں ہے۔

آج ضرورت ہے کہ اہل سنت اپنے محسنوں کی حیات وکارناموں سے باخبر رہیں اور مولانا کی اس بارے کاوش لائق آفرین ہے۔ دیارِ غیر میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی غیرت ایمانی کو اُجاگر کرنے کی ضرورت ہے جس میں آپ نے اہانت رسالت کے مرتکبین کو اپنے انجام تک پہنچایا۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ حضرت علامہ کی اس کاوش کو مقبول بارگاہ بنائے۔ آمین

خادم العلماء

محمد عبد العلیم سیالوی جامعہ نعیمیہ لاہور

۱۲ جمادی الثانی ۱۴۲۸ھ

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

علامہ مولانا محمد عبد الغفور الوری

مہتمم: جامعہ مجددیہ فیاض العلوم

غلہ منڈی رائے ونڈ لاہور پاکستان

حال: مسجد جامع اقصیٰ فشوک پریڈ پریسٹن یو۔کے

امابعد!

میرے پیشِ نظر بانی و مہتمم جامعہ اسلامیہ سلطانیہ جی۔ٹی۔روڈ جہلم پنجاب پاکستان و بانی و ناظم اعلیٰ جامعہ اسلامیہ رضویہ بریڈفورڈ یو۔کے جامع معقول و منقول، واقفِ فروع و اصول علامہ زمن مولانا مفتی ابوالحسن محمد اسلم نقشبندی قادری دامت برکاتہم العالیہ کی تألیف بسلسلہ افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق ابوبکرن الصدیق رضی اللہ عنہ کا مسودہ موجود ہے اسے اگرچہ ناچیز بالاستیعاب تو نہ دیکھ سکا مگر جستہ جستہ مقامات سے دیکھا ماشاء اللہ علامہ موصوف نے جو عنوان بھی اپنی تألیف ہذا میں قائم فرمایا اُسے براہینِ قاطعہ اور دلائل ساطعہ سے روز روشن سے کہیں زیادہ افضلیت سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو واضح فرما کر افترا پردازوں اختراع فی الدین کرنے والوں کا قلع قمع کر دیا۔

اور بسط و تفصیل اور سیر حاصل و مدلل بحث فرما کر اس سلسلہ میں کوئی پہلو تشنۂ تکمیل نہیں چھوڑا۔ درحقیقت یہ تألیف انمول ہیروں کا ہار ہے، گلہائے رنگا رنگ کا نہایت حسین گلدستہ ہے جس میں عامۃ المسلمین کیلئے ہی سامانِ تسلی نہیں بلکہ دریائے

marfat.com

علم وفن کے شناوروں کیلئے بھی غیر معمولی معلوماتی خزانہ وغذا ہے۔

میرے نزدیک اس کتاب کا ہر مسجد و مدرسہ اور ہر گھر اور ہر فرد کے پاس ہونا اور زیر مطالعہ رہنا فی زمانہ از بس ضروری ہے۔ مولانا موصوف کی یہ تالیف ایک علمی شاہکار ہے اور ایسا ہو بھی کیوں نہ جبکہ علامہ موصوف نے اُس محبوبِ محبوبِ خدا کی افضلیت علی البشر بعد الانبیاء کے ثابت کرنے میں سعی بلیغ فرمائی ہے جن کے متعلق خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں:

عن علی قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سَأَلْتُ اللّٰہَ عَزَّوَجَلَّ اَنْ یُّقَدِّمَکَ ثَلَاثًا فَاَبٰی عَلَیَّ اِلَّا تَقْدِیْمَ اَبِیْ بَکْرٍ۔

(ابن عساکر ص ۳۲۲ ج ۴۵ حدیث نمبر ۹۸۹۹)

یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے تین مرتبہ اللہ تعالیٰ سے تمہیں امام بنانے کی درخواست کی مگر ہر مرتبہ انکاری جواب ملا اور ابوبکر کو ہی امام بنانے کا حکم ملتا رہا۔

اسی طرح حضرت حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے حضور کی خدمت میں عرض کیا کہ آپ نے اپنی بیماری کے موقعہ پر حضرت ابوبکر کو امام بنایا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: لَسْتُ اَنَا الَّذِیْ اُقَدِّمُہٗ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ یُقَدِّمُہٗ۔ (ابن عساکر ص ۲۶۵ ج ۳۰ حدیث نمبر ۶۴۲۹)

یعنی میں نے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو امام بنانے کا حکم دیا تھا۔ پتہ چلا جن کو خود اللہ تعالیٰ ہر معاملہ میں افضلیت دے تو اُن کی افضلیت میں پھر شک کیا؟

marfat.com

اللہ تعالٰی کی بارگاہِ اقدس میں دُعا ہے کہ مولا تعالٰی علامہ مفتی ابوالحسن محمد اسلم نقشبندی قادری دامت برکاتہم کی اس تالیف کو مقبولِ خاص وعام فرمائے اور اسے علامہ صاحب اور ان کے معاونین ورفقاء کار کیلئے بالخصوص اور جملہ عالم اسلام کیلئے بالعموم باعثِ نافع دارین فرمائے۔

آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ اجمعین۔

ایں دُعا از من واز جملہ جہاں آمین بادء!

محمد عبدالغفور الوری

حال: مسجد جامع اقصیٰ فشوک پریڈ پریسٹن یو۔کے

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تقریظ

علامہ مولانا محمد طیب صاحب تفسیر بینات القرآن،

ابن شیخ الحدیث علامہ محمد علی رحمہ اللہ،

سرپرست: جامعہ رسولیہ شیرازیہ بلال گنج لاہور

بانی: جامعہ رسولیہ اسلامک سنٹر مانچسٹر

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم .

امابعد!

خیر الخلقِ بعدالانبیاء مایۂ اصطفاء سایۂ مصطفی صاحبِ شانِ الاتقیٰ افضل اصحابِ افضلِ المرسلین سیدالصدیقین اَمَنُّ الناس الحبیبِ رب العالمین صاحب الرسول فی الغار العتیق من النار افضل العشر سیدنا ابوبکر الصدیق الاکبر رضی اللہ عنہ کی تمام اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر افضلیت وخیریت پر ساری امتِ مسلمہ کا اجماع ہے جس کا منکر اہل سنت سے خارج ہے اس موضوع پر علامہ مولانا محمد اسلم بندیالوی مدظلہٗ نے پیشِ نظر کتاب ''افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ'' میں قرآنی آیات، نبوی ارشادات، صحابہ وتابعین اور اہل بیتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات خصوصاً سیدنا ومولانا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بیانات کی روشنی میں اس موضوع پر اس قدر احقاقِ حق وابطال باطل کیا ہے کہ کسی منصف شخص کیلئے ادنیٰ مجالِ انکار نہیں رہی مگر تعصب کا کچھ علاج نہیں جس کی آنکھوں پہ تعصب کی پٹی بندھی ہو اسے کوئی رسول بھی

marfat.com

نہیں سمجھا سکتا۔

البتہ ایک چھوٹی سی کمی رہ گئی ہے۔ فاضل مصنف نے حدیث، تفسیر اور عقائد کی کتب سے حوالہ جات لکھنے میں صرف کتاب کا نام بتانے پر اکتفا کیا ہے۔ اچھا ہوتا اگر باب فصل اور صفحہ وغیرہ کی تفصیل بھی دے دی جاتی، امید ہے دوسرے ایڈیشن میں یہ کمی پوری کردی جائے گی۔ اللہ رب العزت سے دُعا ہے کہ اس کتاب کو تمام اہل ایمان کیلئے نافع بنائے۔ مصنف علام کے زور قلم میں مزید اضافہ فرمائے اور جب اشہبِ قلم قلمی و علمی جہاد کے میدان میں اتر ہی آیا ہے تو اب اللہ اسے تا دیر رواں رکھے۔

وصلی اللہ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین

محمد طیب صاحب تفسیر بینات القرآن،
۲ ذی القعدہ ۱۴۲۸ھ مطابق ۱۳ نومبر ۲۰۰۷ء

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

خادم اہلسنت محمد انصر القادری غفرلہٗ

خطیب گجرات، حال مقیم بریڈفورڈ انگلینڈ

**نحمدہٗ وبہ نستعین ونصلی ونسلم علی النبی الامین.**

مجاہد ملت، استاذ العلماء، علامہ مفتی محمد اسلم نقشبندی مجددی سلطانی دامت برکاتھم العالیہ کی کتاب، کتاب مستطاب ''افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ'' اُس وقت ملاحظہ سے گذری جب وہ پروف ریڈنگ کے مراحل میں تھی۔ اپنے موضوع کے اعتبار سے یہ ایک جامع، مانع، مدلل اور بے نظیر کتاب ہے۔ جس میں محض جذبات سے نہیں بلکہ حقیقت شعاری سے کام لیا گیا ہے۔

فاضل مؤلف نے جس موضوع پر قلم اٹھایا ہے اہلسنت کے حلقوں میں عرصہ دراز سے اس عنوان پر تصنیف کی اشد ترین ضرورت تھی، جس کو فاضل مؤلف نے پورا کیا ہے اور اپنے موضوع کے ساتھ انصاف کرتے ہوئے اس کا حق ادا کیا ہے۔ یہ تالیف جہاں اہلسنت و جماعت کے عقائد ونظریات کی عکاس ہے وہاں مؤلف کی علمی وجاہت وثقاہت کا منہ بولتا ثبوت بھی ہے،

پروانۂ چراغ مصطفوی، یار غار مصطفیٰ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی پوری امت مسلمہ پر فضیلت اہل حق کا اجماعی نظریہ ہے جس کو موصوف نے قرآن مجید کی آیات، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور اقوال صحابہ واہل بیت رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور اجماع امت سے پیش کیا ہے۔

marfat.com

مؤلف محترم کی خوبی یہ ہے کہ ان احادیث واقوال سے استدلال کرتے ہیں جن کو نہ صرف محدثین اور فقہاء نے بلکہ اصولیین نے اپنی کتب میں بطور استدلال واستشہاد پیش فرما کر اپنے عقائد ونظریات کی وضاحت کی ہے۔ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے سلمہ بن الاکوع رضی اللہ عنہ کی روایت سے طبرانی سے فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نقل کیا ہے۔

**ابوبکر الصدیق خیر الناس الاان یکون نبی** (تاریخ الخلفاء ص ۵۴ مطبوعہ دار القلم بیروت لبنان) یعنی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ تمام انسانوں سے بہترین سوائے اس کے کہ وہ نبی ہوں یعنی وہ نبی نہیں ہیں جبکہ ابونعیم میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کی روایت سے ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: **ماطلعت الشمس ولا غربت علی احد افضل من ابی بکر الاان یکون نبی** (تاریخ الخلفاء ص ۵۴ مطبوعہ دار القلم بیروت) یعنی سوائے نبی کے اور کوئی شخص ایسا نہیں جس پر آفتاب طلوع اور غروب ہوا ہو اور وہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سے افضل ہو اور محمد بن الحنفیہ لخت جگر علی المرتضیٰ شیر خدا رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: **قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر قال قلت ثم من قال عمر وخشیت ان یقول عثمان فقلت ثم انت؟ قال ما انا الارجل من المسلمین۔** (صحیح البخاری ص ۵۱۸ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی) یعنی میں نے اپنے والد گرامی سے پوچھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد لوگوں میں کون سب سے افضل ہے آپ نے فرمایا: ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے افضل ہیں فرماتے ہیں: میں نے پوچھا ان کے بعد آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر رضی اللہ عنہ سب سے افضل

marfat.com

ہیں۔فرماتے ہیں: میں ڈرا کہ اس کے بعد آپ رضی اللہ عنہ عثمان رضی اللہ عنہ کا نام لیں گے تو میں نے کہا اس کے بعد آپ سب سے افضل ہیں۔آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں تو مسلمانوں میں سے ایک آدمی ہوں۔

اور مسند امام احمد حنبل میں ہے کہ علی المرتضٰی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں: **خیر ھٰذہ الامۃ بعد نبیھا ابوبکر الخ** (مسند احمد بن حنبل ص ۱۰۷ مطبوعہ بیروت لبنان) یعنی اس امت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے افضل ہیں۔

مندرجہ بالا فرمودات کے پیش نظر اگر یہ کہا جائے تو غلط نہ ہوگا کہ مؤلف محترم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات سے علی المرتضٰی شیر خدا کرم اللہ وجہہ الکریم و رضی اللہ تعالٰی عنہ کے عقائد و نظریات کو ثابت کیا ہے۔

یہ کتاب جہاں جادۂ حق کے مسافروں کیلئے مشعل راہ ہے وہاں اہل حق کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور راہ نوردانِ شوق کیلئے گراں قدر سرمایہ بھی ہے۔

اس عظیم کاوش پر مؤلف مکرم مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اللہ رب العزت اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقے سے ان کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور کتاب کو مقبول عام بنائے۔آمین بجاہ النبی الکریم الامین۔

خادم اہلسنت

محمد انصر القادری غفرلہ'

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

نحمدہ' ونصلی ونسلم علٰی رسولہ الکریم وعلی آلہٖ واصحابہٖ اجمعین !امابعد! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میری اُمت میں تہتر (73) فرقے ہو جائیں گے۔ یہ حدیث کئی محدثین نے مختلف طرق اور مختلف الفاظ میں روایت فرمائی ہے۔ امام علامہ ابوالفتح محمد بن عبدالکریم بن ابی بکر احمد الشہر ستانی متوفی ۵۴۸ھ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی مشہور کتاب الملل والنحل میں روایت فرمائی۔ امام شہرستانی رئیس المتکلمین ہیں۔ اُن کے علمی مقام اور رفعتِ شان کا اندازہ یہاں سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ امام بیہقی صاحب سنن البیہقی اُن کے درس میں حاضر ہوکر استفادہ کیا کرتے تھے۔ وہ یوں حدیث شریف نقل فرماتے ہیں: اخبر النبی صلی اللہ علیہ وسلم وستفترق امتی ثلاثا وسبعین فرقۃ الناجیۃ منھا واحدۃ والباقون ھلکی قبل ومن الفاجیۃ؟ قال اھل السنۃ والجماعۃ قیل وما اھل السنۃ والجماعۃ؟ قال ما انا علیہ الیوم واصحابی ۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری اُمت عنقریب تہتر (73) فرقوں میں بٹ جائے گی ان میں سے ایک فرقہ ناجیہ ہے اور باقی ہلاک ہونے والے ہیں۔ عرض کیا گیا وہ نجات پانے والا فرقہ کونسا ہے فرمایا وہ اہل سنت وجماعت ہے۔ پھر سوال کیا گیا اہل سنت وجماعت کون ہیں؟ فرمایا جس عقیدہ پر آج میں اور میرے صحابہ ہیں۔ جو فرقہ اس عقیدہ وطریقہ پر ہوگا وہی ناجی ہے۔

قارئین! اُن بہتر (72) ناری فرقوں میں سے کچھ وہ ہیں جو اہل سنت میں

marfat.com

بھی مشہور و معروف ہیں اُن میں سے ایک شیعہ فرقہ ہے۔اس فرقہ کی ایک برانچ ہے تفضیلیہ! یہ تفضیلیہ فرقہ جو ہے اس کا عقیدہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل ہیں۔اس تفضیلیہ کو رافضی بھی کہتے ہیں۔مگر رافضی جنس ہے اس کی دو نوع ہیں ساب وشاتم صحابہ اور تفضیلیہ۔شیعہ اور رافضی کے درمیان تساوی ہے۔سب وشتم کرنے والا شیعہ رافضی بالکل ظاہر ہوتا ہے یہ اہل سنت سے بالکل ظاہر ہوتا ہے یہ اہل سنت سے بالکل ممتاز اور جدا ہے مگر تفضیلیہ شیعہ اتنا ظاہر نہیں۔یہ اہل سنت کے اندر بھی گھسا رہتا ہے ظاہر سے سُنی کہلاتا ہے اور تمام معمولات اہل سنت و جماعت کے کرتا ہے مگر باطن سے شیعہ ہوتا ہے۔یوں ہی سمجھو کہ تفضیلیہ اور ظاہر رافضی شیعہ کے درمیان کافر و منافق والا فرق ہے اور منافق جو ظاہر سے مسلمان ہوتا ہے باطن سے کافر ہوتا ہے اور یہ مسلمانوں کو زیادہ نقصان دیتا ہے بہ نسبت کافر شیعہ کے۔لہذا شیعہ ظاہرہ سے اہل سنت کو اتنا نقصان نہیں ہوتا جتنا تفضیلیہ سے نقصان ہوتا ہے۔

پاکستان میں بالعموم اور برطانیہ میں بالخصوص اہل سنت کے اندر ایک مضبوط و منظم گروہ پایا جاتا ہے۔جو نہایت ہی مہارت سے تفضیلیت کا انجکشن دیتا ہے۔ پاکستان اور برطانیہ کے ماحول اور حالات میں بڑا تفاوت ہے۔وہ اسلامی ملک یہ غیر اسلامی، وہاں اکابر علماء اہل سنت کا موجود ہونا اور پھر مضبوط گرفت کا ہونا اور مدارسِ دینیہ میں ماہرین اساتذہ اور عوام کے اندر مسلک کا شعور بیدار ہے اور اکابرین کے خطابات سے بھی عوام اہل سنت کا مستفیض ہونا اور اہل سنت کی معیاری خانقاہیں بھی موجود ہیں۔ برطانیہ میں بڑے مسائل اور مشکلات ہیں ایک تو یہاں تبلیغ وفکر، تحریر

marfat.com

وتقریر کی آزادی اور زیادہ معیاری علماء حق اہل سنت وجماعت کی قلت اور اگر کوئی موجود ہیں بھی تو وہ وسائل سے عاری ہیں۔لہذا اُن کی آواز میں وہ قوت وتاثیر نہیں جس سے ایسے فتنوں کا مکمل سدباب کیا جائے اور اہل سنت کو ان فتنہ پروروں اور شرانگیز لوگوں سے پاک کیا جائے۔ برطانیہ میں ایک پروگرام کے تحت اہل سنت وجماعت کے اندر رفض (تفضیلیت) پھیلائی جارہی ہے اور وہ لوگ جو بظاہر وجیہ تصور کئے جاتے ہیں وہ یہ کام کرر ہے ہیں وہ لوگ چونکہ عرصہ دراز سے اہل سنت کے پلیٹ فارم پر کام کرر ہے ہیں۔ پاکستان میں وہ بہت محتاط رہے مگر برطانیہ میں بعض خوب کھل جاتے ہیں اور بعض یہاں بھی احتیاط سے کام کرتے ہیں لیکن اپنی چالا کی اور مہارت سے تفضیلیہ کا ٹیکہ لگائیں گے۔ برطانیہ میں ایک تو ان لوگوں کو سمجھنے میں وقت لگا دوسرا ان لوگوں کے قدیمی اثر ورسوخ اور کچھ علمی قابلیت کے شور، فن خطابت کے زور اور مقابلہ میں قلت مطالعہ کی وجہ سے بعض علماء حق فیس نہ کر سکے اور اُن کی دلیری بڑھتی گئی اس کا نقصان یہ ہوا کہ برطانیہ میں اہل سنت کے عام اور کئی اچھے خاصے خطیب اور قدیمی علمی گھرانے کے علماء ان کے جال میں پھنس گئے اور عقیدہ حقہ افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر صدیق سے منحرف ہو گئے اور رفض پھیلانے میں مصروف ہو گئے۔بعض مجالس میں تفضیلیہ والوں نے اگر واضح الفاظ میں عقیدہ اہل سنت کے خلاف بات کی تو کسی سُنی عالم نے دفاع نہ کیا اسے مرعوبیت ہی کہا جا سکتا ہے ورنہ یہ نہیں کہ اس عالم کو عقیدہ اہل سنت کا علم نہیں وہ عالم ہی کیا جسے اپنے عقیدہ کا علم ہی نہیں۔ پھر مزید ظلم یہ بھی کہ بعض حضرات ان لوگوں کو اپنے جلسوں جلوسوں میں بلا کر خطاب کرواتے ہیں اور وہ بعض اہل سنت کے ذمہ دار لوگ ہیں یہ اُن کی مجبوریوں کا

marfat.com

نتیجہ ہے۔ مجموعی طور پر برطانیہ میں اہل سنت کا عظیم نقصان ہوا اور مزید ہو رہا ہے سوائے اُن دینی مراکز ومساجد کے جہاں راسخ العقیدہ اہل سنت وجماعت مشائخ وعلماء اہل سنت ہیں مگر افسوس صد افسوس ان ذمہ داران حضرات اور علماء اہل سنت پر جوان تفضیلیہ رافضیہ کی مجالس میں ہوکر خاموش رہتے ہیں یا پھر بلوا کر خطاب کرواتے ہیں انہیں مسلک پر کسی چیز کو ترجیح نہیں دینی چاہیے۔علماء کرام کو یہ حدیث پیش نظر رکھنی چاہیئے۔قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم اللھم انی اعوذبک من علم لا ینفع میں ایسے علم سے پناہ مانگتا ہوں جو نفع نہ دے۔اور دیگر ذمہ داران حضرات جو مراکز اور خانقاہوں کے سجادہ نشین ہیں اُن کے پیش نظر یہ حدیث ہونی چاہیے۔قال رسول اللہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم من سن سنتہ سیئۃ فلہ' وزرھا و ووزر من عمل بھا۔جس شخص نے برائی کی بنیاد رکھی یا اُسے سپوٹ کی وہ جرم کرنے والوں اور یہ کام کرنے کا جرم اُسی کھاتے میں ڈالا جائے گا۔

اور یہ تفضیلیہ گروہ مزید یہ زیادتی بھی کرتا ہے کہ اکابرین امت، محدثین وفقہاء امت کو بچھاڑتے ہوئے علماء سے تائید کرواتے ہیں، کیا اس جرم کا علماء کو اندازہ نہیں؟ تائید تو دور کی بات ہے اگر صرف خاموش رہیں تو بھی تائید ہے۔السکوت فی معرض البیان بیان اور اسے اجماع سکوتی بھی کہتے ہیں۔لہذا علماء اہل سنت کو چاہیے کہ اپنے فرائض منصبی کا لحاظ کرتے ہوئے اس فتنہ کے سدباب میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ہم نے اِس فتنہ رفض وتفضیلیت کا خوب جائزہ لیکر پیش نظر کتاب (انکار افضلیت صدیق اکبر خروج من اہل السنۃ) کی تالیف کا فیصلہ کیا۔ہم نے برطانیہ میں موجود فرقہ تفضیلیہ کے وہ دلائل جو ان کے زعم میں دلائل ہیں ان کا ذکر

marfat.com

کر کے رد پیش کیا ہے اور اکابرین اہل سنت کی وہ عبارات جن کو غلط طریقہ سے پیش کر کے عوام الناس اور درمیانہ طبقہ کے علماء اہل سنت کو مرعوب کر کے گمراہ کرتے ہیں ان عبارات کو ذکر کر کے ان کے فریب ومغالطہ اور عبارات کا صحیح مطلب ومحمل ذکر کیا ہے۔ تفضیلیہ کے دل میں شیخین کا بغض ہوتا ہے اُسے صاف الفاظ میں ظاہر نہیں کرتا کیونکہ وہ اہل سنت میں گھسا رہنا چاہتا ہے اور اپنے بغض کی آتش کو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو افضل کہہ کر بجھاتا ہے۔ ان کا طریقہ واردات یہ ہوتا ہے جب انہیں کہا جائے کہ یہ اہل سنت کا اجماعی عقیدہ ہے کہ حضرت شیخین مطلقا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے افضل ہیں تو انہیں سنیت کے مسلوب ہونے کا خطرہ لاحق ہوتا ہے کہ اب تو ہمیں اہل سنت وجماعت سے خارج کر دیا جائے گا تو پھر وہ اپنا طریقہ واردات تبدیل کرتے ہیں کہتے ہیں کہ ہم مانتے ہیں حضرت صدیق اکبر افضل ہیں مگر مرتبہ حضرت علی المرتضیٰ کا زیادہ ہے کیونکہ ان میں یہ فضیلت پائی جاتی ہے اور ان کے فضائل کثرت سے کتابوں میں مذکور ہیں۔ یہ طبقہ بڑے ماہرانہ انداز میں قرآن وحدیث وآثار اہل بیت اور اقوال علماء امت کو ایک فقرہ میں رد کر دیتے ہیں کہ ہم شیخین کو افضل مانتے ہیں لیکن افضل کا وہ معنیٰ نہیں جو تم نے سمجھ رکھا ہے۔ تو برطانیہ میں علماء ومشائخ کے عقیدہ میں زلزلہ برپا ہو جاتا ہے کہ یہ استاذ لوگ ہیں اور اہل سنت کے نامور اور قدیمی مبلغ چلے آ رہے ہیں۔ ممکن ہے افضلیت کا معنیٰ حقیقۃ انہیں معلوم ہو تو پھر عقیدہ کا بیڑا غرق ہو گیا۔ ہاں مگر کچھ راسخ العقیدہ اور اہل علم ان کی چال بازی کو سمجھ لیتے ہیں اور وہ ان کی چال بازیوں کو زیر تبصرہ لاتے ہیں۔

قارئین ہم نے کتاب میں ان کے تمام فریب ومکر اور مغالطوں کا پردہ

marfat.com

چاک کیا ہے اور خصوصاً برطانیہ میں اہل سنت کے اس اجماعی عقیدہ پر جو غبار پڑی ہے
اسے دور کیا ہے بحمد اللہ تعالیٰ و بجاہ حبیبہ الکریم ﷺ

مگر اس کا خلاصہ صرف چند سطروں میں ملاحظہ کیجئے۔

ہم یہ واضح کرتے ہیں کہ افضلیت کا معنی عند اہل سنۃ کیا ہے۔ افضل فضل سے بنا ہے اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مطلع القمرین میں فرماتے ہیں فضل لغت میں بمعنیٰ زیادت ہے اور افضل وہ جو اپنے غیر سے زیادہ ہو۔ مگر ہم جو نظر کرتے ہیں تو بعض فضائل ایسے ہیں جن کی رو سے ان کے متصف پر لفظ افضل بہ ارسال و اطلاق محمول ہوتا ہے۔ کسی جہت و حیثیت سے تقیید کی حاجت نہیں ہوتی اور بعض کی رو سے قید خاص لگا کر اطلاق کرتے ہیں مطلق چھوڑنا روا نہیں مثلاً ایک شخص فنون سپہ گری میں طاق بلکہ مشاق گھوڑا اچھا پھیرتا ہے تیغ و تیر خوب لگاتا ہے دوسرا عالم نحریر فاضل بینظیر جب ان دونوں کی بنسبت سوال ہوگا ان میں کون افضل ہے تو جواب دیا جائے گا۔ عالم اور اس وقت کسی قید و خصوصیت کی احتیاج نہ ہوگی اور عسکری فضیلت خاصہ بیان کرنا چاہیں گے تو یوں کہیں گے یہ سپاہی اس عالم سے فنون سپہ گری میں افضل ہے۔ بغیر اس قید کے اس کی افضلیت کا حکم درست نہ ہوگا۔ اور وجہ اس کی یہ ہے کہ فضائل باہم درجات شرف میں متفاوت ہیں نہ متساویۃ الاقدام پس جب دو فضیلتوں متفاویہ کے متصفین سے سوال ہوگا افضل مطلق صاحب فضل اشرف پر محمول ہوگا اور دوسرے کو افضل کہیں گے تو اس فضل خاص کی قید لگا کر نہ مطلقاً وھذا ظاھر جدا انتھی کلام الامام الاعلیٰ حضرت رحمہ اللہ تعالیٰ۔ قارئین امام اہل سنت کی کلام سے بالکل واضح ہوگیا ایک شخص کو افضل تب کہا جائے گا بغیر قید لگائے مطلق جب اُس میں ایسا فضل،

marfat.com

فضیلت پائی جائے جس کا شرف دوسرے میں پائے جانے والے فضائل وفضیلتوں سے زیادہ ہواور اسی کو فضل کلی کہتے ہیں اور افضل علی الاطلاق کہتے ہیں چونکہ دوسرے مفضل علیہ (جس پر فضیلت ہے) میں جتنے فضائل پائے جاتے ہیں وہ تمام اِس افضل میں پائے جانے والے ایک فضل وفضیلت کے مقابلہ میں کمتر ہیں۔ اب حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے افضل وخیر ہونے کو جب صحابہ کرام بیان فرماتے ہیں تو بغیر کسی قید وخصوصیت کے تو معلوم ہوا یہ افضل علی الاطلاق ہیں اور ان کے ایک فضل کے مقابلہ میں باقی صحابہ کرام کے فضائل کثیرہ مرتبہ میں کم ہیں۔اور صدیق اکبر کا ایک فضل باقی صحابہ کے فضائل کثیرہ پر بھاری ہے۔ جیسا کہ حدیث شریف میں آتا ہے: **لو اتزن ایمان ابی بکر مع ایمان امتی لرجح رواہ البیھقی** اگر ابوبکر صدیق کے ایمان کو میری ساری امت کے ایمان کے ساتھ تولا جائے تو ایمان ابوبکر بھاری ہوگا۔اس حدیث میں حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی نے مکتوبات شریف، حضرت حجۃ الخلف بقیۃ السلف عبدالواحد بالگراحی نے سبع سنابل شریف میں دیگر اکابرین نے اپنے کتب میں درج فرمائی ہے۔

اور اہل سنت علی الاطلاق بعد الانبیاء ورسل الملائکہ لفظ افضل صرف ابوبکر صدیق پر محمول کرتے ہیں۔ جیسا کہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ **قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین** میں یوں ارقام فرماتے ہیں۔اہل سنت میگویند افضل الامۃ ابوبکر ثم عمر و اہل بدعت نفی فضل یا افضل ہر دو میکنند۔اہل سنت فرماتے ہیں کہ ساری اُمت سے افضل ابوبکر پھر عمر ہیں اور بدعتی گمراہ ناری فرقے ان کی افضلیت کا انکار کرتے ہیں۔

marfat.com

قارئین ہم نے قرآن وحدیث، اجماع امت، اقوال سلف وخلف اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے لیکر اعلیٰ حضرت عظیم البرکت تک اور درمیان آئمہ شریعت امام اعظم ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنہم اور پھر آئمہ طریقت حضور امام السادات شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی، حضرت قطب الوقت حضرت عبدالواحد بالگرامی، حضرت داتا علی ہجویری اور مفسرین، محدثین، فقہا کرام اور علماء متکلمین اور علم عقائد کے ماہرین کی معتبر کتب سے باحوالہ ثابت کیا ہے کہ اہل سنت وجماعت، ناجی جنتی فرقہ کے نزدیک حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ علی الاطلاق پوری اُمت سے افضل واشرف واکرم، وخیر ہیں۔ پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم اجمعین۔ اللہ تعالیٰ بندہ ناچیز مسکین کی اِس معمولی سے سعی کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے۔ بجاہ حبیبہ الکریم صلی اللہ علیہ وسلم بندہ مسکین کیلئے ذریعہ نجات بنائے، اولاد کو علم نافع سے مالا مال فرمائے اور عام وخاص کو اِس سے مستفیض فرمائے اور برطانیہ میں اہل سنت کو رفض سے پاک فرمائے۔

آمین بجاہ رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم۔

مفتی محمد اسلم صدیقی نقشبندی قادری غفرلہ'

بانی وشیخ الجامعہ جامعہ اسلامیہ رضویہ

ساؤتھ فیلڈ لین بریڈفورڈ

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

**نحمده ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم وعلیٰ آله وصحبه اجمعین**

**امابعد !**

**افضل البشر بعد الانبیاء بالتحقیق ابوبکر ن الصدیق رضی الله عنه.**

جو شخص حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو افضل البشر بعد الانبیاء نہ مانے وہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہے۔

معزز قارئین کرام: ہمارا دعویٰ یہ ہے کہ افضل البشر بعد الانبیاء حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔ اِس دعویٰ پر قرآن وحدیث اجماع امت (اہل سنت وجماعت) اور اسلاف کے اقوال سے دلائل پیش کریں گے۔

**نام ونسب:** آپکا نام عبداللہ ہے، یہ نام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا تھا۔

**کان اِسمہ قبل الاسلام عبدالکعبة فسماہ النبی صلی الله علیه وسلم عبدالله**[1]

اِسلام سے پہلے آپکا نام عبدالکعبہ تھا، اسلام لانے کے بعد آپ کا نام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ رکھا۔

ابوبکر آپ کی **کنیت** ہے، صدیق اور عتیق آپ کے **القاب** ہیں۔ ان القاب کی وجہ یہ ہے کہ صدیق مبالغہ کا صیغہ ہے اس کا معنی بہت زیادہ سچا، سچ جاننے والا، سچ ماننے والا، آخری معنی کو پہلے دونوں معنی لازم ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات سچ ہے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے وہ سچ ہے، اور ہر ایک معجزہ سچ ہے۔

---

[1] النبراس شرح شرح عقائد۔

marfat.com

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو انوکھے، نرالے اور ممتاز انداز میں مانا۔ محدث ابونعیم حدیث روایت کرتے ہیں:

عن ابن عباس رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **قال ما کلمت فی الاسلام احدا الا وابی علی او راجعنی فی الکلام الا ابن ابی قحافة فانی لم اکلمه فی شیٔ الاقبله داستقام علیه۔** ؂۱

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میں نے جس شخص پر اسلام کی کوئی چیز پیش کی اس نے یا انکار کیا، یا پھر دلیل مانگی سوائے ابوبکر ابن ابی قحافہ (ابوقحافہ آپ کے والد گرامی رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے) کے اِس نے فوراً قبول کرلی اور پھر اس پر ثابت قدم رہے۔ قبول کرنا تصدیق کرنا ہے۔ یہ وجہ بھی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب معراج کی رات کو واپس تشریف لائے تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فوراً تصدیق فرمائی تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا **انت الصدیق**، یہ ان کی صدیقیت کے اظہار کا وقت ہے۔ امام طبرانی ؂۲ نے سند جید صحیح کے ساتھ حکیم بن سعد سے روایت کی ہے: **قال سمعت علیا یقول ویحلف لانزل الله اسم ابی بکر من السماء الصدیق** ۔ حکیم بن سعد نے کہا میں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو سنا درآنحالیکہ قسم اٹھا کے فرماتے تھے بیشک اللہ تعالیٰ نے ابوبکر کا نام صدیق آسمان سے اتارا ہے۔ امام حاکم نے ؂۳ حدیث روایت کی ہے **عن انزال ابن سیره قال قلنا لعلی یا امیر المؤمنین اخبرنا عن ابی بکر قال ذاک امرء سماه الله الصدیق علی لسان جبریل وعلی لسان محمد صلی**

---

؂۱ بحوالہ نبراس ؂۲ طبرانی ؂۳ المستدرک علی الصحیحین

marfat.com

اللہ علیہ وسلم ۔انزال ابن سیرہ سے مروی ہے انہوں نے کہا ہم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے عرض کیا ہمیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے متعلق کچھ بتائیں تو آپ نے فرمایا اُس ہستی کی کیا بات ہے کہ جس کا نام اللہ تعالیٰ نے جبریل امین اور اپنے حبیب پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر صدیق رکھا ہے۔

دوسرا لقب عتیق کی ایک وجہ یہ ہے امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس حدیث کو نقل کیا ہے کہ ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ عفیفہ رضی اللہ عنہما سے مروی ہے **ان ابا کبر دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال یا ابا بکر انت عتیق اللہ من النار ممن یومئذ سمی عتیقا** [1] ۔ایک دن حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر تم اللہ کے عتیق ہو تو اس دن سے آپ کا نام عتیق ہو گیا۔عتیق کا معنٰی ہے۔دور اور آزاد یعنی آپ نار سے بہت دور اور آزاد ہیں۔

امام زبیدی نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث بیان کی ہے کہ ایک دفعہ صحابہ انصار و مہاجرین نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جمع تھے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اپنے متعلق ایک واقعہ بیان فرمایا (جسکا آخری حصہ یہ ہے) میری والدہ نے فرمایا جب میری پیدائش کا وقت قریب آیا تو میرے پاس کوئی عورت نہ تھی تو ھاتف غائب سے آواز آئی **یا امۃ اللّٰہ بالتحقیق ابشری بالولد العتیق اسمہ فی السماء الصدیق لمحمد صاحب ورفیق** [2] جب کلام پوری ہوئی حضرت جبریل امین علیہ السلام نازل ہوئے تو کہا

---

[1] برخوردار حاشیہ علی نبراس [2] معانی العرش الی عوانے الفرش

marfat.com

ابوبکر نے سچ کہا اس مذکورہ بالا روایت کو حضرت ملا علی قاری حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی ذکر کیا۔ معلوم ہوا یہی وجہ ہے جو علامہ عبدالعزیز پرہاروی رحمۃ اللہ علیہ نے نبراس شرح شرح عقائد میں ذکر کی ہے کہ مروی ہے کہ آپ اعلان نبوت سے پہلے ایمان لا چکے تھے۔ **ولم یسجد لصنم قط** آپ نے بت کو کبھی سجدہ نہیں کیا۔ چونکہ والدہ کے بیان سے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا علم ہو چکا تھا۔

آپ نے تو سنت ابراہیمی زمانہ جاہلیت میں بت توڑ کر زندہ کردی تھی۔ حاشیہ نبراس میں مولوی برخوردار ملتانی نے تفصیلاً واقعہ ذکر کیا ہے۔

## نسب وخاندانی وجاہت:

آپ قریشی ہیں آپ کے والد گرامی ابوقحافہ عثمان بن عامر رضی اللہ عنہ ہیں۔ آپ ساتویں پشت میں جا کے (مرۃ) کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتے ہیں لہذا آپ خاندان کے لحاظ سے بھی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قرابت دار قرار پائے۔

## آپ کا ایمان:

آپ کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ آزاد مردوں میں ایمان لانے میں سب پر سبقت لے گئے۔ اس کی تفصیل یوں ہے کہ خواتین میں سے سب سے پہلے ایمان ام المؤمنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا لائیں۔ بچوں میں سے امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم اور غلاموں میں سے حضرت زید رضی اللہ عنہ اور آزاد مردوں میں سے سب سے پہلے ایمان حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ لائے۔

marfat.com

لہذا امردوں میں سے سب سے پہلے شرف صحابیت پانے والے آپ ہیں۔آپ کی یہ خصوصیت ہے کہ آپ خود صحابی، باپ صحابی، بیٹا صحابی اور پوتا صحابی۔ویسے تو آپ کی خصوصیات بے شمار ہیں مگر ہم نے یہاں طرداً للباب ذکر کیا ہے۔

## صحابی کی تعریف:

امام علامہ بدرالدین ابومحمد محمود بن احمد العینی یوں رقم طراز ہیں: **من لقی النبی ﷺ من المسلمین ثم مات علی الاسلام** ۔[1] وہ شخص جس کو حالت ایمان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شرف ملاقات ہوا اور ایمان پر ہی خاتمہ ہوا ہو۔وہ صحابی ہے۔

یہ تعریف جامع مانع ہے۔بینا اور نابینا، بالغ اور غیر بالغ سب کو شامل ہے۔ حسنین کریمین صحابی ہیں۔بعض لوگوں نے صحابی کیلئے صحبت، روایت اور ملاقات میں بلوغت کی شرط لگائی ہے۔علامہ بدرالدین عینی نے اسکا رد کیا ہے۔فرماتے: **وھو مردود لانه یخرج مثل الحسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنھما وغیرہ من احداث الصحابه**.[2] فرماتے بلوغت کی شرط صحابی کیلئے لگانی مردود ہے کیونکہ اس سے امام حسن مجتبیٰ حسین مرتضیٰ اور ان کی مثل نوعمر صحابہ تعریف سے نکل جائیں گے۔صحابیت ایسی خیر اور نیکی ہے جس کے حصول کا وقت محدود تھا وہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اعلان نبوۃ سے لیکر آپ کے وصال شریف یعنی قبر میں تشریف لے جانے تک۔لہذا محدود افراد کو یہ نیکی اور خیر حاصل ہوئی ان کی تعداد ایک لاکھ ۲۴ ہزار ہے اور اِس نیکی کی قدر و منزلت اتنی بلند ہے کہ قیامت تک کوئی نیکی وجود میں نہیں آسکتی جو

---

[1] عمدۃ القاری شرح بخاری
[2] عمدۃ القاری شرح بخاری

marfat.com

اِس سے بلند ہو۔ یہی وجہ ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت میں نیکی میں سب سے بلند وہ لوگ ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کہلائے۔

## صحابہ کے مراتب:

نفس صحابیت میں تمام صحابہ برابر ہیں۔ جیسے نفس نبوۃ میں تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام برابر ہیں۔ لیکن مراتب میں فرق ہے۔ جیسا کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے مراتب میں فرق ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **تلک الرسل فضلنا بعضهم علی بعض (البقرة)** ہم نے بعض رسولوں کو بعض پر فضیلت دی ہے یعنی مراتب میں تفاوت واختلاف ہے۔ اسی طرح صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے درمیان مراتب میں فرق ہے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **لایستوی منکم من انفق من قبل الفتح وقاتل الئک اعظم درجة من الذین انفقوا من بعد وقاتلوا کلا وعدالله الحسنیٰ. الحدید۔** •

فرمایا تم میں سے وہ جنہوں نے فتح مکہ سے پہلے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کیا اور قتال وجہاد کیا ان کے برابر وہ نہیں ہو سکتے جنہوں نے فتح مکہ کے بعد اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کیا اور جہاد وقتال کیا۔ پہلے والے مرتبہ میں بڑے ہیں۔

پھر ان میں بدری صحابہ مرتبہ میں بڑے ہیں پھر ان میں سے عشرہ مبشرہ وہ پاک نفوس جن کے اسماء گرامی لیکر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا تم جنتی ہو۔ اور پھر خلفاء اربعۃ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سب سے بلند ہیں مرتبہ میں، امام حافظ احمد بن علی بن حجر العسقلانی متوفی ۸۵۲ھ یوں رقمطراز ہیں:

marfat.com

اجمع الصحابة واتباعهم علی افضلیت ابی بکر، ثم عمر، ثم عثمان، ثم علی ۔[1] صحابہ کرام کا اِس پر اتفاق اور اجماع ہے اور بعد والے علماء کا بھی اجماع ہے۔ سب سے افضل ابوبکر پھر عمر، پھر عثمان پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنھم ۔ اصحاب صحب کی جمع ہے جیسے فرخ کی جمع افراخ آتی ہے۔ اور صحب صاحب کی جمع ہے جیسے راکب کی رکب آتی ہے۔

فرق یہ ہے کہ اصحاب عام ہے اُن مقدس ہستیوں پر بھی بولا جاتا ہے۔ جو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دیدار اور مجلس سے مشرف ہوئے اور بعد والوں پر بھی بولا جاتا ہے۔ جیسے اصحاب ابی حنیفہ رضی اللہ عنہ۔ مگر صُحبؔ خاص قرن اولیٰ (صحابہ کرام) کے مسلمانوں کے ساتھ خاص ہے یہ صرف ان پر ہی بولا جاتا ہے۔

## صحابیت میں تفاوت:

ہم بتا چکے ہیں کہ نفس صحابیت میں تمام صحابہ کرام برابر ہیں۔ مگر صحابیت کے ثبوت کے اعتبار سے فرق ہے۔ بعض کی صحابیت پر نص قرآنی ہے۔ اب آیا یہ کون ہستی ہے یاد رکھیں ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین میں جس طرح ٹاپ پر خلفاء اربعۃ ہیں۔ اسی طرح سب سے ٹاپ پر یعنی خلفاء اربعۃ میں سے حضرت ابوبکر صدیق ہیں یعنی ان کا مرتبہ ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ کرام رضی اللہ عنھم میں اس طرح دکھائی دیتا ہے بلکہ واقع میں جس طرح چاند کا مرتبہ ستاروں میں ہے۔ یہ بالکل یکتا نظر آتے ہیں ہر میدان میں۔

صرف ایک لاکھ کئی ہزار میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہی ہیں جن کی

---

[1] فتح الباری شرح بخاری

marfat.com

صحابیت وصحبت پر قرآن نے مہر تصدیق ثبت کی ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: **ثانی اثنین اذھما فی الغار اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا** ۔دو میں سے دوسرا جب کہ وہ دونوں غار میں تھے جب وہ اپنے صحابی (ساتھی) سے فرماتا تھا تو غم نہ کر بیشک اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ یہاں صاحب کا لفظ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت پر نص ہے۔اس پر مفسرین کا اتفاق ہے کہ اِس جگہ صاحب سے مراد صرف حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔لہذا یہ شان صرف ان کی ہے کہ ان صحابیت کا منکر کافر ہے۔ہم چند ایک اکابر مفسرین کے حوالے اس پر ذکر کرتے ہیں۔امام ابوعبداللہ محمد بن احمد الانصاری القرطبی یوں ارشاد فرماتے ہیں: **من انکر ان یکون ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ صاحب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فھو کافر لانہ رد نص القرآن** ۔[1] جس شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے صحابی رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہونے کا انکار کیا وہ کافر ہے کیونکہ اُس نے نص قرآنی کا انکار کیا۔علامہ جار اللہ زمخشری معتزلی (بادبوداس کے کہ یہ معتزلیوں کا امام ہے لیکن افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے مسئلہ پر اہل سنت کے ساتھ متفق ہے) یوں لکھتے ہیں: **من انکر صحبة ابی بکر رضی اللہ عنہ فقد کفر لانکارہٖ کلام اللہ ولیس ذالک لسائر الصحابة** ۔[2] جس شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا انکار کیا وہ کافر ہے کیونکہ اُس نے اللہ تعالیٰ کی کلام کا انکار کیا اور یہ حکم باقی صحابہ کرام کی صحابیت کا نہیں۔

امام قاضی شہاب الدین احمد بن محمد بن عمر الخفاجی الحنفی یوں رقمطراز ہیں:

---

[1] الجامع لاحکام القرآن جلد ۸ — [2] تفسیر کشاف — [3] حاشیۃ الشہاب

marfat.com

**من انكر صحبة ابی بکر رضی الله عنه فقد كفر لانكاره كلام الله** ۔[1]

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا منکر کافر ہے کیونکہ کلام اللہ کا منکر ہے۔

علامہ خفاجی فرماتے ہیں۔ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ثانی ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے اور ثانی صاحب ہے۔لہذا جو آپ کے صحابی ہونے کا انکار کرے گا وہ آپ کے ثانی ہونے کا انکار کرتا ہے اور یہ کفر ہے کیونکہ ثانی اثنین میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ثانی ہونا نص سے ثابت ہے۔

جامع علوم ظاہرہ و باطنہ امام علامہ اسماعیل حقی حنفی یوں رقمطراز ہیں: **من انكر صحبة ابی بکر رضی الله عنه فقد كفر لانكاره كلام الله تعالٰی يكفرون** ۔[2] جو شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحبۃ کا انکار کرے وہ کافر ہے کیونکہ اس نے کلام اللہ کا انکار کیا اور اسی طرح وہ رافضی کافر ہیں جو حضرت ابوبکر صدیق عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو گالی اور لعنت کرتے ہیں۔

امام علاؤ الدین علی بن محمد ابراہیم بغدادی الشہیر بالخازن یوں ارشاد فرماتے ہیں: **من قال ان ابابكر رضی الله عنه لم يكن صاحب رسول الله صلی الله عليه وسلم فهو كافر لانكاره نص القرآن** ۔[3] جو شخص کہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی نہیں تھے وہ کافر ہے کیونکہ اس نے نص قرآن کا انکار کیا۔ امام ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن القشیری النیشاپوری الشافعی یوں ارشاد فرماتے ہیں: **فی الاية دليل على تحقيق صحبة الصديق رضی الله عنه حيث سماه الله سبحانه صاحبه** ۔[4] آیۃ

---

[1] حاشیۃ الشہاب [2] تفسیر روح البیان [3] تفسیر خازن [4] لطائف الاشارات

marfat.com

مبارکہ میں صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی صحبت کی تحقیق پر دلیل ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا صاحب فرمایا ہے۔ امام قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی یوں ارشاد فرماتے ہیں: **من قال ان ابابکر لم یکن صاحب رسول الله صلی الله علیه وسلم فهو کافر لانکاره نص القرآن** ۔[1] جو شخص کہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی نہیں ہیں وہ کافر ہے کیونکہ اس نے نص قرآن کا انکار کیا ہے۔

امام ابومحمد الحسین بن مسعود الفراء البغوی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارشاد فرماتے:

**من قال ان ابا بکر لم یکن صاحب رسول الله صلی الله علیه وسلم فهو کافر لانکاره نص القرآن** ۔[2] جس نے کہا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابی نہیں ہیں وہ کافر ہے کیونکہ اس نے قرآن کی نص کا انکار کیا ہے۔ امام المفسرین عمدۃ المتکلمین حضرت امام فخر الدین الرازی رحمۃ اللہ علیہ یوں رقم طراز ہیں: **من انکر ان یکون ابوبکر صاحب رسول الله صلی الله علیه وسلم کان کافرا لان الامة مجمعة علی ان المراد من اذ یقول لصاحبه هو ابوبکر وذالک یدل علی ان الله تعالیٰ وصفه بکونه صاحباله** ۔[3] جس شخص نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت کا انکار کیا وہ کافر ہے کیونکہ امت کا اتفاق ہے اس بات پر کہ **اذ یقول لصاحبه** سے مراد ابوبکر صدیق ہیں۔ اور یہ دلالت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا صحابی ہونے سے تعریف کی ہے۔

---

[1] تفسیر مظہری [2] معالم التنزیل [3] تفسیر کبیر

marfat.com

مجد دفقہ حنفی امام ملاعلی قاری حنفی رحمہ اللہ الباری یوں رقم طراز ہیں۔ اجمع المفسرون علی ان المراد لصاحبہ فی الایۃ ھو ابوبکر وقد قالوا من انکر صحبۃ ابی بکر کفر لانہ انکر النص الجلی بخلاف انکار صحبۃ غیرہٖ من عمر، او عثمان، اوعلی رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔[1] تمام مفسرین کا اتفاق ہے کہ آیت سے مراد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ جوان کی صحابیت کا انکار کرے وہ کافر ہے۔ برخلاف باقی خلفائے ثلاثہ حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یوں بھی بیان فرمایا: انت صاجی فی الغار وصاحبی علی الحوض۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ سفر وحضر میں کوئی موقع نہیں ملتا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ نہ ہوں۔ الا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے خود حکم دیکر کہیں بھیجا ہو۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی صحابیت وصحبت کو قرآن حکیم نے مختلف انداز میں بیان فرمایا۔ ایک تو لفظ صاحب کی تصریح کے ساتھ ہے دوسرا ثانی اثنین کے ساتھ بیان فرمایا کیونکہ آپ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا دوسرا قرار دیا۔ امام ابن حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ یوں رقم طراز ہیں: اجمع المسلمون علی ان المراد بالصاحب ھھنا ابوبکر ومن ثم من انکر صحبتہ کفرا جماعا۔[2] مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ آیت کریمہ (اذیقول لصاحبہ) میں صاحب سے مراد ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ اسی وجہ سے جس نے ان کی صحابیت کا انکار کیا وہ اجماعاً کافر ہے۔

---

[1] مرقات شرح مشکوٰۃ [2] الصواعق المحرقہ

marfat.com

## حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے صحابیت کا بیان:

آپ کی صحابیت کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یوں بیان فرمایا: دوسرا اقرار دیا گیا ہے تو قرب مکانی میں آپ دوسرے ہیں یہاں مجلس، صحبت مع الایمان ہے یہی صحابیت ہے، اِس قرب مکانی مع الایمان کا نام صحابیت ہے۔ حدیث میں اس جزی حقیقی قرب مکانی کی عظمت کو یوں چار چاند لگا دیے گئے۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات اقدس کو دشمنوں کی طرف سے اذیت لاحق ہونے کا خطرہ دامن گیر ہوا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا یا ابابکر ماظنک باثنین اللہ ثالثھما ۔[1] اے ابوبکر تمہارا کیا گمان ہے ان دو کے بارے میں جن کا تیسرا اللہ ہے۔ سبحان اللہ کتنے بلند و بالا کلمات ہیں اور اعلیٰ مرتبہ کی تسلی اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت کو چار چاند لگا دیئے کہ ایک میں ہو، ایک تم ہو اور تیسرا اللہ ہے نبی اور امتی میں تو قرب مکانی انتہا درجہ کی اور اللہ تعالیٰ مکان مکانیات سے پاک ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ثالث (تیسرا) ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ مدد، نصرت، معونت، حفظ، امان کے لحاظ سے کہ اس کی مدد و نصرت قطعی اور یقینی طور پر ہم دونوں کے ساتھ ہے اور پھر قرآن مجید کا ایک انداز یہ بھی ہے جب حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق غم لاحق ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لاتحزن ان اللہ معنا ۔ اس فرمان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو قرآن میں اللہ تعالیٰ نے نقل فرما دیا کہ ابوبکر تم غم نہ کرو یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ یہاں لفظ معنا میں جو جزئی حقیقی معیت ہے یہ معیت مکانی ہے اور اسی کا نام صحبت ہے۔ اور کیا کمال

---

[1] خازن

marfat.com

ہے اس قرب و معیت جزئی حقیقی کا کہ جہاں اللہ تعالیٰ کو قرب و معیت کے ساتھ ذکر کیا جارہا ہے یہاں معیت الٰہی وہ نصرت و حفظ و امان والی ہے۔ جزئی حقیقی میں شرکت منع ہوتی ہے۔ جو معیت و قرب غار میں حضرت ابوبکر صدیق کو حاصل ہوا یہ کسی کو حاصل نہیں ہوا بلا فصل و شرکت غیر تین دن اور تین راتیں مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے جلوے جذب کئے اور صحابیت اتنی چمک گئی، کہ باقی صحابہ میں مانند چاند ہوگئے۔

## صحابیت ایک نیکی ہے:

صحابیت ایک نیکی ہے اور ہر نیکی کے قبول ہونے کیلئے ایمان شرط ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **من عمل صالحا من ذکر او انثی وھو مؤمنٌ فلنحیینه حیوٰۃ طیبة** ۔ (سورہ النحل) مرد و عورت میں سے جو بھی عمل صالح کرے اس حال میں کہ وہ مومن ہے ہم اسے حیوٰۃ طیبہ عطا کریں گے۔ صحابیت ایک ایسا عمل صالح ہے کبھی تو بالکل معیت ہوتی وہ یوں کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے چہرے پر جیسے نظر پڑی تو فوراً ساتھ ہی کلمہ پڑھ لیا اور کبھی مومن پہلے ہوتا صحابی بعد میں بنتا ہے مثلاً وہ شخص کسی دوسرے صحابی کی تبلیغ سے مسلمان ہوگیا اور زیارت و ملاقات کا شرف بعد میں نصیب ہوا۔

تو ایمان خود نیکی ہے لیکن یہ باقی نیکیوں کیلئے مبنی اور موقوف علیہ ہے اور اصل الخیر ہے۔ اِس کا کوئی موقوف علیہ نہیں۔ تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی صحابیت جس طرح بلندی پر ہے اسی طرح ایمان بھی بہت بلند ہے۔ حدیث شریف میں **لو اتزن ایمان ابی بکر مع ایمان امتی لرجح**[1] اور ظاہر ہے جس طرح کا موقوف علیہ

---

[1] بحوالہ بیہقی از مکتوبات شریف و مقالات سعیدی

marfat.com

ہوگا موقوف کا مرتبہ بھی اُسی طرح کا ہوگا۔ لہذا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی ہر نیکی باقی امت کی ہر نیکی سے کیفیت میں بلند ہے۔ کیفیت میں بلندی کا مطلب کثرت ثواب ہے۔

آپ کی نیکی کی کیفیت اور کثرت ثواب کا اندازہ یہاں سے لگائیں کہ **عن عمر بن الخطاب رضی الله عنه انه ذکر عنده ابوبکر فقال وددت عملی کله مثل عمله یوماً واحداً من ایامه لیلة واحدة من لیالیه**۔[1] حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے سامنے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا میری تمنا ہے کہ میری زندگی کے تمام اعمال حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ایک دن یا ایک رات کے عمل کے برابر ہو جائیں۔ یہ ہے ان کی نیکیوں کی کیفیت کا مرتبہ لہذا معلوم یہ ہوا کہ باقی تمام صحابہ کے تمام اعمال کو جمع کیا جائے تو خلیفہ اوّل حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے ایک دن یا ایک رات کے عمل کے برابر نہیں ہو سکتے تو صاف ظاہر ہے کہ پھر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہی کے تمام اعمال کا ثواب باقیوں کے اعمال سے زیادہ ہے لہذا آپ تمام صحابہ سے خیر اور افضل ہیں۔

## افضلیت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ:

اب ہم اپنے دعویٰ کے قریب پہنچے ہیں ہمارے دو دعوے ہیں:

۱) آپ افضل البشر بعد الانبیاء ہیں۔

۲) دوسرا دعویٰ ضمنی ہے کہ جو شخص افضلیت ابی بکر کا منکر ہے وہ اہل سنت سے خارج ہے یعنی جو ہمارے دعویٰ کا منکر ہے وہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہے۔

---

[1] خازن

marfat.com

اور ضمناً یہ ثابت بھی ہو جائے گا۔ مگر ہم واضح کریں گے۔

اولاً ہم پہلے دعویٰ پر دلائل دیں گے اور پھر دوسرے پر۔

## دلیل اوّل قرآن سے:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: **وسیجنبھا الاتقی الذی یوتی مالہ یتزکی وما لاحد عندہ من نعمۃ تجزیٰ الا ابتغاء وجہ ربہ الاعلی ولسوف یرضی** ۔(سورۃ اللیل) بہت دور رکھا جائے گا اسے (آگ) سے جو سب سے بڑا پرہیز گار ہے وہ اپنا مال دیتا ہے (اللہ کی راہ میں) تاکہ ستھرا ہو جائے، اور اُس پر کسی کا کوئی احسان نہیں ہے جس کا بدلا دیا جائے صرف اپنے سب سے بڑے رب کی رضا طلب کرتا ہے اور عنقریب وہ راضی ہو جائیگا۔ آیت کریمہ میں لفظ الاتقی ہے ہمارا محل استدلال یہ ہے۔ اس کا معنی ہے سب سے بڑا پرہیز گار یعنی اسم تفضیل اپنے حقیقی معنی میں ہے۔

یہی ترجمہ امام اہل سنت اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت امام احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کنز الایمان میں فرمایا ہے۔ یہاں لفظ الاتقی سے مراد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ تنویر القیاس من تفسیر ابن عباس میں: **الذی یوتی مالہ. یعطی مالہ فی سبیل اللہ وھو ابوبکر رضی اللہ عنہ** ۔ وہ جو اپنا مال دیتا ہے یعنی اپنا مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں دیتا ہے وہ کون ہے مال دینے والا وہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

ابو جعفر محمد بن جریر الطبری یوں رقم طراز ہیں: **عن عامر بن عبداللہ**

---

[1] تفسیر جامع البیان فی تفسیر القرآن

marfat.com

عن ابیہ قال نزلت ھذہ الایة فی ابی بکر الصدیق۔[1] وہ اپنی سند سے حدیث روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں عامر بن عبداللہ نے اپنے باپ سے روایت کی کہا یہ آیت کریمہ مالاحد عندہ الآیة کہ یہ تقویٰ و پرہیزگاری میں نقطہ انتہا کو پہنچنے والا اپنا مال صرف اللہ کی رضا کیلئے خرچ کرنے والے پر خلق خدا میں سے کسی کا احسان نہیں۔ یہ ابوبکر صدیق کے حق میں نازل ہوئی۔

امام طبری یوں رقم طراز ہیں: مالا حد من خلق اللہ عند ھذا الذی یوتی مالہ فی سبیل اللہ یتزکی من نعمة تجزیٰ۔ مخلوق خدا میں سے کسی کا ابوبکر پر احسان نہیں ہے۔ سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں اکرام سے نوازا۔ فرمایا:

میں تمام لوگوں کے احسان کا بدلہ دے کے جا رہا ہوں ایک ابوبکر ہے جس کے احسانات کا بدلہ قیامت کے دن میرا اللہ دیگا۔ سبحان اللہ کیا ظہور عظمت ہوگا وہاں۔

امام ابواللیث سمرقندی حنفی یوں رقم طراز ہیں: وقال مقاتل مر ابوبکر علی بلال وسیدہ امیة بن خلف بعذبہ فاشتراہ فاعتقہ، فکرہ ابو قحافة عتقہ، فقال لابی بکر اما علمت یعذبہ ان مولی القوم من انفسھم فاذا اعتقت فاعتق من لہ منظرة وقوة فنزل وما لاحد عندہ من نعمة تجزیٰ الاابتغاء وجہ ربہ الاعلی الآیة۔[1] مقاتل نے کہا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا گذر حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور ان کے مالک امیہ بن خلف پر ہوا

---

[1] تفسیر سمرقندی۔ بحر العلوم

marfat.com

دیکھا کہ حضرت بلال کو عذاب دے رہا ہے تو آپ نے خرید کر حضرت بلال کو آزاد کردیا۔تو آپ کے والد حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ عتق کو مالی منفعت کے خلاف تصور کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ کو معلوم نہیں ہے کہ قوم کا غلام انہیں میں سے ہوتا ہے۔ لہذا کسی مضبوط قوت والے کو آزاد کرتے جو کام آتا۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمادی: **مالا حد عنده من نعمة تجزیٰ الایه** ۔خیال رہے امام ابواللیث سمرقندی حنفی رحمۃ اللہ علیہ اپنی سند سے حدیث روایت کرتے ہیں۔تفسیر جلالین میں یوں مذکور ہے **وھذا نزل فی الصدیق رضی اللہ عنه لما اشتری بلا لاالمعزب علی ایمانهٖ وعتقه** ۔ یہ آیت کریمہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی جب آپ نے حضرت بلال حبشی رضی اللہ عنہ کوخرید کرآزاد کردیا جبکہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایمان لانے کی وجہ سے عذاب دیا جارہا تھا۔امام احمد بن محمد الصاوی المالکی رحمۃ اللہ علیہ یوں رقم طراز ہیں: **وکان امیة بن خلف یخرجه اذا احمیت الشمس فیطرحه علی ظهرهٖ ببطحاء مکة ثم یامر بالصخرة العظیمة فتوضع علی صدرهٖ ثم یقول لاتزال هکذا حتی تموت اوتنکر محمدا صلی اللہ علیه وسلم فیقول وهو فی ذالک احدا احد فمر النبی صلی اللہ علیه وسلم فقال احد ینجیک یعنی اللہ تعالیٰ ثم قال النبی ﷺ لابی بکر ان بلالایعذب فی اللہ تعالیٰ فعرف ابوبکر الذی یرید رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فانصرف الی منزله فاخذر طلامن ذهب ومضی الی امیة بن خلف الاتق اللہ فی هذا المسکین قال انت افسدته فانقذه**

marfat.com

بما تری وفی روایة سعید بن المسیب بلغنی ان امیة بن خلف قال لابی بکر فی بلال حین قال له اتبیعه' قال نعم ابیعه بنسطاس عبد لابی بکر وکان نسطاس صاحب عشرة الاف دینار وغلمان وجوار ومواش وکان مشرکا حمله ابوبکر علی الاسلام علی ان یکون ماله له فابی فابغضه ابوبکر فلما قال امیة بن خلف ابیعک بعلامک نسطاس. اعتقه ابوبکر وباعه به۔ [1]

خلاصہ یہ ہے امیہ بن خلف حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو شدید گرمی میں باہر نکالتا اور تپتی ہوئی ریت پر پیٹھ کے بل لٹا دیتا اور سینہ پر بڑا گرم پتھر رکھوا تا پھر کہتا کہ تم اسی طرح عذاب میں رہو گے حتیٰ کہ آپ کی موت آجائے۔یا پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار کردو اس حالت میں حضرت بلال احد احد کا ورد کرتے تھے دریں اثناء نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر اُدھر سے ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا فکر نہ کر احد یعنی اللہ تعالیٰ تجھے اِس عذاب سے نجات دے گا۔تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرمایا ابوبکر بلال حبشی کو اللہ کی راہ میں عذاب دیا جار ہا ہے۔ راز دار نبوۃ سمجھ گئے آقا ﷺ کی مراد کیا ہے۔حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ گھر گئے سونا لیا اور امیہ بن خلف لعین کے پاس آئے فرمایا اللہ تعالیٰ سے ڈر اس مسکین کے بارے میں اُس نے کہا اگر ہمت ہے تو اس کو چھڑالو آپ نے سونا بطور قیمت دیا اور خرید کر آزاد کر دیا۔

حضرت سعید بن المسیب کی روایت یوں ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی

---

[1] حاشیہ صاوی علی جلالین

marfat.com

اللہ عنہ نے امیہ بن خلف سے کہا کہ کیا تو بلال کو فروخت کریگا۔ اُس نے کہا ہاں فروخت کروں گا مگر نسطاس جو تمہارا غلام ہے اس کے بدلے میں یہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا غلام بڑا مالدار تھا دس ہزار دینار اس کے غلمان لونڈیاں مویشی وغیرہ تھے اور یہ مشرک تھا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اس کو اسلام لانے کی ترغیب دی اور فرمایا یہ سارا مال جو تیرے پاس ہے یہ تیرا ہے اگر اسلام قبول کرلے تو اس نے انکار کردیا جب امیہ بن خلف نے یہ غلام بدلے میں مانگا آپ نے یہ دے دیا اور حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو لیکر آزاد کردیا۔ سبحان اللہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا بلال فکر نہ کر جس کا ورد اَحَدُ اَحَدُ کررہا ہے وہی تجھے آزاد کردے گا اور آگے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ذکر فرمایا تو معلوم ہوا یہ شان صدیق اکبر ہے کہ ان کا اعتاق اللہ تعالیٰ کا اعتاق ہے ان کا فعل اللہ تعالیٰ کا فعل ہے۔ غیر مقلدین کا امام شوکانی اپنی تفسیر فتح القدیر میں یوں ذکر کرتا ہے: **اخرج ابن ابی حاتم عن عروة ان ابابکر الصدیق رضی الله عنه اعتق سبعة کلهم یعذب فی الله. بلال، وعاصر بن فهیرة، والنهدیة، وابنها وزنیرة وام عینی وام بنی المؤمل وفیه نزلت وسیجهنبها الاتقی الی آخر السورة واخرج ابن مردویه عن ابن عباس فی قوله وسیجنبها الاتقی، قال هو ابوبکر الصدیق۔**

ابن ابی حاتم نے عروۃ سے روایت کی بیشک ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے سات افراد کو آزاد کیا ان میں حضرت بلال اور دیگر فلاں فلاں ہیں اور یہ آیت **وسیجبها الا تقی** سے لیکر آخر سورۃ تک حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان

marfat.com

میں نازل ہوئی اور یوں ترجمان القرآن حبر هذہٖ الامته حضرت عبدالله ابن عباس رضی الله تعالیٰ عنه سے مروی ہے کہ وسیجنبها الاتقی میں الاتقی سے مراد ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔علامہ جار اللہ زمخشری معتزلی اپنی تفسیر کشاف میں یوں ذکر کرتا ہے۔ وقیل هما ابو جهل او امیه بن خلف و ابو بکر صدیق رضی الله تعالیٰ وعنه کہ الاشقی سے مراد ابوجہل ہے یا امیہ بن حلف ہے۔اور وسیجنبها الاتقی میں الاتقی سے مراد ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

جامع علوم ظاہرہ و باطنہ امام عبدالکریم القشیری یوں رقم طراز ہیں و نزلت الاية فی ابی بکر صدیق رضی الله تعالیٰ عنه والاية عامة .[1] یہ آیت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حق میں نازل ہوئی اور حکم عام ہیں جو آپ کے طریقے پر چلتا آئے گا اس کیلئے بشارت ہے۔

امام محمد بن احمد القرطبی یوں رقم طراز ہیں: الاتقی. المتقی، الخائف قال ابن عباس هوا بوبکر رضی الله عنه کہ الاتقی سے مراد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ فروی عطاء والضحاک عن ابن عباس قال عذب المشرکون بلا لا وبلال یقول احداحد فمر به النبی صلی الله علیه وسلم فقال احد ینجیک یعنی الله تعالیٰ ثم قال لابی بکر یا ابابکر ان بلالا یعذب فی الله. فعرف ابوبکر الذی یرید رسول الله صلی الله علیه وسلم فانصر الی منزله فاخذر طلا من ذهب ومضی به الی امیة

---

[1] تفسیر القشیری المسمی للطائف الاشارات

marfat.com

بن خلف فقال له اتبیعنی بلا لا قال نعم فاشتراہ فاعتقہ' فقال المشرکون ما اعتقہ' ابوبکر الالید کانت عندہ فنزلت مالاحد عندہ من نعمة تجزی الاابتغاء وجه ربه الاعلی ولسوف یرضٰی وقال سعید بن المسیب بلغنی ان امیة بن خلف قال لابی بکر حین قال له ابوبکر اتبیعنیه فقال نعم ابیعه بنطاس عبد لابی بکر صاحب عشرة آلاف دینارٍ وغلمان، وجوارٍ ومواشٍ وکان مشرکا حمله ابوبکر علی الاسلام علی ان یکون ماله له فابی فباعه ابوبکر ۔[1] ان احادیث کا ترجمہ ایک مرتبہ تفسیر صاوی کے حوالہ سے گذر چکا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو سونا دیکر یا بدلے میں کافر غلام دیکر (علی اختلاف الروایۃ) آزاد کردیا تو مشرکین نے کہا بلال حبشی کا احسان ہوگا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر جس کا بدلہ چکانے کے لئے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کو خرید کر آزاد کیا ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے ان کے بے بنیاد اعتراض کو دفع کرتے ہوئے فرمایا ابوبکر پر کسی کا کوئی احسان نہیں صرف میری (اللہ تعالیٰ) رضا کیلئے خرید کر آزاد کیا۔ اور میں (اللہ تعالیٰ) بھی عنقریب اتنا دوں گا (ثواب) کہ یہ راضی ہوجائے گا۔

امام علامہ اسماعیل حقی حنفی رحمۃ اللہ علیہ یوں رقم طراز ہیں: والایة نزلت فی حق ابی بکر الصدیق رضی الله عنه حین اشتریٰ بلالا رضی الله تعالیٰ عنه۔[2] امام اسماعیل حقی اور امام قرطبی انصاری رحمہما اللہ تعالیٰ نے ابوحیان تیمی کے حوالہ سے امام الاولیاء حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے روایت کردہ

[1] الجامع لاحکام القرآن

[2] تفسیر روح البیان

marfat.com

حدیث ذکر کی ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا: رحم اللہ ابابکر زوجنی ابنتہ وحملنی الی دار الھجرۃ واعتق بلالا من مالہ ۔ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے ابوبکر پر کہ اس نے اپنی بیٹی میرے نکاح میں دی اور دار ہجرۃ کی طرف مجھے اٹھا کے لے گیا، اور اپنے مال سے بلال کو آزاد کیا۔ انہی بزرگوں نے یہ حدیث بھی روایت کی ہے: وکان عمر بن الخطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ یقول ابوبکر سیدنا واعتق سیدنا یعنی بلالا رضی اللہ تعالیٰ عنہما ۔ ابوبکر ہمارے سردار ہیں انہوں نے ہمارے سردار بلال کو آزاد کیا۔ امام اسماعیل حقی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: ھو نظیر قولہ علیہ الصلوٰۃ والسلام سلمان منا اھل البیت فانظر الی شرف التقوی کیف ادخل الموالی فی الاشراف ولا تغتر بالنسب المجرد فانہ خارج عن حد الانصاف ۔ یہ نظیر ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان کی سلمان (فارسی) منا اھل البیت کی۔ ہمارے اہل بیت سے ہیں۔ دیکھ شرف تقویٰ کو کس طرح حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ غلام کو اشراف (سرداروں) میں داخل فرما رہے ہیں لہٰذا محض نسب سے دھوکہ نہیں کھانا چاہیے کیونکہ یہ حد انصاف سے باہر ہے۔ امام محی السنۃ ابو محمد الحسین الفراء بغوی رحمۃ اللہ علیہ یوں رقم طراز ہیں: یعنی ابابکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ فی قول الجمیع کہ تمام مفسرین کے نزدیک اس آیت الاتقی سے مراد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ تفسیر خازن میں یوں مرقوم ہے: الاتقی الذی یؤتی مالہ ھو ابوبکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی قول جمیع المفسرین کہ الاتقی سے مراد ابوبکر صدیق ہیں تمام مفسرین کے نزدیک۔

marfat.com

امام ابو منصور محمد بن محمد بن محمود الماتریدی رحمہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:
فی ابی بکر الصدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ[1] یہ آیات مبارکہ شان ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں نازل ہوئی ہیں۔

امام ناصر الدین عبداللہ القاضی البیضاوی رحمۃ اللہ علیہ یوں رقم طراز ہیں:
والایات نزلت فی ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حین اشتری بلا لا ۔ وسیجنبھا الاتقی سے لیکر آخر سورۃ تک یہ آیات مبارکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔ امام علامہ شھاب الدین احمد بن محمد الخفاجی رحمۃ اللہ علیہ حاشیہ علی البیضاوی میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔ وسیجنبھا الاتقی الی آخرہ سورۃ نزل فی حق ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ کما فی الاحادیث الصحیحۃ السند عن ابن عباس سید المفسرین حتی قال بعض المفسرین انہ مجمع علیہ وان زعم بعض الشیعہ انھا نزلت فی علی رضی اللہ تعالیٰ وخصوص السبب لدینا فی عموم الحکم ۔ یہ آیات مبارکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ہیں۔ سید المفسرین حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے احادیث صحیحہ مروی ہیں کہ ان آیات سے مراد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں بلکہ بعض مفسرین نے فرمایا مفسرین کا اجماع ہے کہ یہ آیات حضرت صدیق اکبر کے حق میں نازل ہوئی ہیں۔ بعض شیعہ کا گمان ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی حالانکہ ہمارے (اہلسنت) کے نزدیک خصوص سبب عموم الحکم میں ہے۔

حافظ عماد الدین ابن کثیر یوں لکھتے ہیں: وقد ذکر غیر واحد من

---

[1] تاویلات اہل السنۃ

marfat.com

**المفسرين ان هذه الايات نزلت في ابی بکر الصديق رضی الله عنه حتى ان بعضهم حکی اجماع المفسرين على ذالک** ۔[1] متعدد مفسرین نے ذکر فرمایا کہ یہ آیات مبارکہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی ہیں اور اس پر اجماع ہے۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمہ اللہ تعالیٰ رقم طراز ہیں:

**لاتفاق المفسرين على ان الآية نزلت في ابی بکر الصديق رضی الله عنه فالغرض منه توصيف الصديق بکونه اتقى الناس اجمعين غير الانبياء وانما خصصنا بغير الانبياء لدلالة العقل والاجماع والنصوص** ۔[2] مفسرین کا اتفاق واجماع ہے اس پر **وسيجنبها الاتقى الذی** سے لیکر آخر تک آیات کریمہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی ہیں اور مقصود اس سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی توصیف کرنی ہے کہ آپ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام لوگوں سے افضل اور بڑے متقی پرہیزگار ہیں۔ غیر انبیاء کی تخصیص دلالۃ العقل، اجماع امت اور نصوص واردہ سے ہے۔

قارئین کرام: آپ ملاحظہ کر چکے ہیں کہ متعدد مفسرین نے ذکر فرمایا ہے کہ اس پر اجماع ہے مفسرین کا کہ **وسيجنبها الاتقى الآية** حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ مکتوبات شریف میں یوں رقم طراز ہیں۔ حضرت صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بحکم نص قرآنی اتقائے ایں امت است زیرا کہ اجماع مفسرین است در شان حضرت صدیق نازل است رضی اللہ تعالیٰ عنہ و مراد از اتقی اوست رضی اللہ تعالیٰ عنہ[3]

---

[1] تفسیر ابن کثیر [2] تفسیر مظہری [3] دفتر سوم حصہ ہشتم

marfat.com

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا اس امت کا سب سے بڑا متقی، پرہیزگار ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے کیونکہ حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے آپ کے دور کے تمام مفسرین کا اجماع ہے کہ آیت کریمہ **وسیجنبھا الاتقی الایۃ** حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی اور اتقی (سب سے بڑا پرہیزگار) سے مراد حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں۔

## افضلیت حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ:

یہاں تک یہ بات واضح اور اظہر من الشمس ہوگئی کہ آیت مبارکہ وسیجنبھا الاتقی اتقی کا مصداق اوّل اور حقیقی صرف صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ہیں یہ بات متعدد تفاسیر اور اکابرین امت کی تصریحات سے ثابت ہو چکی ہے۔

اور آیت کریمہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اتقی ہونے میں نص ہے لہذا آپ اتقی حقیقی ہیں باقی ساری امت میں اتقی ہونا اضافی طور پر پایا جاتا ہے۔

## پہلی دلیل:

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے افضل البشر بعد الانبیاء ہونے پر یہ آیت کریمہ (لفظ اتقی) ہے۔

ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں ہمارا پہلا دعویٰ یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق افضل البشر بعد الانبیاء مطلقا ہیں۔

قبل ازیں کہ دعویٰ پر لفظ اتقی سے (جو آیت میں مذکور ہے) استدلال کریں ایک تمہید ہے۔ وہ یہ کہ افضلیت کا معنی ہے کثرت ثواب، جو افضل ہوتا ہے اس میں

marfat.com

کثرت ثواب پایا جاتا ہے۔ لہذا مدار افضلیت کثرت ثواب ہوا نہ کہ کثرت فضائل واعمال، اور کسی کی نیکی اور عمل خیر کے ثواب کی قلت اور کثرت کا تعین صرف شارع کرسکتا ہے اور شارع اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ ہیں۔ لہذا اکثرت کا علم، اللہ تعالیٰ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے بغیر ناممکن ہے۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمہ اللہ تعالیٰ [1] ارشاد فرماتے ہیں: مقرر علما ست کہ افضلیت باعتبار کثرت ثواب نزد خدائے جل وعلا ایجا مراد است نہ افضلیتے کہ بمعنی کثرت ظہور فضائل ومناقب بود کہ نزد عقلاء اعتبار دارد زیرا کہ سلف از صحابہ وتابعین آں قدر فضائل ومناقب کہ از حضرت امیر نقل کردہ انداز ہیچ صحابی منقول نشدہ است حتی کہ قال الامام احمد ماجاء لاحد من الصحابۃ من الفضائل ماجاء لعلی رضی اللہ عنہم مع ذالک ہم ایشاں حکم کردہ اند بافضلیت خلفاء ثلاثہ پس معلوم شد کہ وجہ افضلیت دیگر است وراء ایں فضائل ومناقب واطلاع برآں افضلیت مشاہداں دولت وحی را میسر است کہ بصریح بقرائن نمودہ باشند وآں صحابہ پیغمبر ند علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام۔

علماء کے نزدیک اس جگہ افضلیت سے مراد کثرت ثواب ہے نہ وہ افضلیت جو بمعنی ظہور فضائل ومناقب ہے تاکہ عقلا کے نزدیک اعتبار رکھے۔ کیونکہ صحابہ کرام اور تابعین سے حضرت امیر کرم اللہ وجہہ الکریم کے جس قدر فضائل ومناقب منقول ہیں۔ اِس قدر کسی صحابی کے نہیں ہیں یہاں تک کہ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اجمعین کے فضائل بیان ہوئے ہیں اتنے کسی صحابی کے

---

[1] دفتر اوّل حصہ چہارم

marfat.com

نہیں ہوئے باوجود یکہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے خلفاء ثلاثہ کی افضلیت کا حکم کیا ہے۔ معلوم ہوا افضلیت کی وجہ ان فضائل ومناقب کے علاوہ کوئی اور چیز ہے اوراس وجہ افضلیت پر اطلاع انہی نفوس قدسیہ کو ہو سکتی ہے جن کو وحی الٰہی کا مشاہدہ حاصل تھا۔ صراحۃ یا قرائن سے ہوا اور وہ نفوس قدسیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ تھے۔

لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ جس کی افضلیت بیان کریں گے اُسی کو افضل مانا جائے گا۔ امام ابن حجر ھیتمی مکی رحمہ اللہ تعالیٰ یوں رقم طراز ہیں: **ولکنهما اکثر ثوابا واعظم نفعا للمسلمين والاسلام واخشى واتقى ممن عداهما من اولاده صلى الله عليه وسلم فضلا عن غيرهم[1]**

یہ دونوں شیخین حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما ثواب کے لحاظ سے اکثر ہیں مسلمانوں اور اسلام کے نفع کے لحاظ سے اعظم ہیں۔ ان میں اللہ تعالیٰ کا خوف سب سے زیادہ اور یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد پاک سے تقویٰ و پرہیزگاری میں زیادہ ہیں چہ جائیکہ دوسرے حضرات۔

امام علامہ عبدالعزیز پرھاروی رحمۃ اللہ علیہ[2] یوں رقم طراز ہیں: **ذكر المحققون ان فضيلته' المبحوثة عنها فى الكلام هى كثرت الثواب اى اعظم الجزاء على اعمال الخير لاشرف النسب والالزم ان يكون ولدالنبى افضل من النبى الذى ليس ابوه نبياً ولا كثرت الطاعات الظاهر ة لان الثواب ليس على مقدارها لان انفاق احد**

---

[1] الصواعق المحرقہ [2] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

عنا جبل احد ذهباً لایبلغ مدالصحابة ولانصیفهم کمافی الحدیث الصحیح والسرفی ذالک ان اصل الخیر هو الاخلاص فی العمل وصحبة الحق سبحانه تعالیٰ ودوام الحضور معه وهی امور باطنة ولذا قال بکر بن عبدالله المزنی مافضلکم ابوبکر بصوم وصلوٰة ولکن بشیءٍ فی قلبهٖ انتهی فلا یحفیٰ ان کثرة الثواب لاتعلم الاباخبار الشارع ولامدخل فیها للعقل والمناقب الظاهرة۔ محققین نے ذکر کیا ہے کہ علم کلام میں جس افضلیت سے بحث کی جاتی ہے وہ کثرت ثواب ہے یعنی اعمال خیر پر بڑی جزاء ہے۔

جیسا کہ احادیث صحیحہ میں وارد ہے۔ راز اس میں یہ ہے کہ اصل خیر وہ اخلاص فی العمل اور اللہ تعالیٰ کی محبت ہے اور یہ امور باطنی ہیں یہی وجہ ہے کہ بکر بن عبداللہ مزنی فرماتے ہیں کہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے دل میں ایک (اخلاص اور اللہ رسول کی محبت) ہے جس کی بنا پر پوری امت پر فضیلت پا گئے۔ یہ اخلاص ومحبت کا علم اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی تعلیم کے بغیر ممکن نہیں۔ یہ تعلیم براہ راست صحابہ کرام کو دی گئی لہذا جسے وہ افضل بتائیں گے وہی ہوگا۔

صحابہ کے بتائے بغیر افضلیت کا علم نہیں آسکتا۔

محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: وقام ثانی آنکہ افضلیت خلفاء اربعۃ بترتب خلافت است یعنی افضل اصحاب ابوبکر ست ثم عمر ثم عثمان ثم علی ومراد از افضلیت کثرت ثواب ست عند اللہ تعالیٰ [1]

---

[1] تکمیل الایمان ص ۵۵ مطبوعہ لکھنو ہندوستان

marfat.com

خلفاء اربعہ کی افضلیت خلافت کی ترتیب پر ہے یعنی تمام صحابہ سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر حضرت عمر فاروق ہیں پھر حضرت عثمان ذی النورین ہیں پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں۔ اور افضلیت سے مراد کثرت ثواب اعمال خیر اللہ تعالیٰ کے نزدیک۔ امام اہل سنت مجدد دین وملت اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مولانا الشاہ احمد رضا خاں بریلوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: **الافضلیت فی کثرت الثواب وقرب رب الارباب**۔[1] افضلیت کا معنی کثرت ثواب اور رب الارباب کا قرب۔

بایں معنی حضرت صدیق اکبر پوری امت محمد علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام سے افضل ہیں۔ یہ افضلیت علی الاطلاق ہے لہٰذا اس افضلیت کا منکر اہل سنت و جماعت سے خارج ہے نہ کہ شرف نسب کا اعتبار ہے (افضلیت میں) ورنہ لازم آئے گا نبی کا بچہ اُس نبی سے افضل ہو جائے جس کا باپ نبی نہیں ہے۔ (نبی سے غیر نبی کسی لحاظ سے بھی افضل نہیں ہو سکتا۔ کلی فضیلت تو ایک طرف رہی غیر نبی کو نبی پر جزوی فضیلت بھی نہیں ہے۔ اگر کوئی جزوی فضیلت مانے تو یہ کفر ہے۔ بعض مقررین ایسے ہیں جو اہل بیت کی جزوی فضیلت کو بیان کرتے ہیں وہ یہ کہ اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خون ہیں اور پھر تقریروں میں امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہادت کی بنا پر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر فضیلت دیتے ہیں جو کہ صراحۃً کفر ہے۔ اور نہ کثرت طاعات کا لحاظ ہے کیونکہ ثواب مقدار کے مطابق نہیں ہوتا۔ اگر ہم میں سے کوئی شخص احد پہاڑ کے برابر سونا فی سبیل اللہ خرچ کرے تو صحابہ کرام کی مٹھی بھر جو یا اس آدھے کے ثواب کو نہیں پہنچ سکتے۔

---

[1] المستند المعتمد بناء نجاۃ الابد

marfat.com

لہذا بعد والے لوگ کسی کو افضل و مفضول نہیں قرار دے سکتے کثرت ثواب کے لحاظ سے اور جس کو صحابہ کرام افضل قرار دے دیں کسی کو حق حاصل نہیں کہ اُسے مفضول اور دوسرے کو اس سے افضل قرار دے۔

امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر فضیلت دینا۔

برطانیہ میں بعض بڑے وجیہہ مقررین کو دیکھنے اور سننے میں آیا اور ریکارڈ موجود ہیں کہ امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہادت کی بنا پر اور اہل بیت کرام کو خون رسول اللہ ﷺ کی بنا پر انبیا کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر فضیلت دیتے ہیں۔

جو کہ صریح کفر ہے۔ سید السادات امام علامہ سید محمود الوسی حنفی بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ یوں رقم طراز ہیں: **فان اعتقاد افضلیت ولی من الاولیاء علی نبی من الانبیاء کفر عظیم وضلال بعید، ولو ساغ تفضیل ولی علی نبی لفضل الصدیق الاکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علی احد من الانبیاء لانہ ارفع الاولیاء قدرا کما ذھب الیہ اھل السنۃ ونص علیہ الشیخ قدس سرہ العزیز فی کتاب التربیۃ ایضا مع انہ لم یفضل کذا لک بل فضل علی من عداھم کما نطق بہ ما طلعت الشمس ولاغربت علی احد بعد النبین افضل من ابی بکر الصدیق فمتیٰ لم یفضل الصدیق وھو الذی وقر فی صدرہٖ ماوقر ونال من الکمال مالایحصر فکیف یفضل غیرہ؟**

**وفضل کثیر من الشیعۃ علیا کرم اللہ وجھہ الکریم و کذا**

marfat.com

**اولادہ الائمۃ الطاہرین رضی اللہ عنہم اجمعین علی کثیر من الانبیاء والمرسلین من اولی العزم وغیرہم ولامستندھم فی ذالک الااخبار کاذبۃ وافکار غیر صائبۃ ۔**[1]

بیشک کسی ولی کی کسی نبی پر فضیلت کا اعتقاد رکھنا بڑا کفر اور کھلی گمراہی ہے۔ اگر کسی امتی ولی کی کسی نبی پر فضیلت کی گنجائش ہوتی تو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو کسی نبی پر فضیلت دی جاتی کیونکہ اولیاء امت میں سے سب سے بلند قدر اللہ تعالیٰ کے نزدیک ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ہے۔ یہ مذہب اہل سنت و جماعت کا ہے اور کتاب القربہ میں شیخ (ابن عربی) رحمہ اللہ تعالیٰ نے نص کی ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ باوجودیکہ اولیاء میں سب سے بلند ہیں انکو انبیاء و مرسلین علیہم الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ پر افضل مانا جاتا ہے۔ جیسا کہ یہ حدیث پاک ناطق ہے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد کسی ایسے شخص پر نہ سورج طلوع ہوتا ہے نہ غروب ہوتا ہے جو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے افضل ہو۔

## بعض سادات کی توجہ:

مذکور بالا اپنے دور کا عظیم مفسر سید محمود الوسی بغدادی سادات کرام میں سے ہیں وہ ایسے صاف اور بہترین عقیدہ کی تقریر فرما رہے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں میں فاطمی شہزادہ ہوں اور اتنا بڑا مفسر ہوں مگر ان کو یہ بھی معلوم ہے شرف نسب اور ہے اور افضلیت (کثرت ثواب) اور ہے۔ لہذا حق و باطل کے درمیان فرق کرتے ہوئے یہ تقریر فرمائی ہے۔ وہ سادات جو اہل سنت کی صفوں میں بھی ہیں اور حضرت علی رضی

[1] تفسیر روح المعانی

marfat.com

اللہ عنہ کی افضلیت علی ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ یا اہل بیت اور امام حسین رضی اللہ عنہم کی جزوی فضیلت کے انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام پر کے قائل ہیں وہ حضرت سید السادات سید محمود الوسی حنفی بغدادی رحمہ اللہ تعالیٰ کی پیروی کریں اور اس عقیدہ کفریہ سے توبہ کریں۔اور عوام اہل سنت کو گمراہ کرنے سے باز آئیں۔

## الاتقی سے استدلال صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی افضلیت پر:

ہم یہاں تک متعدد تفاسیر اور اکابرین امت کی تصریحات سے واضح کر چکے ہیں کہ آیت مبارکہ میں الاتقی سے مراد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں اور متعدد مفسرین اور اکابرین نے اس پر اجماع کا قول کیا ہے۔امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ الباری یوں رقم طراز ہیں: **اجمع المفسرون منا علی ان المراد منه ابوبکر رضی الله تعالیٰ عنه** [1] کہ ہم اہلسنت تمام مفسرین کا اتفاق ہے کہ اس مقام پر الاتقی سے مراد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

آپ فرماتے ہیں: **واعلم ان الشیعة باسرهم ینکرون هذهٖ الروایة ویقولون انها نزلت فی حق علی ابن ابی طالب رضی الله عنه والدلیل علیه قوله تعالیٰ ویؤتون الزکوٰة وهم راکعون المائده فقوله الاتقی الذی یوتی ماله یتزکی اشارة الی مافی الآیة من قوله یوتون الزکوٰة وهم راکعون لما ذکر ذالک بعضهم فی محضری قلت اقیم الدلالة العقلیه علی ان المراد من هذهٖ الایة ابوبکر رضی الله عنه وتقریرها ان المراد من هذا الاتقی هو افضل الخلق فاذا کان کذالک**

---

[1] تفسیر کبیر

marfat.com

وجب ان یکون المراد هو ابوبکر فهاتان المقدمتان متی صحتاصح المقصود انما قلنا ان المراد من هذا الاتقی افضل الحلق لقوله تعالیٰ ان اکرمکم عندالله اتقاکم والاکرم هوالافضل فدل علی ان کل من اتقی وجب ان یکون افضل. فتقدیر الایة کانه وقعت الشبة فی ان الاکرم عند الله من هو؟ فقیل هو الاتقی فاذا کان کذالک کان التقدیر اتقاکم اکرمکم عند الله فثبت ان الاتقی المذکور ههنا لابد ان یکون افضل الخلق عندالله فنقول لابدوان یکون المراد به ابا بکر رضی الله تعالیٰ عنه لان الامة مجتمعة علی ان افضل الحلق بعد رسول الله ﷺ اما ابوبکر اوعلی ولایمکن حمل هذهٖ الایة علی علی ابن طالب رضی الله تعالیٰ عنه. فتعین حملها علی ابی بکر رضی الله تعالیٰ عنه وانما قلنا لایمکن حملها علی علی ابن ابی طالب رضی الله تعالیٰ عنه لانه قال فی صفة هذا الاتقی ومالا حد عنده من نعمة تجزیٰ. وهذا الوصف لایصدق علی علی ابن ابی طالب لانه کان فی تربیة النبی ﷺ لانه اخذه من ابیه وکان یطعمه ویسقیه ویکسوه ویربیه وکان الرسول منعما علیه نعمة یجب جزائها، اما ابوبکر فلم یکن للنبی علیه الصلوٰة والسلام علیه نعمة دنیویة بل ابوبکر کان بنفق علی الرسول علیه الصلوٰة والسلام بل کان للرسول ﷺ نعمة الهدایة والارشاد الی الدین انها لایجزیٰ لقوله تعالیٰ ماا سئلکم علیه اجرا سورة حم عسق والمذکو ههنا لیس مطلق

marfat.com

النعمة بل نعمة تجزیٰ فعلمنا ان هذہ الایة لاتصلح لعلی ابن ابی طالب رضی اللہ عنه واذا ثبت ان المراد بهذا الاية من كان افضل الخلق وثبت ان ذالک الافضل من الامة اما ابوبکر اوعلی رضی الله تعالیٰ عنهما وثبت ان الاية غير صالح لعلی ابن ابی طالب کرم الله وجهه الکریم تعین حملها علی ابی بکر رضی الله تعالیٰ عنه وثبت دلالة الآية ايضاً علی ان ابابكر افضل الامة۔[1]

جان تو کہ شیعہ تمام ایسی روایات کا انکار کرتے ہیں جو اس آیۂ کریمہ کے نزول کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی شان میں تعین کرتی ہیں بلکہ وہ کہتے ہیں یہ آیت حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ ان کی دلیل اللہ تعالیٰ کا قول ویؤتون الزکوٰة وهم راکعون۔ (جو المائدہ میں ہے) لہذا قول اللہ تعالیٰ ہے الاتقی الذی یوتی ماله یتزکی اشارہ ہے اس چیز کی طرف جو اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کے قول ویوتون الزکوٰة وهم راکعون میں (امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ تعالیٰ) میں کہتا ہوں دلالت عقلیہ قائم ہے اس پر کہ اس آیت کریمہ میں الاتقی سے مراد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ تقریر دلالت عقلیہ یہ ہے کہ اتقی سے مراد افضل الخلق ہے۔

ایک مقدمہ۔ دوسرا مقدمہ یہ ہے کہ جب اس طرح ہے تو ضروری ہوا کہ اس کی مراد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہی ہوں۔ (مطلب یہ ہوا اتقی افضل الخلق ہے اور افضل الخلق ابوبکر صدیق ہیں لہذا نتیجہ آیا اتقی لمة ابوبکر صدیق ہیں) جب یہ

---

[1] تفسیر کبیر

marfat.com

دونوں مقدمہ صحیح ہوئے تو مقصود صحیح ہوا۔ باقی اتقی سے مراد افضل الخلق ہے (یعنی پہلے مقدمے کی دلیل) وہ اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم (اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ تم میں سے عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ تم میں پرہیز گار ہے) اور اکرم وہی افضل ہے۔ پس دلالت اس پر ہوئی جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہے ضروری ہے وہی سب سے افضل ہو۔ تقدیر آیت یہ ہوئی گویا کہ شبہ اس میں واقع ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا کون ہے جواب دیا گیا جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہے۔ جب اس طرح ہوا ہوگی تقریر اتقی کم اکرمکم عنداللہ پس ثابت ہوا کہ اتقی مذکور اس جگہ ضروری ہے کہ افضل الخلق ہو اللہ تعالیٰ کے نزدیک تو ہم کہتے ہیں ضروری ہے اتقی سے مراد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں کیونکہ امت کا اجماع اس پر ہے کہ امت میں افضل الخلق بعد الانبیاء کون ہے۔ آیا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں یا حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

## ایک شبہ کا ازالہ:

امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس عبارت سے مراد اہل سنت اور اہل تشیع ہیں ان کے درمیان اختلاف کی صورت پر اجماع ہے نہ یہ کہ اہل سنت کے درمیان اختلافی صورت ہے۔

لہذا متعین ہو گیا کہ اس کا محمل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ اور جزی نیست ہم کہتے ہیں اِس آیت کو حضرت علی رضی اللہ عنہ پر حمل کرنا ممکن نہیں کیونکہ اس اتقی کی صفت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ما لاحد عندہ من نعمۃ تجزیٰ کہ وہ اتقی وہ ہے جس پر کسی کا ایسا احسان نہیں جس کا بدلا دیا جائے۔ اور یہ وصف حضرت علی

marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر سچی نہیں آتی کیونکہ وہ نبی اکرم ﷺ کی تربیت میں ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اِن کو اُن کے باپ (ابوطالب) سے لے لیا تھا۔ کھانا، پینا، لباس، تربیت سب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ذمہ لے رکھی تھی۔ تو رسول اللہ ﷺ حضرت علی رضی اللہ عنہ کیلئے (دنیوی طور پر بھی) ایسے منعم قرار پائے کہ آپ ﷺ کے انعام کا بدلہ اِن پر واجب ہے لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ پر ایسی دنیوی نعمت نہیں بلکہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہمیشہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ذات پر مال خرچ کرتے رہے۔

بلکہ نبی اکرم ﷺ کیلئے نعمت ھدایۃ وارشاد الی الدین ہے لیکن اس کا بدلا دیا نہیں جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے قول کی بنا پر ما اسئلکم علیه اجرا میں عطائے دین پر تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا۔ اور اس جگہ ذکر مطلق نعمت کا نہیں بلکہ ایسی نعمت کا ذکر ہے جس کا بدلا دیا جا سکتا ہو۔

پس ہمیں یقین ہو گیا اس آیت کریمہ کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر محمول نہیں کیا جا سکتا۔

اور جب ثابت ہو گیا اس آیت سے مراد وہ شخص ہے جو افضل الخلق ہے۔
اور یہ بات بھی ثابت ہے افضل الامتہ ابوبکر ہیں یا حضرت علی رضی اللہ عنھما اور یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ آیت حضرت علی رضی اللہ عنہ پر حمل کی صلاحیت نہیں رکھتی۔ لہذا اس آیت کا حمل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر متعین ہو گیا لہذا آیت کی دلالت بھی اس پر ہو گی کہ ساری امت سے افضل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

## ایک وضاحت:

امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اتقی کے مخصص کی تقریر فرمائی ہے وہ

marfat.com

ظاہر کے اعتبار سے کہ بدلا دیا جاتا ہے۔ ورنہ تمام کی تمام نعمتیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے ہیں۔ یہ ایسے ہی ہے جیسا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جس نے میرے ساتھ نیکی اور احسان کیا اس کا بدلہ میں دنیا میں دے کر جا رہا ہوں مگر ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وہ احسانات ہیں کہ ان کا بدلہ قیامت کو میرا اللہ تعالیٰ عطا فرمائے گا۔

امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رحمہ اللہ تعالیٰ نے امام رازی کا استدلال یوں ذکر فرمایا:

امام فخر الدین رازی رحمہ اللہ تعالیٰ افضلیت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر ایسا بہترین استدلال ہے جو اپنی مثال آپ ہے۔

حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ [1] ارشاد فرماتے ہیں۔ امام فخر الدین رازی بایں کریمہ استدلال بر افضلیت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نمودہ است زیرا کہ بحکم کریمہ ان اکرمکم عنداللہ اتقی کم گرامی ترین این امت کہ مخاطب است نزد خدا جل وعلا اتقائے ایں امت است وچوں حضرت صدیق بحکم نص سابق اتقائے ایں امت است باید کہ گرامی ترین این امت نیز نزد حق جل وعلا بحکم نص لاحق او باشد رضی اللہ تعالیٰ عنہ امام فخر الدین رازی رحمتہ اللہ تعالیٰ نے آیت کریمہ ان اکرمکم عنداللہ اتقی کم سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت پر استدلال کیا ہے کیونکہ آیت کریمہ ان اکرمکم عنداللہ اتقی کم کے حکم کے ساتھ سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کا مخاطب ہے اور

---

[1] مکتوبات دفتر سوم حصہ ہشتم

marfat.com

وہ ہے اس امت کا سب سے زیادہ پرہیز گار ہے۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سابق نص کے حکم کے ساتھ اس امت کے سب سے زیادہ پرہیز گار ہیں تو پھر چاہیئے کہ جو نص لاحق ہے (الذی یوتی ماله یتزکی و مالاحد الا یة) معزز ترین اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے بھی وہی ذات مراد ہو (یعنی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ) امام بن حجر ھیتمی مکی رحمتہ اللہ تعالیٰ یوں رقم طراز ہیں

اما الآیات فالاولی قوله تعالیٰ و سیجنبها الاتقی الذی یؤتی ماله یتزکی و مالاحد عنده من نعمته تجزی الا ابتغاء وحبه ربه الاعلی ولسوف یرضیٰ ففیها التصریح بانه اتقی من سائر الامة والاتقی هو الاکرم عند الله تعالیٰ لقوله تعالیٰ ان اکرمکم عندالله اتقی کم والاکرم عندالله هو الا فضل فتنتج انه افضل من بقية الامة. فلا یمکن حمله علی عَلِیِّ رضی الله تعالیٰ عنه خلا فالما افتراه بعض الجهلة لان قوله تعالیٰ مالاحد عنده من نعمة تجزی یصرفه عن حمله علی علی رضی الله تعالیٰ عنه لان النبی صَلَّی الله علیه وسلم رباه فله علیه نعمة ای نعمة تجزیٰ واذاخرج علی رضی الله تعالیٰ عنه تعین ابوبکر رضی الله تعالیٰ عنه للاجماع علی ان ذالک الاتقی هو احَدُهما لاغیر ۔[1] آیات قرآنی میں پہلی آیت بطور دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان و سیجنبها الآیة ہے۔ اس میں تصریح ہے کہ اس ساری امت میں سے جو کہ اللہ تعالیٰ کا مخاطب ہے سب سے زیادہ عزت والا اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہی ہے جو کہ سب سے زیادہ متقی اور پرہیز گار ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ خود فرماتا ہے تم سب میں سے اللہ تعالیٰ

---

[1] الصواعق المحرقة

marfat.com

کے نزدیک عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے۔اور جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک عزت والا ہو وہی افضل ہے۔تو نتیجہ یہ نکلا کہ تمام امت میں سے سب زیادہ افضل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔لہذا اس آیت کریمہ کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حمل کرنا ممکن نہیں ہے ہاں ان جاھلوں نے اختلاف کیا ہے جنہوں نے (افضلیت والا) افتراء حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر باندھا کیونکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ما لاحد عندہ من نعمة تجزی اس آیت کو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حمل کرنے سے پھیرتا ہے۔کیونکہ نبی اکرم صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تربیت فرمائی ہے لہذا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی طرف سے ایک نعمت ہے جسکا بدلا (جزا) دیا جانا ضروری ہے ۔حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس آیت کے حکم سے خارج ہوئے تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا کا مراد ہونا متعین ہو گیا۔کیوں اس پر اجماع ہے کہ دونوں ابوبکر، یا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سے ایک اتقی ہے نہ غیر.

## ایک وضاحت

خیال رہے صرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اتقی سے مراد شان نزول اور بعد والی تخصیصات کی وجہ سے لیا جا رہا ہے اور اتقی حقیقی ہیں امت میں. باقی العیاذ باللہ تعالیٰ کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے اتقی کلی کی نفی نہیں ۔آپ اتقی کلی کے فرد ہیں فرق کی دو تقریریں ہیں آپ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ کی نسبت بالاتفاق اتقی اضافی ہیں ۔لیکن حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نسبت علی الاختلاف بین اھل السنتہ والجماعتہ لیکن خلفاء ثلاثہ کے بعد

marfat.com

آپ ساری امت سے زیادہ متقی پرہیزگار ہیں اور یہ اتقی حقیقی ہے۔

دوسری تقریر یہ ہے اتقی کلی مشکک ہے اسود ابیض کی طرح حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اشد واقوی طور پر سچی آرہی ہے باقیوں پر اضعف طور پر اور خلفاء ثلاثہ کو چھوڑ کر باقی امت کے لحاظ سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اشد واقوی طور پر سچی آرہی ہے۔ مگر جزی حقیقی کے طور پر اس آیت کریمہ میں صرف حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مصداق ہیں. لہذا آیت مذکورہ سے اظہر من الشمس ہو گیا کہ انبیاء کرام کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ باقی ساری امت سے مطلق افضل ہیں (بمعنی کثرت ثواب)

دوسری آیت کریمہ

**و لا یاتل الوالفضل منکم والسعته ان یوء تو اولی القربی والمساکین والمهاجرین فی سبیل الله والیعفوا ولیصفحو الا تحبون ان یغفرالله لکم والله غفور رحیم.** سورۃ النور. اور نہ قسم کھائیں وہ جو تم میں فضیلت اور گنجائش والے ہیں قرابت والوں اور مسکینوں اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو نہ دینے کی اور چاہیئے کہ معاف کریں اور درگزر کریں۔ کیا تم اسے دوست نہیں رکھتے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری بخشش کرے اور اللہ تعالیٰ بخشنے والا مہربان ہے. آیت کریمہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں نازل ہوئی۔ امام سید محمود آلوسی بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں **ان الایة نزلت علی الصحیح بسبب حلف ابی بکران لا ینفق علی مسطح و هو متصف کما سمعت**، [1] نزول آیت کا سبب یہ ہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی

---

[1] تفسیر روح المعانی

marfat.com

اللہ تعالیٰ عنہ نے قسم کھائی تھی کہ وہ مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر خرچ نہیں کریں گے (آیت میں جتنی صفات مذکورہ ہیں وہ ساری حضرت مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں موجود تھی وہ قریبی بھی تھے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خالہ زاد بھائی تھے۔اور مسکین بھی تھے۔اور مہاجر بھی تھے۔اور بدری صحابی تھے) وجہ یہ تھی جن لوگوں نے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ عفیفہ بنت صدیق محبوبہ محبوب رب العالمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر بہتان لگایا تھا انہوں نے ان میں حصہ لیا تھا۔حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کے حصہ لینے کا بڑا رنج ہوا تھا تو آپ نے قسم کھائی کہ آئندہ میں مسطح رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر خرچ نہیں کروں گا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت کریمہ نازل فرمائی اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت کو بیان فرمایا.

امام علامہ سید محمود الوسی بغدادی حنفی رحمتہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

**واستدل بها على فضل الصديق رضى الله تعالىٰ عنه لا نه داخل فى اولى الفضل قطعاً لانه وحده اومع جماعته سبب النزول**۔اس آیت سے استدلال کیا جاتا ہے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فضیلت پر کیونکہ وہ اولی الفضل میں قطعی اور یقینی طور پر داخل ہیں کیونکہ سبب نزول حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں.

افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ علی جمیع الصحابہ آیت مذکورہ سے امام المفسرین حضرت امام فخر الدین رازی رحمتہ اللہ تعالیٰ یوں رقم طراز ہیں۔**اجمع المفسرون على ان المراد من قوله تعالىٰ اولىٰ الفضل ،ابوبكر رضى**

marfat.com

اللہ تعالیٰ عنہ وھذہ الآیۃ تدل علی انہ اللہ تعالیٰ عنہ کان افضل الناس بعد الرسول صلی اللہ علیہ وسلم لان الفضل المذکور فی ھذہ الآیۃ اما فی الدنیا واما فی الدین الاول باطل لانہ تعالیٰ ذکرہ فی معرض المدح لہ والمدح من اللہ تعالیٰ بالدنیا غیر جائز ولانہ لو کان کذالک لکان قولہ والسعۃ تکریرا فتعین ان یکون المراد منہ الفضل فی الدین فلو کان غیرہ مساویالہ فی الدرجات فی الدین لم یکن ھو صاحب الفضل لان المساوی لایکون فاضلا فلما اثبت اللہ تعالیٰ لہ الفضل مطلقا غیر مقید بشخص دون شخص وجب ان یکون افضل الخلق ۔[1] مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ اللہ تعالی کے قول واولی الفضل سے مراد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ ہیں اور یہ آیت کریمہ دلالت کرتی ہے اس بات پر کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ انبیاء ومرسلین کے بعد تمام لوگوں سے افضل ہیں ۔ کیونکہ جو فضل آیت میں ذکر کیا گیا ہے دو حال سے خالی نہیں یا فضل فی الدنیا ہے یا فضل فی الدین اور پہلا تو باطل ہے کیونکہ اللہ تعالی نے مقام مدح میں فضل کو ذکر کیا ہے اور اللہ تعالی کی طرف سے مدح بالدنیا جائز نہیں ۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر فضل سے مراد فضل فی الدین لیا جائے تو پھر اللہ تعالی کے قول (والسعۃ) میں تکرار لازم آئے گا اور یہ قانون ہے التاسیس اولی من التاکید۔ لہذا متعین ہو گیا کہ فضل سے مراد فضل فی الدین ہے ۔ اگر دینی درجات میں غیر ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ ان کے برابر ہو جائے تو پھر وہ صاحب فضل نہ ہوں گے کیونکہ مساوی

---

[1] تفسیر کبیر

marfat.com

فاضل نہیں ہوتا پس جب اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے مطلق فضل ثابت کیا جس میں شخص دون شخص کی قید نہیں تو پھر ضروری ہوا کہ وہ مطلق فضل والا افضل الخلق ہو (اور وہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی ہیں).

امام فخر الدین رازی رحمتہ اللہ اللہ تعالیٰ اسی مقام پر تھوڑا آگے یوں ارشاد فرماتے ہیں **کل من طالع کتب التفاسیرو الاحادیث علم ان اختصاص هذه الآیة بابی بکربالغ حد التواتر فلو جاز منعه لجازمنع کل متواتر .** جس شخص نے کتب تفاسیر اور احادیث کا مطالعہ کیا ہے اُسے علم ہو گیا کہ اس آیت کریمہ کا اختصاص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے حد تواتر کو پہنچا ہوا ہے۔ تو اگر اس تواتر کا انکار کرنا جائز ہے تو پھر ہر متواتر کا انکار کرنا جائز ہو گا۔(جبکہ تالی باطل ہے لہذا مقدم متواتر (اختصاص کا انکار) باطل ہوا)۔

امام فرماتے ہیں: **وایضاً فهذه الآیة دالة علی ان المراد منها افضل الناس واجمعت الامة علی ان الافضل اما ابوبکر او علی فاذا بینا انه لیس المراد علیا تعینت الایة بابی بکر** .اور یہ بھی ہے کہ آیت کریمہ اس بات پر دلالت کرتی ہے۔ کہ اس سے مراد وہ شخص ہے جو افضل الناس ہے۔اور امت کا اس پر اجماع و اتفاق ہے کہ افضل یا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں یا حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔اور ہم بیان کر چکے ہیں کہ آیت سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم (شان نزول کے اعتبار سے ) مراد نہیں۔لہذا متعین ہو گیا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مراد ہیں.(تو پھر نتیجہ یہ نکلا کہ افضل الناس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی ہیں)

marfat.com

## ایک شبہ کا ازالہ

امام رازی رحمتہ اللہ تعالیٰ کے اس جملہ (اجمعت الامتہ) سے کسی کو یہ غلط فہمی نہ ہو کہ امت سے مراد فقط اہل سنت ہیں اور اہل سنت کے درمیان افضلیت مختلف فیہ بین ابی بکر اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ بلکہ یہاں لفظ امت دونوں (اہل سنت اور گروہ شیعہ) کو شامل ہے. یعنی اس بات میں دونوں کا اتفاق ہے کہ افضل الناس ان دو بزرگوں (ابوبکر صدیق و علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہما) میں سے ایک ہے اب رہا یہ سوال کہ وہ ایک جو افضل الخلق بعد الانبیاء ہے وہ کون ہے. تو اس میں اہل سنت اور شیعہ کا اختلاف ہے۔ اہل سنت و جماعت کا مذھب ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضل الناس ہیں مطلقا۔ لہذا امام رحمتہ اللہ تعالیٰ کی عبارت سے یہ ثابت ہوا کہ افضلیت کا اختلاف بین اہل السنتہ نہیں بلکہ اہل سنت اور شیعہ کے درمیان ہے۔ اس اختلاف کو ابھی اپنے مقام پر واضح کیا جائے گا. اور اکابرین کی تصیحات پیش کی جائیں گی۔ موضوع کی تنگی کی وجہ سے مزید آیات نہیں لائی جاتیں۔

## افضلیت پر احادیث سے استدلال

یہ حقیقت مسلمہ ہے کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح البخاری قرآن مجید کے بعد صحیح ترین کتاب صحیح البخاری ہے جسکو امیر المومنین فی الحدیث عالم ربانی واصل باللہ عارف باللہ فانی فی اللہ باقی باللہ حجۃ اللہ محسن امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام حضرت امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل البخاری رحمہ اللہ تعالیٰ جن کی قبر سے چالیس سال تک کستوری کی خوشبو آتی رہی۔ بحوالہ حافظ دراز رحمتہ

marfat.com

اللہ تعالیٰ نے بخاری شریف میں مستقل افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر باب باندھا ہے جس کا عنوان ہے۔

## باب: فضل ابی بکر رضی اللہ عنہ بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

امام اہل سنت امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے باب باندھ کر ہی اہل سنت و جماعت کا مسلک واضح فرمادیا کہ نبی اکرم ﷺ کے بعد فضیلت حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہے۔

بعدیۃ سے مراد بعدیت رتبی ہے یا بعد زمانیہ ہے؟

امام بدر الدین عینی حنفی اور امام ابن حجر عسقلانی شافعی رحمہما اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں بعدیت سے مراد بعدیت رتبی ہے۔ **لیس المراد البعدیة الزمانیه لان فضل ابی بکر کان ثابتا فی حیاته صلی الله علیه وسلم**[1] بعدیۃ زمانہ مراد نہیں کیونکہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت نبی اکرم ﷺ کی حیات (ظاہرہ) میں ثابت تھی، **ای نی رتبه الفضل ولیس المراد البعدیته الزمانیه فان فضل ابی بکر کان ثابتا فی حیاته ﷺ کما دل علیه حدیث الباب**[2] یعنی حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ رتبہ فضیلت میں نبی اکرم ﷺ کے بعد ہیں۔ بعدیۃ زمانیہ مراد نہیں کیونکہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت نبی اکرم ﷺ کی حیات (ظاہرہ) میں ثابت تھی۔

لیکن امام احمد بن محمد قسطلانی شافعی شارح بخاری فرماتے ہیں بعدیۃ سے مراد بعدیۃ زمانیہ ہے۔ **باب فضل ابی بکر بعد (فضل) النبی ﷺ**

---

[1] عینی شرح بخاری [2] فتح الباری شرح بخاری

marfat.com

**والمراد بالبعدية هناالزمانية اما البعدية فی الرتبة فیقال فیها الافضل بعد الانبیاء ابوبکر** [1]، یعنی نبی اکرم ﷺ کی فضیلت کے بعد ابوبکر صدیق کی فضیلت ہے اور بعدیۃ سے مراد اس جگہ (باب فضل میں) بعدیۃ زمانیہ ہے۔ باقی بعدیۃ فی الرتبہ تو اس کو یوں ذکر کیا جاتا ہے کہ انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام کے بعد ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا مرتبہ ہے۔

امام بدرالدین عینی اور امام ابن حجر عسقلانی کی مراد اور امام ابن حجر قسطلانی کی مراد کے درمیان نزاع لفظی ہے کیونکہ ان دونوں بزرگوں کا مطلب یہ ہے کہ ظاہری زمانہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت صحابہ کرام سے ثابت نہ ہوئی تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ افضل نہ ہوئے تو وھم فاسد کا رد فرمادیا۔ لہذا بعدیۃ زمانی مرادنہیں کیونکہ آپ کی فضیلت صحابہ کرام پر آپ ﷺ کی ظاہری حیات طیبہ میں ہی ثابت تھی لہذا تمام صحابہ کرام پر آپکی افضلیت ثابت ہے۔ لیکن امام ابن حجر قسطلانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ کے بعد امت میں سب سے زیادہ فضیلت والے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ تاکہ بعدیہ رتبی لینے سے کسی کو باقی انبیاء کرام علی نبینا وعلیھم الصلوٰۃ والسلام پر فضیلت کا وھم فاسد نہ ہو۔ تو ان کی تقریر سے جب ساری امت سے افضل ہوئے (جیسا کہ خود آگے اِسی مقام پر ذکر فرماتے ہیں۔ **وقد اطبق السلف علی انه افضل الامته** اس پر سلف کا اتفاق ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ساری امت سے افضل ہیں) تو پھر افضل الخلق بعد الانبیاء ہوئے۔ تو ان دو بزرگوں (امام ابن حجر عسقلانی و امام بدرالدین عینی) کی تقریر سے

---

[1] ارشادالساری شرح بخاری

marfat.com

بھی یہی مطلب نکلا کیونکہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد کوئی نبی نہیں لہذا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضل ہوئے۔ لہذا انبیاء کرام پر فضیلت کا وھم بھی نہ رہا اور کوئی صحابی آپکی افضلیت سے باہر بھی نہ رہا

**سوء فھم باقلت تدبر کا ازالہ۔**

باقی انبیاء کرام علی نبینا وعلیھم الصلوٰۃ والسلام پر حضرت صدیق اکبر یا کسی بھی فرد امت یا اہل بیت کو جزوی فضیلت دینا اہل سنت کے نزدیک کفر ہے ہم پہلے امام السادات سید محمود الوسی بغدادی فاطمی رحمہ اللہ کے حوالہ سے ذکر کر چکے ہیں لہذا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر انبیاء کرام علی نبینا وعلیھم السلام کا فاضل ہونا بدیھی اور ضروریات دین میں سے ہے۔

## افضلیت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ امم سابقہ پر:

باقی ان دو بزرگوں کی تقریر سے کسی کو یہ وھم نہ ہو کہ سابق امتوں پر فضیلت کیسے ثابت ہوئی تو عرض یہ ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ساری امت سے آپ افضل ہیں تو آپ کی امت پہلی تمام امتوں سے افضل ہے جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ کنتم خیر امت تم (اے امت محمدیہ علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) تمام امتوں سے افضل ہو، لہذا آپ باقی تمام امتوں سے بالطریق الاولیٰ افضل ہوئے کیونکہ افضل کا افضل، افضل ہوتا ہے۔

خلاصہ کلام یہ ہوا کہ فضل ابی بکر بعد النبی ﷺ پر تین بزرگ شارحین رحمھم اللہ تعالیٰ نے جو ارشاد فرمایا اس کا خلاصہ یہی ہے کہ افضل الخلق بعد الانبیاء علھیم الصلوٰۃ والسلام ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔

marfat.com

افضلیت پر حدیث اوّل ہم سب سے پہلے بخاری شریف کی حدیث ذکر کرتے ہیں۔

حدثنا عبدالعزیز بن عبدالله حدثنا سلیمان عن یحی بن سعید عن نافع عن ابن عمر رضی الله عنه قال کنا نخیر بین الناس فی زمن النبی ﷺ فنخیر ابابکر ثم عمر بن الحطاب ثم عثمان بن عفان رضی الله عنهم۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہا انہوں نے ہم لوگوں کے درمیان خیریت (مرتبہ وفضیلت) بیان کرتے تھے نبی اکرم ﷺ کی حیات طیبہ (ظاہرہ) میں پس ہم خیر جانتے اور مانتے تھے۔ابوبکر کو، پھر حضرت عمر بن خطاب کو پھر حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم کو

امام بدرالدین عینی حنفی رحمہ اللہ تعالیٰ اِس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں

قوله نخیر ای کنا نقول فلان خیر من فلان فلان خیر من فلان فی زمن النبی ﷺ وبعده کنا نقول ابوبکر خیر الناس ثم عمر. ثم عثمان وفی روایة عبدالله بن عمر عن نافع الآتیة فی مناقب عثمان کنا لانعدل بابی کبرای نجعل له مثلا وفی روایة الترمذی کنا نقول ورسول الله حی ﷺ ابوبکر وعمر وعثمان وقال حدیث صحیح غریب. ورواه الطبرانی بلفظ کنا نقول ورسول الله ﷺ حی افضل هذه الامة ابوبکر وعمر، وعثمان یسمع ذالک رسول الله ﷺ فلاینکره وعلی هذا اهل السنة والجماعة۔[1]

---

[1] عمدۃ القاری شرح بخاری

marfat.com

ہم کہا کرتے تھے فلاں فلاں سے افضل ہے فلاں فلاں سے افضل حالانکہ نبی اکرم ﷺ حیات ظاہرہ سے ہم میں موجود تھے اس کے بعد ہم کہتے تھے تم لوگوں سے ابوبکر افضل ہیں۔ پھر عمر، پھر عثمان اور ایک روایت حضرت نافع کی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مناقب عثمان ذوالنورین میں ہے کہ ہم حضرت ابوبکر کے برابر اور ان کی مثل کسی کو نہیں مانتے تھے اور ترمذی شریف کی روایت یوں ہے کہ ہم کہا کرتے تھے حالانکہ نبی اکرم ﷺ حیات ظاہرہ سے موجود تھے مرتبے میں ابوبکر ہیں اور عمر اور عثمان (یعنی ترتیب فی المراتب) اور طبرانی شریف کے لفظ یہ ہیں ہم کہا کرتے تھے درآں حالیکہ رسول اللہ ﷺ حیات ظاہرہ سے ہم میں موجود تھے اس امت میں سب سے افضل ابوبکر ہیں اور عمر، عثمان ہیں۔ حالانکہ یہ بات نبی اکرم ﷺ سماعت فرماتے۔ آپ انکار نہ فرماتے۔

امام بدرالدین عینی حنفی فرماتے ہیں یہ مسلک ہے اہل سنت و جماعت کا لہذا اس کے خلاف عقیدہ رکھنے والا اہل سنت و جماعت ناجی گروہ سے خارج ہے۔ باقی بہتر ناری گمراہ فرقوں میں داخل ہے۔ (مؤلف)

امام ابن حجر عسقلانی فتح الباری شرح بخاری میں تقریباً وہی تقریر فرماتے ہیں جو امام بدرالدین عینی عمدۃ القاری میں فرماتے ہیں کچھ اضافے کے ساتھ امام ابوداؤد کی روایت کو یوں درج فرماتے ہیں **ولابی داؤد من طریق سالم عن ابن عمر کنا نقول ورسول اللہ ﷺ حیٌّ افضل امتہ النبی ﷺ بعدہ ابوبکر ثم عمر، ثم عثمان** ابوداؤد شریف میں ہے طریق سالم سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ ہم کہا کرتے تھے درآں حالیکہ رسول

marfat.com

اللہ ﷺ حیات ظاہرہ سے ہم میں موجود تھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد آپ کی ساری امت سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنھم ہیں۔ اِسی حدیث الباب کی شرح کرتے ہوئے امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں **علی ھذا الترتیب کخلافتھم** اِس حدیث میں خیریت اور افضلیت (تین خلفاء اربعہ) کی خلافت سے تعلق رکھتی ہے اور اسلاف کا اتفاق ہے جس ترتیب سے خلافت ہے اسی ترتیب سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک مراتب ہیں۔ لہذا مراتب میں مطلقاً حضرت ابوبکر صدیق افضل ہیں۔ پھر حضرت عمر، پھر حضرت عثمان پھر حضرت علی رضی اللہ عنھم۔ امام ابن حجر مکی نے الصواعق المحرقہ میں جو حدیث بحوالہ ابن عساکر روایت کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں: **عن ابن عمر کنا وفینا رسول اللہ ﷺ نفضل ابابکر وعمر، وعثمان وعلیا۔**

ابن عساکر نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کردہ حدیث ذکر فرمائی: **کنا معشر اصحاب رسول اللہ ﷺ ونحن متوافرون نقول افضل ھذہ الامۃ بعد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر وعمر وعثمان ثم نسکت** ہم گروہ اصحاب رسول اللہ ﷺ درآں حالیکہ کثیر تھے کہا کرتے تھے نبی اکرم ﷺ کے بعد اس اُمت میں سب سے افضل ابوبکر اور عمر وعثمان ہیں پھر ہم خاموش ہو جاتے تھے۔

امام محمد بن عیسیٰ ترمذی حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے یوں روایت فرماتے ہیں: **عن عمر بن الخطاب قال ابوبکر سیدنا وخیرنا واحبنا الی رسول اللہ ﷺ ھذا حدیث صحیح غریب** ۔حضرت عمر

marfat.com

فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابوبکر ہمارے سردار ہیں اور ہم (سب صحابہ) میں سے افضل ہیں اور نبی اکرم ﷺ کے نزدیک ہم میں سے زیادہ محبوب تھے۔ امام بخاری اپنی صحیح میں حضرت محمد بن حنفیہ (ابن علی کرم اللہ وجہہ الکریم) سے روایت یوں ذکر فرماتے ہیں: **عن محمد بن حنفیه قال قلت لابی (علی بن ابی طالب) ای الناس خیر بعد رسول ﷺ قال ابوبکر قلت ثم من قال عمر وخشیت ان یقول عثمان قلت ثم انت قال ما انا رجل من المسلمین۔**
حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے اپنے والد گرامی حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے عرض کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد لوگوں میں افضل کون ہے؟ تو آپ نے فرمایا ابوبکر میں نے عرض کیا پھر ان کے بعد کون؟ تو آپ نے فرمایا حضرت عمر بن خطاب۔ آپ کہتے ہیں مجھے خوف ہوا کہ آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا نام لیں گے میں نے (انداز سوال کو بدل کر کہا پھر آپ تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا نہیں میں مسلمانوں میں سے ایک عام آدمی ہوں۔ اس حدیث میں ایک تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت محمد بن حنفیہ نے حق سے خوف کیوں کھایا؟ تو جواب یہ ہے کہ شاید ان کے ظن میں یہ بات تھی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے افضل تھے۔ تو ان کو خوف ہوا کہ آپ یہ نہ فرمادیں کہ حضرت عثمان افضل ہیں۔

امام بدرالدین عینی عمدۃ القاری شرح بخاری میں فرماتے ہیں: **وفیه خلاف بین اهل السنة والجماعة فمنهم من فضل علیا علی عثمان والاکثرون بالعکس** ۔ امام بدرالدین عینی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اِس تشریح سے یہ بات

marfat.com

واضح ہے بلکہ آپ نے اِس پر نص کردی ہے کہ اہل السنۃ والجماعۃ کے درمیان فاضل ومفضول ہونے میں اختلاف صرف حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے درمیان ہے۔ شیخین کی افضلیت علی جمیع الصحابہ بشمول حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی افضلیت علی جمیع الصحابہ بشمول حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ میں کوئی اختلاف نہیں۔ یہ اھل السنۃ والجماعۃ کے درمیان اتفاقی مسئلہ ہے. ہم اس صورت اتفاقیہ اور اختلافیہ کا ابھی ذکر کریں گے۔ مزید اکابرین امت کی تصریحات سے یہاں طرداً ذکر آگیا.

## افضلیت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی نظر میں:

اس حدیث سے ایک یہ بات بھی ثابت ہوئی کہ شیخین کی افضلیت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ایسی ہے. جس پر خود حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نص فرمائی ہے دار قطنی شریف میں حدیث ہے **عن محمد بن علی قلت لابی یا ابتی من خیر الناس بعد رسول اللہ صَلَّی اللہُ علیہ وسلم قال اَوَ مَا تعلم یا بنی قلت لا قال ابوبکر و فی روایۃ الحسن بن محمد بن الجنفیہ عن ابیہ قال سبحان اللہ یا بنیی ابوبکر** امام احمد نے **ابن جحیفہ** کی روایت ذکر فرمائی **قال لی علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا ابا جحیفۃ الا اخبر با فضل ھذہِ الامۃ بعد نبیاقلت بلی قال ولم اکن اری ان احداً افضل منہ** محمد بن حنفیہ کہتے ہیں میں اپنے ابا جان حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے عرض کیا کہ ابا جی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ساری امت سے بہتر (افضل) کون ہے آپ

marfat.com

نے فرمایا میرے بیٹے تمہیں یہ بھی علم نہیں میں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا ابوبکر رضی اللہ عالی عنہ اور امام حسین جو حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے ہیں وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ میرے باپ نے (یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ) نے فرمایا سبحان اللہ اے میرے بیٹے وہ افضل ابوبکر ہیں اور امام احمد کی روایات ابن جحیفہ کی وہ یہ ہے کہ میں (یعنی ابن جحیفہ) نے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا مجھے اے ابوجحیفہ کیا میں تمہیں وہ شخص نہ بتاؤں جو نبی اکرم صلّی اللہ علیہ وسلم کے بعد ساری امت سے افضل ہے میں نے کہا جی ہاں آپ نے فرمایا وہ ابوبکر ہیں ان سے افضل میں کسی کو نہیں مانتا۔

## افضلیت شیخین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نظر میں:

امام علاؤالدین علی روایت کرتے ہیں۔ عن ابن عباس قال وضع عمر بن الخطاب علی سریرہ

فتکنفه الناس یدعون و یصلون قبل ان یرفع فاذا علی بن طالب فترحم علی عمر و قال ماخلفت احد ا احب ان القی الله بمثل عمله منک وا یم الله انی کنت لا ظن لیجعلنک الله مع صا حبیک و ذالک انی کنت اکثر ان اسمع رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول دهبت انا و ابوبکر و عمر و دخلت انا و ابو بکر و عمر و خرجت انا و ابوبکر و عمر فانی کنت لاظن لیجعلنک الله منهما [1] حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما سے مروی ہے کہا انہوں نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو

---

[1] کنز العمال

marfat.com

چارپائی پر رکھا ہوا تھا کہ لوگ آتے دعا کرتے نماز جنازہ پڑھتے قبل اس کے کہ ان کو اٹھایا جاتا اچانک حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لائے دعا کی اور کہا آپ سے بڑھ کر ایسا کوئی آدمی نہیں جو مجھے یوں محبوب ہو کہ اُس کے عمل کی مثل میں اعمال لیکر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوں اللہ کی قسم مجھے یقین تھا کہ آپ کو اللہ تعالیٰ آپکے صاحبوں کے ساتھ ضرور ملادے گا۔ کیونکہ میں اکثر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو یہ فرماتے سنا کرتا تھا گیا میں ابوبکر اور عمر داخل ہوا میں، ابوبکر اور عمر، نکلا میں، ابوبکر اور عمر لہذا مجھے یقین ہے کہ آپکو اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اور ابوبکر صدیق کے ساتھ ملا دے گا۔ سبحان اللہ پھر ایسا ہی ہوا۔ جو محض حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی محبت کا دعوٰی رکھتے ہیں وہ قول وعمل پر نظر ثانی کریں اور عقیدہ کو درست کریں

حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا اور ارشاد:

**عن علی قال خیر الناس بعد رسول الله صَلّی الله علیه وسلم ابوبکر و خیر الناس بعد ابی بکر عمر**[1] حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام لوگوں سے بہتر اور افضل ابوبکر ہیں اور ان کے بعد حضرت عمر ہیں.

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمان نمبر۳:

**عن علی قال خیر هذه الامة ابوبکر و عمر ثم الله اعلم بخیار کم**[2] حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اس امت میں سب سے بہتر (افضل) ابوبکر ہیں پھر عمر پھر کون ہے اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔

---

[1] کنز العمال [2] کنز العمال

marfat.com

فرمان نمبر۴:

عن شباب عن عبدالله بن کثیر قال قال لی علی رضی الله تعالیٰ عنه افضل هذهٖ الامة بعد نبیا ابوبکر و عمر دلو شئت ان اُسمی لکم الثالث لسمّیته و قال لایفضلنی احد علی ابی بکر و عمر الاحلد ته جلدا و جیعا و سیکون فی آخر الزمان قوم ینتحلون محبتنا والتشیع فینا هم شرار عباد الله الذین یشتمون ابا بکر و عمر قال و لقد جاء سائل فسئل رسول الله صَلّی الله علیه وسلم فاعطاه واعطاه ابوبکر واعطاه عمر واعطاه عثمان فطلب الرجل من رسول الله صَلی الله علیه وسلم ان یدعوله فیما اعطوه بالبرکة فَقال رسول الله صَلّی الله علیه وسلم کیف لا یبارک لک و لم یعطک الابنی اوصدیق او شهیدا۔[۱] عبداللہ بن کثیر سے مروی ہے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا نبی اکرم صَلّی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر وعمر ہیں اگر میں چاہوں تو تیسرا آدمی بتا سکتا ہوں آپ نے فرمایا جو آدمی حضرت ابوبکر اور حضرت عمر (شیخین) پر مجھے فضیلت دے گا میں اسکو دردناک کوڑوں کی سزا دوں گا۔ اور عنقریب آخری زمانہ میں ایک قوم ہوگی جو ہم سے محبت اور ہماری جماعت ہونے کا دعوی کریگی وہ لوگوں میں سے بدترین شدید شرارتی لوگ ہوں گے۔ وہ حضرت ابوبکر اور عمر (شیخین) کو گالیاں دیں گے۔ فرمایا آپ نے بلاشبہ ایک سائل نبی اکرم صَلّی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں آیا اور سوال کیا اسکو رسول اللہ صَلّی اللہ علیہ وسلم نے عطا

---

[۱] کنز العمال

marfat.com

فرمایا اور ابو بکر صدیق نے بھی عطا فرمایا اور حضرت عمر نے بھی عطا فرمایا اور حضرت عثمان نے بھی عطا فرمایا پھر اس سائل نے عطا کردہ میں دعائے برکت کی درخواست کی آپ نے فرمایا اُس چیز میں برکت کیوں نہ ہو جو اللہ تعالیٰ کے نبی اور صدیق اور شہداء نے عطا فرمائی ہو۔اس روایت سے چند مسئلے معلوم ہوئے ایک یہ کہ لفظ خیر اور لفظ افضل کا ایک ہی معنی ہے متعدد روایات میں لفظ خیر آیا ہے اور کئی میں لفظ افضل آیا خود حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ارشاد میں خیر اور افضل دونوں آئے ہیں۔ دوسرا یہ کہ الامتہ سے مراد پوری امت ہے یعنی ساری امت پر مرتبہ میں افضل ہیں۔

تیسرا یہ کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی افضلیت کا دعویٰ شیخین پر حضرت علی کو شدید ناگوار گزرتا ہے آپ فرماتے ہیں کہ اُسے کوڑے ماروں گا۔

چوتھا یہ مسئلہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک قطعی ہے کیونکہ بعض روایات میں آتا ہے میں اُسے مفتری کی حد ماروں گا اور ایک روایت میں آتا ہے میں ایسے شخص کو زانی کی حد ماروں گا اور حد قطعیات میں ہوتی ہے۔

پانچواں شیعہ قوم کے مذہب وعقیدہ کی برائی اور ان کی محبت کی عدم قبولیت کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی بارگاہ میں ان کی محبت کی قطعاً کوئی وقعت نہیں لہذا اللہ تعالیٰ جل جلالہٗ و رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ان کی محبت کی کوئی حیثیت نہیں۔

چھٹا یہ کہ شیخین کو گالیں دینے سے ان کے عقیدہ پر پانی پھر گیا۔اس فرمان عالیشان کو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے فرمان حق ترجمان سے یوں مزین فرمایا کہ جب سائل کو ترتیب سے عطا فرمایا ترتیب سے مسئلہ افضلیت واضح فرمایا اور پھر فرمایا

marfat.com

یہ مبارک ہستیاں جسکو عطا فرمائیں برکت کی دعا کی ضرورت ہی کیا.

ارشاد علی نمبر۵:

**اخرج احمد وغیرہ عن علی قال خیر هذه الامة بعد نبیها ابوبکر و عمر قال الذهبی هذا متواتر عن علی فلعن الله الرافضته ما اجهلهم۔**

بحوالہ تاریخ الخلفاء امام جلال الدین سیوطی متوفی 911

امام احمد وغیرہ نے روایت کیا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ساری امت سے بہتر (افضل) ابوبکر اور عمر ہیں امام ذھبی نے فرمایا یہ فرمان حضرت علی سے متواتر منقول ہے پس اللہ تعالیٰ رافضیوں پر لعنت کرے کتنے جاھل ہیں۔ حضرت علی کو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے افضل ماننے والا رافضی اھلسنت سے خارج ہے مذکورہ بالا اثر علی کو امام ذھبی کے تبصرہ نے بالکل واضح کر دیا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اور حضرت فاروق اعظم پر فضیلت دینے کا عقیدہ رافضیوں کا ہے اور رافضی اور اھلسنت میں تباین کلی ہے کیونکہ رافضی ناری فرقوں میں سے ہے اور دوزخی ہے اور اھلسنت ناجی جنتی ہے۔ اور لعنت ان پر اس عقیدہ کے پیش نظر ہے۔ امام ذھبی نے ان کی جہالت پر تعجب کیا کہ اس مضمون کے فرامین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم تو حد تواتر کو پہنچتے ہیں اور بد بخت متواتر علی کے منکر ہیں۔

فرمان علی نمبر ٦:

**اخرج ابن عساکر عن ابی لیلی قال قال علی لایفضلنی احد علی ابی بکر وعمر جلا ته حد المفتری** (تاریخ الخلفاء) ابی لیلیٰ نے کہا کہ حضرت علی نے فرمایا جو شخص مجھے حضرت ابوبکر اور عمر پر فضیلت دیگا تو اسے بہتان باندھنے والے کی حد ماروں گا۔

marfat.com

فرمان علی نمبر ۷:

**اجرج الطبرانی فی الاوسط عن علی قال والذی نفسی بیدہٖ ما استبقناالی خیر قط الا استیقنا الیه ابوبکر تاریخ الخلفاء** امام جلال الدین سیوطی تاریخ الخلفاء میں امام طبرانی کی روایت کے حوالہ سے فرماتے ہیں کہ حضرت علی نے فرمایا مجھے اس ذات کی قسم ہے جسکے قبضہ قدرت میں میری جان ہے، ہم جس نیکی کی طرف بڑھتے ہیں ابوبکر صدیق وہ نیکی پہلے کر چکے ہوتے ہیں۔

فرمان نمبر ۸:

**عن جحیفه قال علی خیر الناس بعد رسول الله صَلَّی الله علیه وسلم ابوبکر و عمر لا یجتمع حبی و بُغض ابی بکرو عمر فی قلب مومن تاریخ الحلفاء** امام جلال الدین سیوطی طبرانی کے حوالہ سے روایات کرتے ہیں جحیفہ سے مروی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم کے بعد ساری امت سے خیر (افضل) ابوبکر اور عمر ہیں میری (حضرت علی) محبت اور ابوبکر وعمر کا بغض مومن کے دل میں جمع نہیں ہو سکتے اور خیال رہے اھل سنت کے نزدیک جسطرح حضرت علی کی محبت اور شیخین کا بغض مومن کے دل میں جمع نہیں ہو سکتے یوں ہی شیخین کی محبت اور حضرت علی کا بغض مومن کے دل میں جمع نہیں ہو سکتے (مؤلف) حضرت علی سے مروی نمبر ۹ **اخرج الدار قطنی فی الافرادو الخطیب و ابن عساکر عن علی قال قال لی رسول الله صَلَّی الله علیه وسلم سالت الله ان یقدمک ثلاثا فابی علی الا تقدیم ابی بکر تاریخ الخلفاء** امام جلال الدین سیوطی دارقطنی خطیب اور ابن عساکر کے حوالہ

marfat.com

روایت کی ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا میں نے تین مرتبہ اللہ تعالیٰ سے عرض کیا امامت کیلئے تجھے آگے کروں لیکن اللہ تعالیٰ نے اسکا انکار فرمایا مگر ابو بکر (حکم ہوا ابو بکر کو آگے کرو) سبحان اللہ کیا تسلی اور کیا اظہار مرتبہ، اس حدیث کا مطلب یہ ہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر پیاری صاجزادی ہیں ان کی تسلی کے لیے اور اظہار محبت کیلئے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا ورنہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو علم تھا فیصلہ تقدیم ابی بکر کا ہی ہے۔ دوسرا یہ جو مرتبہ ابو بکر صدیق کا نگاہ الوھیت میں تھا ظاہر کرنا تھا کہ یہ افضل الخلق بعد الانبیاء ہیں. تیسرا یہ تقدیم ابی بکر کا مسئلہ وحی الٰہی سے ہے بلکہ اس میں صریح حدیث بھی ہے اخرج **ابوبکر الشافعی فی الغیلانیات و ابن عساکر عن حفصة رضی الله تعالیٰ عنها انها قالت لرسول الله صَلَّی الله علیه وسلم اذ انت مرضت قدمت ابا بکر قال لست انا اقدمه ولکن الله یقدمه** تاریخ الخلفاء امام جلال الدین سیوطی نے ابو بکر شافی اور ابن عساکر کے حوالہ سے حدیث روایت کی ہے کہ ام المومنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عرض کیا کہ یارسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم آپ ایام مرض میں ابو بکر کو امامت کے لیے آگے کرتے ہیں؟ فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے میں ابو بکر کو آگے نہیں کرتا بلکہ اللہ تعالیٰ آگے کرتا ہے.

**افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر میں:** امیر المومنین فی الحدیث امام محمد بن اسماعیل بخاری رحمتہ اللہ تعالیٰ نے بخاری شریف میں باب باندھا ہے باب **اهل العلم و الفضل احق**

marfat.com

بـالامامته اس کے تحت امام ابن حجر عسقلانی متوفی فتح الباری شرح البخاری میں ارقام فرماتے ہیں "ومـقـتـضـاه ان الاعـلـم والا فـضـل احق مـن الـعـالـم والـفـاضـل. اسـکا مقتضا یه هے که امامت کا زیادہ حقدار وہ هے که جـو عـلـم میں اور فضل میں باقیوں سے زیادہ هو .اس باب کے تحت امـام بخاری نے یه حدیث درج فرمائی هے .عن ابی موسیٰ قال مرض الـنـبـی صَـلّـی الـلـه علیه وسلم فاشتد مرضه فقال مروا ابابکر فلیصل بـالـنـاس قـالـت عـائشـه رضـی الـلـه تعالیٰ عنها انه رجل رقیق اذا قام مـقـامکِ لم یستطع ان یصلی بالناس قال مری ابابکر فلیصل بالناس فـعـادت فـقـال مـری ابابکر فلیصل بالناس فان کن صواحب یوسف فاتاه ا لرسول فصلی بالناس فی حیات النبی صَلّی الله علیه وسلم۔

(بخاری شریف جلد نمبر ا)

ابوموسیٰ سے مروی ہے کہا اُنہوں نے کہ رسول اللہ صَلّی اللہ علیہ وسلم کا مرض شدت اختیار کر گیا آپ صَلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر کو میرا حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائے ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا کہ ابوبکر (میرے والد) رقیق القلب ہیں۔ جب وہ آپ کی جگہ نماز پڑھانے کیلئے کھڑے ہوئے تو وہ نماز نہیں پڑھا سکیں گے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا عائشہ ابوبکر کو حکم دو وہ نماز پڑھائیں۔ ام المؤمنین نے پھر وہ الفاظ دہرائے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تیسری بار فرمایا تم (عائشہ) ابوبکر کو حکم دو کہ لوگوں کو نماز پڑھائیں۔ آپ نے فرمایا تم ہی تو یوسف علیہ السلام کی صواحب ہو۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قاصد (حضرت بلال رضی اللہ عنہ) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس حاضر ہوئے

marfat.com

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا حکم پہنچایا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نماز پڑھائی۔اس باب کے تحت امام بخاری نے مختلف طرق سے پانچ احادیث روایت فرمائی ہیں۔جن میں ایک حدیث یہ بھی ہے ان ابابکر کان یصلی لهم فی وجع النبی صَلَّی الله علیه وسلم الذی توفی فیه حتی اذا کان یوم الاثنین وهم صفوف فی الصلوٰة فکشف النبی صَلَّی الله علیه وسلم ستر الحجرة ینظر الینا و هو قائم کانه کان وجهه ورقة مصحف ثم تبسم یضحک فهممناان نفتتن من الفرح بردیة البنی صَلَّی الله علیه وسلم فنکص ابوبکر علی عقبیه لیصل الصف و ظن ان النبی صَلَّی الله علیه وسلم خارج الی الصلوٰة فاشار الینا النبی صَلَّی الله علیه وسلم ان اتمو صلاتکم وارخی الستر فتوفی من یومهٖ صَلَّی الله علیه وسلم ۔بیشک ابوبکر صدیق صحابہ کرام کو نماز پڑھا رہے تھے اُس تکلیف کے دوران جسمیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا وصال ہوا جب سوموار (پیر) کا دن ہوا صحابہ کرام صفیں باندھے حضرت ابوبکر کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے کہ نبی اکرم صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حجرہ مبارکہ کا پردہ اٹھایا اور کھڑے ہماری طرف دیکھ رہے ہیں۔چہرہ مبارک ورقہ مصحف کی طرح چمک رہا ہے۔پھر آپ صَلَّی اللہ علیہ وسلم مسکرائے ضحک فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دیکھنے کی ہمیں اتنی خوشی ہوئی کہ ہم نے خیال کیا ہم آزمائش میں پڑھ گئے ہیں (یعنی کہیں نماز چھوڑ نہ دیں) ابوبکر صدیق اپنی ایڑیوں کے بل پیچھے ہوئے تا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام آگے صف میں تشریف لائیں انہوں نے گمان کیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نماز کیلئے تشریف لا رہے ہیں پس حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ہمیں اشارہ فرمایا تم اپنی نماز کو پورا کرو اور پردہ ڈال دیا پس اسی

marfat.com

دن سرکار صَلَّی اللہ علیہ وسلم کا وصال شریف ہو گیا.

قارئین بخاری شریف کی ان دو احادیث مبارکہ کے ملاحظہ کرنے سے روز روشن کی طرح واضح ہو جاتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نگاہ میں ایک لاکھ کئی ہزار صحابہ میں سے سب سے افضل ابوبکر صدیق ہیں کیونکہ امامت کا زیادہ حقدار وہی ہوتا ہے جو اعلم وافضل ہو. آپ نے غور فرمایا کہ ام المؤمنین نے بار بار مشورہ دیا کہ آپ کسی اور کو امامت کا حکم فرمائیں بلکہ اسی مقام پر بخاری شریف میں حدیث موجود ہے ام المؤمنین حضرت حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ذریعہ سے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا نام صراحۃ محبوبہ محبوب رب العالمین نے امامت کیلئے پیش کر دیا۔ درحقیقت محبوبہ محبوب رب العالمین کی یہ بصیرت وفقاہت تھی کہ آپ اس اعتقادی (افضلیت صدیق اکبر علی جمیع الامۃ علی الاطلاق) مسئلہ کو زبان رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم سے مؤکد کروانا چاہتی تھیں علماء نے تصریح فرمائی کہ حضرت ابوبکر صدیق کو ان کے فضل کی بناء پر امام مقرر فرمایا گیا اور پھر پردہ ہٹا کے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مشاھدہ فرما کر مسکرانا اور ضحک فرمانا اس وجہ سے تھا کہ ابوبکر صدیق کے پیچھے صحابہ کی اجتماعیت ہے تین روز تک یوں ہی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حیات ظاھرہ میں نماز پڑھائی جاتی رہی اور اس سے یہ بھی مستفاد ہے کہ آپ ہی خلیفۃ الرسول بلافصل ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ابوبکر صدیق کی افضلیت وامامت کو یوں بھی بیان فرمایا۔ ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی روایت کرتے ہیں عن عائشہ لاینبغی لقوم فیھم ابوبکر ان یئومھم غیرہ [1] جس قوم میں ابوبکر صدیق موجود ہوں اُس قوم کے لیے جائز نہیں

---

[1] جامع ترمذی

marfat.com

وہ کسی اور کو امام بنائے ۔اس حدیث سے واضح ہوتا ہے امامت کبریٰ (خلافت) بھی ا
ن احادیث سے ثابت ہے امام ابن ہمام ارشاد فرماتے واحسن ما یستدل به تقدیم الاعلم علی الا قرء حدیث مروا ابابکر فلیصل بالناس [1] سب سے بہتر دلیل اس پر کے اعلم الناس کو امام بنانا چاہیئے وہ حدیث مروا ابا بکر (ابوبکر کو کہو کہ وہ نماز پڑھائیں) ہے مطلب یہ ہے کہ ابوبکر صدیق کو امام الصحابہ اس لیے بنایا گیا کہ آپ اعلم الصحابہ تھے اور جو اعلم الناس ہو وہی افضل الناس ہوتا ہے ۔قیاس منطقی یوں بنے گا ابوبکر صدیق اعلم الامته صغری و کل اعلم الامته افضل الامته ،نتیجہ آئے گا ابوبکر صدیق افضل الامتہ.امام سراج الدین بن عبدالرشید نے باب مقاسمتہ الجد میں ارقام فرمایاقال ابوبکر ن الصدیق رضی الله تعالیٰ عنه ومن تابعه من الصحابة بنو الاعیان و بنو العلات لایرثون مع الجد و هذا قول ابی حنیفه و یفتی به [2] حضرت صدیق اکبر اور ان کے متبعین صحابہ میں سے فرماتے ہیں بنو اعیان اور بنو علات دادے کے ہوتے ہوئے میت کے وارث نہیں بن سکتے اور یہ مذہب امام ابوحنیفہ کا ہے اور اسی پر فتویٰ ہے ۔اس مقام پر محشی یوں رقم طراز ہیں قوله ابوبکر ن الصدیق وهوا علم الصحابة وافضلهم ولم تتعارض عنه الروایات فلذالک اختاره الامام الاعظم ۔ابوبکر صدیق تمام صحابہ سے زیادہ علم والے اور تمام صحابہ سے افضل ہیں ان سے روایات متعارض نہیں ہیں اسی لیئے امام اعظم نے ان کا مذہب اختیار کیا۔علامہ علاء الدین علی المتقی بن حسام الدین الھندی متوفی ۹۷۵ھ روایت فرماتے ہیں عن ابی امامة قال

---

[1] فتح القدیر شرح حدایہ [2] سراجی

marfat.com

قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم وضعت فی کفۃ المیزان و وضعت امتی فی الکفۃ الاخریٰ فرجحت بھم ثم وضع ابوبکر مکانی فرجح بھم ثم وضع عمر مکانہ فرجح بھم ثم رفع المیزان [1]
حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا گیا اور ساری امت کو دوسرے میں رکھا گیا میرا پلڑا بھاری رہا۔ پھر میری جگہ ابوبکر کو رکھا گیا باقی تمام امت سے ابوبکر کا پلڑا بھاری رہا ۔پھر ابوبکر کی جگہ عمر فاروق کو رکھا گیا تو باقی ساری امت سے عمر کا پلڑا بھاری رہا۔ اور حدیث عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم خیر امتی من بعدی ابوبکر و عمر لا تخبر ھمایا علی [2] حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہا ان سے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے بعد میری ساری امت سے بہتر اور افضل ابوبکر صدیق اور عمر فاروق ہیں اے علی ان کو نہ بتانا ایک اسکا مطلب یہ ہے کہ حضرت علی کو معلوم تھا کہ یہ قید حیات مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تک ہے دوسرا حضرت ملا علی قاری مرقات میں فرماتے اسکا مقصد یہ تھا کہ بڑی بشارت اب علی یہ خبر تم نہ دو۔ یہ مسرور کن خبر میں خود ان کو دوں گا. اور حدیث عن ابن عمر ان رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم دخل المسجد و عن یمینہ ابوبکر و عن یسارہٖ عمر فقال ھکذا نبعث یوم القیامۃ [3] عبداللہ بن عمر سے مروی ہے فرماتے ہیں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے اس حال میں کہ آپکے دائیں طرف حضرت ابوبکر تھے اور بائیں طرف عمر فاروق تھے فرمایا اسی طرح ہم

---

[1] کنز العمال جلد ۱۳۔۱۴ [2] کنز العمال بحوالہ دیلمی [3] کنز العمال

marfat.com

قیامت کو اٹھائے جائیں گے۔اور حدیث عن ابن عمر قال خرج رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم بین ابی بکر و عمرثم قال ھکذا نموت و ھکذا ندفن و ھکذ ندخل الجنة[1] عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہا انہوں نے رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کے درمیاں تشریف لائے فرمایا اسی طرح ہمارا وصال ہوگا۔اسی طرح ہم دفن کیئے جائیں گے اور اسی طرح ہم جنت میں داخل ہوں گے۔اور حدیث عن ابن عباس قال رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم لکل نبی و زیران من اھل السماء واھل الارض فوزیرای من اھل السماء جبرائیل و میکائیل و زیرای من اھل الارض ابوبکر و عمر[2] حضرت ابن عباس سے مروی کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے ہر نبی کے دو وزیر آسمان میں اور دو زمین پر ہوتے ہیں۔میرے آسمان میں جبریل اور میکائیل ہیں۔اور زمین میں ابوبکر اور عمر ہیں .امام ترمذی نے حدیث روایت کی عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم مالا حد عندنا ید الا و قد کان کافیناہ ماخلا ابوبکر فان لہ عندنا یدا یکافیہ اللہ تعالیٰ یھا یوم القیامتہ و ما نفعنی مال احد قط مانفعنی مال ابی بکرو لو کنت متخدا خلیلا لاتخذت ابانکر خلیلا اَلاوان صاحبکم خلیل اللہ حضرت ابوھریرہ سے مروی ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ جس نے بھی احسان کیا ہم نے اسکا بدلہ دے دیا سوائے ابوبکر صدیق کے ان کا بدلہ قیامت کے دن اللہ تعالی دے گا اور مجھے کبھی کسی

---

[1] کنز العمال [2] کنز العمال [3] جامع ترمذی

marfat.com

کے مال نے اتنا نفع نہیں دیا جتنا ابو بکر کے مال نے نفع دیا ہے اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابو بکر کو بناتا خبردار تمہارا نبی اللہ تعالیٰ کا خلیل ہے اس حدیث میں غیر اللہ سے خلتہ کی نفی ہے دوسری حدیث مثبت ملاحظہ ہو حضرت ملا علی قاری حنفی متوفی ۱۰۱۴ھ امام الواحدی کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں اخرج الواحدی فی تفسیرہ عن ابی امامة قال قال رسول الله صَلَّی الله علیه وسلم ان الله اتخذنی خلیلا کما اتخذا براهیم خلیلا وانه لم یکن نبی الاله فی امته خلیل الا وان خلیلی ابوبکر وا خرج الحافظ ابوالحسن علی بن عمر الحزلی السکری عن ابی بن کعب قال ان احدث عهدی نبیکم صَلَّی الله علیه وسلم قبل و فاته بخمس لیال دخلت علیه وهو یقلب یدیه وهو یقول انه لم یکن نبی الا و قد اتخذ من امته خلیلا [1]

ابی امامہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایسا ہی خلیل بنایا جیسا ابراھیم علی نبیا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو خلیل بنایا۔ ہر نبی کا خلیل اس امت میں ضرور ہوا ہے اور خبردار میرا خلیل ابو بکر ہے ابی ابن کعب سے حافظ ابوالحسن علی نے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا میں تمہارے نبی صَلَّی اللہ علیہ وسلم کی وہ بات بیان کرتا ہوں جو وفات سے پانچ راتیں قبل ہوئی، میں حاضر ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے مبارک ھاتھوں کو پلٹ رہے تھے فرمارہے تھے کوئی نبی نہیں ہوا مگر اس نے اپنی امت میں سے اپنا خلیل بنایا اور میرا خلیل میری امت سے ابو بکر بن ابی قحافہ ہے۔ اور بیشک اللہ تعالیٰ نے مجھے اسی طرح خلیل بنایا جسطرح ابراھیم علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو خلیل بنایا۔ حضرت ملا

---

[1] مرقات شرح مشکوٰۃ

marfat.com

علی قاری حنفی احادیث نافیہ ومثبتہ کے درمیان تطبیق دیتے ہوئے یوں ارقام فرماتے ہیں والا حادیث النافیة الاتخاذ اصح واثبت وان صحت ھذہ الروایة فیکون قد اذن اللہ لہ عند تبرئھہ من خلة غیر اللہ مع تشوقہ بخلة ابی بکر لولا خلة اللہ فی اتخاذہ خلیلا مراعاة بجنوحہ و تعظیمالشان ابی بکر ولا یکون ذالک انصرافا عن خلة اللہ عزوجل بل اخلتان ثابتان کما تضمنہ الحدیث احدھما تشریف للمصطفیٰ صَلّی اللہ علیہ وسلم والا خریٰ تشریف لابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ .وفی الجملة ھذا الحدیث دلیل ظاھر علی ان ابابکر افضل الصحابتہ. [1]

وہ احادیث جن میں اتخاذ خلت کی نفی ہے وہ اصح اور اثبت ہیں اور اگر اثبات والی روایات صحیحہ ہوں تو پھر مطلب ہوگا اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو ابوبکر کو خلیل بنانے کا شوق تھا اللہ تعالیٰ کی خلت سے انصراف نہیں ہے۔دونوں خلتیں ثابت ہیں جسطرح کہ حدیث مبارک سے واضح ہے ایک خلت میں عظمت و شرافت مصطفیٰ ﷺ کا اظہار ہے اور دوسری میں شرافت ابوبکر صدیق کا بیان ہے۔

خلاصہ کلام یہ ھے کہ یہ حدیث مبارکہ واضح دلیل ہے اس بات پر کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ تمام صحابہ کرام سے افضل ہیں۔امام ابن حجر عسقلانی نافی اور مثبت احادیث کے درمیان تطبیق دیتے ھوئے یوں ارقام فرماتے ہیں فان ثبت حدیث ابی امامة امکن ان یجمع بینھما بانہ لما بری من ذالک تواضعا لربہ واعظا مالہ اذن اللہ تعالیٰ لہ فیہ من ذالک الیوم لماریٰ

---

[1] مرقاۃ شرح مشکوۃ

marfat.com

من تشوقه اليه واكراما لابی بکر بذالک فلا یتنا فی الخبر وان اشار الی ذالک المحب الطبری وقدروی من حدیث ابی امامة نحو حدیث ابی بن کعب دون التقید بالخمس. [1]

اگر ابی ابن کعب کی حدیث ثابت ہو تطبیق و جمع ان دونوں (نافی اور مثبت) کے درمیان ممکن ہے وہ یوں کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے بارگاہ الٰہی میں عاجزی اور اسکی بارگاہ کی تعظیم کرتے ہوئے غیر اللہ کی خلت سے برات ظاہر فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے شوق کا لحاظ کرتے ہوئے اور ابوبکر صدیق کی عزت و تکریم ظاہر کرتے ہوئے ان کی خلت (یعنی ان کو خلیل بنانے) کی اجازت دے دی لہذا دونوں احادیث میں منافات نہ رہی امام ترمذی نے ایک روایت یہ بھی درج فرمائی عن حذیفة قال قال رسول الله صَلّی الله علیه وسلم اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر [2] میرے بعد تم ان دو بزرگوں (ابی بکر صدیق اور عمر فاروق) کی اقتدا کرو۔ حضرت ملا علی قاری حنفی مجدد فقہ حنفی یوں ارقام فرماتے ہیں وزاد الحافظ ابو نصر القصار فانهما حبل الله ممدود فمن تمسک بهما تمسک بالعروة الوثقی لا انفصام لها [3] حافظ ابونصر قصار نے زیادہ کیا ہے ابوبکر صدیق اور عمر فاروق دونوں اللہ تعالیٰ کی رسی ہیں جس نے ان دونوں کو تھاما اس نے بڑی مضبوط گرہ کو تھاما جسے کبھی کھلنا نہیں ہے جامع ترمذی والی حدیث کو امام حاکم نے متعدد طرق سے روایت کیا اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر و عمر واهتدوا بهدی عمار و تمسکوا لهدی ابن ام عبد (ولبدة

---

[1] فتح الباری شرح صحیح بخاری [2] جامع ترمذی [3] مرقاۃ شرح مشکوٰۃ

marfat.com

قال) ھذا حدیث من اجل ماروی فی فضائل الشیخین. یہ حدیث شیخین کے فضائل میں بڑی واضح ہے امام ابن حبان نے حضرت انس سے روایت کی عن انس قال قال رسول للہ صَلّی اللہ علیہ وسلم ارحم امتی بامتی ابوبکر واشدھم فی امر اللہ عمر واصدقھم حیاً عثمان واقرء ھم لکتاب اللہ ابی بن کعب وافرضھم زید بن ثابت واعلم ھم بالحلال والحرام معاذبن حبل الا وان لکل امۃ امیناً وان امین ھذہٖ الامۃ ابو عبیدۃ ابن الجراح[1] اس حدیث کی ترتیب میں سب سے پہلے حضرت ابوبکر صدیق کو ذکر فرمایا۔ یہ واضح اشارہ ہے کہ ساری امت سے افضل علی الاطلاق وہ صرف ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ امام ترمذی نے روایت کی عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صَلّی اللہ علیہ وسلم ان اھل الدرجات العلی لیراھم من تحتھم کماترون النجم الطالع فی افق السماء وان ابابکر و عمر منھم وانعما[2] ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صَلّی اللہ علیہ وسلم نے جو درجات علیا والے حضرات ہیں ان کو نیچے رہنے والے لوگ یوں دیکھیں گے جیسے افق آسمان پر طلوع ہونے والے ستارے کو تم دیکھتے ہو۔ اور بلاشبہ ابوبکر اور عمر فاروق ان لوگوں میں سے بلکہ ان کی بلندی اور زیادہ ہے۔ امام ترمذی کی ایک اور روایت۔

ان امرأۃ اتت رسول للہ صَلّی اللہ علیہ وسلم فکلمتہ فی شیءٍ فامرھا بامر فقالت ارئیت یارسول اللہ صَلّی اللہ علیہ وسلم ان لم اجدک قال ان لم تجدینی فاتی ابابکر ھذا حدیث[3]

---

[1] مستدرک علی الصحیحین [2] جامع ترمذی [3] جامع ترمذی

marfat.com

ایک عورت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئی کسی معاملہ میں معروضات پیش کیں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اسکو کوئی امر فرمایا اُس نے عرض کیا یارسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم اگر پھر آؤں اور آپ موجود نہ ہوں (اسکی مراد وصال تھا) تو پھر کیا کروں فرمایا اگر مجھے نہ پائے تو ابوبکر کے پاس آجانا قارئین ملاحظہ فرمایا یہ ابوبکر صدیق کی خلافت کی خبر ہے جو کہ خبر مغیب ہے کہ آپ خلیفہ بلافصل ہیں اور افضلیت کی بڑی دلیل ہے۔اس کی تائید وہ روایت بھی کرتی ہے جو امام ابن عساکر نے روایت کی اخرج ابن عساکر عن ابن عباس قال جاء ت امراۃ الی النبی صَلَّی اللہ علیہ وسلم تسالہ شیاء فقال اتعودین فقالت یارسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم ان عدت فلم اجدک تعرض بالموت قال ان جئت فلم تخدینی فاتی ابا بکر فانہ الخلیفۃ من بعدی [2] سبحان اللہ تعالیٰ کتنی واضح اور نص ہے خلافت بلافصل پر اور آپ کی افضلیت کو واضح فرمایا امام بنایا حیات طیبہ ظاہرہ میں پھر فرمایا لاینبغی لقوم فیھم ابوبکر ان یومھم غیرہ یہ امامت صغریٰ اور کبریٰ دونوں پر نص ہے شیخ عبدالحق محدث دہلوی اس حدیث کی شرح میں فرماتے ہیں وفیہ دلیل علی فضلہ فی الدین علی جمع الصحابہ و کان تقدیمہ فی الخلافۃ اولی و افضل ولھذا قال سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ قدمک رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم فی امر دیننا فمن الذی یؤخرک فی دنیانا [3] اس حدیث میں دلیل ہے اس بات پر کہ آپ تمام صحابہ پر فضیلت رکھتے ہیں علی الاطلاق اور آپکی

---

[1] جامع ترمذی [2] بحوالہ مرقاۃ شرح مشکوٰۃ [3] لمعات شرح مشکوٰۃ

marfat.com

خلافت وتقدیم اولیٰ وافضل ہے اسی لئے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے ابوبکر صدیق آپکو رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے دین کے امور میں مقدم رکھا کون ہے وہ جو آپکو ہمارے دنیاوی امور میں موخر کرے۔ بارگاہ مصطفیٰ صَلَّی اللہ علیہ وسلم سے افضلیت ابی بکر اسی پر حضرت ملا علی قاری حنفی رقم طراز ہیں **وفیہ دلیل علی انہ افضل جمیع الصحابہ** اور سند عن ابی ہریرۃ **قال قال رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم اتانی جبریل فاخذ بیدی فارانی باب الجنۃ الذی یدخل منہ امتی.** [۲] **فقال ابوبکر یارسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم و ددت انی کنت معک حتی انظر الیہ فقال امانک یا ابا بکر اول من یدخل الجنۃ من امتی** [۳] حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میرے پاس جبریل امین آئے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور جنت کا وہ دروازہ دکھایا جس سے میری امت داخل ہوگی تو حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کی کاش میں آپکے ساتھ ہوتا تو وہ دروازہ میں بھی دیکھتا فرمایا ابوبکر میری ساری امت میں سے پہلے تم جنت میں جاؤ گے اور دیکھ لو گے حضرت ملا علی قاری حنفی مرقات شرح مشکوٰۃ میں اسی حدیث کی شرح میں یوں ارقام فرماتے ہیں **وفیہ دلیل علی انہ افضل الامۃ والا لما سبقھم فی دخول الجنۃ** اس حدیث میں دلیل ہے اس بات پر کہ ابوبکر صدیق ساری امت سے افضل ہیں ورنہ جنت میں داخل ہونے کی سبقت نہ لے جاتے۔

## ایک وھم کا ازالہ:

اس حدیث کو امام حاکم نے مستدرک میں روایت کیا اور کہا **ھذا حدیث**

---

[۱] مرقاۃ شرح مشکوٰۃ [۲] مشکوٰۃ شریف

marfat.com

صحیح علی شرط الشیخین .ولم یخرجاہ ۔اگر کوئی شبہ وارد کرے کہ حضرت بلال رضی اللہ تعالیٰ عنہ پہلے داخل ہوں گے تو جواب میں عرض ہے وہ بحیثیت خادم اور لجام تھامے ہوئے بالتبع داخل ہو رہے ہوں گے جبکہ مستقل داخلہ اولا امت میں سے وہ ابوبکر صدیق کا ہی ہوگا۔امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی روایت کرتے ہیں عن علی بن ابی طالب قال کنت مع رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم اذطلع ابوبکر وعمر فقال رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم ھذان سیدا کھول اھل الجنۃ من الاولین والآخرین الاالنبیین والمرسلین یاعلی لاتخبرھما[1] حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔کہا اُنہوں نے میں رسول اللہ صَلَّی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔اچانک حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق حاضر بارگاہ ہوئے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا یہ دونوں ادھیڑ عمر کے جنتیوں کے سردار ہیں اولین وآخرین میں سے سوائے انبیاء ومرسلین کے اے علی ان کو یہ نہ بتانا۔

## ایک شبہ کا ازالہ:

اگر کوئی یہ شبہ وارد کرے کہ جنت میں تمام نوجوان ہوں گے ادھیڑ عمر کا کوئی نہیں ہوگا لہذا ان کی سیادت وافضلیت ثابت نہ ہوئی تو اس کا جواب یہ ہے کہ بات درست ہے کہ جنت میں سب نوجوان ہوں گے مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کھول لفظ استعمال کر کے ان حضرات کی عظمت شان کو واضح فرمایا کیونکہ کھول کی عمر ۳۲ سال سے لیکر ۵۱ سال تک کہلاتی ہے اور عقل کی پختگی اور فہم وفراست والی عمر ہے۔بنسبت

---

[1] جامع ترمذی

marfat.com

نوجوانوں کے یہ عقل وفہم کے لحاظ سے زیادہ کامل عمر ہوتی ہے۔

اور جنت میں مراتب فہم وفراست کے مطابق دیئے جائیں گے لہذا بتایا یہ گیا یہ حضرات دنیا وآخرت میں سوائے انبیاء ومرسلین کے تمام افراد سے زیادہ عقل وفہم وفراست والے ہیں لہذا جنت میں ان کا مقام بھی انبیاء ومرسلین کے بعد سب سے ارفع واعلیٰ ہوگا۔

تو ثابت ہوا کہ یہ دونوں تمام امت سے افضل ہیں کیونکہ افضل کا ہی مقام ارفع واعلیٰ ہوتا ہے۔ اس کی تائید امام احمد بن حنبل کی اِس روایت سے ہوتی ہے:

**هذان سيدا كهول اهل الجنة وشبا بها بعد النبين والمرسلين** [1]

یہ دونوں بزرگ ادھیڑ عمر کے جنتیوں کے بھی سردار ہیں اور نوجوانوں کے بھی انبیاء ومرسلین کے بعد باقی یہ پہلے ہم بتا چکے ہیں جو نہ بتانے کا حکم فرمایا تو مقصد تھا یہ مسرور کن خبر میں خود ان کو دونگا۔

## ایک اور حدیث:

**ماطلعت الشمس ولاغربت بعد النبيين والمرسلين على احد افضل من ابى بكر.** [2]

انبیاء ومرسلین کے بعد کسی ایسے شخص پر سورج نہ طلوع ہوا اور نہ غروب ہوا جو ابوبکر صدیق سے افضل ہے اس حدیث کو عالم نحریر امام علامہ خیالی حاشیہ شرح عقائد میں نقل فرما کریوں ارقام فرماتے ہیں: **ومثل هذا السوق لاثبات افضلية المذكور وبه يظهر ان ابابكر افضل من سائر الامم ايضاً** ۔اس طریقہ

---

[1] بحوالہ مرقات شرح مشکوۃ [2] مشکوۃ

marfat.com

سے کلام فرمانا مذکور (ابوبکر صدیق) کی افضلیت بیان کرنا ہے (نہ کہ مساواۃ) اور اس حدیث سے ظاہر ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ باقی تمام امتوں سے بھی افضل ہیں۔ علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی رحمہ اللہ تعالیٰ خیالی کے حاشیہ میں فرماتے ہیں: **ان مثل هذا الكلام انما قال في العرف لاثبات الافضليت و ان كان المنطوق لايفي بذالك فانك اذا قلت لارجل افضل من زيد يفهم من اثبات افضليت زيد** ۔اس طرح کی کلام عرف میں اثبات افضلیت کیلئے بولی جاتی ہے۔ کیونکہ جب کہا جائے کوئی مرد زید سے افضل نہیں ہے تو اس سے یہ مفہوم ہوتا ہے کہ زید سب سے افضل ہے۔

خیال رہے حاشیہ خیالی وہ کتاب ہے علم عقائد میں جو علامہ سیالکوٹی کے حاشیہ کے بغیر سمجھ نہیں آتی۔ اور ہر مدرسہ میں نہیں پڑھائی جاتی بلکہ آج کل تو متروک ہی ہو چکی ہے۔ صرف بندیالوی حضرات یعنی جو استاذ الکل حضرت علامہ شیخ المسلمین عطا محمد چشتی گولڑوی بندیالوی رحمۃ اللہ علیہ کے تلامذہ ہیں وہی پڑھاتے ہیں۔ استاذ صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے پہلے زمانہ میں جو خیالی پڑھاتا تھا اس کے مکان پر جھنڈا لہرایا جاتا تھا کہ یہ خیالی پڑھاتا ہے۔ کسی نے کہا

خیالات خیالی پس بلند است — نہ ایں جا گل احمد و جند است
و لے عبدالحکیم را فکر عالی — کہ حل کردہ خیالات خیالی

**عن علي رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لحسان هل قلت في ابي بكر شيئاً فقال نعم فقال قل و انا اسمع فقال وثاني اثنين في الغار المنيف وقد طاف العدو به اذ صعد الجبلا**

marfat.com

**وکان حب رسول اللہ قد علموا من البریۃ لم یعدل بہ رجلا فضحک النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی یدت نواجدہ ثم قال صدقت یا حسان۔** [1]

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ سے پوچھا تم نے ابوبکر صدیق کی مدح میں کوئی کلمات کہے ہیں تو انہوں نے عرض کیا جی ہاں یارسول اللہ ﷺ تو آپ نے فرمایا وہ کہو میں ابوبکر کی شان سننا چاہتا ہوں۔ تو حضرت حسان نے عرض کیا وہ دو میں سے دوسرا بلند غار میں دشمن اس کے گرد گھوم رہا تھا کہ وہ بلند پہاڑ پر چڑھ گیا۔ اُس کے دل میں رسول اللہ ﷺ کی محبت اتنی ہے کہ مخلوق میں سے کسی کی محبت کو رسول اللہ ﷺ ان کی محبت کے برابر نہیں جانتے۔

یہ سننے سے رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے حتیٰ کہ سرکارِ دوعالم ﷺ کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے۔ آپ نے فرمایا اے حسان تم نے سچ کہا ہے۔

قارئین اِس حدیث سے چند امور ثابت ہوئے۔ نمبر 1۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنی مجلس میں قصداً ابوبکر صدیق کا ذکر خیر کروایا۔ نمبر 2۔ افضلیت ابوبکر صدیق بیان کرنا کروانا رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام کی سنت ہے۔ نمبر 3۔ افضلیت ابوبکر صدیق سن کر خوش ہونا سنت رسول اللہ ﷺ ہے۔ لہذا جس کے سینہ میں بغض ابوبکر ہے وہ صراط مستقیم سے ہٹا ہوا ہے۔ نمبر 4۔ افضلیت ابوبکر سننا، سنانا، ماننا اور اس پر خوش ہونا یہ ہے ما انا علیہ الیوم واصحابی لہذا افضلیت مطلقہ ابوبکر صدیق کیلئے ماننا ہی

---

[1] طبرانی شریف

marfat.com

اہل سنت و جماعت اور حق کی علامت ہے۔

ایک اور حدیث عن عبداللہ بن زمعة قال لما استقر برسول الله ﷺ وجعه وانا عنده فی نفر من الناس دعاه بلال الی الصلوٰۃ فقال رسول الله ﷺ مروا ابابکر یصلی بالناس قال فخرجنا فاذا عمر فی الناس وکان ابوبکر غائباً فقلت یا عمر قم فصل بالناس فتقدم مکبر فلما سمع رسول الله ﷺ صوته' وکان عمر رجلا مجهرا قال فاین ابوبکر یابی الله ذالک والمسلمون یابی الله ذالک والمسلمون فبعث الی ابی بکر فجاء بعد ان صلی عمر تلک الصلوٰۃ فصلی بالناس زاد فی روایة قال لما سمع النبی ﷺ صوت عمر خرج النبی ﷺ حتی اطلع راسه من حجرته ثم قال لا لا لا فیصل بالناس ابن ابی قحافة یقول ذالک مغضباً۔ ۱

شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اس مذکورہ حدیث کو بطور دلیل لائے ہیں۔

عبداللہ بن زمعہ فرماتے ہیں جب رسول اللہ ﷺ کا درد شدت اختیار کر گیا میں کچھ لوگوں کے ساتھ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس حاضر تھا کہ حضرت بلال حاضر بارگاہ ہو کر نماز کے متعلق عرض کرنے لگے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ابوبکر سے کہو وہ نماز پڑھائیں میں نماز کیلئے مسجد میں گیا تو دیکھا عمر فاروق موجود ہیں اور ابوبکر صدیق موجود نہیں تو میں نے حضرت عمر فاروق سے کہا کہ آپ لوگوں کو نماز پڑھائیں وہ آگے ہوئے اور تکبیر کہی جب رسول اللہ ﷺ نے اِن کی آواز سنی

---

۱ ابوداؤد، وابو عمر فی الاستیعاب۔ بحوالہ قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین

marfat.com

چونکہ یہ جہیر الصوت تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوبکر کہاں ہیں اللہ تعالیٰ اور مسلمان اس کا انکار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور مسلمان اسکا انکار کرتے ہیں۔ تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت ابوبکر کی طرف آدمی بھیجا تو ابوبکر تشریف لائے کہ حضرت عمر نماز پڑھا چکے تھے۔ تو حضرت ابوبکر صدیق نے پھر سے نماز پڑھائی۔ انہی سے دوسری روایت میں یوں ہے کہ جب حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے حضرت عمر فاروق کی آواز سنی تو آپ حجرہ مبارکہ سے باہر تشریف لائے آپ نے فرمایا نہیں۔ نہیں۔ نہیں ابن ابی قحافۃ لوگوں کو نماز پڑھائے۔

اس حدیث کے تیور بتاتے ہیں ابوبکر صدیق مطلقاً افضل الامۃ ہیں۔ اور اس میں تصریح موجود ہے کہ اِن کے ہوتے ہوئے کسی اور کا امام بننا اللہ کو پسند نہیں۔ اور رسول اللہ ﷺ کا غضب وجلال بتاتا ہے ابوبکر صدیق کو مرتبہ میں کم جاننے والا اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ اور مسلمانوں کا مغضوب ہے اور بارگاہ ایزدی سے دور ہے اور رسول اللہ ﷺ کا مردود ہے۔ یہ حدیث کس قدر افضلیت ابی بکر صدیق پر واضح ہے۔

## افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ صحابہ کی نظر میں:

امام ابن حبان روایت کرتے ہیں: **عن ابن عمر قال كنا نفاضل على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم ابوبكر ثم عمر ثم عثمان ثم نسكت** (صحیح ابن حبان)۔ ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ پاک میں صحابہ کرام کی ایک دوسرے پر فضیلت ذکر کرتے تھے پہلے ابوبکر پھر عمر پھر عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم پھر سکوت اختیار کرتے تھے۔

marfat.com

علامہ علاؤالدین علا المتقی روایت کرتے ہیں: **فلما قبض ابوبکر قال رجل الی عمر بن الخطاب فقال یا امیر المؤمنین من خیر الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر الصدیق فمن قال غیرہ فعلیہ ماعلی المفتری** (کنز العمال)۔ جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا ایک آدمی کھڑا ہوگیا اُس نے حضرت فاروق اعظم سے سوال کیا اے امیر المؤمنین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کون سب سے افضل ہے آپ نے جواب میں فرمایا ابوبکر صدیق اور جوان کے علاوہ کسی اور کو فضیلت دے اس کو مفتری کی حد (۸۰ کوڑے) مارے جائیں۔

## افضلیت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اُمت کا اجماع

امام جلال الدین السیوطی الشافعی رضی اللہ تعالیٰ متوفی ۹۱۱ھ نے تاریخ الخلفاء میں فصل باندھی ہے: **فصل فی انہ (ابابکر) افضل الصحابۃ و خیرھم۔**

فصل کے عنوان میں امام موصوف نے واضح فرمادیا کہ افضل[1] اور خیر الفاظ مترادفہ ہیں۔ ان کا معنی ہے کثرت ثواب اعمال الخیر واعلیٰ مرتبۃ عنداللہ۔ لہذا دونوں کا مصداق انبیاء کرام علیہم السلام کے بعد ایک ہی ہے اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں۔ امام اجل فرماتے ہیں:

**اجمع اھل السنۃ ان افضل الناس بعد رسول اللہ ﷺ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی ثم سائر العشرۃ ثم باقی اھل بدر ثم**

---

[1] اِس سے وہ لوگ اپنی غلط فہمی دور کریں جو کہتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق افضل نہیں بلکہ خیر ہیں اور حضرت علی افضل ہیں

marfat.com

باقی اهل احد ثم باقی اهل البیعة ثم باقی الصحابة هکذا حکی الاجماع علیه ابو منصور البغدادی تاریخ الخلفاء. (مطبوعہ مصر)

اہل سنت و جماعت کا اتفاق ہے اِس پر کہ رسول اللہ ﷺ کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق، پھر عثمان ذی النورین پھر علی لمرتضیٰ پھر باقی عشرہ مبشرہ پھر باقی اہل بدر، پھر باقی اہل احد پھر باقی اہل بیعت الرضوان تحت الشجر ۃ پھر باقی صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین ۔امام ابن حجر عسقلانی متوفی ۸۵۳ھ ارقام فرماتے ہیں: نقل البهقی فی الاعتقاد لسبنده عن ابی ثور عن الشافعی انه قال اجمع الصحابة واتباعهم علی افضلیت ابی بکر ثم عمر، ثم عثمان، ثم علی[1] امام بیہقی نے الاعتقاد میں امام شافعی سے روایت کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا اس پر امت کا اتفاق ہے کہ صحابہ کرام اوران کے متبعین کا کہ تمام صحابہ میں سے ابوبکر افضل پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

امام ابن حجر قسطلانی متوفی ۹۲۳ھ ارقام فرماتے ہیں: وقد وقع الاجماع بآخره بین اهل السنة ان مرتبتهم فی الفضل کترتیبهم فی الخلافة رضی الله عنهم [2] تحقیق آخر کار اہل سنت و جماعت کے درمیان اتفاق ہو گیا کہ جس ترتیب سے خلافت ہے اُسی ترتیب سے مراتب ہیں فضیلت میں۔

امام علامہ مسعود بن عمر بن عبد اللہ الشہیر لسعد الدین تفتازانی متوفی ۷۹۲ھ یوں ارقام فرماتے ہیں: الافضلیت عندنا بترتیب الخلافة مع تردد بین عثمان وعلی رضی الله عنهما ۔ [3] وفی مقام آخر ایضا فقال اهل

---

[1] فتح الباری شرح بخاری [2] ارشاد الساری شرح بخاری جلد ۸ [3] شرح مقاصد جلد ۳ الفقہ الا کبر

marfat.com

السنة الافضل ابوبكر ثم عمر، ثم عثمان، ثم علی شرح مقاصد جلد ۳

افضلیت ہمارے (اھل السنة) کے نزدیک خلافت کی ترتیب سے ہے حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان تردد ہے۔ دوسرے مقام پر عبارت ہے کہ اہل سنت و جماعت نے فرمایا سب سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر ہیں پھر عثمان ہیں پھر علی المرتضیٰ ہیں۔

امام الائمہ سراج الامۃ کاشف الغمہ امام ابوحنیفہ امام اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: افضل الناس بعد النبین علیهم الصلوٰة والسلام ابوبکر ن الصديق ثم عمر بن الخطاب، ثم عثمان بن عفان ذوالنورين ثم علی بن ابی طالب المرتضیٰ رضی الله عنهم اجمعین .

محقق علی الاطلاق برکت رسول اللہ ﷺ فی الہند حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی یوں ارقام فرماتے ہیں: ومقام ثانی آنکه افضليت خلفاء اربعة بترتيب خلافت است ۔یعنی افضل اصحاب ابوبکر است ثم عمر ثم عثمان ثم علی ومراد از افضلیت اکثریت ثواب است عندالله [1] مقام ثانی یہ ہے کہ خلفاء اربعہ کے مراتب ترتیب خلافت کے ساتھ ہیں۔یعنی تمام صحابہ سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم اجمعین اور افضلیت سے مراد اکثریت ثواب ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک۔

افضلیت خلفاء راشدین خلافت کی ترتیب پر ہے۔

اِس پر اکابرین اہل سنت کی تصریحات ذکر کی جا چکی ہیں۔

---

۱ تکمیل الایمان

marfat.com

اہل سنت و جماعت کی نہایت ہی معتبر کتاب عقائد نسفیہ جو قدیم زمانہ سے نصاب درس نظامی میں پڑھائی جاتی ہے یہ امام ہمام عمر بن محمد النسفی متوفی ۷۳۲ھ نے تصنیف فرمائی۔ تمام مدارس عربیہ میں پڑھائی جاتی ہے۔ علم العقائد میں نہایت ہی معتبر ہے۔ وہ یوں ارقام فرماتے ہیں: **افضل البشر بعد نبینا علیہ السلام ابو بکر صدیق ثم الفاروق ثم عثمان ذوالنورین ثم علی المرتضی** [1] نبی اکرم ﷺ کے بعد افضل البشر حضرت ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان ذوالنورین ہیں پھر حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہم ہیں۔ یہ کتاب عقائد اہل سنت و جماعت کی نہایت معتبر ہے۔ امام علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **علی ھذا (الترتیب) وجدنا السلف والظاھر انہ لولم یکن لھم دلیل لما حکموا بذالک۔** [2]

ہم نے اس ترتیب پر سلف کو پایا تو یہ بات یقینی ہے کہ ان کے پاس دلیل ہے ورنہ وہ حکم نہ لگاتے۔

علامہ عبدالعزیز پرہاروی متوفی ۱۲۳۹ھ [3] کے متعلق جامع المعقول والمنقول شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرم علامہ محمد اشرف السیالوی دامت برکاتہم العالیہ ارقام فرماتے ہیں کہ: **فصار ماھرا فی سائتین وسبعین علوماً۔**

شارح شرح العقائد کہ یہ ۲۷ علوم میں ماہر تھے۔

وہ یوں ارقام فرماتے ہیں: **اجمع الصوفیۃ علی تقدیم ابی بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی** صوفیاء کرام کا بھی اجماع و اتفاق ہے کہ امت میں ابو بکر صدیق سب سے افضل ہیں پھر حضرت عمر پھر حضرت عثمان پھر حضرت علی رضی اللہ عنہم

---

[1] عقائد نسفیہ [2] شرح عقائد [3] ترجمۃ عبدالعزیز پرہاروی

marfat.com

اجمعین۔

حافظ امام ابوسعید السمان روایت کرتے ہیں: **عن علی رضی الله عنه قال خیر الناس فی هذهٖ الامته ابوبکر، عمر فاروق، عثمان ذوالنورین ثم انا۔** ۱

امام حجۃ الاسلام حامد الغزالی متوفی ۵۰۵ھ یوں ارقام فرماتے ہیں: **ان یعتقد فضل الصحابة وترتیبهم وان افضل الناس بعد النبی ﷺ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی لله تعالیٰ عنهم** بندے کے ایمان کی قبولیت کے لئے ضروری ہے کہ صحابہ کرام کی فضیلت میں ترتیب کا لحاظ رکھیں اور یہ عقیدہ رکھے کہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان غنی ہیں پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم ہیں ۲

ابوالحسن علی بن عثمان الہجویری الغزنوی الاھوری المشھور بہ داتا گنج بخش رحمہ اللہ تعالیٰ متوفی ۵۰۰ھ یوں رقم طراز ہیں۔

**باب فی ذکر آئمتهم من الصحابة ومنهم شیخ الاسلام وبعد از انبیاء۔** بہترین انام کہ خلیفۂ پیغمبر ﷺ بود امام وسید اھل تجرید وپیشوائے ارباب تفرید واز آفات نفسانی بعید ابوبکر عبداللہ بن عثمان الصدیق رضی اللہ عنہ ۳ حضرت ابوبکر صدیق انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام مخلوق میں افضل ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے خلیفہ ہوئے۔ اھل تجرید کے امام اور ارباب تفرید کے پیشوا اور آفات نفسانی سے دور ہیں۔

---

۱ النبراس بحوالہ فصل الخطاب ۲ احیاء علوم الدین ۳ کشف المحجوب

marfat.com

حضرت داتا گنج بخش رحمہ اللہ تعالیٰ کشف المحجوب شریف میں ایک اور مقام پر یوں ارقام فرماتے ہیں: صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مقدم ھمہ خلائق است از پس انبیاء ورو انباشد کہ کسے قدم پیش وے نہد۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام مخلوق پر مقدم (افضل) ہیں۔ کسی کیلئے جائز نہیں کہ ان سے آگے بڑھے۔ یعنی فضل وکمال میں کوئی بھی ان سے آگے بڑھ نہیں سکتا۔ یعنی کسی کیلئے ممکن ہی نہیں کہ مرتبہ وکمال وفضل میں ان سے آگے بڑھ جائے۔

علم وعرفان کے آفتاب شریعت وطریقت کے مہتاب دنیا تصوف میں نئے باب کا اضافہ کرنے والے نظریہ وحدۃ الشہود قائم فرمانے والے امام ربانی مجدد الف ثانی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی نقشبندی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: وخلیفۂ مطلق بعد خاتم الرسل علیہ وعلیھم الصلوٰۃ والسلام حضرت ابوبکر صدیق است رضی اللہ عنہ بعد ازاں حضرت عمر فاروق است رضی للہ عنہ بعد ازاں عثمان ذوالنورین ست رضی اللہ عنہ بعد ازاں حضرت علی بن ابی طالب است رضی للہ عنہ افضلیت ایشاں بترتیب خلافت است [1]

علامہ قاری علی رضا اپنی معتبر کتاب بدائع منظوم فارسی جو درس نظامی کی مقبول ترین کتاب ہے یوں ارقام فرماتے ہیں:

ہست ابوبکر اول آچار — پیشوائے مہاجر وانصار
پس عمر آنکہ رائے اوبصواب — یافت راہ موافقت بکتاب
بعد ازاں معدن حیا عثمان — کامل الحلم وجامع القرآن

---

[1] مکتوبات امام ربانی

marfat.com

بعدازاں حامل لواء نبی    شاہ مرداں حق علی ولی

تمام علماء حق اہل سنت و جماعت کا طرز تحریر وتقریر یہی ہے کہ جب خلفاء اربعہ کا ذکر فرماتے ہیں تو اِسی ترتیب سے، اِس سے اہل سنت و جماعت کا مسلک بے غبار ہوتا ہے۔ **کما قال امام المحدثین محقق علی الاطلاق برکت رسول اللہ ﷺ فی الھند.**

امام عبدالوھاب الشعرانی متوفی ۹۷۳ھ یوں ارقام فرماتے ہیں:

**قداطبق السلف الصالح من الصحابة و التابعین علی احترام ھولاء الاربعة الخلفاء عند اللہ وتعظیمھم علی ھذا الترتیب الذی ذکرنا اما الصحابة فلانھم شاھد وافضل ابی بکر بقرائن الاحوال المقترنة بقوله ﷺ وبفعله المنبئین عن الافضلیة عند اللہ تعالیٰ واما التابعون فلانھم خیر القرون بعدالصحابة ولانھم اعرف بعقائد الصحابة فی ابی بکر وغیرہٖ۔**

[1] سلف صالحین صحابہ کرام اور تابعین میں تمام کا اتفاق ہے۔ کہ ان خلفاء اربعہ کا احترام وتعظیم اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کی خلافت کی ترتیب پر ہے۔ صحابہ کرام نے تو حضرت صدیق اکبر کے فضل کا مشاہدہ کیا ایسے قرائن واحوال کے ساتھ جو نبی اکرم ﷺ کے قول وفعل مبارک سے حاصل تھے۔ ان سے ان کی افضلیت اللہ تعالیٰ کے نزدیک کیا ہے معلوم ہوگئی۔

تابعین اس لئے کہ خیر القرون ہیں بعداز صحابہ کرام کیونکہ یہ صحابہ کرام کے

---

[1] الیواقیت والجواھر

marfat.com

عقائد سے بخوبی واقف تھے کہ ابوبکر صدیق اور دوسروں کے متعلق ان کے کیا عقائد تھے۔دوسرے مقام پر امام شعرانی شافعی یوں رقم طراز ہیں:

**اعلم ان الامام الحق بعد رسول الله ﷺ ابوبکر فعمر فعثمان فعلی رضی الله عنهم اجمعین** [1] جان توں بیشک امام برحق رسول اللہ ﷺ کے بعد ابوبکر ہیں پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رضی اللہ عنہ حدیث بشارت بالجنۃ کے تحت یوں ارقام فرماتے ہیں: اینجا نکتہ ایست کہ برائے آن متنبہ باید شد کہ ذکر خلفاء اربعہ ہرجا کہ دراحادیث واقع شدہ کلا وبعضاً ہمیں ترتیب شدہ وبایں استینا سے بمذہب اہلسنت وجماعت حاصل میگردد [2]

اس جگہ (**ابوبکر فی الجنة عمر فی الجنه عثمان فی الجنة علی فی الجنه ہے**) نکتہ ہے جو معلوم ہونا چاہیے کہ خلفاء اربعہ کا جہاں بھی ذکر ہوا ہے کلا یا بعضاً اسی ترتیب سے ہوا ہے۔اس سے اہل سنت و جماعت کا مسلک حاصل ہوتا ہے۔

وہ یہی ہے کہ جس ترتیب سے ان کا ذکر ہے اسی ترتیب سے مراتب عنداللہ ہیں۔

(مؤلف)

## لفظ افضل اور خیر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی شان میں بطور نص:

قارئین ہم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی افضلیت مطلقہ پر دلائل کتاب وسنت۔آثار صحابہ اور خصوصاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے ارشادات اور

---

[1] الیواقیت والجواهر [2] اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ

marfat.com

اجماع امت سے پیش کئے ہیں جن میں لفظ افضل، تفضیل، خیر سید، بطور نص حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر بولے گئے ہیں۔ افضل وخیر میں نسبت تساوی کی ہے لیلۃ القدر میں فرمایا خیر من الف شھر (افضل الف شہر) اور مصداق دونوں کا حضرت ابوبکر صدیق کی ذات ہے۔ لہذا ان دلائل سے واضح ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق کی افضلیت اور خیریت میں شک وشبہ اور تاویل وتوجیہ کی بالکل گنجائش نہیں اور اہل سنت وجماعت کا مذہب اور عقیدہ بے غبار ہے اور جو اس عقیدہ سے منحرف ہے وہ اہل سنت وجماعت سے خارج ہے۔

## افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر اجماع کی تحقیق:

ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ اکابرین امت نے اس کی تصریح کی ہے کہ جس ترتیب سے خلافت ہے اسی ترتیب سے عنداللہ مراتب ہیں۔

اس کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ شیخین کی ترتیب، تو اس کی پھر دو صورتیں ہیں ان کی آپس میں ترتیب، دوسری ان کے مجموعہ کی باقی دو (ختنین) کے ساتھ ترتیب یہ دونوں صورتیں ایسی ہیں کہ پوری امت متفق ہے کہ حضرت صدیق اکبر حضرت فاروق اعظم سے افضل ہیں اور اس میں بھی پوری امت متفق ہے کہ شیخین (حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق) ختنین (حضرت عثمان ذی النورین اور حضرت علی المرتضیٰ) سے افضل ہیں۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی یوں ارقام فرماتے ہیں: وبیہقی در کتاب الاعتقاد میگوید کہ ابوثور از شافعی روایت میکند کہ ہیچ یکے از صحابہ وتابعین در تفضیل ابوبکر وعمر وتقدیم ایشاں اختلافی نکردہ واختلافی اگر ہست در علی وعثمان است۔

marfat.com

وبالجملہ قرار داد مشائخ اہلسنت بران است کہ در تقدیم ابوبکر وعمر بر سائر صحابہ در رعایت ترتیب میان ایشان اختلافے نیست۔ ۱؎ امام بیہقی کتاب الاعتقاد میں فرماتے ہیں ابوثور امام شافعی سے روایت کرتے ہیں کہ صحابہ کرام اور تابعین میں حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کی افضلیت واقدمیت میں کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں۔ ہاں اگر اختلاف ہے تو حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم اجمعین کے درمیان ہے۔ شیخ صاحب بالجملہ سے خود خلاصہ ذکر فرماتے ہیں۔ خلاصہ کلام یہ ہوا کہ مشائخ اہلسنت کا اتفاق ہے کہ ابوبکر صدیق اور عمر فاروق تمام صحابہ سے افضل ہیں اور ان کی ترتیب خلافت کی رعایت میں کوئی اختلاف نہیں یعنی جس طرح ترتیب خلافت میں سب سے پہلے ابوبکر صدیق ہیں یوں ہی مراتب میں دوسری صورت کہ ختنین (حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضیٰ) کی خلافت کی ترتیب ہے ان کے مراتب بھی اسی ترتیب پر ہیں۔ اس میں صحابہ وتابعین کا اجماع ہے۔ جیسا کہ بخاری شریف ترمذی شریف، کے علاوہ دیگر کتب سے احادیث نقل کی جا چکی ہیں۔

جن کا خلاصہ یہی ہے کہ صحابہ فرماتے ہیں ہم حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی موجودگی میں کہا کرتے تھے رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابوبکر افضل وخیر الناس ہیں پھر عمر پھر عثمان پھر خاموش رہتے تھے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام سن کر خاموش رہتے تھے اور حضرت علی المرتضیٰ کا اپنا ارشاد **خیر الناس فی هذه الامته ابوبکر وعمر وعثمان ذوالنورین ثم انا النبراس** اس امت میں سب سے افضل ابوبکر پھر عمر پھر عثمان ذوالنورین پھر میں (علی المرتضیٰ) رواه الحافظ ابوسعید۔ امام ابن حجر قسطلانی

---

۱؎ تکمیل الایمان مطبوعہ لکھنؤ ھند

marfat.com

امام ابن عساکر کے حوالہ سے روایت کرتے ہیں۔ **عن عبداللہ ابن عمر قال انکم تعلمون انا کنا نقول علی عھد رسول اللہ ﷺ ابوبکر و عمر وعثمان وعلی یعنی فی الخلافة کذا فی اصل الحدیث ففیه تقید الخیریت المذکورہ والافضلیت بما یتعلق بالخلافة فقد اطبق السلف علی خیریتھم عنداللہ علی ھذا الترتیب بخلافتھم۔** [1] حضرت عبداللہ بن عمر نے فرمایا اے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب تمہیں علم ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کہا کرتے تھے۔ ابوبکر وعمر وعثمان وعلی یعنی فی الخلافۃ۔ یہ آخری جملہ یعنی فی الخلافۃ حضرت عبداللہ بن عمر کی تفسیر ہے کہ یہ ترتیب خلافت ہے۔ اس جملہ سے ایک تو اس ترتیب سے خلافت حقہ کا ثبوت ہے دوسرا اصحابہ کرام کے علم غیب کا ثبوت۔ باقی اس سے افضلیت بالترتیب کی نفی نہیں۔ بلکہ مشعر بالافضلیت ہے۔

حضرت امام ابن حجر قسطلانی فرماتے ہیں اس حدیث میں افضلیت وخیریت کو مقید کیا ہے۔ اس شئے سے جو متعلق بالخلافۃ ہے اور متعلق بالخلافۃ ترتیب ہے لہذا سلف نے اتفاق فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مراتب بھی اسی ترتیب پر ہیں۔ امام قسطلانی کی عبارت کو مولوی برخوردار ملتانی صحیح نہ سمجھ سکا یا تجاھل عارفانہ کے پیش نظر نبراس شرح شرح عقائد کے حاشیہ میں اس ترتیب سے افضلیت عنداللہ کے خلاف پیش کرتا ہے۔ اس پر مزید بات آگے کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

امام ابن حجر عسقلانی شافعی فرماتے ہیں **ونقل اللبیھقی فی الاعتقاد بسندہٖ الی ابی ثور عن الشافعی انه قال اجمع الصحابة واتباعھم علی**

---

[1] ارشاد الساری شرح بخاری جلد ۸

marfat.com

**افضلیت ابی بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی۔** [1]

صحابہ وتابعین کا اجماع ہے کہ حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی رضی اللہ عنھم اسی ترتیب سے افضل ہیں عنداللہ۔ علامہ عبدالعزیز پرھاروی یوں ارقام فرماتے ہیں: **بل حکی ابو منصور البغدادی الاجماع علی ان عثمان افضل وعن عبداللہ بن عمر قال اجمع المھاجرون والانصار علی ان خیر ھذہٖ الامتہ ابوبکر وعمر وعثمان رواہ خیثمہ بن سعد** [2]

ابو منصور بغدادی نے اجماع نقل کیا کہ حضرت عثمان غنی حضرت علی سے افضل ہیں اور عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ انہوں نے مہاجرین اور انصار صحابہ نے اجماع کیا ہے کہ اس امت سے افضل ابوبکر وعمر وعثمان ہیں۔

ایک اور مقام پر علامہ امام عبدالعزیز پرہاروی یوں ارقام فرماتے ہیں:

**وفی التعرف اجمع الصوفیه علی تقدیم ابی بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنھم۔**

صوفیاء کرام نے بھی اجماع کیا ہے کہ اس امت میں سب سے افضل حضرت ابوبکر ثم عمر الفاروق ثم عثمان غنی پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنھم۔

لہذا ثابت ہوا صحابہ کرام اور تابعین کا اجماع ہے جس ترتیب سے خلافت ہے اسی ترتیب سے مراتب ہیں۔ امام ھمام عمر النسفی علم عقائد کی معرکۃ الآراء کتاب عقائد نسفیہ میں اسی ترتیب کو ذکر فرماتے ہیں، افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر ثم عمر الفاروق، ثم عثمان ذوالنورین، ثم علی المرتضیٰ اس پر حضرت علامہ تفتازانی شرح عقائد

---

[1] فتح الباری شرح صحیح بخاری جلد ۷ [2] النبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

میں یوں ارقام فرماتے ہیں۔

وعلیٰ ھذا وجدنا السلف شرح عقائد امام عبدالعزیز پرھاروی ملتانی ھذا کا مشار الیہ ذکر کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں: الترتیب المذکور [1] السلف کی شرح میں شارح شرح عقائد یوں ارقام فرماتے ہیں: **وقال بعض المحشین المراد من السلف الصحابۃ والتابعون فقط. واما الذی توقف فی عثمان وعلی الذی فضل الثانی علی الاول فمن المتاخرین انتھی** [2] یہاں جو امام سعد الدین تفتازانی نے سلف کا لفظ ذکر فرمایا کہ ہم نے مذکورہ ترتیب پر اسلاف کو پایا یہاں سلف سے مراد صحابہ اور تابعین ہیں فقط باقی یہ جو ہے کہ بعض نے ختنین کی تفضیل میں توقف فرمایا یا حضرت علی کو حضرت عثمان پر فضیلت دیتے ہیں تو اختلاف متاخرین میں ہے۔ لہذا اصحابہ وتابعین کا اجماع ہے کہ خلافت کی ترتیب پر عنداللہ مراتب ہیں۔

خلفاء اربعہ میں سے کن کی تفضیل میں اور کن کا اختلاف؟

یہ بات بالکل واضح ہوگئی کہ شیخین کی افضلیت میں سلف وخلف کا اتفاق ہے۔ ختنین یعنی شیخین کی افضلیت ختنین پر اتفاقی ہے۔ ہاں ختنین کی آپس میں تفضیل اختلافی ہے متاخرین کے نزدیک۔ علامہ امام عبدالعزیز پرھاروی یوں ارقام فرماتے ہیں: **ان کثرۃ الثواب لاتعرف بالعقل ولذا وقف الامام مالک قیل لہ وعثمان وعلی قال مادرکت احد اقتدی بہ یفضل احدھما علی الآخر** [1]

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد [2] نبراس [3] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

افضلیت کا معنی کثرت ثواب ہے یہ معنی بغیر اعلام اللہ واعلام النبی ﷺ محض عقل سے معلوم نہیں ہوسکتا اسی لئے امام مالک نے توقف کیا ان سے پوچھا گیا نبی اکرم ﷺ کے بعد کون افضل الناس ہے آپ نے فرمایا ابوبکر وعمر کی افضلیت میں کوئی شک نہیں۔ پوچھا کیا حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہما میں سے کون افضل ہے فرمایا ہم نے ایسا کوئی نہیں پایا جس کی اقتدا کریں کہ انہوں نے دونوں میں سے ایک کو فضیلت دی ہو دوسرے پر۔

مگر یہ اختلاف اٹھ گیا۔ امام عبدالعزیز پرھاروی یوں ارقام فرماتے ہیں:

**قال الامام النووی فی شرح مسلم الصحیح المشهور تقدیم عثمان علی علی رضی الله عنهما انتهی۔** [1] امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں فرمایا صحیح اور مشہور یہ ہے کہ حضرت عثمان ذوالنورین حضرت علی المرتضیٰ سے افضل ہیں۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی یوں ارقام فرماتے ہیں: منقول از ابوبکر ابن خزیمہ تفضیل علی بر عثمان ودر جوہر الاصول میگوید کہ منقول از اہل تقدیم علی علی عثمان است وسفیان ثوری نیز بہمیں قائل است واز علماء حدیث آنکہ تقدیم علی بر عثمان کردہ است محمد اسحاق بن خزیمہ است وامام محی الدین نووی در شرح صحیح مسلم میگوید کہ بعضی اہل سنت وجماعت از اہل کوفہ بتقدیم علی بر عثمان رفتہ اند وقول صحیح ومشہور تقدیم عثمان است بر علی۔ [2]

وہ حضرات متاخرین میں جو تفضیل علی رضی اللہ عنہ کے قائل تھے ان کو شیخ نے ذکر فرمایا اور آخر میں امام نووی شارح مسلم کے قول کو بطور فیصلہ کن ذکر فرمایا کہ صحیح قول اور مشہور اہل سنت وجماعت کا یہ ہے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد [2] تکمیل الایمان

marfat.com

اللہ عنہ سے افضل ہیں۔

## امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا رجوع:

امام مالک رضی اللہ عنہ کا توقف بین عثمان وعلی رضی اللہ عنہما جو نقل کیا گیا آپ نے اس سے رجوع فرمایا امام عبدالعزیز پرہاروی یوں ارقام فرماتے ہیں: **ذکر القاضی عیاض عن الامام مالک انه رجع عن التوقف الی هذا وحکی القسطلانی عن سفیان الثوری انه رجع عن تفضیل علی الی تفضیل عثمان** [1] قاضی عیاض نے ذکر فرمایا کہ امام مالک نے تفضیل علی رضی اللہ عنہ سے تفضیل عثمان ذی النورین کی طرف رجوع فرمایا اور امام قسطلانی نے فرمایا حضرت سفیان ثوری نے بھی تفضیل عثمان کی طرف رجوع فرمایا۔ امام شیخ عبدالحق محدث دہلوی ارقام فرماتے ہیں: **وقسطلانی در شرح صحیح بخاری میگوید که بعضی از سلف بتقدیم علی برعثمان رفته اندوسفیان ثوری از ایشاں است وبعضے گفته اند که وے در آخر ازاں رجوع کرده است** [2]۔ امام قسطلانی نے شرح صحیح بخاری میں فرمایا کہ بعض سلف سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقدیم منقول ہے اور سفیان ثوری انہیں میں سے ہیں اور آخر میں انہوں نے رجوع کرلیا۔ مؤلف امام قسطلانی کی عبارت یوں ہے: **وذهب بعض السلف الی تقدیم علی علی عثمان وممن قال به سفیان الثوری لکن قیل انه رجع** [3]

---

[1] نبراس [2] تکمیل الایمان [3] ارشاد الساری شرح بخاری جلد ۸

marfat.com

سیدی ومرشدی امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی نقشبندی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: ان کے ارشاد کا خلاصہ کلام یہ ہے کہ حضرت صدیق اکبر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی افضلیت میں اہل سنت کا بالکل اختلاف نہیں۔ اگر متاخرین میں اختلاف ہے بھی تو ختنین میں ہے اور اس میں رجوع ثابت ہے۔ کہ توقف در افضلیت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ از امام مالک نقل کردہ اند قاضی عیاض گفتہ کہ اور جوع کردہ است از توقف بسوئے تفضیل عثمان [1]

وہ توقف جو حضرت عثمان غنی کی افضلیت میں حضرت امام مالک سے منقول ہے حضرت قاضی عیاض فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عثمان کی افضلیت کی طرف رجوع فرمایا۔

امام ابن حجر عسقلانی شافعی یوں ارقام فرماتے ہیں: **وان الاجماع انعقد بآخرة بین اهل السنة ان ترتیبهم فی الفضل کترتیبهم فی الخلافة رضی الله عنهم اجمعین** [2]

آخر کار اس پر اہل سنت و جماعت کا اجماع منعقد ہوا ہے کہ خلفاء اربعہ فضیلت خلافت کی ترتیب پر ہیں۔

اسی مقام پر فتح الباری میں یوں مذکور ہے: **ان هولاء الاربعة اختارهم الله تعالیٰ بخلافة نبیه و اقامة دینه منزلتهم عنده بحسب ترتیبهم فی الخلافة** ۔ان چار خلفاء کو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی خلافت کیلئے اور اقامۃ دین

---

[1] ارشاد الساری شرح بخاری جلد ۸ [2] مکتوبات شریف جلد ۱ [3] فتح الباری شرح بخاری جلد ۸

کیلئے پسند فرمایا تو ان کا مرتبہ اللہ تعالٰی کے نزدیک اُسی ترتیب کے مطابق ہے جو خلافت کی ترتیب ہے۔

افضلیت صدیق اکبر اور عمر فاروق میں اہل سنت کا بالکل اختلاف نہیں۔

خلاصہ کلام یہ ہوا کہ افضلیت صدیق اکبر اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما میں اہل سنت و جماعت کا اختلاف بالکل نہیں۔ اور رہا ختنین (حضرت عثمان غنی اور علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالٰی عنہما کے درمیان جو فاضل و مفضول والا اختلاف ہے) اولا تو اختلاف کرنے والے بزرگوں نے رجوع فرمالیا اور اگر باقی ہے تو ایک یہ ہے کہ وہ متاخرین اہل سنت میں اختلاف ہے۔ دوسرا یہ کہ جمہور (اکثر) اہل سنت و جماعت کے نزدیک حضرت عثمان غنی حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما سے افضل ہیں۔ امام ربانی مجدد الف ثانی سیدی و مرشدی حضرت شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: **واما تفضیل عثمان بر علی رضی اللہ عنہما پس اکثر علماء اہل سنت بر آنند کہ افضل بعد از شیخین عثمان است**[1] **بہر حال افضلیت عثمان غنی رضی اللہ عنہ حضرت علی رضی اللہ عنہ** پر تو اکثر علماء اہل سنت کا مذہب ہے کہ شیخین کے بعد حضرت عثمان غنی افضل ہیں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مرتبہ ہے۔

## آئمہ اربعہ کے نزدیک مسئلہ تفضیل:

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ رقم طراز ہیں کہ ومذھب آئمہ اربعہ مجتہدین نیز ھمیں است۔[2] ائمہ اربعہ حضرت امام

---

1. مکتوبات امام ربانی 2. مکتوبات شریف

marfat.com

اعظم ابوحنیفہ۔ حضرت امام مالک، حضرت امام شافعی، حضرت امام احمد بن حنبل رضی اللہ عنھم کا مذہب یہ ہے کہ جس ترتیب سے خلافت ہے اسی ترتیب سے مراتب وفضیلت ہے۔ عنداللہ تعالیٰ۔

## ایک شبہ کا ازالہ اور علامات اہل سنت:

امام علامہ سعد الدین تفتازانی نے شرح عقائد میں ایک عبارت ذکر فرمائی ہے۔ اُس سے ایک شبہ پیدا ہو رہا ہے۔ مجدد صاحب رضی اللہ عنہ مکتوبات میں اُس شبہ کا ازالہ فرماتے ہیں۔

اولاً شرح عقائد کی عبارت ملاحظہ ہو **والسلف کانو متوقفین فی تفضیل عثمان حیث جعلوا من علامات اهل السنة والجماعت تفضیل الشیخین ومحبة الختنین** [1] **سلف تفضیل عثمان غنی رضی الله عنه** میں توقف کرتے ہیں۔ جس مقام پر کیا انہوں نے تفضیل شیخین اور محبت ختنین کو اہل سنت و جماعت کی علامت۔

[2] اسی طرح وہ توقف جو امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت سے سمجھا گیا ہے کہ اہل سنت و جماعت کی علامات سے تفضیل شیخین ومحبت ختنین فقیر (امام ربانی) کے نزدیک اس عبارت کے اختیار فرمانے کی اور وجہ ہے چونکہ ان دونوں بزرگوں کے دورِ خلافت میں فتنوں اور خلل کا ظہور زیادہ تھا۔ اس وجہ سے لوگوں کے دلوں میں ان بزرگوں کے متعلق کدورتیں پائی جاتی تھیں۔

جب امام صاحب نے یہ معنی ان بزرگوں کے حق میں ملاحظہ فرمایا تو آپ

---

[1] شرح عقائد [2] مکتوبات امام ربانی

marfat.com

نے ان بزرگوں کے حق میں لفظ محبت استعمال فرمایا اور ان کی دوستی کو اہل سنت کی علامت قرار دیا اور تفضیل کے توقف کا تو شائبہ تک بھی نہیں ہے۔ توقف در تفضیل کیسے ہوسکتا ہے حالانکہ کتب حنفیہ بھری پڑی ہیں اس بات سے ان (خلفاء اربعہ) کی افضلیت ان کی خلافت کی ترتیب پر ہے۔ جیسا کہ خود امام اعظم رضی اللہ عنہ نے عقائد کی معتبر کتاب فقہ اکبر میں تصریح فرمائی ہے کہ انبیاء ومرسلین صلوۃ اللہ علیہم اجمعین کے بعد مرتبہ ابوبکر صدیق کا پھر عمر فاروق کا پھر عثمان ذوالنورین کا پھر علی المرتضی رضی اللہ عنہم کا ہے۔ (مؤلف)

## افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی وجہ کیا ہے؟

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی افضلیت علی الاطلاق کی وجہ کیا ہے؟

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں ہم جس افضلیت سے بحث کر رہے ہیں اس کا معنی کثرت ثواب اور اعظم جزاء علی اعمال الخیر ہے۔ لہذا اس میں کثرت خیرات وحسنات یعنی کمیت کا لحاظ نہیں بلکہ کثرت ثواب خیرات وحسنات یعنی کیفیت کا لحاظ ہے۔ جیسے بعد والے لوگ اگر احد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کریں تو صحابہ کرام کے ایک سیر جو یا آدھا سیر جو کے برابر ثواب نہیں پا سکتے۔ دوسری مثال جیسے حدیث شریف میں آتا ہے اگر جماعت سے نماز ادا کی جائے تو بغیر جماعت کے ادا کی ہوئی نماز سے ۲۷ درجے زیادہ ثواب رکھتی ہے۔ اور تیسرا حدیث میں ہے کہ جس نماز کے وضوء میں مسواک استعمال کی جائے اس نماز کا ثواب اس نماز (جس کے وضو میں مسواک استعمال نہیں کی گئی ہے) کے ثواب سے ۷۰ درجے زیادہ ہے۔ حالانکہ اگر کوئی شخص مسواک استعمال کرنے کے باوجود بغیر جماعت کے نماز ادا کرے تو ۷۰ درجے ثواب

marfat.com

زیادہ رکھنے کے باوجود جماعت والی نماز کے ثواب کو نہیں پا سکتا بظاہر مسواک والی نماز کے درجے کمیت وتعداد میں زیادہ ہیں۔ وجہ یہ ہے کیفیت اور کثرت ثواب میں فرق ہے۔ مسواک والی نماز کے ۷۰ درجے اجر وثواب اور کیفیت میں جماعت والی نماز کے ایک درجے سے بھی کم ہیں۔ یہ ہے فرق اور تفاوت ابوبکر صدیق کی حسنات ونیکی اور دوسرے صحابہ کرام کے حسنات ونیکیوں کے درمیان۔ اس لئے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ **لو اتنرن ایمان ابی بکر مع ایمان امتی لو جح**۔ اگر ابوبکر کا ایمان میری ساری امت کے ایمان کے ساتھ تولا جائے تو ابوبکر کا ایمان بھاری ہوگا۔ لہذا مدار افضلیت کثرت اعمال الخیر نہیں بلکہ کثرت ثواب اعمال الخیر ہے۔ امام عبدالعزیز پرہاروی چشتی ملتانی یوں ارقام فرماتے ہیں: **والسر فی ذالک ان اصل الخیر هو الاخلاص فی العمل ومحبة الحق سبحانه ودوام الحضور معه وهی امور باطنية ولذا قال بکر بن عبدالله المزنی مافضلکم ابوبکر بصوم وصلوٰة. ولکن بشیٔ فی قلبه انتھٰی** [1]۔ افضلیت میں سر یہ ہے کہ اصل خیر وہ اخلاص فی العمل اور اللہ تعالیٰ کی محبت اور اس کے ساتھ ہمیشہ حضور اور یہ امور باطنی ہیں اسی لئے بکر بن عبداللہ المزنی نے فرمایا حضرت ابوبکر صدیق کو تم پر صوم وصلوٰۃ کی وجہ سے فضیلت نہیں دی گئی بلکہ ایسی باطنی شی کی وجہ سے جو ان کے دل میں پائی جاتی ہے۔

تصوف کے امام حضرت شیخ محی الدین ابن عربی فتوحات مکیہ میں یوں ارقام فرماتے ہیں: **اعلم ان السر الذی وقر فی صدر ابی بکر رضی الله**

---

[1] النبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

تعالیٰ عنہ وفضل به علی غیرہٖ ھو القوۃ التی ظھرت فیه یوم موت رسول الله ﷺ فکانت له کالمعجزۃ فی الدلالة علی دعویٰ الرسالة فقوی حین ذھلت الجماعة [1]۔ جان تو بیشک وہ راز جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سینہ بے کینہ کے اندر رکھا گیا جس کی وجہ سے آپ ساری امت پر فضیلت پا گئے وہ قوت ہے جو رسول اللہ ﷺ کے وصال کے وقت ظاہر ہوئی۔ یہ قوت دعوی رسالتہ رسول اللہ ﷺ کیلئے معجزہ تھی۔ جب باقی جماعت صحابہ کمزور ہو چکی تھی تو حضرت ابوبکر صدیق قوی و مضبوط تھے۔

لہذا افضلیت کی مدار کثرت فضائل و مناقب پر نہیں۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں:

وزیرا که سلف از صحابه وتابعین آن قدر فضائل ومناقب که از حضرت امیر نقل کرده انداز ھیچ صحابی منقول نشده است حتی قال الامام احمد بن حنبل ماجاء لاحد من الصحابة من الفضائل ماجاء لعلی مع ذالک ھم ایشاں حکم کرده اند بافضیلت خلفاء ثلاثه پس معلوم شد وجه افضلیت دیگر است وراء ایں فضائل ومناقب [2]

اسلاف نے صحابہ کرام اور تابعین سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل مناقب اس قدر نقل کیئے کہ کسی صحابی کے اس قدر نقل نہیں کیئے۔ حتی کہ امام احمد بن حنبل نے فرمایا کسی صحابی کے اتنے فضائل بیان میں نہیں آئے تھے جتنے حضرت علی

---

[1] فتوحات مکیہ بحوالہ الیواقیت الجواہر [2] مکتوبات امام ربانی

marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیان ہوئے ہیں اسکے باوجود سلف خلفاء ثلاثہ کی حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر افضلیت کا حکم کرتے ہیں معلوم ہوا افضلیت کی وجہ ان فضائل ومناقب کے سوا کوئی اور چیز ہے مؤلف وہ وجہ وہی ہے جو اوپر بیان ہو چکی ہے وہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سینہ بے کینہ کے اندر ودیعت فرمائی گئی ہے۔

## شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے اہل سنت کو مغالطہ دینا:

محقق علی الاطلاق شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے تکمیل الایمان میں ایک عبارت ذکر فرمائی ہے۔ بعض اہل سنت و جماعت کی صفوں میں پیش پیش حضرات اس عبارت کا غلط مطلب بیان کرتے ہیں۔ یا اس عبارت کو سمجھے نہیں۔ یا پھر اہل سنت عوام کو مغالطہ دے کر ان کے عقائد کو خراب کرتے ہیں۔ ہم قارئین کی نذر وہ عبارت کرتے ہیں۔ پھر ان لوگوں کا اخذ کیا ہوا مطلب ذکر کریں گے پھر اُس عبارت کا صحیح مطلب پیش کریں گے شیخ محقق کی عبارت یہ ہے۔ بدانکہ جمہور اہل سنت و جماعت بریں ترتیب اند کہ مذکور شد۔[1] جاننا چاہیئے کہ جمہور اہل سنت و جماعت کا مذہب یہ ہے کہ جس ترتیب پر خلافت ہے اسی ترتیب پر مراتب ہیں اس عبارت کی وضاحت عبارت میں لفظ ایں اسم اشارہ ہے اسکا مشار الیہ شیخ صاحب کی وہ عبارت ہے جو پچھلے صفحہ پر موجود ہے وہ یہ عبارت ہے۔

افضلیت خلفاء اربع بترتیب خلافت است یعنی افضل اصحاب ابوبکر است ثم عمر ثم عثمان ثم علی. شیخ نے لفظ مذکورہ شد سے اسی کا حوالہ دیا۔ یہ عبارت خاص ہے اس پر نص ہے کہ ان چار بزرگ صحابہ کے مراتب اللہ تعالیٰ کے نزدیک خلافت کی ترتیب پر

---

[1] تکمیل الایمان

marfat.com

ہیں اور خلافت ایک واقعی چیز ہے جو واقع ہو چکی ہے۔

یہ ترتیب جزی حقیقی ہے. اور وہ ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضےٰ، یہ متعدد چیزوں کو ھیئت وحدانیہ لگی ہوئی ہے اس وجہ سے یہ ترتیب جزئی حقیقی بن گئی۔ شیخ صاحب نے لفظ جمہور ذکر فرمایا اس سے اختلاف کی طرف اشارہ ہے بعض اہل سنت و جماعت اس ترتیب مراتب کے قائل نہیں مطلب یہ ھوا تمام متفق نہیں یہ نفی ہے اور ترتیب چار چیزوں میں ہے اور یہ متعدد ہیں اور یہ قانون ہے متعدد پر نفی آئے تو کئی صورتیں بن جاتی ہے. لہذا اختلاف کی کئی صورتیں بن جاتی ہیں

نمبر۱: حضرت عمر فاروق حضرت ابوبکر صدیق سے افضل.

نمبر۲: حضرت عثمان غنی حضرت ابوبکر سے افضل.

نمبر۳: حضرت علی المرتضےٰ حضرت ابوبکر صدیق سے افضل.

نمبر۴: حضرت عثمان غنی حضرت عمر سے افضل.

نمبر۵: حضرت علی حضرت عمر سے افضل.

نمبر۶: حضرت علی المرتضےٰ حضرت عثمان غنی سے افضل:

اسی طرح دو دو کو پھر تین کے مجموعہ کو لیکر ترتیب نکالی جائے تو کئی صورتیں بن جاتی ہیں ان تمام صورتوں میں ایک صورت اختلافی ہے یعنی مادہ اختلاف متعین ہے وہ ہے حضرت عثمان غنی اور علی المرتضےٰ کے درمیان کہ جمہور کے نزدیک حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضل ہیں اور بعض اھل سنت کے نزدیک حضرت علی المرتضےٰ کی تفصیل ہے لہذا باقی تمام احتمالات باطل اور بحیثیت مختلف فیہ ایک ہی صورت ہے۔ جب ایک مادہ میں جمہور اور بعض کا اختلاف ہوا ہے. جمہور اُس مادہ ترتیب کے مثبت

marfat.com

ہیں اور بعض نافی ہیں اور صورت اثبات میں وہ ترتیب ھئیت واحدانیہ کے ساتھ جزئی حقیقی ہے تو یہ کہنا بالکل درست ہے کہ جمہور اس ترتیب پر ہیں لیکن لفظ جمہور کا متعلق صرف وہ ایک مادہ ترتیب ہے جو حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان متحقق ہے۔ باقی وہ مادہ ترتیب جو حضرت ابو بکر صدیق اور عمر فاروق کے درمیان فاضل ومفضول والا متحقق ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں. اور پھر جو حضرت عمر فاروق کی تقدیم کا مادہ ہے باقی ختنین پر اس میں بھی اختلاف نہیں.

قارئین اب ہم مادہ اختلاف کے تعین پر احادیث واقوال پیش کرتے ہیں.

حضرت عثمان کی فضیلت حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما پر اس میں (اختلاف ہے) اکثر علماء اھل سنت کا مذھب ہے کہ شیخین کے بعد حضرت عثمان افضل پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور آئمہ اربعہ (امام اعظم ابوحنیفہ، امام مالک، احمد بن حنبل، امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنھم کا یہی مذھب کہ حضرت عثمان غنی افضل ہیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنھما سے۔ اور یہی مراد ہے شیخ عبدالحق محدث دھلوی کی عبارت سے جمہور علماء اھل سنت اس ترتیب پر ہیں کیونکہ ترتیب خلافت میں جمہور اور غیر جمہور کا تعلق صرف اس افضلیت میں ہے جو حضرت علی اور حضرت عثمان غنی کے درمیان پائی جاتی ہے۔ باقیوں میں جمہور غیر جمہور کا مسئلہ نہیں ہے. امام علی القاری حنفی یوں ارقام فرماتے ہیں

اجمع اهل السنة والجماعة على ان افضل الصحابة ابو بكر فعمر فعثمان فعلى فبقية العشرة المبشره بالجنته فاهل بدر فباقى اهل احد فباقى اهل بيعة الرضوان بالحديبية فباقى الصحابته انتهٰى.

ولعله اراد بالا جماع اجماع اكثر اهل السنته والجماعة لان

marfat.com

**الاختلاف واقع بين علي و عثمان رضی الله تعالیٰ عنهم عند بعض اهل السنة وان كان الجمهور علی الترتیب المذکور** [1] اجماع سے مراد اکثر اهل سنت و جماعت کا اجماع مراد ہے کیونکہ اختلاف واقع ہے حضرت علی اور حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے درمیان بعض اهل سنت کے نزدیک اگر چہ جمہور ترتیب مذکور پر ہیں کہ صحابہ میں افضل ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضٰے.........

حضرت ملا علی قاری نے بالکل واضح فرما دیا کہ اختلاف صرف حضرت علی اور حضرت عثمان کے درمیان ہے جمہور اور اکثر اھل سنت کے نزدیک خلافت والی ترتیب پر مراتب ہیں لہذا شیخ صاحب کی عبارت اور ملا علی صاحب کی عبارت بالکل باہم مطابق ہیں. لیکن یہ کہنا کہ جمہور کے نزدیک حضرت ابوبکر صدیق افضل ہیں۔ اور غیر جمہور (بعض) کے نزدیک حضرت علی المرتضٰے ابوبکر صدیق سے افضل ہیں جہالت یا بد دیانتی کے سوا کچھ نہیں.

**امام علامہ سعدالدین تفتا زانی یوں ارقام فرماتے ہیں فقال اهل السنته والجماعت الافضل ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی وقد مال البعض منهم الی تفضيل علی رضی الله تعالیٰ عنه علی عثمان والبعض الی التوقف بينهما** [2]

اھل سنت کے نزدیک ابوبکر صدیق سب سے افضل پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضٰے .اہل سنت سے بعض نے میلان کیا ہے اس طرف کہ حضرت علی المرتضٰے حضرت عثمان غنی سے افضل ہیں اور بعض نے ان کے درمیان توقف کیا ہے۔

---

[1] شرح فقہ اکبر   [2] شرح مقاصد

marfat.com

علامہ تفتازانی نے واضح فرما دیا اہل سنت کے درمیان اگر اختلاف ہے تو صرف ختنین کے درمیان ہے۔

امام ابن حجر مکی یوں تحریر فرماتے ہیں: **اعلم ان الذی اطبق علیہ عظماء الملت و علماء الامۃ ان افضل ھذہ الامۃ ابوبکر الصدیق ثم عمر ثم اختلفوا فالا کثرون ومنھم الشافعی واحمد و ھو المشھور عن مالک ان الافضل بعد ھما عثمان ثم علی**[1] بلاشبہ یہ بات ہے کہ عظماء ملت اور علماء امت کا اتفاق ہے کہ اس امت میں سب سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق ہیں۔ پھر اختلاف پایا جاتا ہے۔

اکثر اور ان میں سے امام شافعی امام احمد بن حنبل اور امام مالک کا مذھب یہ ہے حضرت عثمان غنی افضل ہیں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے لہذا ان کی عبارت سے مادہ اختلاف کا تعین بھی ہوا اور بالکل بے غبار ہوئی شیخ عبدالحق محدث دھلوی رحمتہ اللہ تعالیٰ کی عبارت کا مطلب روز روشن کی طرح واضح ہوا۔ لہذا تفضیل حضرت علی علی ابی بکر الصدیق والا مطلب نکال کر اھل سنت کو مغالطہ دینا اور اُس تفضیلی شیعہ کو سنی قرار دینا اور حوالہ شیخ عبدالحق رحمتہ اللہ تعالیٰ کی تکمیل الایمان کا دنیا سراسر اھل سنت کو دھوکہ دینا ہے. اور ساتھ یہ کہنا میں جمہور والا عقیدہ رکھتا ہوں کہ ابوبکر صدیق کو افضل مانتا ہوں یہ باطنی رفض کو مخفی رکھنے اور اھل سنت کی ضرب کاری سے بچنے کی کوشش ہے اور پھر اوپر سے شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا حوالہ دیکر دوسرے علماء اھل سنت و جماعت کو مرعوب کرنے اور علماء اھل سنت کے اُس عقیدہ کے محل میں زلزلہ پیدا

---

[1] الصواعق المحرقہ

marfat.com

کرنے کی ناکام کوشش کی جاتی ہے.

امام ابن حجر عسقلانی یوں ارقام فرماتے ہیں: **فالمقطوع بین اهل السنت بالفضيلت ابی بکر ثم عمر ثم اختلفو فیمن بعدهما فالجمهور علی تقدیم عثمان** [1] افضلیت صدیق اکبر پھر عمر فاروق اھل سنت کے نزدیک قطعی ہے اختلاف ان کے بعد میں (عثمان غنی اور علی المرتضٰے میں ہے) جمہور اھل سنت کے نزدیک حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے افضل ہیں.

شیخ صاحب کی عبارت واضح ہوگئی.

امام ابن حجر قسطلانی یوں تحریر فرماتے ہیں: **فقد اطبق السلف علی خیریهم عند الله علی هذا الترتیب کخلافتهم و ذهب بعض السلف الی تقدیم علی علی عثمان** [2] اسلاف کا اتفاق ہے کہ خلفاء اربعہ کی افضلیت (خیریت) اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسی ترتیب پر ہے جس ترتیب پر خلافت واقع ہوئی ہے۔ہاں بعض سلف کے نزدیک حضرت علی افضل ہیں حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے.

اس عبارت نے بھی شیخ صاحب کی عبارت کو واضح فرمادیا۔

شیخ صاحب کی ایک اور عبارت سے مغالطہ دیا جاتا ہے. تکمیل الایمان میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ تعالیٰ کی ایک اور عبارت ہے اھل سنت کو اس عبارت سے بھی مغالطہ دیا جاتا ہے ۔ہم پہلے عبارت نقل کرتے ہیں پھر وضاحت

---

[1] فتح الباری شرح بخاری جلد ۷ [2] ارشاد الساری شرح بخاری جلد ۸

marfat.com

کریں گے. شیخ صاحب کی عبارت، ولیکن بعضے ازفقهاء محدثین درشرح قصیده امالیه نقل کرده اند که افضلیت خلفاء اربعه مخصوص است بماعدای اولاد پیغمبر ﷺ وابن عبدالبر که ازمشاهیر علماء حدیث است دراستیعاب ذکر میکند که سلف اختلاف کرده اندر تفضیل ابوبکر و علی میگوید که مروی ازسلمان وابوذر و مقداد و خباب وجابر وابو سعید خدری و زید بن ارقم آن است که علی مرتضیٰ او کسی است که اسلام آورده و لیکن ازجهت خوف ابی طالب کتمان نموده و گفته است که ایں جماعت ازصحابه علی را تفضیل دهند برهر که غیر اوست ایں کلام ابن عبدالبر است.[1]

لیکن بعض فقہا محدثین سے شرح قصیدہ امالیہ میں منقول ہے کہ خلفاء اربعہ (یعنی ابوبکر صدیق، عمر فاروق، عثمان غنی، علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم) کی افضلیت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد پاک کو چھوڑ کر باقیوں کے ساتھ خاص ہے۔

ابن عبدالبر جو کہ مشاہیر علماء حدیث میں سے ہے۔ استیعاب میں یوں ارقام کرتے ہیں سلف نے افضلیت ابوبکر صدیق اور علی المرتضیٰ میں اختلاف کیا ہے وہ کہتا ہے کہ حضرت سلمان، حضرت ابوذر، حضرت مقداد، حضرت خباب، حضرت جابر اور حضرت ابوسعید خدری اور حضرت زید بن ارقم سے مروی ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ وہ ہیں جو سب سے پہلے ایمان لائے مگر ابوطالب کے خوف سے ظاہر نہ کیا ابن عبدالبر نے کہا صحابہ کی یہ جماعت حضرت علی کو ان کے غیر پر فضیلت دیتی تھی یہ

---

[1] تکمیل الایمان مطبوعہ لکھنو ھند

marfat.com

کلام ابن عبد البر کی ہے۔

قارئین بعض لوگ اِس عبارت سے استدلال کرتے ہیں کہ شیخ کا مذہب ہے کہ ابن عبد البر کی یہ روایت معتبر ہے اور اہلسنت اس روایت کو لیتے ہیں۔

لہذا بعض اہل سنت کے نزدیک حضرت علی حضرت ابو بکر صدیق سے مطلق افضل ہیں۔

## اس عبارت کی وضاحت:

اولاً عرض ہے کہ اس عبارت کو افضلیت حضرت علی المرتضیٰ پر بطور دلیل پیش کرنا درست نہیں چونکہ عبارت کے حصہ اولیٰ کا معنیٰ یہ ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی اولاد پاک خلفاء اربعہ سے افضل ہے تو خلفاء اربعہ میں حضرت علی المرتضیٰ بھی ہیں لہذا اس عبارت کے پہلے حصہ سے حضرت علی المرتضیٰ کی افضلیت بعد الانبیاء علی سائر الخلق ثابت نہ ہوئی۔

ثانیاً ابن عبد البر کی عبارت بحوالہ تکمیل الایمان پیش کر کے عوام وخواص کو یہ بتانا کہ یہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی کا عقیدہ ہے اور انہوں نے ذکر کیا ہے کہ بعض اہل سنت افضلیت حضرت علی المرتضیٰ علی ابی بکر صدیق کے قائل ہیں۔ سراسر بددیانتی اور دھوکہ اور فریب ہے او اہل سنت و جماعت کے قطعی عقیدہ اور عظمت ابی بکر صدیق کو مجروح کرنا ہے اور شیخ عبد الحق جو امام اہل سنت ہیں انکے عقیدہ پر حملہ ہے اور پھر شیخ کا حوالہ اس لئے دیا جاتا ہے کہ برصغیر پاک وہند میں شیخ کی شخصیت کو بطور حجت پیش کیا جاتا ہے مگر یہ دھوکہ عوام اہلسنت کو دیا جا سکتا ہے لیکن اہل علم کو نہیں دیا جا سکتا۔

اب ان کی بددیانتی ملاحظہ ہو۔ شیخ صاحب تکمیل الایمان میں ابن عبد البر کی

marfat.com

مذکورہ روایات کونقل کر کے فرماتے ہیں: ایں کلام ابن عبدالبر است ۔ یہ کلام ابن عبدالبر کی ہے۔اس کے بعد شیخ یوں ارقام فرماتے ہیں: ولیکن میگویند کہ ایں مقالہ از ابن عبدالبر مقبول و معتبر نیست زیرا کہ روایت شاذہ کہ مخالف قول جمہور افتد معتبر نباشد و جمہور آئمہ دریں باب اجماع نقل میگنند [1] لیکن مشائخ اہل سنت فرماتے ہیں ابن عبدالبر کا یہ قول معتبر و مقبول نہیں کیونکہ جو روایت شاذہ جمہور کے قول کے مخالف ہو وہ معتبر نہیں ہوتی اور جمہور اِس باب میں (یعنی افضلیت ابی بکر علیٰ سائر الصحابہ میں) امت کا اجماع نقل کرتے ہیں۔قارئین دیکھا کہ شیخ صاحب کی ابن عبدالبر کی عبارت نقل کرنے کی غرض کیا تھی وہ ابن عبدالبر کا رد کرنا چاہتے تھے اس لئے اس کی عبارت استیعاب سے لائے اور جمہور کی طرف سے رد پیش فرمایا کہ جمہور مشائخ اہل سنت اس روایت کو رد کرتے ہیں یعنی اہل سنت کے نزدیک ابن عبدالبر کی روایت کا کوئی اعتبار نہیں اور کتنا ظلم ہے کہ اہل سنت کے بڑے بڑے اجتماعات میں صرف ابن عبدالبر کی درجہ اعتبار سے ساقط و مردود عبارت سے بعض اہل سنت کا عقیدہ صحیحہ ثابت کرنا کہ یہ عقیدہ رکھنے والے لوگ اہل حق ہیں۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح قرآن حکیم کی آیت: (ولا تقربوا الصلوٰۃ نماز کے قریب نہ جاؤ) پڑھ کر تبلیغ کی جائے (وانتم سکاریٰ درآں حالیکہ تم نشے میں ہو) کو نہ پڑھا جائے یہ بے دینی نہیں تو اور کیا ہے۔

عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کتاب تکمیل الایمان میں لکھا ہے کہ جمہور کے نزدیک حضرت ابوبکر صدیق افضل ہیں اور بعض کے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں اور ساتھ یہ بھی کہا کہتے ہیں کہ میرا عقیدہ جمہور والا ہے۔ یہ کیسا

---

[1] تکمیل الایمان

marfat.com

مغالطہ ہے اہل سنت کو کہ اُدھر بھی حق ہے جو حضرت علی المرتضیٰ کو حضرت ابوبکر صدیق پر فضیلت دے۔ شیخ محقق ابن عبدالبر کی عبارت پر مؤلف کا تبصرہ کہ ابن عبدالبر کی عبارت سرے سے افضلیت علی الاطلاق ثابت ہی نہیں ہوتی کیونکہ اِس عبارت کا مطلب صاف ہے کہ یہ صحابہ کرام اس بات کے قائل تھے کہ حضرت علی المرتضیٰ ایمان لانے میں سابق ہیں لیکن اس کا یہ مطلب کب ہے کہ آپ حضرت ابوبکر یا عمرؓ فاروق اور عثمان غنی سے افضل ہیں۔ تکمیل الایمان کے اِسی صفحہ ۵۶ پر چند سطور بعد یوں تحریر فرماتے ہیں: وبیہقی در کتاب الاعتقاد میگوید کہ ابوثور ز شافعی روایت میکند کہ ہیچ یکے ز اصحاب وتابعین در تفضیل ابوبکر وعمر وتقدیم ایشاں اختلافی نکردہ واختلافی اگرست در علی وعثمان وبالجملہ قرارداد میں مشائخ اہل سنت براں است کہ در تقدیم ابوبکر وعمر رسائر صحابہ در رعایت ترتیب میاں ایشاں اختلافے نیست۔ امام بیہقی نے کتاب الاعتقاد میں کہا کہ ابوثور نے امام شافعی سے روایت کی ہے حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کی افضلیت وتقدیم میں صحابہ وتابعین میں سے کسی کا اختلاف نہیں اگر اختلاف ہے بھی تو حضرت علی لمرتضیٰ اور حضرت عثمان غنی کے درمیان ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے مشائخ اہل سنت کا مذہب یہ کہ افضلیت صدیق اکبر اور عمر فاروق تمام صحابہ میں اتفاقی ہے اس میں اہل سنت کا کوئی اختلاف نہیں۔ قارئین حضرت شیخ محقق کی زبانی مادہ اختلاف متعین ہوگیا۔

تکمیل الایمان کا حوالہ دینے والے لوگ خیانت سے کام لیتے ہیں۔ صرف رفض کا بیج بونے کیلئے۔ اور شیخ صاحب کی عبارت سے یہ مطلب لینا کہ جمہور کے نزدیک حضرت ابوبکر صدیق حضرت علی سے افضل ہیں اور بعض اہل سنت کے نزدیک

marfat.com

حضرت علی افضل ہیں یہ انتہا درجے کی جہالت ہے یا انتہاء درجے کا دھوکہ اور مغالطہ ہے جس کا مقصد عوام اہل سنت کے سینوں سے سنیت کی نعمت کو نکالنا ہے اور تأثر یہ دینا کہ جو حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا کو حضرت ابوبکر صدیق سے افضل مانے وہ بدستور سنی رہتا ہے۔ ہم عنقریب اس کا اپریشن کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

اب اور کتب سے مادہ اختلاف کو متعین کرتے ہیں۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرھندی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں وترتیب افضلیت درمیان خلفاء راشدین بترتیب خلافت است اما افضلیت شیخین باجماع صحابہ وتابعین ثابت شدہ است۔ چنانچہ نقل کردہ اند آنرا جماعہ ز اکابر آئمہ کہ یکے از ایشان امام شافعی است قال الشیخ الامام الاشعری اِن تفضیل ابی بکر ثم عمر علی بقیة الامة قطعی قال الذهبی وقدتواتر عن علی فی الخلافة و کرسی مملکته وبین الجم الغفیر من شیعته ان ابابکر وعمر افضل الامة ثم قال ورواه عن علی کرم الله وجهه الکریم نیف وثمانون نفسا وعد منهم جماعةً ثم قال قبح الله الرافضة ماجهلهم وروىٰ البخاری عنه انه قال خیر الناس بعد النبی ﷺ ابوبکر ثم عمر ثم رجل آخر فقال ابنه محمد بن الحنفیه ثم انت فقال انما انا رجل من المسلمین وصحح الذهبی وغیره عن علی انه قال الا وانه بلغنی ان رجالا یفضلوننی علیهما ومن وجدته' فضلنی علیهما فهو مفتر علیه ما علی المفتری واخرج الدار قطنی عنه لااجد احدا یفضلنی علی ابی بکر وعمر

marfat.com

الاجلدته' جلد المفتری و امثال ذالک منه ومن غیرہ من الصحابة متواترة بحیث لامجال فیه لانکار احد. واما تفضیل عثمان بر علی رضی الله عنه عنهما ۔پس اکثر علماء اہل سنت برآنند کہ افضل بعداز شیخین عثمان است پس علی ومذہب آئمہ اربعہ نیز ہمیں است ۔[1]

خلفاء اربعہ کی افضلیت خلافت کی ترتیب پر ہے۔لیکن شیخین کی افضلیت صحابہ کرام وتابعین کے اجماع سے ثابت ہے۔آئمہ اکابرین کی جماعت نے نقل کیا ہے ان میں سے امام شافعی بھی ہیں۔

امام شعرانی فرماتے ہیں شیخین کی افضلیت باقی امت پر قطعی ہے امام ذھبی نے فرمایا کہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ آپ نے اپنے دور حکومت وخلافت میں اپنے گروہ کے جم غفیر میں فرمایا تھا کہ ابوبکر صدیق اور عمر فاروق ساری امت سے افضل ہیں پھر امام ذھبی نے کہا کہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے ۸۰ سے زائد افراد نے روایت کیا اور ایک جماعت کو ان میں سے ذکر کیا۔ پھر کہا کہ اللہ تعالیٰ رافضیوں کو ہلاک کرے کتنے جاہل ہیں۔مؤلف امام ذھبی نے تصریح فرمادی کہ حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کی افضلیت کا منکر رافضی ہے۔

امام بخاری نے روایت فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ سے انہوں نے فرمایا کہ نبی اکرم ﷺ کے بعد تمام لوگوں سے ابوبکر صدیق خیر (افضل) ہیں پھر عمر فاروق پھر اور ایک آدمی حضرت محمد بن حنفیہ نے کہا پھر آپ نے فرمایا میں مسلمانوں میں سے ایک عام آدمی ہوں۔امام ذھبی اور ان کے علاوہ آئمہ نے اس روایت کو صحیح

---

[1] مکتوبات امام ربانی

marfat.com

قرار دیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا خبردار مجھے خبر ملی ہے کچھ لوگ مجھے شیخین پر فضیلت دیتے ہیں۔ فرمایا جو مجھے ان بزرگوں پر فضیلت دیگا وہ مفتری (بہتان تراش) ہے اس پر بہتان تراش کی حد ہے۔ امام الدار قطنی نے روایت فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو مجھے شیخین پر فضیلت دیگا میں اُسے مفتری کی حد ۸۰ کوڑے ماروں گا۔ اس طرح کی روایات حضرت علی رضی اللہ عنہ اور دیگر صحابہ سے حد تواتر کو پہنچ رہی ہیں۔ کسی کیلئے انکار کی مجال نہیں۔ بہرحال حضرت عثمان غنی کی فضیلت حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر اکثر علماء کا مذہب یہ ہے کہ حضرت عثمان غنی افضل ہیں حضرت علی سے اور آئمہ اربعہ کا یہی مذہب ہے۔ قارئین دیکھا حضرت مجدد پاک نے مسئلہ کس طرح بے غبار فرمایا کہ چند طریق سے:

نمبر ا: افضلیت شیخین قطعی ہے. نمبر ۲: حضرت جمع غیر میں نص فرمار ہے ہیں:

نمبر ۳: امام بخاری کی روایت بھی واضح اور صریح ہے.

نمبر ۴: حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ افضلیت کے منکر کو کوڑے مارنے کی حد بیان فرماتے ہیں.

نمبر ۵: امام ذھبی نے فرمایا افضلیت شیخین کا منکر رافضی (خارج از اھل سنت ہے)

نمبر ۶: مجدد صاحب فرماتے کسی کے لیے انکار کی گنجائش نہیں. ہاں مادہ اختلاف حضرت علی اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے درمیان ہے اور آئمہ اربعہ اور دیگر اکثر علماء اہل سنت و جماعت تفضیل حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قائل ہیں۔ ثانیاً شیخ عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ ابن عبدالبر کی روایت کا رد علی طریقۃ التسلیم

marfat.com

فرماتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں: وبر تقدیر تسلیم روایت وے ازاں جماعت صحابہ کہ تفضیل علی مرتضی نقل کردہ وامثال آں روایات چنانچہ خطابی از بعضے مشائخ حدیث نقل مے کند کہ میگفتند ابوبکر خیر من علی وعلی افضل من ابی بکر دامام تاج الدین سبکی کہ از اعاظم علماء شافعہ است در طبقات کبریٰ از بعضے متاخرین نقل کردہ است کہ ایشاں تفضیل ختنین میکنند از جہت ثبوت زوجیت بابضعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وشیخ جلال الدین سیوطی در کتاب خصائص از امام علیم الدین عراقی نقل کردہ است کہ فاطمہ وبرادر وے ابراھیم باتفاق افضل انداز خلفاء اربعہ وامام مالک آوردہ اند کہ گفت ما افضل علی بضعۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم احدا فرمود من ہیچ یکے را برآنکہ جگر پارہ رسول اللہ است تفضیل ندھم ایں تفضیل نسبت بدیگراں است نہ بالیشاں میگویند کہ ایں ہمہ روایات ضرر بمقصود ندارد ومنافی مدعائے ما نیست مدعا ما الیجا چنانچہ تحریر کردہ آمد اثبات افضلیت بوجھے خاص است وآں بمفضولیت بوجھے دیگر منافات ندارد (واین فضائل الخ) دیگر منافات ندارد وایں فضائل کہ ذکر کردہ شد راجع بکثرت ثواب ونفع اہل اسلام نیست بلکہ بمزید شرف نسب وکرامت جوھر ذات است چہ شک نیست کہ در اولاد پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کہ اجزائے اویند شرفی وشانی ہست کہ در ذات شیخین نیست ہیچکس را در آنجا مجال توقف وانکار نخواہد بود باوجود آں ثواب شیخین اکثر ونفع ایشاں در اسلام واھل آں اعظم واوفر است۔ [1] ۔اب شیخ صاحب ابن عبدالبر کی روایت کا جواب علی طریقۃ التسلیم دیتے ہیں۔ شیخ صاحب رحمہ اللہ تعالیٰ کی عبارت کا خلاصہ یہ ہے ابن عبدالبر والی روایت کا مطلب یہ ہے کہ وہ صحابہ کرام جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت صدیق

---

[1] تکمیل الایمان

marfat.com

اکبر رضی اللہ عنہ پر افضلیت دیتے تھے وہ افضلیت اور معنی میں ہے جیسا کہ بعض حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضیٰ دونوں کو افضل قرار دیتے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ ان کی نسبت نبی اکرم ﷺ کی بنات طیبات طاہرات رضوان اللہ تعالیٰ علیہم وعلیھن کے ساتھ زوجیت والی تھی۔ اور یہ دونوں بنات طیبات چونکہ سرکار ﷺ کے جسم پاک کا ٹکڑا ہیں۔ لہذا بایں معنی حضرت علی المرتضیٰ کی افضلیت اہل سنت کے مدعا کو مضر نہیں جیسا کہ بعض نے قول کیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تمام اولاد پاک شیخین سے افضل ہے۔ کیونکہ جسم رسول اللہ ﷺ کا ٹکڑا ہیں تو فضیلت شرف نسب کی بنا پر ہے۔ باوجود اس شرف کے شیخین کا مرتبہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کے نزدیک زیادہ ہے۔ کیونکہ افضلیت کی مدار شرف نسب پر نہیں بلکہ کثرت ثواب اعمال الخیر پر ہے اور یہ معنی ساری امت میں مع اولاد پاک ﷺ سب سے زیادہ شیخین میں پایا جاتا ہے۔ پھر اکثر وجمہور اہل سنت کے نزدیک حضرت عثمان غنی افضل ہیں پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم ہیں۔

قابل غور بات یہ بھی ہے کہ شیخ صاحب نے یہ بات بھی نقل فرمائی بعض کے نزدیک خلفاء اربعہ کی افضلیت سوائے اولاد پاک ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے تو اس میں حضرت علی المرتضیٰ بھی شامل ہیں اور اولاد پاک پر ان کی افضلیت بھی ثابت نہیں ہوتی تو پھر اگر خصم حضرت علی کو فاضل مانے تو بتائے کس دلیل سے اگر علی الاطلاق فاضل مانتا ہے تو وضاحت کرے پھر ہم بھی جواب دیں گے۔ حقیقت یہ ہے جواب وہی حق ہے جو شیخ محقق نے خود تکمیل الایمان میں ارشاد فرمادیا ہے۔ اور یہی اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے۔

marfat.com

لہذا خواہ مخواہ یہ رٹ لگانی کے حضرت علی افضل ہیں غلط ہے اِس سے اہل سنت کا اجماعی عقیدہ رد ہوتا ہے جو کہ خلاف واقع ہے کیونکہ جس معنیٰ میں حضرت صدیق اکبر افضل ہیں جو اہل سنت کی مراد ہے کثرت ثواب اس میں حضرت صدیق اکبر کے ساتھ کوئی بھی برابر نہیں ہوسکتا بلکہ ممکن نہیں۔

ابن عبدالبر کی روایت کی وضاحت امام ابن حجر مکی کی زبانی

تفضیلیوں (شیعہ) کو ایک یہ گذارش بھی ہے کہ شیخ صاحب کی عبارت سے واضح ہے کہ بعض حضرت علی المرتضیٰ کی افضلیت کے قائل اس لئے ہیں کہ اُن کی نسبت بضعۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (فاطمہ الزہراء) سے زوجیت والی ہے تو پھر ہم گذارش کریں گے پھر تمہیں چاہیے کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو حضرت علی سے ایک مرتبہ اور شیخین سے دو مرتبہ افضل مانا جائے کیونکہ ان کے نکاح میں دو بضعۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھیں۔(مؤلف)

امام ابن حجر مکی یوں ارقام فرماتے ہیں: **فان قلت ینافی ماقد متہ من الاجماع علی افضلیت ابی بکر قول بن عبدالبر ان السلف اختلفوا فی تفضیل ابی بکر وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہما وقولہ ایضا قبل ذالک روی عن سلمان وابی ذر والمقداد وخباب وجابر وابی سعید الخدری وزید بن ارقم ان علیا اول من اسلم وفضلہ ھولاء علی غیرہٖ قلت اما ماحکاہ اولا من ان السلف اختلفو فی تفضیلھما فھو شئ غریب انفرد عن غیرہٖ ممن ھو اجل منہ حفظا واطلاعا فلایعول علیہ. فکیف والحاکی لاجماع الصحابۃ والتابعین علی تفضیل ابی بکر**

marfat.com

وعمر وتقديهما اعلى سائرالصحابة جماعة من اكابر الائمة منهم الشافعى رضى الله عنه كما حكاعنه البيهقى وغيره وان من اختلف منهم انما اختلف فى على وعثمان وعلى التنزل فانه حفظ مالم يحفظ غيره فيجاب عنه بان الائمة اعرضوا عن هذہ المقالة لشذوذها الى ان شذوذالمخالف لايقدح فيه اورأو انها حادثة بعد انعقاد الاجما ع فكانت فى حيز الطرح والرد على ان المفهوم من كلام ابن عبدالبر ان الاجما ع استقر على تفضيل الشيخين على الحسنين واما ما وقع فى طبقت ابن السبكى الكبرىٰ عن بعض المتاخرين من تفضيل الحسنين من حيث انهما بضعة فلانيا فى ذالک مما قدمناه ان المفضول قد توجد فيه مزية ليست فى الفاضل على ان هذا تفضيل لايرجع لكثر ة الثواب بل لمزيد شرف ففى ذاتِ اولادہ ﷺ من الشرف ماليس فى ذات الشيخين ولكنهما اكثر ثوابا واعظم نفعا للمسلمين والاسلم واخشى لله واتقى ممن عداهم من اولادہ ﷺ فضلا عن غيرهم واما ماحكاه اعنى ابن عبدالبر حاكيا عن اولئک الجماعة فلا يقتضى انهم قائلون بافضيلت على على ابى بكر مطلقا. امامن حيث تقدمه عليه اسلاماً بناء على القول بذالک اومرادهم بتفضيل على على غيره ماعدالشيخين وعثمان لقيام الادلة الصحريحة الصحيحة على افضيلت هولاء عليه۔ [1] خلاصہ اس عبارت کا

---

[1] الصواعق المحرقہ ص ۵۹۔۵۸ مطبوعہ مصر

marfat.com

یہ ہے کہ امام ابن حجر مکی نے افضلیت صدیق اکبر پر اجماع نقل فرمایا۔ ابن عبدالبر کی عبارت کو لیکر معترض نے اعتراض کیا تو امام ابن حجر اُس اعتراض کو نقل کرتے ہیں فان قلت سے تو پھر کئی وجوہ سے جواب دیتے ہیں۔

اعتراض یہ ہے کہ آپ نے کہا افضلیت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ پر اجماع ہے حالانکہ ابن عبدالبر کا قول ہے کہ سلف نے تفضیل ابی بکر اور علی میں اختلاف کیا ہے۔ دوسرا یہ بھی قول ہے کہ روایت کیا گیا ہے کہ حضرت سلمان حضرت ابوذر حضرت مقداد حضرت خباب حضرت جابر حضرت ابوسعید خدری اور زید بن ارقم رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ سب سے پہلے حضرت علی المرتضٰی اسلام لائے اور یہ صحابہ کی جماعت حضرت علی المرتضٰی کو ان کے غیر پر فضیلت دیتی تھی۔

قلت سے جواب دیتے ہیں: اولا یہ جو حکایت ابن عبدالبر نے کی ہے کہ سلف نے ان دونوں (حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت علی المرتضٰی) میں تفضیل کا اختلاف کیا ہے۔ یہ شی غریب ہے اس میں ابن عبدالبر منفرد ہے ان اکابر سے جو حفظ ومعلومات کے اعتبار سے اِس سے بڑے ہیں لہذا اِس روایت پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا کس طرح اعتماد کیا جا سکتا ہے حالانکہ تفضیل ابی بکر اور ان کی تقدیم تمام صحابہ پر صحابہ وتابعین کا اجماع منقول ہے اور حکایت کرنے والی اکابر آئمہ کی جماعت ہے۔ ان اکابر میں سے امام شافعی ہیں جس طرح امام بیہقی وغیرہ نے حکایت کیا ہے اور وہاں اگر اختلاف ہے تو حضرت علی المرتضٰی اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہما کے درمیان ہے۔

ثانیا علی سبیل التنزل جواب۔ اگر مانا جائے کہ ابن عبدالبر نے وہ کچھ محفوظ

marfat.com

کیا جو اس کے غیر نے نہیں کیا۔ تو جواب یہ ہے کہ اولاً آئمہ نے اس مقالہ سے اعراض فرمایا کیونکہ یہ روایت شاذہ ہے اور مخالف کا شذوذ اجماع میں خرابی پیدا نہیں کر سکتا۔ ثانیا آئمہ نے دیکھا کہ یہ اختلاف اجماع منعقد ہونے کے بعد پیدا ہوا تو یہ اختلاف مطروح ومردود ہے اس پر کوئی اعتماد نہیں۔

اِس کے علاوہ یہ بات ہے کہ ابن عبدالبر کی کلام سے مفہوم یہ ہے کہ اجماع تفضیل شیخین علی الحسنین پر منعقد ہوا۔

اور اعتراض کہ طبقات ابن السبکی میں ہے کہ بعض متاخرین حسنین کو شیخین پر فضیلت دیتے تھے اس حیثیت سے کہ یہ بضعہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔ تو یہ ہمارے مدعا کے منافی نہیں کیونکہ مفضول میں کبھی ایسی فضیلت پائی جاتی ہے جو فاضل میں نہیں پائی جاتی۔

علاوہ اس کے اور جواب یہ کہ تفضیل کثرت ثواب کی طرف رجوع نہیں کرتی بلکہ یہ شرف نسب کی فضیلت کی طرف رجوع کرتی ہے اور جو شرف اولاد رسول اللہ ﷺ کی ذات میں پایا جاتا ہے وہ جزوی شرف ذات شیخین میں نہیں پایا جاتا۔ لیکن یہ دونوں بزرگ اکثر ہیں ثواب کے لحاظ سے اور اعظم ہیں از روئے مسلمان کے نفع کے اور اسلام کے نفع کے۔ یہ دونوں بزرگ شیخین اولاد رسول اللہ ﷺ سے بھی زیادہ تقویٰ اور خشیت الٰہی رکھنے والے ہیں بڑھ کر ان کے غیر سے بھی

لیکن ابن عبدالبر نے جو صحابہ کرام سے تفضیل نقل کی ہے وہ اس کی مقتضی نہیں کہ وہ حضرت علی المرتضیٰ کو حضرت ابوبکر صدیق پر مطلقاً افضل مانتے تھے یا اس وجہ سے کہ حضرت علی المرتضیٰ اسلام لانے میں مقدم واوّل ہیں یا ان صحابہ کرام کی مراد یہ

marfat.com

ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ حضرات شیخین اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے علاوہ باقی پر فضیلت رکھتے ہیں کیونکہ ان تین بزرگ صحابہ کی افضلیت پر دلائل صریحہ صحیحہ قائم ہیں۔

قارئین آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ امام ابن حجر مکی رحمہ اللہ علیہ نے ابن عبد البر کی روایت پر تبصرہ کر کے مسئلہ کو بے غبار فرما دیا اس کے بعد اس روایت کو افضلیت حضرت علی المرتضیٰ میں علی الاطلاق ذکر وہی کریگا جو متعصب اور ہٹ درم ہوگا۔ منصف اور متلاشی حق کیلئے یہ وضاحت کافی ہے۔

ابن عبد البر کا اعتراف کہ افضلیت علیٰ ترتیب الخلافۃ ہے۔

علامہ ابن عبد البر نے حدیث بخاری پر اعتراض کرتے کرتے افضلیت خلفاء اربعہ کا علیٰ وجہ ترتیب الخلافۃ کا اعتراف کرلیا ہے۔

امام بخاری رحمہ اللہ علیہ نے حدیث روایت کی ہے: **عن عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما قال کنا نخیر بین الناس فی زمن النبی ﷺ فنخیر ابابکر ثم عمر ابن الخطاب ثم عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہم** ۔امام ابن حجر عسقلانی نے اس کی شرح میں چند ایک اور روایات بھی پیش فرمائی ہیں۔یوں ارقام فرماتے ہیں: **وفی روایۃ عبیداللہ بن عمر عن نافع فی مناقب عثمان کنا لانعدل بابی بکر احدا ثم عمر ثم عثمان ثم نترک اصحاب رسول اللہ ﷺ ولابی دائود من طریق سالم عن ابن عمر کنا نقول ورسول اللہ حیی ﷺ افضل امۃ النبی بعدہ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان زاد الطبرانی فی روایتہ فیسمع رسول اللہ ﷺ ذالک**

marfat.com

فلاینکرہ روی خیشمة بن سلیمان فی فضائل الصحابة من طریق سھل بن ابی صالح عن ابیه عن ابن عمر کنا نقول اذا ذھب ابوبکر وعمر وعثمان استوی الناس فیسمع النبی ﷺ فلا ینکرہ[1] ۔ یہ تمام روایات حدیث ترجمۃ الباب کی شرح میں لائی گئی ہیں جن میں بالکل واضح ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت میں سب سے افضل ابوبکر پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی رضی اللہ عنہم ہیں۔ امام ابن حجر عسقلانی اسی مقام پر یوں تحریر فرماتے ہیں: وفی الحدیث تقدیم عثمان بعد ابی بکر وعمر کماھو المشھور عند جمھور اھل السنة وذھب بعض السلف الیٰ تقدیم علی علیٰ عثمان ۔ انہوں نے بھی مادہ اختلاف متعین فرمایا۔ (مؤلف) آگے فرماتے ہیں وحدیث الباب حجۃ للجمھور۔ کہ بخاری شریف کی حدیث جمھور اہل سنۃ کی دلیل ہے۔ اب آیا اعتراض ابن عبدالبر کا جو جمھور اہل سنۃ کی دلیل پر ہے۔ امام ابن حجر عسقلانی یوں ارقام فرماتے ہیں: وقدطعن فیه ابن عبدالبر واستند الی ماحکاہ عن ھارون بن اسحاق قال سمعت ابن معین یقول من قال ابوبکر وعمر وعثمان وعلی وعرف لعلی سابقیة وفضله فھو صاحب سنة قال ذکرت له من یقول ابوبکر وعمر وعثمان ویسکتون فتکلم فیھم بکلام غلیظٍ وتعقب بان ابن معین انکررای قوم وھم العثمانیة الذین یغالون فی حب عثمان وینتقصون علیا. ولاشک فی ان من اقتصر علی ذالک ولم یعرف لعلی ابن ابی طالب فضله فھو مذموم وادعی

---

[1] فتح الباری شرح بخاری

marfat.com

ابن عبدالبر ایضاً ان ھذا الحدیث خلاف قول اھل السنة ان علیا افضل الناس بعد الثلاثة فانھم اجمعوا علی ان علیا افضل الخلق بعد الثلاثة ودل ھذا الاجماع علی ان حدیث ابن عمر غلط وان کان السند الیہ صحیحا. وتعقب ایضاً بانہ لایلزم من سکوتھم اذا ذاک عن تفضیلہ عدم تفضیلہ علی الدوام وبان الاجماع المذکور انما حدث بعد الزمن الذی قیدہ ابن عمر فیخرج حدیثہ عن ان یکون غلطا[1] تحقیق ابن عبدالبر نے اِس حدیث الباب میں طعن واعتراض کیا اور اس طعن پر سند اس کو پیش کرتا ہے جو ھارون بن اسحاق سے مروی ہے۔ ابن اسحاق کہتے ہیں میں نے محدث ابن معین کو یہ بات کہتے ہوئے سنا جس نے کہا ابوبکر وعمر وعثمان وعلی (یہ ترتیب پیش نظر رکھتا ہے) اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کی فضیلت ومرتبہ کا قائل ہے وہ اہل سنت وجماعت اور حق پر ہے۔ ابن اسحاق کہتے ہیں میں نے کہا جو کہے ابوبکر وعمر وعثمان اور پھر خاموش ہو جائے تو اس کے متعلق کیا فرماتے ہو تو انہوں نے سخت کلام کی ایسے شخص کے متعلق امام ابن حجر اسکا جواب دیتے ہوئے فرماتے ہیں ابن عبدالبر کا تعاقب کیا گیا ہے۔ امام ابن معین نے ان لوگوں کا رد وانکار کیا ہے جو حضرت عثمان غنی کی شان میں غلو کرتے ہوئے حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخیاں کیا کرتے تھے اور اس میں کوئی شک نہیں جو شخص ان تین بزرگوں کا ذکر کرے اور بغض علی کی بنا پر حضرت علی المرتضٰی کا ذکر نہ کرے وہ بد بخت ہے اور مذموم ہے کہ اس نے فضل علی المرتضٰی کو نہیں پہنچانا۔ اعتراض کی دوسری شق ابن عبدالبر نے یہ

---

[1] فتح الباری شرح بخاری

marfat.com

بھی دعویٰ کیا ہے کہ یہ حدیث اہل سنت کے قول کے خلاف ہے کیونکہ اھل سنت وجماعت کا قول ہے کہ خلفاء ثلاثہ کے بعد حضرت علی المرتضٰی افضل البشر ہیں اور یہ اجماع دلالت کرتا ہے کہ حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما غلط ہے اگرچہ اس کی سند صحیح ہے۔ ''جواب'' اس کا بھی تعاقب کیا گیا ہے اولاً یوں کہ ان تین بزرگوں کے بعد حضرت علی المرتضٰی کے ذکر سے سکوت سے یہ لازم نہیں آتا کہ حضرت ابن عمر کے نزدیک ان کے بعد حضرت علی کی فضیلت نہیں ثانیاً جو اہل سنت وجماعت کا اجماع اس زمانہ کے بعد منعقد ہوا جس زمانہ سے حضرت عبداللہ بن عمر نے مقید کیا ہے۔لہذا حدیث غلط ہونے سے خارج ہوگئی۔امام ابن حجر عسقلانی پھر یوں بھی ارقام فرماتے ہیں: والذی اظن ان ابن عبدالبر انما انکر الزیادة التی وقعت فی روایة عبیدالله بن عمر وهی قول ابن عمر ثم نترک اصحاب رسول الله ﷺ لکن لم ینفرد بهانافع فقد تابعه ابن الماجشون اخرجه خیثمة من طریق یوسف بن الماجشون عن ابیه عن ابن عمر کنا نقول فی عهد رسول الله ﷺ ابوبکر وعمر وعثمان ثم ندع اصحاب رسول الله ﷺ فلا تفاضل بینهم ومع ذالک فلا یلزم من ترکهم التفاضل اذ ذاک ان لایکونوا اعتقد وابعد ذالک تفضیل علی علی من سواه والله اعلم۔

میرا گمان یہ ہے کہ ابن عبدالبر صرف اس زیادتی کا انکار کرتے ہیں جو عبداللہ بن عمر کی روایت میں واقع ہوئی جو نافع سے روایت وہ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں وہ زیادتی ابن عمر کا قول ہے ثم نترک اصحاب رسول اللہ ﷺ ۔لیکن اس

marfat.com

روایت میں نافع منفرد نہیں ابن ماجشون نے متابعت کی ہے خیثم نے یوسف بن ماجشون کے طریق سے اپنے باپ سے روایت کیا وہ حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کہا کرتے تھے ابوبکر افضل ہیں پھر عمر پھر عثمان پھر ہم اصحاب رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ دیا کرتے تھے ان میں سے افضل ومفضول کا بیان نہیں کرتے تھے۔اس کے باوجود یہ تو لازم نہیں آتا فضیلت کا بیان نہ کرنا اس بات کا مقتضی ہے کہ وہ اصحاب رسول اللہ ﷺ حضرت علی المرتضٰی کی افضلیت کا بعد والے لوگوں پر عقیدہ نہیں رکھتے تھے لہذا ابن عبدالبر کا اعتراض حدیث الباب سے اڑ گیا اور مسکت جواب آگیا۔ امام ابن حجر عسقلانی مزید یوں ارقام فرماتے ہیں: **قد اعترف ابن عمر بتقديم على على غيره كما تقدم فى حديثه الذى اوردته فى الباب الذى قبله وقد جاء فى بعض الطرق فى حديث ابن عمر تقييد الخيرية والا فضلية بما يتعلق بالخلافة وذالك فيما اخرجه ابن عساكر عن عبدالله ابن عساكر عن سالم عن ابن عمر قال انكم لتعلمون انا نقول على عهد رسول الله ﷺ ابوبكر وعمر وعثمان يعنى فى الخلافة كذافى اصل الحديث**۔حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت علی المرتضٰی کی افضلیت کا اعتراف کرتے ہیں کہ بعد از خلفاء ثلاثہ تمام لوگوں سے آپ افضل ہیں۔جیسا پہلے باب کی حدیث میں گذر چکا ہے اور بعض طرق میں حضرت عبداللہ بن عمر سے یوں بھی آیا افضلیت اُس ترتیب سے متعلق ہے جس ترتیب سے خلافت ہے۔ چونکہ خلافت میں ابوبکر اوّل، ثانی حضرت عمر، ثالث حضرت عثمان پھر افضل الناس حضرت علی المرتضٰی۔اور اس میں وہ

marfat.com

حدیث ہے جو ابن عساکر نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہا انہوں نے بیشک تم کو معلوم ہے اور یہ یقینی بات ہے کہ ہم کہا کرتے تھے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ابوبکر ہیں پھر عمر، پھر عثمان رضوان اللہ علیہم یعنی خلافت میں یعنی جو ترتیب خلافت میں ہے وہی ترتیب افضلیت بمعنی کثرت ثواب اور مراتب میں ہے عند اللہ۔

ایک روایت میں یوں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ **کنا نقول فی عهد رسول الله ﷺ من یکون اولی الناس بهذا الامر ثم نقول ابوبکر ثم عمر**[1] ۔کہ ہم کہا کرتے تھے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں خلافت کا مستحق کون ہے؟ ہم کہا کرتے تھے ابوبکر پھر عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔

قارئین امام ابن حجر عسقلانی شارح بخاری نے فتح الباری میں ابن عبدالبر کے اعتراض کو ھباء منثورا کر دیا ہے۔اور یہ بات بھی ثابت ہوگئی کہ ابن عبدالبر اس کے قائل اور معترف ہیں کہ اہل سنت و جماعت کا اجماع ہے کہ حضرت علی خلفاء ثلاثہ کے بعد تمام خلق سے افضل ہیں۔اور رہا علی الاطلاق افضل تو ابوبکر صدیق ہیں ان کے بعد حضرت عمر فاروق اور پھر حضرت عثمان کیونکہ ابن عبدالبر کی عبارت **فانهم اجمعوا علی ان علیا افضل الخلق بعد الثلاثة** کہ اہل سنت کا اجماع ہے اس بات پر کہ تین خلفاء کے بعد تمام خلق سے حضرت علی افضل ہیں اور جو روایت صحابہ والی ہے اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ صحابہ کرام ان خلفاء ثلاثہ کے بعد حضرت علی المرتضیٰ کو سب سے افضل مانتے تھے اور یہی مطلب امام ابن حجر مکی ھیتمی صواعق محرقہ میں اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے تکمیل الایمان میں ذکر فرمایا۔لہذا ابن عبدالبر کا اپنا عقیدہ

---

[1] فتح الباری شرح بخاری

marfat.com

بھی یہی ہے کیونکہ وہ اہل سنت سے خارج تو نہیں۔

ایک اور مغالطہ ابوبکر خیر من علی و علی افضل من ابی بکر۔

جو لوگ افضلیت کا زہر گھولتے ہیں اور اہل سنت میں رافضیت کا بیج بوتے ہیں وہ یہ روایت بھی بیان کرتے ہیں بعض اکابر امت یوں کہا کرتے تھے حضرت ابوبکر حضرت علی المرتضٰی سے خیر ہیں اور حضرت علی حضرت ابوبکر سے افضل ہیں۔ لہذا یہ عقیدہ اہل سنت کا ہے کہ حضرت علی حضرت ابوبکر صدیق سے افضل ہیں۔

امام ابن حجر مکی نے صواعق محرقہ میں اس کو ذکر فرمایا: **ماحكاه الخطابی عن بعض مشائخه انه كان يقول ابوبكر خير و علی افضل لكن قال بعضهم ان هذا تهافت من القول ای انه لامعنی للخيرية الا الافضلية**

خطابی نے اپنے بعض مشائخ سے حکایت کی ہے کہ وہ کہا کرتے تھے ابوبکر خیر ہیں اور حضرت علی افضل ہیں۔ لیکن بعض اکابر نے فرمایا اس قول کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ خیر اور افضل دونوں الفاظ مترادفہ ہیں۔ ایک ہی معنی ہے۔ (وہ معنی اس باب میں کثرت ثواب ہے۔ مؤلف) جو بیان کیا جا چکا ہے۔ لہذا یہ تفریق درست نہیں۔

ثانیاً یہ کہ افضلیت ابوبکر صدیق پر قرآن سے لیکر احادیث صحیحہ صریحہ دال ہیں اور پھر امت کا اجماع منعقد ہے تو وہاں خطابی کی اس حکایت کا کیا اعتبار ہے۔ اور اجماع وہ قوی دلیل ہے کہ اگر حدیث صحیح معارض آجائے تو درجہ اعتبار سے ساقط ہو جاتی ہے تو پھر ابن عبدالبر کی روایت شاذہ اور خطابی کی حکایت کا کیا اعتبار ہو سکتا ہے۔

امام ابن حجر مکی خطابی کی روایت کی تفصیل یوں فرماتے ہیں: **فان اريد ان**

marfat.com

خیریة ابی بکر من بعض الوجوه وافضلیة علی من وجه آخرلم یکن ذالک من محل الخلاف ولم یکن ذالک الامر خاصا بابی بکر وعلی وابوبکر وابوعبیده مثلا یقال فیهما ذالک فان الا مانة التی فی ابی عبیدة وخصه بها ﷺ لم یخص ابابکر بمثلها فکان خیراً من ابی بکر من هذا الوجه الحاصل ان المفضول قدیوجد فیه مزیة بل مزایا لاتوجد فی الفاضل۔

فان اراد الشیخ الخطابی ذالک وان ابابکر افضل مطلقا الا ان علیا وجدت فیه مزایا لا توجد فی ابی بکر فکلامه صحیح والافکلامه فی غایة التهافت خلافا لمن انتصرله ووجه بمالا یجدی بل لایفهم۔[1]

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ شیخ خطابی کی نقل کردہ روایت سے ہم پوچھتے ہیں خطابی کی کیا مراد ہے۔اگر خیریت ابی بکر سے مراداور وجہ ہے اور افضلیت حضرت علی سے مراداور وجہ ہے تو پھر یہ بات محل اختلاف نہیں اور یہ بات حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت علی المرتضے کے ساتھ خاص نہیں بلکہ حضرت صدیق اکبراور حضرت ابوعبیدہ کے درمیان میں بھی کہا جا سکتا ہے۔ابوبکر خیر من ابی عبیدہ اور ابوعبیدہ افضل من ابی بکر کیونکہ امانت کے سلسلہ میں جو حضور ﷺ نے ان کو خصوصیت عطا فرمائی ہے اسکا بیان انہی کے لیئے ہے۔تو لہذا کہا جا سکتا ہے ابوعبیدہ اس وجہ خاص (امانت میں) ابوبکر صدیق سے خیر ہیں.خلاصہ یہ ھوا کہ بعض اوقات مفضول میں ایسی فضیلتیں پائی جاتی

---

[1] الصواعق المحرقہ

marfat.com

ہیں جو فاضل میں نہیں پائی جاتیں (مگر فاضل فاضل ہی ہوتا ہے اور مفضول مفضول ہی ہوتا ہے)۔ اگر شیخ خطابی کا اعتقاد یہ ہے کہ ابوبکر صدیق مطلقا افضل ہیں اور حضرت علی المرتضٰے میں کچھ ایسی فضیلتیں پائی جاتی ہیں کہ حضرت ابوبکر میں وہ جزئیات نہیں پائی جاتیں۔ تو اس میں کوئی حرج نہیں جزئیات میں کلام درست ہے۔ اگر یہ مطلب نہیں تو پھر کلام درجہ اعتبار سے ساقط ہے باقی اگر کوئی اسکے علاوہ توجیہ کرتا ہے تو وہ بے فائدہ اور درجہ اعتبار سے ساقط ہے۔ یہ تبصرہ تھا امام ابن حجر مکی کا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے بھی اس روایت کو ذکر کر کے جواب ارشاد فرمایا۔ ملاحظہ ہو۔ شیخ صاحب یوں ارقام فرماتے ہیں آنکہ از قول خطابی کہ از بعض مشائخ خود نقل کردہ است نیک تو اں دریافت کہ چہ مقصود دارو خیریت چیست وافضیلت کدام خیر است کہ گفتہ است کہ ابوبکر خیر من علی وعلی افضل من ابی بکر اگر مراد خیریت۔ ابوبکر از وجہے است وافضیلت علی از وجہے دیگر پس این سخنے است بیروں از دائرہ خلاف وخارج از محل نزاع واگر مراد از خیریت کثرت ثواب است واز افضیلت وجوہ دیگر مثل شرف ذات وکرامت است وامثال آں پس منافات بمقصو دندارد اگر غرضے دیگر ومرادے دیگر دارد بیان کند تا معلوم شود کہ حقیقت حال چیست واللہ اعلم [1] عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ خطابی نے جو اپنے بعض مشائخ سے نقل کیا ہے کہ ابوبکر خیر من علی و علی افضل من ابی بکر اس خیریت وافضیلت سے کیا مراد ہے۔ اگر یہ مراد ہے کہ حضرت ابوبکر کی خیریت ایک وجہ سے ہے اور حضرت علی کی افضیلت اور وجہ سے ہے تو پھر یہ مسئلہ اختلاف اور نزاع سے خارج ہے اگر خیریت ابوبکر سے کثرت ثواب مراد ہے اور

---

[1] تکمیل الایمان

marfat.com

افضلیت حضرت علی اور وجہ سے مثلا ذاتی شرف اور کرامت ( کہ سیدۃ النساء اھل الجنت بضعۃ رسول ﷺ کے شوہر حسنین کریمین کے والد گرامی ہیں ) تو یہ بات ہمارے مدعا کے خلاف نہیں اور اگر کوئی اور غرض اور مراد ہے تو بیان کی جائے تاکہ معلوم ہو جائے حقیقت حال کیا ہے؟

قارئین دونوں بزرگوں کی توضیحات اس عبارت کے سلسلہ میں آپ نے ملاحظہ فرمائی ہیں .نتیجہ آپ کے سامنے ہے کہ اھل سنت کے نزدیک افضلیت کا معنی کثرت ثواب ہے جسکو متعدد بار پہلے واضح کیا جا چکا ہے اس معنی کے اعتبار سے انبیاء و مرسلین ورسل ملائکہ کے بعد ابوبکر صدیق مطلقا پوری خلق خدا سے افضل ہیں اور یہاں فضائل کی اور تعداد کی بات نہیں بلکہ قیمت اور کیفیت کی بات ہے جزوی فضیلتیں جو مخصوصہ ہیں ان سے افضلیت مطلقہ لازم نہیں آتی ۔ ورنہ لازم آئے گا بعض غیر نبی نبی سے افضل ہو جائیں العیاذ باللہ وھذا باطل ۔ جسطرح جزئیات خاصہ کے لحاظ سے غیر نبی نبی سے افضل نہیں ہوسکتا یوں جزئیات خاصہ کی کثرت کے پائے جانے سے امت میں سے کوئی شخص بھی حضرت ابوبکر صدیق سے افضل نہیں ہوسکتا ( ان کے ایمان کی اتنی قدر و قیمت ہے کہ لو اتزن ایمان ابی بکر مع ایمان امتی لرجح اگر ساری امت کا ایمان ترازو کے ایک پلڑے میں رکھا جائے اور ابوبکر صدیق کا ایمان دوسرے پلڑے میں رکھا جائے تو ایمان ابی بکر کا پلڑا بھاری ہوگا اور باقی نیکیوں کا اندازہ یوں کیا جاسکتا ہے ) کہ حضرت عمر فاروق کی ساری نیکیاں حضرت ابوبکر صدیق کی صرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ غار میں قیام والی ایک نیکی کی برابری نہیں کرسکتی۔

marfat.com

## افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا منکر اھل سنت و جماعت سے خارج ہے:

اس مدعا پر دلیل سے پہلے ایک تمہید ذکر کرتے ہیں۔وہ یہ کہ حدیث مبارکہ میں ہے عن عبداللہ بن عمر وقال قال رسول اللہ ﷺ لیا تین علی امتی کما اتی علی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل حتی ان کان منہم من اتی امہ علانیۃ لکان فی امتی من یصنع ذالک وان بنی اسرائیل تفرقت علی ثنتین و سبعین ملۃ وستفترق امتی علی ثلث و سبعین ملۃ کلھم فی النار الاملۃ واحدۃ قالو امن ھی یارسول اللہ ﷺ قال ما انا علیہ واصحابی رواہ الترمذی وفی احمد وابی داؤد عن معاویۃ ثنتان و سبعون فی النارو واحدۃ فی الجنۃ وھی الجماعۃ وانہ سیخرج فی امتی اقوام تتجاری بھم تلک الاھواء کما یتجاری الکلب بصاحبہ لا یبقی منہ عرق و لا مفصل الادخلہ [1]۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہا انہوں نے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میری امت پر ایسا زمانہ آئے گا جس طرح بنی اسرائیل پر آیا تھا اس طرح مطابقت ہوگی جسطرح نعل کی نعل (جوتے کی جوتے) سے مطابقت ہوتی ہے حتی کہ اگر ان میں سے کوئی اپنی ماں کو علانیہ آیا تو میری امت میں ایسے لوگ ہوں گے جو یہ فعل کریں گے۔اور بیشک بنی اسرائیل ۷۲ فرقوں میں بٹ گئے تھے اور میری امت ۷۳ فرقوں میں بٹ جائے گی تمام ناری (دوزخی) ہوں گے مگر ایک فرقہ ناجی اور جنتی ہوگا صحابہ کرام نے عرض کیا وہ

---

[1] مشکوۃ شریف

marfat.com

ایک ناجی جنتی کون سا ہے۔آپ نے فرمایا وہ جو اس عقیدہ پر ہوگا جس پر میں اور میرے صحابہ ہیں اسکو ترمذی نے روایت کیا۔

امام احمد اور ابوداؤد کی روایت میں یوں ہے حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔۷۲ فرقے نار (آگ) میں ہیں اور ایک جنت میں۔اور جنتی فرقہ اھل سنت و جماعت ہے اور عنقریب میری امت میں ایسی قومیں ظاہر ہوں گی جن میں ھوائے نفس اسطرح سرایت کر جائیں گی جسطرح کتے کا زہر کاٹے ہوئے انسان میں سرایت کر جاتا ہے کوئی رگ اور جوڑ باقی نہیں رہتا مگر اس میں اسکا زھر سرایت کر جاتا ہے۔

دوسری حدیث **عن ابن عمر قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ لایجمع امتی اوقال امة محمد ﷺ علی ضلالة وید اللہ علی الجماعة ومن شذ فی النار رواہ الترمذی وعنہ قال قال رسول اللہ ﷺ اتبعو السواد الاعظم فانہ من شذ شذ فی النار** ۔ ؎۱

حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بیشک اللہ تعالیٰ میری امت یا امتہ محمد ﷺ (علی تردد لراوی) کو گمراہی پر جمع نہیں فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ کا ھاتھ (اسکی تائید) جماعت پر ہے جو جماعت سے جدا ہوا وہ نار جھنم میں پھینکا جائیگا۔

انہی سے روایت ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کی بڑی جماعت کے ساتھ رہو جو اس بڑی جماعت سے جدا ہوا وہ نار جھنم

---

؎۱ ابن ماجہ شریف بحوالہ مشکوۃ شریف

marfat.com

میں پھینکا جائے گا۔

قارئین ان احادیث مبارکہ کا خلاصہ یہ ھے کہ حضور ﷺ کی امت میں ۷۳ فرقے ہو جائیں گے۔ یہ فرقے اصول (اعتقاد) کے لحاظ سے ہیں نہ کہ فروع (فقہ) کے لحاظ سے اور ان میں صرف ایک گروہ ناجی اور جنتی اور حق پر ہوگا باقی ۷۲ فرقے گمراہ ناری اور باطل ہوں گے۔

اور پھر حضور ﷺ نے فرمایا جنتی برحق گروہ وہ ہے جو ان عقائد پر ہوگا جو میرے صحابہ کے عقائد ہیں۔ اور ایک تعبیر میں اُس ناجی جنتی اور حق گروہ کو جماعت سے تعبیر فرمایا۔ پھر سواد اعظم سے تعبیر فرمایا اور وہ حق گروہ وہی ہے جسے اھل سنت و جماعت کہا جاتا ہے خارج اور واقع میں یہی گروہ حنفی، مالکی، شافعی، حنبلی، نقشبندی قادری، چشتی، سہروردی کے نام سے پایا جاتا ہے۔

اس پر ایک اور واضح حدیث ذکر کرتے ہیں جو اھل سنت و جماعت میں نص ہے امام ابوالفتح محمد بن عبدالکریم بن ابی بکر احمد الشہر ستانی متوفی ۵۴۸ھ اس حدیث کو روایت کرتے ہیں **وا خبر النبی ﷺ ستفترق امتی علی ثلاثٍ و سبعین فرقة الناجية منها واحدة والباقون هلكى قيل من الناجية ؟ قال اهل السنة والجماعة قيل وما السنة والجماعة قال ما انا عليه اليوم واصحابى** [1] نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا عنقریب میری امت ۷۳ فرقوں میں تقسیم ہو جائے گی ایک ان میں ناجی (نجات پانے والا) ہوگا اور باقی ۷۲ ہلاک ہونے والے ہیں عرض کیا گیا وہ ناجی فرقہ کونسا ہے؟ فرمایا وہ اھل سنت و جماعت ہیں

---

[1] الملل والنحل

marfat.com

عرض کیا گیا اھل سنت و جماعت کون ہیں فرمایا جو اس عقیدہ پر ہوں گے جس عقیدہ پر آج میں اور میرے صحابہ ہیں .قارئین اس حدیث نے اھل سنت و جماعت کی حقانیت اور ناجی ہونے پر نص کردی ہے اور یہ حدیث اھل سنت و جماعت کے نام پر مشتمل ہے۔اس میں کسی قسم کی تاویل و توجیہ کی گنجائش نہیں.

اس حدیث میں تصریح ہے کہ معیار حقانیت صحابہ کرام ہیں باب العقائد میں انہی کے عقائد کا اعتبار ہے۔لہذا زیر بحث مسئلہ افضلیت بعد الانبیاء میں بھی وہی عقیدہ معتبر ہوگا جو صحابہ کرام کا تھا۔اور وہی عقیدہ اھل سنت کا ہوگا بلکہ اھل سنت وہی ہوگا جو صحابہ کرام کے عقیدہ پر ہوگا اب دیکھئے صحابہ کرام کا اس مسئلہ میں کیا عقیدہ تھا.

ہم پہلے متعدد احادیث پیش کر چکے ہیں تو اب بھی چند ایک احادیث پیش خدمت ہیں .**عن عمرو بن العاص ان النبی ﷺ بعثه علی حبیش ذات السلاسل قال فاتیته فقلت ای الناس احب الیک قال عائشة قلت من الرجال قال ابوها قلت ثم من قال عمر فعدٓ رجالا فسکت فخافة ان یجعلنی فی اخرهم.** [1] حضرت عمرو بن عاص کہتے ہیں نبی ﷺ نے ان کو ذات سلاسل کے لشکر پر بھیجا کہا انہوں نے ، میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کیا لوگوں میں سب سے زیادہ آپکو کون محبوب ہے فرمایا عائشہ الصدیقہ میں نے عرض کیا مردوں میں سے فرمایا ان کے باپ (ابوبکر صدیق) میں نے عرض کیا پھر کون فرمایا عمر فاروق.تو چند مرد آپ ﷺ نے شمار فرمائے تو میں خاموش ہوگیا اس خوف سے کہ کہیں مجھے ان کے آخر میں شمار فرمادیں گے۔

---

[1] متفق علیہ مشکوۃ المصابیح

marfat.com

قارئین یہ حدیث بخاری و مسلم نے روایت کی جو ایسی حدیث کا منکر ہو۔
ابن حجر قسطلانی امام بدرالدین عینی اور حضرت ملا علی قاری فرماتے ہیں وہ ملحد بے دین ہے یہ حدیث نص ہے اس بات میں کہ تمام لوگوں میں سے زیادہ محبوب رسول ﷺ کے نزدیک ابوبکر صدیق ہیں جو سب سے زیادہ ان کے نزدیک محبوب ہو وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بھی سب سے زیادہ محبوب ہوتا ہے کیونکہ محبوب کا محبوب ہوتا ہے اور جو احب الناس ہو وہ افضل الناس ہوتا ہے۔ لہذا اس حدیث سے افضلیت ابوبکر صدیق دلالتہ النص کے مرتبہ میں ثابت ہے.

اب صحابہ کرام کا عقیدہ ملاحظہ ہو۔

**عن ابن عمر قال کنا نقول خیر الناس بعد النبی ﷺ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ولا ینکر ذالک علینا .** [1] عبداللہ بن عمر فرماتے ہیں ہم کہا کرتے تھے نبی اکرم ﷺ کے بعد تمام لوگوں سے افضل ابوبکر پھر عمر فاروق پھر عثمان ذولنورین اور حضور ﷺ اسکا ہم پر انکار نہیں فرمایا کرتے تھے.

حدیث نمبر۲: **عن محمد بن الحنفیه قال قلت لابی ای الناس خیر بعد النبی ﷺ قال ابوبکر قلت ثم من قال عمر و خشیت ان یقول عثمان قلت ثم انت قال ما انا رجل من المسلمین** [2] حضرت محمد بن حنفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہا انہوں نے میں نے اپنے والد گرامی (حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم) سے عرض کیا کہ نبی اکرم ﷺ کے بعد تمام لوگوں سے افضل کون ہے فرمایا ابوبکر میں نے عرض کیا پھر کون فرمایا عمر اور مجھے خوف دامن

---

[1] رواہ البخاری [2] رواہ البخاری

marfat.com

گیرھوا کہ اب سوال پر حضرت عثمان غنی کا نام لیں گے میں نے عرض کیا پھر آپ؟ آپ نے فرمایا میں صرف مسلمانوں میں سے ایک مرد ہوں۔ (مئولف) اس کی وضاحت پہلے گزر چکی ہے۔

حدیث نمبر۳: **عن ابن عمر قال کنا فی زمن النبی ﷺ لا نعدل بابی بکر احد اثم عمر ثم عثمان ثم نترک اصحاب النبی ﷺ لانفاضل بینھم و فی روایته لابی دائود قال کنا نقول و رسول ﷺ افضل امة النبی ﷺ بعده ابوبکر ثم عمر ثم عثمان رضی الله تعالیٰ عنھم** [1]۔ حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہا انہوں نے ہم (صحابہ کرام) نبی اکرم ﷺ کے زمانہ میں ابوبکر صدیق کے برابر (مرتبہ) میں کسی کو نہیں مانتے تھے پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر صحابہ کرام کو چھوڑ دیا کرتے تھے ہم ان کے درمیان فضیلتوں کو بیان نہیں کیا کرتے تھے .اور ابوداؤد شریف کی روایت میں ہم کہا کرتے تھے درآں حالیکہ رسول ﷺ ظاہری حیات طیبہ کے ساتھ موجود تھے حضور ﷺ کی تمام امت سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی بحوالہ مشکوٰۃ۔

حدیث نمبر۴: **اخرج ابن عساکر عن ابن عمر کناو فینا رسول الله ﷺ نغضل ابابکر و عمر و** عثمان وعلیا بحوالہ صواعق محرقہ ابن عمر فرماتے ہیں درآں حالیکہ رسول ﷺ ہم میں موجود تھے .ہم ابوبکر کو فضیلت دیتے تھے پھر عمر کو پھر عثمان کو پھر حضرت علی المرتضے کو۔

حدیث نمبر۵: **واخرج ایضاًعن ابی ھریرۃ کنامعشر اصحاب**

---

[1] مشکوٰۃ شریف

marfat.com

رسول ﷺ و نحن متوافرون نقول افضل هذہٖ الامة بعد نبیها ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم نسکت [1] ابوہریرہ فرماتے ہیں ہم گروہ اصحاب رسول ﷺ درآں حالیکہ کہ ہم کثیر تعداد میں تھے کہا کرتے تھے نبی اکرم ﷺ کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر ہیں پھر عثمان غنی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہم پھر ہم خاموش ہوجاتے تھے.

حدیث نمبر ۶: عن عمر قال ابوبکر سیدنا و خیرنا واحبنا الی رسول الله ﷺ [2] حضرت عمر نے فرمایا ابوبکر ہمارے سردار ہیں ہم میں سے بہتر و افضل ہیں ہم سب سے زیادہ رسول ﷺ کو محبوب تھے.

حدیث نمبر ۷: اخرج ابن عساکر ان عمر صعد المنبر ثم قال الا ان افضل هذہٖ الامة بعد نبیها ابوبکر فمن قال غیر هذا فهو مفتر علیه ما علی المفتری [3] حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر پر جلوہ افروز ہوئے پھر فرمایا خبردار نبی اکرم ﷺ کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر صدیق ہیں جو ان کے علاوہ کسی اور کو افضل مانے گا وہ مفتری ہے اسکو بہتان تراش کی حد ماری جائے گی.

امام ابن حجر مکی صواعق محرقہ میں یوں ارقام فرماتے ہیں

انه تواتر عن علی خیر هذہٖ الامة بعد نبیها ابوبکر و عمر و انه قال لیس یفضلنی احد علی ابی بکر و علی عمر الا جلدته حدا حد المفتری [4] حضرت علی المرتضٰے سے تواتر ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا اس

---

[1] صواعق محرقہ [2] رواہ الترمذی [3] ابن عساکر [4] شرح عقیدۃ الطحاویہ

marfat.com

امت میں سب سے افضل ابوبکر ہیں پھر عمر فاروق بنی اکرم ﷺ کے بعد اور فرمایا جو مجھے ان دونوں بزرگوں پر فضیلت دیگا میں اُسے بہتان تراش کی حد (۸۰ کوڑے) ماروں گا۔

حدیث نمبر ۷: عن علی قال خیر الناس فی ھذہ الامة بعد ابی بکر عمر الفاروق ثم عثمان ذوالنورین ثم انا رواہ الحافظ ابو سعید السمان کما فی فصل الخطاب بحوالہ نبراس شرح شرح عقائد حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا اس امت میں ابوبکر کے بعد سب سے افضل عمر فاروق ہیں پھر عثمان غنی ذوالنورین پھر میں (حضرت علی المرتضٰی)

امام قاضی علی بن علی دمشقی متوفی ۷۹۲ھ یوں ارقام فرماتے ہیں.

قال عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فی خطبتہ التی خطبھا عمر فی مجمع من المھاجرین والانصار انت خیرنا وسیدنا واحبنا الی رسول ﷺ ولم ینکر ذالک منھم احدٌ [1] سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے اس خطبہ میں جو مھاجرین وانصار کے مجمع عام میں فرمایا اے ابوبکر صدیق آپ ہمارے سردار ہیں ہم سب میں سے افضل ہیں اور ہم سب میں سے رسول ﷺ کو زیادہ محبوب تھے. صحابہ کے اس عظیم مجمع عام میں انصار ومھاجرین میں سے کسی نے بھی انکار نہیں کیا۔

## قارئین یہ بھی افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر اجماع صحابہ ہے:

امام علامہ عبدالعزیز پرھاروی چشتی یوں نقل فرماتے ہیں عن عبداللہ بن

---

[1] شرح عقیدۃ الطحاویہ

marfat.com

**عمر قال اجمع المها جرون والا نصار علی ان خیر هذہٖ الامة ابوبکر و عمر و عثمان رواہ خیثمته بن سعد .** [1]

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے فرمایا انصار ومہاجرین کا اس امر پر اجماع ہے کہ ساری امت سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم.

امام ابن حجر عسقلانی شافعی یوں ارقام فرماتے ہیں عن الشافعی انه قال **اجمع الصحابة واتباعهم علی افضلیة ابی بکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی** [2] امام شافعی سے مروی ہے انہوں نے فرمایا صحابہ کرام وتابعین کا اجماع کہ تمام امت سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان غنی ہیں پھر حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں. قارئین یہاں تک ہم نے یہ واضح کیا صحابہ کرام کا عقیدہ یہ تھا کہ افضل البشر بعد الانبیاء حضرت ابوبکر صدیق ہیں۔ اور یہ بھی حدیث پاک کی روشنی میں واضح ہوگیا کہ صحابہ کرام کے عقیدہ پر صرف اہل سنت و جماعت ہیں۔ اھل سنت و جماعت خارج اور واقع میں وہ لوگ ہیں جو آئمہ اربعہ (امام اعظم ابوحنیفہ، امام شافعی، امام احمد بن حنبل اور امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے مقلد ہیں.

امام طحطاوی یوں ارقام فرماتے ہیں. **ومن شذ عن جمهور اهل الفقه والعلم والسواد الاعظم فقد شذ فیما یدخله فی النار فعلیکم معاشر المئومنین باتباع الفرقة الناجیة المسماة باهل السنة والجماعة فان نصرة الله وحفظه وتوفیقه فی موافقتهم وخذ لانه وسخطه ومقته فی**

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد    [2] فتح الباری شرح صحیح البخاری جلد ۸

marfat.com

مخالفتهم وهذهٖ الطائفة الناجية قد اجتمعت الیوم فی مذاهب اربعة وهم الحنفیون والشافعیون والمالکیون والحنبلیون رحمهم الله تعالٰی ومن کان خارجاعن هذهٖ الاربعة فی هذهٖ فهو من اهل البدعة والنار فی حاشیة الدرمستفاد از رسائل رضویه امام سید طحطاوی حاشیہ درمختار میں نقل فرماتے ہیں۔ جو شخص جمہور اہل فقہ، اہل علم اور بڑی جماعت سے الگ ہوا وہ ایسی چیز میں الگ ہوا جو اُسے جہنم میں لیجائیگی۔ تو اے گروہ مسلمانان تم پر ناجی گروہ اہل سنت و جماعت کی پیروی لازم ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی نصرت حفظ اور توفیق اِسی کی موافقت میں ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے رسوائی، اس کا غضب اور ناراضگی اہل سنت و جماعت کی مخالفت میں ہے اور وہ ناجی (اہل سنت و جماعت) آج چار مذہبوں میں جمع ہیں۔ وہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی ہیں اور جو ان چاروں سے باہر ہے وہ بدعتی جہنمی ہے۔ رومی کشمیر حضرت میاں محمد بخش رحمۃ اللہ علیہ ہدایت المسلمین میں یوں ارشاد فرماتے ہیں۔

دین نبی دا سارا مذہباں وچ چواں دے ہر ایک شہر ولایت خلق تابع دارانہاں دے

یعنی دین سارا اصول و فروع اعمال وعقائد کے اعتبار سے سارا ان چار مذاہب میں بند ہے ان سے باہر بے دینی ہے۔ ہم پہلے مکتوبات امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے حوالہ مستند کر چکے ہیں کہ آئمہ اربعہ کے نزدیک خلفاء اربعہ کے مراتب عند اللہ اُسی ترتیب پر ہیں جس ترتیب پر خلافت واقع ہوئی ہے اور یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ ناجی گروہ صرف اور صرف اہل سنت و جماعت ہے۔

اور یہ بات بھی واضح ہو چکی ہے کہ اہل سنت و جماعت وہ ہیں جو حضرت

marfat.com

صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو مطلقا بعد از انبیاء علیھم الصلوٰۃ والسلام تمام خلق سے افضل مانیں اور مقدمہ بھی واضح ہوگیا کہ رسول اللہ ﷺ کی امت اجابت میں ۷۳ فرقے ہوں گے اُن میں سے ناجی اور جنتی گروہ صرف اہل سنت و جماعت ہیں اور باقی تمام ۷۲ فرقے ناری دوزخی ہیں۔ اِن مذکورہ مقدمات کو ملانے سے منطقی قیاس یوں بنے گا افضلیت ابی بکر صدیق علی الاطلاق حق ہے کیونکہ افضلیت صدیق اکبر عقیدہ صحابہ کرام ہے اور عقیدہ صحابہ کرام حق عقیدہ ہے۔ حد اوسط عقیدہ صحابہ عقیدہ صحابہ کو گرادیا تو نتیجہ یہی آیا عقیدہ افضلیت ابی بکر صدیق برحق عقیدہ ہے۔ دوسرا مدعا یہ ہے افضلیت ابی بکر صدیق عقیدہ اہل سنت کا ہے۔

قیاس یہ ہے کیونکہ یہ عقیدہ صحابہ کرام کا ہے اور جو عقیدہ صحابہ کرام کا ہے وہی عقیدہ اہل سنت کا ہے لہذا نتیجہ آیا افضلیت ابی بکر صدیق عقیدہ اہل سنت کا ہے۔

ایک اور مدعا اہلسنت کا عقیدہ ہی حق ہے کیونکہ ان کا عقیدہ صحابہ کے عقیدہ کے مطابق ہے اور جو عقیدہ صحابہ کے عقیدہ کے مطابق ہو وہی حق ہے لہذا نتیجہ آئے گا اہل سنت کا عقیدہ ہی حق ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہوا کہ افضلیت ابی بکر صدیق حق ہے اور حق اہل سنت میں ہی بند ہے۔ لہذا جس کا یہ عقیدہ نہیں وہ اہل سنت نہیں بلکہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہے۔

قارئین جب افضلیت صدیق اکبر کا منکر اہل سنت سے خارج ہوا تو پھر ظاہر ہے اُن ۷۲ ناری جہنمی فرقوں میں سے کسی ایک فرقہ میں داخل ہوگا۔

**افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا منکر رافضی شیعہ ہے:**

جو شخص حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر

marfat.com

فضیلت دے وہ رافضی شیعہ ہے۔ کیونکہ ظاہر ہے کہ یہ عقیدہ عقائد صحابہ کرام کے خلاف ہے اور پھر یہ عقیدہ رکھنے والا ۷۲ باطل ناری فرقوں میں سے کسی ایک میں ضرور داخل ہوگا۔ اور جس ناری فرقے میں یہ داخل ہوگا وہ رافضی اور شیعہ ہے اور رافضی (شیعہ) باطل فرقوں میں سے مشہور اور قدیمی فرقہ ہے۔ مثلاً باطل فرقوں میں سے جبری، قدری، معتزلی، خارجی یونہی رافضی ہے۔ ہم تنگی مقام کی وجہ سے نہایت ہی اختصار سے صرف خارجی اور رافضی کا ذکر کریں گے چونکہ موضوع سے تعلق ہے، خارجی وہ باطل گروہ ہے جو صحابہ کرام سے محبت کا دعویٰ کرتا ہے اُن کا بہت چرچا کرتا ہے اُن کے نام پر فوج بناتا پھرتا ہے اور ان کے نام پر کٹ مرتا ہے مگر اہل بیت اطہار سے عداوت رکھتا ہے ان کی گستاخی کرتا ہے، گستاخی چاہے کسی صورت میں کرے وہ گستاخی ہے۔ وہ کبھی سیاست امیر معاویہ رضی اللہ عنہ زندہ باد کا نعرہ لگائے تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی گستاخی ہے کیونکہ یہ حضرات دونوں مقابل تھے تو اگر ایک مقابل کی سیاست زندہ باد ہوئی تو دلالتہ یہ بات ثابت ہوئی کہ دوسرے مد مقابل کی سیاست مردہ باد ہوتی لہذا یہ نعرہ لگانے والے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی سیاست کو مردہ باد کہتے ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ یہ کتنی بڑی اہل بیت کی گستاخی ہے۔ لان علیا من اھل البیت ایضاً جب کہ اہل سنت کے نزدیک سیاست حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مبنی حق ہے اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی سیاست کا مبنیٰ بصورت مقابلہ خطاء اجتہادی ہے یعنی خطا ہے لیکن یہ خطا گناہ نہیں۔ مگر فرق واضح ہے صواب وحق اور خطاء کے درمیان اور کبھی خارجی یوں گستاخی کرتا ہے کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ باغی تھے اور یزید امیر المومنین تھا العیاذ باللہ تعالیٰ۔ اہل سنت کے

marfat.com

نزدیک امام حسین رضی اللہ عنہ پاک ہیں یزید پلید ہے۔ یہ سراپا حق ہیں وہ سراپا باطل وگناہ ہے۔ یہ سید الشہداء اور سید شباب اہل الجنۃ ہیں، وہ قاتل اہل بیت النبی ﷺ ہے اور وہ ناری دوزخی ہے۔

تو خارجی کی بظاہر محبت اصحاب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ درحقیقت عداوت اہل بیت النبی ﷺ ہے لہذا یہ محبت مردود ہے اور رافضی وہ گروہ ہے جو اصحاب رسول اللہ ﷺ سے عداوت رکھتا ہے اور اہل بیت النبی ﷺ کے ساتھ محبت کا دعویٰ کرتا ہے اُن کی محبت میں پیٹتا ہے اور کٹتا ہے واویلا کرتا ہے چونکہ ان میں محبت اہل بیت کے ساتھ صحابہ کرام کی عداوت ہوتی ہے لہذا یہ محبت بھی مردود و بیکار ہے لہذا یہ فرقہ بھی ناری ہوا۔

تو اہل سنت و جماعت کی کیا کیفیت ہے وہ مادہ اجتماعی ہے اس ناجی گروہ میں دونوں پاک گروہوں کی محبتیں ہیں اور اِن محبتوں کو ایمان کا حصہ مانتے ہیں۔ چونکہ مشہور حدیث ہے **اصحابی کالنجوم بایھم اقتدیتم اھتدیتم** میرے صحابہ آسمان ہدایت کے ستارے ہیں جس کی اقتدا کرو گے ہدایت وروشنی ملے گی۔ اور دوسری حدیث **مثل اھل بیتی فیکم کمثل سفینۃ نوح من رکبھا نجا ومن تخلف عنھا ھلک** میرے اہل بیت کی شان اور کیفیت تم میں ایسے ہے جیسے نوح علیہ السلام کی کشتی تھی جو اس میں سوار ہوا نجات پا گیا اور جو پیچھے رہ گیا ہلاک ہوگیا۔ اِس کا ترجمہ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام اہل سنت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ یوں فرماتے ہیں:

marfat.com

اہل سنت کا ہے بیڑا پار اصحاب رسول
نجم ہیں اور ناؤ ہے عترت رسول اللہ کی

لہذا اہل سنت کے ہاتھ میں دونوں کا دامن ہے یہ صحابہ اور اہل بیت دونوں کے سپاہی اور محبت کرنے والے ہیں۔آپ نے غور فرمایا دو باطل فرقے معرض وجود میں صحابہ کرام اور اہل بیت کی نسبت آئے۔

باطل فرقہ رافضی پر ایک نظر اور افضلیت ابوبکر صدیق کا منکر رافضی کس طرح ہے۔

قارئین رافضی،شیعہ کا عقیدہ یہ ہے کہ اولاً خلافت کا حق حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا تھا اور حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی خلافت حق نہ تھی۔اب ان کو جب دلیل پیش کی جاتی ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت پر صحابہ کرام کا اجماع ہے۔اگر خلافت حق نہ ہوتی تو امت کا اجماع کیسے منعقد ہوتا لہذا یہ اجماع اور اتفاق دلیل ہے اس امر کی کہ خلافت آپ کی برحق ہے امام علامہ عبدالعزیز پر ھاروی یوں ارقام فرماتے ہیں: **ان اجماع الامة علی الباطل ممنوع ولاسیما الصحابة الذین هم افضل البشر بعد الانبیاء واجاب الروافض بانهم ارتدوا بعد موت النبی ﷺ الااربعة نفر ابوذر وسلمان والمقداد وعمار ونقلوا ذالک عن جعفر الصادق افتراً باطلا** [1] امت کا اجماع باطل پر ممنوع ومحال ہے۔خصوصاً صحابہ کرام کا اجماع جو انبیاء کرام علیھم الصلوٰۃ والسلام کے بعد تمام لوگوں سے افضل ہیں تو روافض شیعہ اس کا

---

1 نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

جواب یوں دیتے ہیں کہ تمام صحابہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد مرتد ہو گئے تھے سوائے چار افراد کے حضرت ابوذر، حضرت سلمان فارسی، حضرت مقداد اور حضرت عمار العیاذ باللہ تعالیٰ یہ ارتداد حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے نقل کرتے ہیں جو امام جعفر صادق پر افتراء باطل ہے۔

ملاحظہ فرمایا روافض کا عقیدہ خلافت کے بارے میں۔

امام عبدالعزیز پرہاروی مزید برآں ارقام فرماتے ہیں: **ولا یخفیٰ ان من بلغت حماقته بکفر الصحابة اجمع فلیس باهل الخطاب** [1] یہ بات بالکل مخفی نہیں کہ جن لوگوں کی حماقت یہاں تک پہنچی کہ تمام صحابہ کرام کو کافر کہا وہ اس قابل نہیں کہ ان سے بات کی جائے۔

مولوی برخوردار ملتانی اِسی مقام پر نبراس کے حاشیہ میں یوں رقمطراز ہیں:

**اعلم ان سائر فرق الشیعة متفقة فی ان الخلافة کانت حقا لعلی وانه وصی الیه بها قال القاضی ثم اختلف هولاء فکفرت الروافض سائر الصحابة فی تقدیهم غیره وزاد بعضهم وکفر علیا لانه لم یقم فی طلب حقه نبرعهم وقال القاضی ولاشک فی کفر من قال هذا لان من قال کفر الامة کله والصدر الاول فقد ابطل الشریعة وهدم الاسلام** جان تو کہ تمام شیعہ فرقے اس میں متفق ہیں کہ خلافت اول مرۃ حضرت علی المرتضیٰ کا حق تھی ان کیلئے خلافت کی وصیت ہو چکی تھی۔ قاضی عیاض فرماتے ہیں پھر روافض شیعہ کا باہم اختلاف ہوا کچھ تو وہ ہیں جنہوں نے حضرت علی المرتضیٰ کے علاوہ

---

[1] نبراس

marfat.com

تمام کو کافر کہا کہ انہوں نے حضرت علی المرتضیٰ کو حق نہیں دیا۔ دوسروں کو مقدم کیا اور بعض نے حضرت علی المرتضیٰ کو بھی کافر کہا کہ انہوں نے اپنا حق طلب نہیں کیا۔

## روافض یہود و نصاریٰ سے زیادہ بُرے ہیں:

امام عبدالعزیز پرہاروی یوں ارقام فرماتے ہیں: **وذکر بعض الاکابر ان الروافض شر من الیہود والنصاریٰ فان الیہود علی ان خیر الامم اصحاب موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام والنصاریٰ علی ان خیرھم اصحاب عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام والروافض علی ان شر الناس اصحاب محمد ﷺ وقال الامام الرازی نملہ وادی النمل اعقل من الروافض فانہا قالت ادخلوا مساکنکم لایحطمنکم سلیمان وجنودہ وھم لایشعرون فانہا لم یجوز الظلم من اصحاب سلیمان علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام عمدا علی النمل والروافض یعتقدون الظلم من اصحاب محمد ﷺ علی اھل بیتہ** [1]

بعض اکابر نے ذکر فرمایا کہ روافض یہود و نصاریٰ سے زیادہ برے ہیں کیونکہ یہود کا عقیدہ یہ ہے کہ امت کے بہترین افراد وہ ہیں جو اصحاب موسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام ہیں اور نصاریٰ کا عقیدہ یہ ہے کہ امت کے بہترین افراد وہ ہیں جو حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ ہیں اور روافض وشیعہ کا عقیدہ یہ ہے کہ تمام لوگوں سے بدترین اصحاب محمد ﷺ ہیں۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ امام فخر الملت والدین امام رازی رحمہ الباری فرماتے ہیں وادی نمل کی چیونٹی روافض سے عقل مند تھی کیونکہ

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

اس نے چیونٹیوں سے کہا تھا اپنے اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ کہیں سلیمان علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا لشکر عدم شعور کی وجہ سے تمہیں پاؤں تلے روند نہ ڈالے۔ تو انہوں نے اصحاب سلیمان علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام پر عمداً چیونٹیوں پر ظلم جائز نہ رکھا لیکن روافض کا عقیدہ ہے کہ اصحاب محمد ﷺ نے اہل بیت النبی ﷺ پر ظلم کیا۔

افضلیت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ روافض کا پہلا اصول ہے۔ اور شیعہ مذہب کی بنیاد ہے امام عبدالعزیز پرھاروی حنفی چشتی یوں ارقام فرماتے ہیں:

**هذه المسئلة يدور عليها ابطال مذهب الشيعة فان اصولهم ان عليا رضى الله عنه افضل الكل ثم يفرعون عليه انه اشبه الصحابة بالنبى ﷺ فهو الخليفة ان مذهبه هو الحق لامذهب غيره و ان الصحابة ظلموه حيث استخلفوا غيره مع انه الافضل واعلم واشجع۔** [1]

افضلیت ابی بکر صدیق پھر عمر پھر عثمان پھر حضرت علی المرتضیٰ ایسا مسئلہ ہے کہ شیعہ مذہب کے ابطال کی اس پر مدار ہے اگر اس ترتیب کو صحیح مانا جائے تو شیعہ مذہب باطل ہو جاتا ہے۔

کیونکہ ان کا پہلا اصول یہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ تمام صحابہ سے افضل ہیں پھر اس پر تفریع بٹھاتے ہیں کہ آپ سب صحابہ سے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ زیادہ مشابہ تھے لہذا یہی خلیفہ ہوئے اور حضرت علی المرتضیٰ کا مذہب ہی حق ہے ان کے علاوہ باقی صحابہ کا مذہب حق نہیں اور صحابہ کرام نے حضرت علی المرتضیٰ پر ظلم کیا کہ حضرت علی کو خلیفہ نہ بنایا بلکہ غیر کو (یعنی ابوبکر صدیق، عمر فاروق پھر عثمان غنی کو) خلیفہ

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

بنایا۔ باوجود اس بات کے حضرت علی المرتضیٰ افضل تھے۔ اعلم اور اشجع تھے۔

قارئین اس عبارت سے واضح ہوگیا کہ حضرت علی المرتضیٰ کو افضل خلفاء ثلاثہ ماننا یہ شیعہ روافض کا بنیادی قاعدہ ہے تاکہ اس بے بنیاد عبارت پر اپنے باطل مذہب کی تعمیر کریں۔ خلاصہ یہ ہوا جو حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو افضل مانے وہ رافضی شیعہ ہے۔

یہ بہترین تحقیق امام علامہ عبدالعزیز پرھاروی رحمہ اللہ تعالیٰ کی ہے جنہوں نے ثابت کیا کہ روافض اور شیعہ مذہب کا مبنیٰ اور مدار ایک مفروضہ ہے جس کی واقع میں بالکل کوئی حقیقت نہیں (صاحب نبراس)۔ ان کی کتاب نبراس سمجھنا ہر عالم کے بس کی بات نہیں۔ بعض مغرب زدہ مولوی صرف چند ٹکوں کے حصول اور خوشامد کیلئے صاحب نبراس پر لغو اعتراض کرتے ہیں کہ ان کا علم پختہ نہیں تھا کیونکہ انہوں نے اوائل عمر نبراس تصنیف فرمائی۔ وجہ یہ ہے کہ وہ بعض حضرات جب پاکستان میں تھے تو اُس وقت صاحب نبراس کی تحقیق وتصنیف پر کوئی اعتراض نہ ہوا جبکہ یہ کتاب سمجھدار مدرس دیکھ کے شرح عقائد پڑھاتا ہے۔ درمیانے مدرس کو یہ سمجھ ہی نہیں آتی اور وہاں فتویٰ بھی جاری کیا جاتا تھا کہ افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر صدیق کا منکر اہل سنت سے خارج اور گستاخ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہما بھی اہل سنت سے خارج اور یہ لوگ شیعہ ہیں یہ اہل سنت کے امام نہیں ہوسکتے۔ یہ فتویٰ اہل سنت وجماعت کے عظیم مرکز دربار عالیہ نقشبندیہ علی پور سیداں شریف سے جاری ہوا اور اس فتویٰ پر تصدیق اُس وقت کے سجادہ نشین قبلہ پیر طریقت رہبر شریعت حضرت علامہ استاذ العلماء پیر سید اختر حسین شاہ صاحب نے فرمائی تھی ہم قارئین کی نظر وہ فتویٰ کرتے ہیں کچھ تبصرہ ہم کریں گے باقی تبصرہ آپ پر چھوڑ دیں گے۔

marfat.com

## فتویٰ علی پور سیداں سیالکوٹ:

اہل سنت و جماعت کے مسلمات میں سے ہے کہ امیر المؤمنین سیدنا ابوبکر صدیق اور سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہما جناب علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے افضل ہیں، علماء اہل سنت نے تصریح فرمائی ہے کہ اہل سنت کی علامت یہ ہے کہ ان دو بزرگوں کو تمام صحابہ کرام سے افضل جانے جو شخص شیخین کی افضلیت کا منکر ہو اہل سنت سے خارج ہے اس کے پیچھے نماز مکروہ تحریمی واجب الاعادہ ہے ایسے کو امام نہ بنایا جائے۔ نبی کریم ﷺ کے تمام صحابہ ہدایت کے روشن مینار اور چمکتے ہوئے ستارے ہیں تمام ہی بتدریج وترتیب افضلیت کے مالک ہیں اور ان تمام کو رضائے الٰہی حاصل ہے کسی کی شان میں گستاخی اور طعن وتشنیع اپنے ایمان کو ضائع کرنا ہے۔ جو حضرت امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ عنہ کو معاذ اللہ فاسق کہتا ہے وہ خود بہت بڑا فاسق بدمذہب بددین ہے ایسا شخص اہل سنت کے زمرۃ سے خارج ہے۔ اس کا اہل سنت و جماعت سے کوئی دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ اس کو امام بنانا ناجائز وحرام ہے۔ اس کے پیچھے اہل سنت و جماعت کی اقتدا قطعاً ناجائز ہے۔ اس کے پیچھے نماز بالکل نہیں ہوتی۔ واللہ تعالیٰ ورسولہ اعلم بالصواب۔

جواب ہمارے دین وفقہ کے عین مطابق ہے۔

حررہ غلام رسول مدرس مدرسہ نقشبندیہ علی پور شریف ۲۴ ستمبر ۱۹۷۱ء

اختر حسین جماعتی علی پوری عفی عنہ

قارئین یہ ہے فتویٰ ان مفتی صاحب کا جنہوں نے صاحب نبراس کو صرف اس لئے ناپختہ عالم کہا کہ انہوں نے مسئلہ افضلیت کی بڑی نفیس اور پختہ تحقیق فرما کر

marfat.com

مسلک اہل سنت و جماعت کو واضح فرمایا اور روافض وشیعہ کا ایسا رد کیا جس کا جواب نہیں۔

اب غور طلب امر یہ ہے کہ یہی مولانا پاکستان کی سرزمین میں اہل سنت و جماعت کے نہایت ہی معتمد علیہ اور معتبر آستانے میں دوران تدریس ایسا فتویٰ صادر فرماتے ہیں جو حرف بحرف مسلک اہل سنت کے مطابق ہے اور جب سرزمین برطانیہ میں جلوہ افروز ہوئے اور برطانیہ میں کئی جلسوں میں خود مولانا مفتی موصوف صاحب نے زور دار طریقہ سے افضلیت علی المرتضٰی علیٰ ابی بکر الصدیق بیان کی ہے۔ اب تعارض کی وجہ کیا ہے؟ اور یہ تعارض اُٹھے گا کس طرح اس کی چند ایک صورتیں ہیں اولا یا تو وہ مولانا کی اوائل عمر تھی علم پختہ نہیں تھا علماء اہل سنت و جماعت کی تقلید میں یہ فتویٰ صادر فرمادیا اب چونکہ بوڑھے ہیں اور عالم جب بوڑھا ہوتا ہے اس کا علم جوان ہوتا ہے اور اب پختہ ہوا لہذا اب حقیقت منکشف ہوئی کہ جس طرح میرا علم اوائل عمر میں پختہ نہیں تھا اسی طرح امام علامہ عبدالعزیز پرھاروی رحمہ اللہ تعالیٰ کا علم بھی پختہ نہیں تھا تبھی تو انہوں نے علماء اہل سنت کی تائید میں افضل البشر بعد الانبیاء ابوبکر صدیق کو رکھا۔ لہذا اب علم جوان ہوا اور انکشاف تام ہوا ہے کہ حضرت علی المرتضٰی افضل البشر ہیں بعد الانبیاء۔ قارئین اگر یہ بات ہو تو پھر یہ ضرور لازم آتا ہے۔ مولانا نے اب اپنے فتویٰ سے رجوع فرمالیا ہے لیکن پوری امت مسلمہ کے اجماع کو کہاں لیجائیں گے اور آئمہ اربعہ کے فتاویٰ کو کہاں لیجائیں گے لہذا اجماع امت اور مزید آئمہ اربعہ کے فتاویٰ کے مطابق یہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہیں اور رافضی شیعہ گروہ میں داخل ہیں۔

marfat.com

ثانیاً اگر پاکستان والا فتویٰ درست ہے تو پھر برطانیہ میں اس کی نقیض کا چرچا کیوں؟ ظاہر ہے دونوں درست نہیں ہوسکتے ہیں کیونکہ یہ مانعۃ الجمع ہے اسکا اجتماع اجتماع ضدین ہے اور یہ باطل ہے کیونکہ سنیت اور رافضیت ضدیں ہیں۔

ہاں دونوں اُٹھ سکتے ہیں مولانا کا نہ پاکستان والا عقیدہ نہ برطانیہ میں بیان کیا جانے والا کہ حضرت علی المرتضیٰ افضل الکل ہیں تو پھر لازم آئے گا کوئی نیا عقیدہ گھڑا گیا ہو یہ قول بالفصل ہوگا۔ تو اب دونوں کی نفی ہو تو پھر وہاں مہتمم اور سجادہ نشین کے خوف سے اہل سنت والا عقیدہ ظاہر کیا گیا اور یہاں مالی منفعت اور دیگر مقاصد کی خاطر یہ عقیدہ ظاہر کیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ حضرت صاحب نہ سنیوں میں نہ شیعوں میں یعنی نہ He ہیں اور نہ She ۔ اور اگر پہلے پاکستان والا عقیدہ جزمی تھا اہل سنت تھے جب برطانیہ میں آئے تحقیق بڑھی تو وہ جزم جاتا رہا اور پھر ان علیا افضل الکل بعد الانبیاء سے جزم ہوا۔ تو پھر یہ صورت بھی فیصلہ کن ہے کہ چلو پھر بھی اہل سنت وجماعت سے باتفاق اہل سنت خارج ہو کر زمرہ روافض شیعہ میں داخل ہو گئے۔

قارئین ہر حال حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق بلکہ شیخین پر فضیلت دینے والا رافضی، شیعہ اور گمراہ باطل فرقہ میں داخل ہوتا ہے۔ امام ابن حجر قسطلانی یوں ارقام فرماتے ہیں کہ **قالت الشیعۃ و کثیر من المعتزلۃ الافضل بعد النبی ﷺ علی** [1]

شیعہ اور اکثر معتزلہ کا مذہب ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے بعد حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں۔

---

[1] ارشاد الساری شرح بخاری

marfat.com

امام علامہ تفتازانی یوں ارقام فرماتے ہیں: **وعند الشیعة وجمهور المعتزلة الافضل علی** ۱؎ شیعہ اور اکثر معتزلہ کے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں۔

امام کمال الدین حنفی المعروف بابن ہمام متوفی ۶۸۱ھ یوں ارقام فرماتے ہیں: **وفی الروافض انمن فضل علیا فهو مبتدع** ۲؎ جو حضرت علی المرتضیٰ کو اصحاب ثلاثہ پر فضیلت دے بدعتی ہے رافضی ہے اِسی مقام پر فرمایا: **وان انکر خلافة الصدیق وعمر الفاروق فقد کفر** الصدیق اکبر اور عمر فاروق کی خلافت کا انکار کرے وہ کافر ہے۔

حضرت امام ملا علی قاری حنفی یوں ارقام فرماتے: **الشیعة تطلق علی الفرقه الذین یفضلون علیا کرم الله وجهه الکریم ویزعمون انهم من شیعته ای اتباع سیرته** ۳؎ شیعہ کا لفظ ان لوگوں پر بولا جاتا ہے جو حضرت علی المرتضیٰ کو فضیلت یعنی افضل الکل مانتے ہیں اور گمان کرتے ہیں ہم ان کے گروہ یعنی متبعین میں سے ہیں۔

حضرت امام صدر الشریعہ علامہ امجد علی صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ اعظمی رضوی سنی حنفی برکاتی یوں ارقام فرماتے ہیں عقیدہ بعد از انبیاء ومرسلین خلیفہ برحق اور امام مطلق حضرت سیدنا صدیق اکبر پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت علی المرتضیٰ پھر چھ ماہ کیلئے حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہوئے ان حضرات کو خلفاء راشدین اور ان کی خلافت کو راشدہ کہتے ہیں کہ انہوں نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سچی نیابت کا پورا حق ادا فرمایا۔ ۴؎

---

۱؎ شرح مقاصد ۲؎ فتح القدیر شرح ہدایہ ۳؎ شرح الشفاء ۴؎ بہارِ شریعت

marfat.com

عقیدہ بعد از انبیاء و مرسلین تمام مخلوقات الٰہی انس و جن و ملک سے افضل صدیق اکبر ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان غنی پھر مولیٰ علی رضی اللہ عنہم جو شخص مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو صدیق اکبر یا فاروق اعظم رضی اللہ عنہما سے افضل بتائے گمراہ بدمذہب ہے عقیدہ افضلیت کے یہ معنی ہیں اللہ تعالیٰ کے ہاں زیادہ عزت و منزلت والا ہو۔ اِسی کو کثرت ثواب سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔ عقیدہ ان کی خلافت برترتیب فضیلت ہے یعنی جو عند اللہ افضل و اعلیٰ و اکرم تھا وہی پہلے خلافت پاتا گیا نہ کہ افضلیت برترتیب خلافت یعنی افضل یہ مسلک داری و ملک گیری میں زیادہ سلیقہ جیسا آج کل سنی بننے والے تفضیلیئے کہتے ہیں۔ (بہارِ شریعت ص ۵۲ جلد ۱)

قارئین صاحب بہارِ شریعت نے بالکل صاف کر دیا ہے۔ باقی ان کے دور میں بھی سنی بننے والے تفضیلے تھے۔

یہ بڑی خطرناک صورت ہوتی ہے سنی بن کر رفض کا ٹیکہ لگانا اور ماہرانہ انداز میں کہ عوام الناس تو عوام الناس درمیانہ طبقے کے علماء اور خطباء سے یہ ہوشیار لوگ ٹیکہ لگا کے داد لیتے ہیں اپنی مہارت پر اور تائید کرواتے ہیں۔ دُعا ہے اللہ تعالیٰ اہل سنت کو ایسے بدعقیدہ اہل تفضیہ و نیم عریاں رافضیوں سے محفوظ رکھے۔

ورنہ بڑے بڑے دعوے داران لوگوں کے سامنے دم مارنے کی مجال نہیں رکھتے بلکہ اپنے جلسوں میں بلوا کر خطاب کرواتے ہیں۔

امام محمد عبدالوہاب بن احمد بن علی الشعرانی المتوفی ۹۷۳ھ

یوں ارقام فرماتے ہیں: **وقالت الشیعة و کثیر من المعتزلة الافضل بعد النبی ﷺ علی بن ابی طالب رضی الله عنه**[۱] شیعہ اور

---

۱ الیواقیت والجواہر

marfat.com

اکثر معتزلہ کا مذہب ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے بعد حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں۔

اعلیٰ حضرت عظیم المرتبت والبرکت مجدد دین وملت مولانا شاہ احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: **الرافضی ان فضل علیا علی غیرہ فھو مبتدع ولوانکر خلافۃ الصدیق رضی اللہ عنہ فھو کافر خزانۃ المفتین** (بحوالہ فتاویٰ رضویہ نیا جلد ۱۴) رافضی اگر علی المرتضیٰ کو غیر پر فضیلت دے تو وہ بدعتی ہے اور اگر خلافت صدیق اکبر رضی اللہ عنہما کا انکار کرے تو وہ کافر ہے۔

دوسرے مقام پر یوں ارقام فرماتے ہیں: **الرافضی ان فضل علیا فھو مبتدع وان انکر خلافۃ الصدیق فھو کافر مجمع الانھر ملتقی الابحر** (بحوالہ فتاویٰ رضویہ جدید جلد ۱۴) رافضی اگر صرف تفضیلیہ ہے تو بدعتی ہے اور اگر خلافت صدیق اکبر کا منکر ہے تو کافر ہے۔ تیسرے مقام میں یوں ارقام فرماتے ہیں: **الرافضی ان کان یسب الشیخین ویلعنھما (والعیاذ باللہ تعالیٰ) فھو کافر و ان کان یفضل علیا کرم اللہ تعالیٰ وجھہ الکریم علیھما فھو مبتدع** (فتاویٰ رضویہ جدید جلد ۱۴) رافضی اگر سب وشتم کرتا ہے شیخین (حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کو اللہ تعالیٰ کی پناہ اس کفر سے) تو وہ کافر ہے اور اگر صرف حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو افضل مانتا ہے ان دونوں بزرگوں سے تو وہ بدعتی ہے۔

ان عبارات سے بات واضح ہوگئی کہ رفض کلی مشکک ہے کہ اِس کے افراد میں شدت وضعف پایا جاتا ہے۔ رافضی کا وہ فرد جس پر اضعف طور پر سچا آتا ہے وہ تفضیلیہ ہے۔ اس کے بعد شدت وقوت میں اضافہ ہوتا جاتا ہے اور اس کے کئی افراد

marfat.com

ہیں۔اُن میں سے ساب، شاتم شیخین بھی ہے جو کافر ہے۔

قارئین یہ تو ثابت ہو گیا کہ تفضیلیہ رافضی ہے اس پر شیعہ کا بھی اطلاق آتا ہے۔چونکہ شیعہ اور رافضی مترادف ہیں اور تفضیلیہ اُن کا فرد ہے اور ہر کلی اپنے افراد پر محمول ہوتی ہے جیسے الانسان حیوان، وزید انسان ایسے ہی یوں کہا جائے گا التفضیلۃ رافضی وشیعۃ۔لہذا جو شخص حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت دیگا وہ رافضی ہے شیعہ ہے اور رافضی، شیعہ اور اہل سنت کے درمیان تباین کلی ہے۔چونکہ رافضی شیعہ ان ۷۲ ناری فرقوں میں سے ہے۔جو حدیث میں بیان ہوئے ہیں اور اہل سنت و جماعت ناجی اور جنتی گروہ ہے لہذا ہم یہ ضرور کہیں گے اہل سنت و جماعت خواص وعوام الناس تمام ہوشیار رہیں خصوصاً برطانیہ میں جہاں ہر شئے آزاد ہے۔اپنی صفوں میں ایسے لوگوں کو پہچانے جو تفضیلیت کی صورت میں رافضیت اور شیعیت پھیلا رہے ہیں جو تقریروں میں جلسے اور جلوسوں میں یہ کہتے ہیں کہ تحقیق یہ ہے کہ حضرت علی المرتضٰی حضرت صدیق اکبر سے افضل ہیں بلکہ تمام اہل بیت کو افضل قرار دیتے ہیں ایسے لوگ سنی نہیں نہ اہل سنت کے مقتدی وپیشوا ہو سکتے ہیں اگر ایسی تقریریں سنانے کی کوشش کی جائے تو انہیں یہ آیت پڑھ کر سنادی جائے وامتازو الیوم ایھا المجرمون۔اے مجرمو اہل سنت سے جدا ہو جاؤ یا پھر صحیح معنوں میں اندرو باہر ظاہر و باطن سے اہل سنت بن کر رہو۔

؎ دورنگی چھوڑ دے یک رنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

## مسئلہ افضلیت نہایت ہی اہم ہے:

مسئلہ افضلیت پر قلم اٹھانا، انتہائی ضروری ہے خصوصاً جب اہل سنت کے اندر ایسے لوگ گھسے ہوئے ہوں جو در پردہ تفضیلیت (رافضیت) پھیلا رہے ہوں چونکہ رافضی، شیعہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی افضلیت پر یہ عمارت تعمیر کرتے ہیں کہ آپ چونکہ خلافت کے حق دار تھے اور صحابہ کرام نے آپ کا حق غصب کیا لہذا صحابہ کرام ظالم ہیں العیاذ باللہ اور پھر مسلک اہل سنت و جماعت کو باطل کہتے ہیں اور ضعفاء مسلمین کو گمراہ کرتے ہیں۔

امام علامہ عبدالعزیز پرھاروی رحمہ اللہ تعالیٰ یوں ارقام فرماتے ہیں: **وان الصحابة ظلموه حيث استخلفوا غيره مع انه افضل واعلم واشجع وان الظالمين غير عادلين فلايصح رواية الحديث عنهم فيبطل كل حديث رواه اهل السنة وهذا هوترتيبهم فى تضليل ضعفاء المسلمين وفساده اشد من مفاسد مذهب المعتزلة والجبريه واشباهم فيجب على العلماء الاهتمام بمسئلة الافضلية**[1] شیعہ نے اپنی مذہبی بنیاد (افضلیت) پر رکھی اور کہا صحابہ کرام ظالم ہیں انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو خلیفہ نہیں بنایا باوجودیکہ وہ افضل تھے۔ اعلم تھے اشجع تھے اور ظالم غیر عادل ہوتا ہے اور غیر عادل کی روایت کردہ حدیث صحیح نہیں لہذا وہ تمام احادیث سے باطل ہیں جنہیں اہل سنت و جماعت نے روایت کیا ہے اور یہ ترتیب ہے ضعیف الاعتقاد مسلمانوں کو گمراہ کرنے کی اور ان کا فساد معتزلہ جبریہ اور دیگر تمام فرق باطلہ سے زیادہ

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

نقصان دہ ہے۔ لہذا علماء حق اہل سنت و جماعت پر فرض ہے کہ وہ مسئلہ افضلیت کو اہمیت دیکر واضح کریں۔

قارئین امام عبدالعزیز پرھاروی رحمۃ اللہ علیہ نے اِس مسئلہ کی اہمیت کو یوں واضح فرمایا جیسے کہ وہ برطانیہ کے فتنۂ تفضیلیت سے جزمی طور پر آگاہ تھے۔ آپ نے رافضی، شیعہ کی تضلیل کا طریقہ ملاحظہ فرمایا گویا کہ وہ منطقی قیاس چلا کر مسلک اہل سنت کو باطل کرر ہے ہیں ان کے مقدمات کا ذبہ کا بالکل وہی حال ہے جو العالم قدیم کے مقدمات کا حال ہے کہ کہا العالم مستغن عن المؤثر وکل مستغن عن المؤثر فھو قدیم نتیجہ آئیگا العالم قدیم جس طرح یہ مقدمات اوران کا نتیجہ باطل ہیں یوں ہی روافض، شیعہ کے تضلیلی مقدمات اور پھر اس کا نتیجہ کہ اہل سنت کا مذہب باطل، باطل ہیں۔

لہذا پاکستان اور خصوصاً برطانیہ میں مسئلہ افضلیت کو بے غبار کرنا علماء اہل سنت کے فرائض منصبی میں سے ہے۔

## افضلیت شیخین کا عقیدہ اہل سنت کی علامت ہے:

مسئلہ افضلیت کی اہمیت کا پتہ اس سے بھی چلتا ہے کہ شیخین (ابوبکر صدیق اورعمر فاروق رضی اللہ عنہما کو بعد الانبیاء مطلقاً افضل ماننا اہل سنت و جماعت کی علامات میں سے ہے۔ علامہ تفتازانی رحمہ اللہ تعالیٰ یوں ارقام فرماتے ہیں: **حيث جعلوا من علامات اهل السنة والجماعت تفضيل الشيخين ومحبة الختنين**[1] علماء حق نے اہل سنت و جماعت کی علامات میں کیا ہے۔ شیخین (ابوبکر صدیق اور عمر فاروق) کو افضل ماننا اور ختنین (عثمان غنی اور علی المرتضیٰ) سے محبت کرنا۔

---

1. شرح عقائد

marfat.com

علامہ امام عبدالعزیز پرھاروی اس کی شرح میں یوں ارقام فرماتے ہیں:

**وحسبک دلیلا علی الاهتمام. بمسئلة الافضیلت انها من علامات اهل السنة و الجماعت** ۔ مسئلہ افضلیت کے اہتمام اور اہمیت پر دلیل کافی ہے کہ یہ اہل سنت و جماعت کی علامات میں سے ہے۔[1]

قارئین یہ افضلیت شیخین اہل سنت کی علامت قرار پایا۔ تو بالکل مسئلہ صاف ہو گیا جو حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ سے انبیاء کرام علیہم السلام کے بعد کسی اور کو افضل مانے وہ اہل سنت و جماعت سے خارج ہے کیونکہ **الاشیاء تعرف بعلاماتها** ۔ چیزیں اپنی علامات سے پہچانی جاتی ہیں۔

لہذا جو شخص تقریر میں یہ کہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک ابو بکر صدیق افضل ہیں اور بعض اہل سنت کے نزدیک حضرت علی المرتضیٰ یا تمام اہل بیت افضل ہیں وہ دھوکہ دے رہا ہے اور صرف سادہ لوح سنیوں کو گمراہ کر رہا ہے۔ کسی سنی کا یہ مذہب نہیں کہ حضرت علی المرتضیٰ یا اہل بیت ابو بکر صدیق سے یا عمر فاروق سے افضل ہیں۔ کیونکہ جو شخص یہ کہے یا لکھے اُس میں اہل سنت کی علامت ہی نہیں پائی جاتی بلکہ اُس میں ناری اور باطل فرقے کی علامت پائی جاتی ہے لہذا ایسی تقریر کرنے والے کو اہل سنت و جماعت کے مجمع سے نکال دیا جائے اور کبھی اہل سنت کے جلسوں وجلوسوں میں نہ بلایا جائے۔

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

## حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت سے شرح عقائد کی وضاحت:

امام علامہ تفتازانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے شرح عقائد میں ایک عبارت بولی ہے وہ یوں مرقوم ہے: **والسلف کانوا متوقفین فی تفضیل عثمان حیث جعلوا من علامات السنة والجماعت تفضیل الشیخین ومحبة الختنین والانصاف انه ان ارید بالافضلیت کثرة الثواب فللتوقف جهة وان ارید کثرة مایعده ذوالعقول من الفضائل فلا**[1] ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں یہ عبارت دراصل حضرت امام اعظم امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ علامہ تفتازانی رحمہ اللہ علیہ نے لفظ محبۃ الختنین کو توقف کی دلیل بنایا۔

اصل میں یہ عبارت حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی ہے۔ چونکہ اِس عبارت میں تفضیل شیخین کو اور محبت ختنین کو اہل سنت کی علامت قرار دیا ہے اس لئے علامہ تفتازانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس عبارت سے امام اعظم رضی اللہ عنہ کے اختلاف پر استدلال کیا ہے۔ اور کہا ہے کہ سلف تفضیل عثمان غنی بر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہما میں مختلف ہیں۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ اس شبہ کا ازالہ فرماتے ہوئے یوں ارقام فرماتے ہیں: **وهمچنیں توقفے که از عبارت امام اعظم رحمة الله علیه فمیده اند که من علامات السنة والجماعت تفضیل الشیخین ومحبة الختنین نزد ایں فقیر اختیار ایں عبارت را محمل دیگر است که چوں ظهور فتن واختلال درامور مردم درزمان**

---

[1] شرح عقائد

marfat.com

**خلافت حضرات ختنین لبسیارشده بود وبدلهائے مردم ازیں راہ کدورتے راہ یافتہ امام ایں معنی راملاحظہ فرمودہ درحق ایشاں لفظ محبت اختیار نمودہ است ودوستی ایشان را علامات سنت ساختہ بے آنکہ شائبہ توقف ملحوظ بود وکیف وکتب الحنفیہ مشحونۃ بان افضلیتھم علی ترتیب خلافتھم۔**

علامہ عبدالعزیز پرھاروی یوں ارقام فرماتے ہیں: **ودلیل توقفھم الاکتفاء بذکر المحبۃ فیھما من غیر تعرض للتفضیل کما فی الشیخین۔** [1] سلف کے توقف کی دلیل یہ ہے کہ انہوں نے فقط ختنین کی محبت کا ذکر فرمایا۔ تفضیل کا ذکر نہیں فرمایا جس طرح شیخین کی تفضیل کا ذکر فرمایا۔

لیکن اس کا جواب ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں جو حضور امام ربانی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا لہذا یہ توقف کی دلیل نہیں اور نہ ہی حضرت امام الائمہ سراج الامۃ کشف الغمہ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے توقف فرمایا ہم نے الفقہ الاکبر کے حوالہ سے تصریح ذکر کردی ہے کہ آپ کے نزدیک خلافت کا وقوع افضلیت کی ترتیب پر ہی ہوا ہے۔

## سادات کرام کیلئے خصوصاً ایمان افروز اور قابل تقلید بات:

قطب الاقطاب غوث الاغواث پیر پیراں شہباز لامکانی قطب ربانی حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی غوث اعظم گیارویں والے پیر صاحب رضی اللہ عنہ اپنی مشہور تصنیف غنیۃ الطالبین میں ارشاد فرماتے ہیں اس ارشاد گرامی کو حضور امام ربانی

---

[1] نبراس شرح شرح عقائد

marfat.com

مجدد الف ثانی قندیل نورانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ مکتوبات شریف میں یوں ارقام فرماتے ہیں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ در کتاب غنیۃ کہ از مصنفات ایشاں است میفر ماید وحدیثے نقل میکنند کہ آں سرور فرمودہ است علیہ وعلی آلہ الصلوٰۃ والسلام کہ مرا عروج واقع شداز پروردگار خود مسأ لت نمودم کہ خلیفہ بعداز من علی بود ملائکہ گفتند کہ اے محمد ﷺ ہر چہ خدا خواہد آں شود خلیفہ بعداز تو ابوبکر است ونیز حضرت شیخ فرمودہ کہ حضرت امیر گفتہ است کہ بیروں نیامد پیغمبر خدا ﷺ از دنیا تا آنکہ عہد کرد بمن کہ خلیفہ بعداز فوت من ابوبکر خواہد بود بعدازاں عمر بعدازاں عثمان بعدازاں تو خلیفہ خواہی بود رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ۔[1] حضور غوث پاک غنیۃ الطالبین میں ایک حدیث نقل فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا عروج ہوا بارگاہ الٰہی میں حاضری ہوئی میں نے عرض کیا یا اللہ میرے بعد خلیفہ علی المرتضیٰ ہوں گے تو ملائکہ نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ مشیت وفیصلہ یہ ہے کہ ابوبکر صدیق آپ کے بعد خلیفہ ہوں گے اور حضور غوث پاک رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام دنیا سے اُس وقت تک نہیں گئے جب تک مجھ سے عہد نہیں کر چکے کہ میرے وصال کے بعد خلیفہ ابوبکر صدیق ہوں گے ان کے بعد حضرت عمر فاروق ان کے بعد حضرت عثمان ان کے بعد علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم اجمعین تم خلیفہ ہو گے ۔ لہٰذا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی آل کے فرد کامل تا ظہور امام مہدی رضی اللہ عنہ مقام قطبیت پر فائز رہنے والے غوث پاک جو حسنی وحسینی سید ہیں ۔ کا عقیدہ یہ ہے کہ خلافت کا وقوع برحق اور روافض ، شیعہ اسی خلافت کے ابطال کیلئے

---

[1] مکتوبات شریف جلد دوم

marfat.com

افضلیت کا ڈھنڈورا پیٹ رہے تھے۔ لہذا وہ سادات جو اہل سنت کی صفوں میں ہیں اور غوث پاک کو غوث اعظم مانتے ہیں ان کے نام پر نذرانے لیتے ہیں وہ غوث پاک کا عقیدہ بھی اندر باہر ظاہر و باطن سے اپنائیں۔ اور کبھی بھول کے بھی حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی افضلیت کی جانب مخالف کو حق کا شائبہ دیکر ذکر نہ کریں۔

اب شرح عقائد کی عبارت میں دوسرا مقام شارح تفتازانی رحمہ اللہ علیہ نے حضرات ختنین (عثمان غنی اور علی المرتضٰی) کے درمیان توقف کی وجہ یہ بیان فرمائی کہ اگر افضلیت سے مراد کثرت ثواب لی جائے تو پھر توقف کی وجہ ہے کیونکہ کثرت ثواب کا علم صرف عقل سے نہیں آتا وہ وحی الٰہی پر موقوف ہے اور اگر فضائل کی کثرت وتعداد مراد ہو تو پھر توقف کی وجہ نہیں کیونکہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ کے کمالات علمیہ اور عملیہ بہت زیادہ ہیں لہذا حضرت علی المرتضٰی افضل ہوئے حضرت عثمان سے۔

اس عبارت کا جواب حضور مجدد الف ثانی امام ربانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دو وجہ سے ارشاد فرما دیا۔ اولاً سرے سے توقف کی ہی نفی ہے کیونکہ جس عبارت (لفظ محبۃ) سے توقف پر استدلال کیا آپ نے وہ منشیٰ ہی اڑا دیا لفظ محبت ذکر کرنے کی وجہ ہی اور ہے لہذا اس سے افضلیت کے اعتقاد کی نفی نہیں ہوتی۔ اگر کوئی اعتراض کرے کہ حضور مجدد صاحب نے لفظ محبت ذکر کرنے کی جو وجہ ذکر کی ہے وہ محتمل ہے لہذا افضلیت کا ثبوت حتمی نہ ہوا۔ اس کے دو جواب ہیں اول یہ کہ معنی محتمل کے تعین کیلئے قرینہ ہونا چاہیے تو قرینہ اُس کے حالات ہیں۔ دوسرا یہ خود حضور امام اعظم رحمہ اللہ تعالیٰ **فی کتابہ الوحیہ ثم تقربان افضل ھذہ الامۃ یعنی وھم خیر الامم بعد نبینا محمد** ﷺ **ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم**

marfat.com

**علی رضی اللہ عنہم اجمعین۔** [1]

ح۔ تفتازانی صاحب مستدل ہیں نہ کہ ہم۔ ہم تو ہیں معترض ہمارے لئے احتمال ذکر کرنا کافی **اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال** جب احتمال آجائے تو استدلال باطل ہوتا ہے لہٰذا لفظ محبت کے ذکر سے عدم افضلیت پر استدلال کرنا باطل ہوگیا اب علامہ تفتازانی پر لازم ہے کہ ہمارے یعنی مجدد پاک کے اعتراض کا جواب دیں۔

ثانیاً اگر افضلیت کا معنی کثرت ثواب ہو تو توقف کی وجہ پھر بھی نہیں بن سکتی کیونکہ توقف تو اس لئے تھا کہ کثرت ثواب کا علم ہو تو بھی توقف نہیں ہوسکتا کیونکہ اس کا علم عقل سے نہیں بلکہ وحی سے حاصل ہوتا ہے۔ تو اب دیکھنا یہ ہے کہ وحی نے بیان فرمایا کہ نہیں؟ تو جواب یہ ہے کہ احادیث صحیح کثیرہ وارد ہیں کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ افضل ہیں حضرت علی المرتضیٰ سے ان میں سے ایک حدیث یہ ہے۔ امام ترمذی روایت کرتے ہیں حدیث عبداللہ ابن عمر **قال کنا نقول ورسول اللہ ﷺ حی افضل امتہ بعدہ ابوبکر ثم عمر ثم عثمان فیبلغ ذالک رسول اللہ ﷺ فلاینکرہ** [2] حضرت عبداللہ ابن عمر نے فرمایا ہم رسول اللہ ﷺ کی حیات طیبہ ظاہرہ میں کہا کرتے تھے کہ آپ کی امت میں آپ ﷺ کے بعد سب سے افضل ابوبکر ہیں پھر حضرت عمر ہیں پھر حضرت عثمان غنی یہ خبر نبی اکرم ﷺ کو پہنچتی مگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام انکار نہ فرماتے۔ دوسرا حضرت علی المرتضیٰ نے نص فرمائی ہے **فعن علی رضی اللہ عنہ قال خیر الناس فی ھذہ الامۃ بعد ابی بکر**

---

[1] شرح الفقہ الاکبر [2] رواہ الترمذی

marfat.com

عمر الفاروق ثم عثمان ذوالنورين ثم انا رواه الحافظ ابوسعید السمان کما فی فصل الخطاب [1] حضرت علی المرتضیٰ فرماتے ہیں اس امت میں حضرت ابوبکر صدیق کے بعد حضرت عمر فاروق افضل ہیں پھر عثمان ذوالنورین پھر میں (یعنی علی المرتضیٰ) اس مضمون کی احادیث تو بہت ہیں۔

لہذا وحی نے بیان فرمادیا کہ کثرت ثواب حضرت عثمان غنی میں ہے لہذا یہ افضل ہوئے حضرت علی المرتضیٰ مفضول ہوئے۔

لہذا توقف کی وجہ نہ رہی لہذا توقف ہی نہ رہا یہ احتمال کہ افضلیت کا معنی فضائل کی کثرت ہو یہ پہلے بھی واضح کر چکے ہیں اس کا معنی کثرت فضائل نہیں ورنہ کئی خرابیاں لازم آئیں گی۔ کیونکہ لازم آئے گا غیر نبی سے افضل ہو جائے جو کہ محال ہے غیر صحابی صحابی سے افضل ہوجائے جو باطل ہے۔

## افضلیت شیخین پر اجماع قطعی ہے کہ ظنی؟

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی رضی اللہ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں: افضلیت حضرات شیخین باجماع صحابہ وتابعین ثابت شدہ است چنانچہ نقل کردہ اند آنرا اکابر آئمہ کہ یکے از ایشاں امام شافعی ست شیخ ابوالحسن اشعری کہ رئیس اھل سنت است فرماید کہ افضلیت شیخین بر باقی امت قطعی ست انکار نکند افضلیت شیخین را بر باقی صحابہ مگر یا حضرت امیر کرم اللہ وجہہ بفرماید کہ کسیکہ مرا بر ابی بکر وعمر فضل بدہد مفتری ست تازیانہ زنم چنانکہ مفتری زنند۔ [2]

افضلیت شیخین پر صحابہ کرام اور تابعین سے اجماع ثابت ہے جیسا کہ اکابر

---

[1] نبراس [2] مکتوبات شریف جلد ۲

marfat.com

آئمہ نے نقل فرمایا ان میں امام شافعی ہیں۔ شیخ ابوالحسن اشعری جو اہل سنت کے رئیس ہیں فرماتے ہیں کہ شیخین کی افضلیت باقی تمام امت پر قطعی ہے۔ باقی صحابہ کرام پر شیخین کی افضلیت کا انکار صرف جاہل یا متعصب ہی کر سکتا ہے حضرت علی المرتضٰی خود فرماتے ہیں جو مجھے حضرات شیخین پر فضیلت دیگا وہ مفتری ہے میں اسے وہ حد ماروں گا جو مفتری کو ماری جاتی ہے۔

اس سے صاف ظاہر ہے کہ جمہور و غیر جمہور کی بات نہیں جو ان بزرگوں کی افضلیت کا منکر ہے وہ یا تو جاہل ہے حقیقت امر سے یا پھر متعصب ہے اور دونوں کا اعتبار نہیں لہذا آج بھی ان دو بزرگوں پر جو شخص حضرت علی المرتضٰی یا اہل بیت کو افضل بتائے وہ یا جاہل ہے یا متعصب ہے۔ لہذا اعوام الناس اور درمیانہ طبقہ کے علماء کیلئے فیصلہ دینا آسان ہو گیا۔ اُسے کہا جائے تو جاہل ہے یا متعصب ہے۔ امام عبدالوھاب الشعرانی یوں ارقام فرماتے ہیں: **ان افضل الاولیاء المحمدیین بعد الانبیاء والمرسلین ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی رضی اللہ عنهم اجمعین. وهذا الترتیب بین هولاء الاربعة الخلفاء قطعی عند الشیخ ابی الحسن الاسعری ظنی عندالقاضی ابی بکر الباقلانی۔**[1]

انبیاء و مرسلین کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت کے اولیاء کرام میں سب سے افضل ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضٰی رضی اللہ عنہم ہیں خلفاء اربعہ کے درمیان یہ ترتیب شیخ ابوالحسن اشعری کے نزدیک قطعی ہے۔ قاضی ابوبکر باقلانی کے نزدیک ظنی ہے۔

---

[1] الیواقیت والجواہر

marfat.com

امام ابن حجر عسقلانی یوں ارقام فرماتے ہیں: **اذا تقرر ذالک فالمقطوع بہ بین اهل السنة والجماعة افضلية ابی بکر ثم عمر ثم اختلفوا فيمن بعدهما فالجمهور علی تقديم عثمان**[1] جب ترتیب افضلیت علی ترتیب الخلافۃ پر اہل سنت کا اجماع ثابت ہے تو شیخین کی افضلیت پر تو اجماع قطعی ہے باقی دو بزرگوں میں اختلاف ہے۔ جمہور کے نزدیک حضرت عثمان غنی افضل ہیں۔

امام ابن حجر مکی رحمہ اللہ علیہ یوں ارقام فرماتے ہیں: **ثم الذی مال اليه ابو الحسن ان الاشعری امام اهل السنة ان تفضيل ابی بکر علی من بعده قطعی وخالفه القاضی ابو بکر باقلانی فقال انه ظنی**[2] حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارقام فرماتے ہیں: اکنوں سخن درآں ماند کہ مسئلہ ترتیب افضلیت یقینی است کہ برھان قاطع برآں گذشتہ چنانچہ ترتیب خلافت یا ظنی است کہ دلیل آں اما امارات وقرائن است کہ رجحان واولویت رساند بعضے برآنند کہ قطعی است ومختار نزد اکثر محققین آنست کہ ظنی است۔[3]

اب رہا مسئلہ یہ کہ جس طرح ترتیب خلافت کا ثبوت قطعی یقینی دلیل سے ہے اسی طرح افضلیت کی ترتیب بھی ہے یا اس طرح نہیں تو اکثر محققین کے نزدیک مسئلہ افضلیت ظنی ہے اور بعض کے نزدیک قطعی ہے۔

وہ علماء کرام جن کے نزدیک مسئلہ افضلیت قطعی ہے ان میں امام ابوالحسن اشعری، امام شافعی، امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی علامہ شاہ عبدالعزیز محدث

---

[1] فتح الباری شرح صحیح البخاری [2] صوعق [3] تکمیل الایمان

marfat.com

دہلوی۔ حضرت امام ملا علی قاری رضی اللہ تعالیٰ عنہم ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے منکر افضلیت کو اسی کوڑوں کی سزا کا مستحق قرار دیا اور حدیں قطعیات میں ماری جاتی ہیں نہ کہ ظنیات میں۔ حوالہ کیلئے ہم کتب ذکر کر چکے ہیں۔ مکتوبات، صواعق محرقہ، الیوقیت والجواھر۔ شرح فقہ اکبر اور السراالجلیل للمحدث دہلوی۔ باقی جمہور علماء کے نزدیک مسئلہ افضلیت ظنی ہے۔ یہاں دو اعتراض وارد ہوتے اولا یہ کہ اجماع صحابہ وتابعین افضلیت شیخین پر منعقد ہے تو پھر یہ مسئلہ قطعی ہونا چاہیے تھا کیونکہ اجماع امت قطعیت کا فائدہ دیتا ہے تو پھر جمہور قطعیت کا انکار کیوں کرتے ہیں۔

جواب اس کا یہ ہے کہ اجماع قطعیت کے مرتبہ سے نیچے اتر آیا ہے شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ یوں ارقام فرماتے ہیں: ومختارھم آں است حکم بظنیت آں درست نباشد چہ اجماع از دلائل قطعیہ است جوابش آں است کہ درعلم اصول فقہ مترد ومبرھن شدہ است کہ اجماع دلیل قطعی است ولیکن نہ بجمیع انواع واقسامش بلکہ قطعی آں است کہ درآنجا خلاف اصلا نبود وآنکہ دروے خلافے بود اگرچہ شاذ ونادر باشد ظنی بود واز قطعیت برآید ہر چند آں خلاف بجہت شذوذ وندرتش معتمد بہ نہ بود ومانع از انعقاد اجماع نباشد ولیکن درالخطاط درجہ وے از مرتبہ قطعیۃ بے تاثیرے نبود بآنکہ اجماع کہ درینجا است برہمیں افضلیت ظنی است[1] خلاصۂ عبارت یہ ہے اعتراض یہ ہوا کہ اجماع دلائل قاطعہ میں سے ہے تو پھر افضلیت ظنیہ نہیں قطعیہ ہونی چاہیے جواب یہ ہے کہ اصول فقہ میں اپنی جگہ یہ ثابت اور مبرھن ہے کہ اجماع

---

1 تکمیل الایمان

marfat.com

دلیل قطعی تو ہے لیکن بجمیع انواع واقسام نہیں بلکہ قطعی وہ اجماع ہے جس میں اختلاف بالکل نہ ہو۔ لیکن جس میں اختلاف ہو خواہ روایت شاذ ونادرہ سے ہی کیوں نہ ہو وہ مفید ظن ہوتا ہے یہ اختلاف اتنا اثر ضرور کرتا ہے کہ درجہ قطعیت سے اتار کر درجہ ظنیت میں لے آتا ہے۔ لہذا یہاں جس افضلیت پر اجماع ہے وہ ظنیہ ہے۔

یہ پہلے سوال کا جواب کہ جمہور افضلیت ظنیہ کے قائل کیوں؟

ثانیا وہ علماء جو اجماع کی قطعیت کے قائل ہیں کہ افضلیت قطعی ہے تو افضلیت ابی بکر صدیق کے منکر کے کفر کے قائل کیوں نہیں خود امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے تصریح فرمائی ہے کہ افضلیت کے منکر کو کافر نہیں کہا جائے گا۔

جواب یہ ہے کہ تفضیل شیخین کا مسئلہ صدر اول میں اگرچہ اجماعی ہے لیکن اختلافی صورت بھی تھی اگرچہ وہ روایت شاذ ونادر ہے۔ اور تفضیل شیخین کے کچھ دلائل تاویل وتخصیص کا بھی احتمال رکھتے تھے۔ لیکن بالآخر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں مسئلہ تفضیل کی بہت تشہر وتاکید فرمائی گئی حتی کہ دلائل سے تعارض اٹھ گیا اور تفضیل شیخین کی جانب راجح قرار پائی۔

افضلیت شیخین کا مسئلہ اجلہ واکابر صحابہ کرام نے روایت فرمایا اور مجالس مختلفہ میں نبی اکرم ﷺ سے سماعت فرمایا اور متعدد محدثین دار قطنی وغیرہ نے حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم سے روایات صحیحہ لائے ہیں۔

آپ نے فرمایا: **لایفضلنی احد علی ابی بکر وعمر الاجلدتہ حدالمفتری** جو شخص مجھے حضرت ابوبکر صدیق اور عمر رضی اللہ عنہما پر فضیلت دیگا میں اُسے مفتری کی حد ماروں گا۔ علماء اکابر نے تصریح فرمائی ہے کہ یہ الفاظ بطریق کمال

marfat.com

دلالت کرتے ہیں کہ یہ مسئلہ افضلیت قطعی ہے کیونکہ افضلیت کا منکر صرف گمراہ اور اہل سنت سے خارج ہی نہیں بلکہ سزا اور حد کا مستحق ہے اور حد والی سزا قطعیت کے خلاف پر لگائی جاتی ہے۔

دوسری یہ بات ہے کہ کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک مسئلہ اصل کے اعتبار سے قطعی ہوتا ہے مگر کیفیت کے اعتبار سے ظنی ہو جاتا ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کی صفات سبعہ کا ثبوت قطعی ہے لیکن یہ بات کہ وہ ذات پر زائد ہیں۔ عین یا لا عین ولا غیر ہیں۔ اس تعین میں یہ مسئلہ ظنیہ ہے یوں ہی اصل افضلیت شیخین قطعی ہے۔ مگر نزاع اس کیفیت میں ہے کہ تفضیل کس چیز میں ہے۔ کثرت ثواب، نفع اعظم فی الاسلام یا کسی دوسری چیز میں یہ ظنی ہے اس میں قطع و یقین کسی طرف نہیں ہے۔ لہذا یہ مسئلہ باعتبار اصل کے قطعی اور باعتبار تعین کیفیت کے ظنی، حاصل جواب یہ ہوا کہ یہ اجماع سکوتی ہے نصی نہیں اور اصول فقہ میں اس بات کی تصریح ہے صحابہ کرام کے اجماع نصی کا منکر کافر ہے سکوتی کا منکر کافر نہیں۔

جیسا کہ خلافت ابی بکر صدیق پر اجماع نصی ہے سب صحابہ نے قولاً و عملاً اجماع کیا ہے۔ کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلیفہ برحق ہیں لہذا خلافت صدیق اکبر کی حقانیت کا منکر کافر ہے.

منصف مزاج شیعہ افضلیت صدیق اکبر و عمر فاروق رضی اللہ عنہما کے قائل ہیں۔

امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرھندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یوں ارقام فرماتے ہیں وعبدالرزاق کہ از اکابر شیعہ است نیز بموجب ایں نقل حکم

marfat.com

بافضیلت شیخین نمودہ است وباایں عبارت گفتہ افضل الشیخین بتفضیل علی ایا ھما علی نفسہٖ والا کما فضلھما کفی بی وزراان احبہ ثم اخالفہ۔ ؎۱

عبدالرزاق جو کہ اکابر شیعہ میں سے ہے وہ بھی بموجب اس روایت کے افضلیت شیخین کا حکم کرتا ہے. اسکی عبارت یہ کہ شیخین کو حضرت علی المرتضٰی پر فضیلت دیتا ہوں۔ اگر میں ان کو فضیلت نہ دوں تو میرے لئے ازراہ جرم یہ کافی ہے کہ میں حضرت علی المرتضٰی سے محبت کا دعوی بھی کروں۔اور پھر ان کی مخالفت بھی کروں۔ مزید براں مصنف عبدالرزاق کے مقدمے میں یوں مرقوم ہے کہ **قال عبدالله بن احمد بن حنبل سمعت سلمة بن شبيب يقول سمعت عبدالرزاق يقول والله ماانشرح صدری قط ان افضل علياً من لم يحبهم فما هو مؤمن. وقال اَوثق عَمَلی حُبِی اِیاهم۔**

امام احمد بن حنبل کے صاحبزادے حضرت عبداللہ فرماتے ہیں میں نے سلمہ بن شبیب سے پوچھا وہ فرماتے تھے میں نے عبدالرزاق کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے اللہ کی قسم میرا سینہ کبھی نہیں کھلا اس مسلے کیلئے کہ میں حضرت علی کو ابوبکر صدیق اور عمر فاروق پر فضیلت دوں۔ حضرت ابوبکر صدیق پر اللہ کی رحمت ہو، اور حضرت عمر فاروق پر اللہ کی رحمت ہو اور حضرت عثمان غنی اور حضرت علی رضی اللہ عنہم پر اللہ کی رحمت ہو۔ جو شخص ان سے محبت نہیں کرتا وہ مومن نہیں۔ باوجود اس بات کے کہ شیخ عبدالرزاق کو ہمارے اسلاف نے اکابرین شیعہ میں شمار کیا ہے۔ فضیلت کے اندر اُسی ترتیب کو ذکر کیا جو اہل سنت کے نزدیک ہے۔اور کہا عبدالرزاق نے کہ میرا مضبوط ترین عمل ان چاروں

---

؎۱ مکتوبات شریف جلد۲

marfat.com

سے محبت کرنی ہے۔اس سے پتہ چلتا ہے کہ شیخ نے جس ترتیب سے ذکر کیا ہے اسی ترتیب سے محبت ہے۔

قارئین اکابرین کا شیخ عبدالرزاق کے بارے میں شیعہ ہونے کا قول کرنا اس بات کی آئندہ ایڈیشن میں وضاحت کی جائے گی۔انشاءاللہ (مؤلف)۔

امام ابن حجر مکی یوں ارقام فرماتے ہیں:**و ما احسن ماسلکه بعض الشیعته المنصفین کعبد الرزاق فانه قال افضل الشیخین تبضفیل علی ایاهما علی نفسه و الا لما فضلتهما کفی به وزرا و ان لم افضلهما ثم اخالفه** [۱] ترجمہ ہو چکا محقق علی الاطلاق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ تعالیٰ یوں ارقام فرماتے ہیں.

وچندیں خطب وفصول از علی مرتضٰے درمدح وثنائے ابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نقل کردہ اند کہ بعداز اطلاع کسے طاغی را امجال دم زدن نبود واگر علماء سنت و جماعت درافضلیت ابوبکر وعمر بلکہ درقطعیت آں بھمان اکتفانمایند واستدلال کنند کافی ووافی بوداز حسن ادائے کہ بعضے از اہل تشیع کہ از جادہ انصاف واعتدال بیروں ن نبودہ اندکردہ وانست کہ عبدالرزاق کہ از حل روایت ومشاہیر علماء حدیث است گفتہ است کہ من تفضیل شیخین میکنم بجہت تفضیل علی مرایشاں راواگر علی تفضیل ایشاں برخود نمیکرد من نیز نمیکردم گناہے عظیم تر ازیں بنود کہ من علی رادوست دارم ومخالفت وے کنم [۲]

وہ خطبے اور فیصلے جو حضرت علی المرتضٰے کرم اللہ وجہہ الکریم سے منقول ہیں ان پر اطلاع پانے کے بعد کسی سرکش کو دم مارنے کی مجال نہیں۔اور اگر علماء اہل سنت و جماعت

---

[۱] الصواعق المحرقہ [۲] تکمیل الایمان

marfat.com

افضلیت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں بلکہ اس مسئلہ کی قطعیت میں انہی کے ساتھ اکتفا اور استدلال کریں تو کافی وافی ہے ایک بہترین بات یہ بھی ہے کہ بعض ایسے شیعہ جو انصاف و اعتدال کے دائرہ سے باہر نہیں گئے وہ ہے عبدالرزاق (جو اہل روایت اور مشاہیر علماء حدیث میں سے ہے) نے کہی ہے میں شیخین کی افضلیت کا اسلیئے قائل ہوں کہ حضرت علی المرتضیٰ خود ان کو اپنے اوپر فضیلت دیتے ہیں. اگر حضرت علی خود اپنے اُوپر فضیلت نہ دیتے تو میں بھی فضیلت نہ دیتا۔ اور اس سے بڑا گناہ نہیں ہوگا کہ میں حضرت علی کو دوست بھی رکھوں اور ان کی مخالفت بھی کروں۔

قارئین شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمتہ اللہ تعالیٰ کی عبارت فیصلہ کن ہے۔

وہ علماء و مقررین جو اہل سنت میں پرانی شہرت سے فائدہ اٹھا کر اب آخری عمر میں برطانیہ میں اہل سنت میں رفض کا زہر پھیلاتے ہیں اور پوری زندگی اہل سنت کا جو اعتماد حاصل کیا ہے اب اسکو بروئے کار لا کر درمیانہ طبقے کے علماء و خطباء کو شیخ محقق عبدالحق محدث دہلوی کی کتاب تکمیل الایمان کے حوالے دے دے کر ان کے حق عقیدہ افضلیت کو باطل عقیدہ مفضولیت میں بدلنے میں مصروف العمل ہیں وہ عبرت حاصل کریں کہ کتنا بڑا بہتان ہے شیخ محقق پر کہ انہوں نے لکھا ہے بعض اہل سنت حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی افضلیت کے قائل ہیں اور جمہور کا عقیدہ ہے۔ کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ افضل ہیں یہ کذب بیانی ہے اور خیال رہے اہل علم کو شیخ کا نام لیکر دھوکہ نہیں دیا جا سکتا۔

marfat.com

## شیخ محقق کا علماء اہل سنت کو مشورہ:

شیخ عبدالحق محدث دہلوی علماء اہل سنت کو مشورہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر آپکا پالا بے دین روافض وشیعہ وتفضیلیوں سے پڑ جائے تو انہیں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم کے خطبات وفیصلے سنائیں افضلیت شیخین میں بطور دلیل یہ کافی واضح ہیں بلکہ اس مسئلہ کی قطعیت ثابت کرنے کے لئے بھی کافی ووافی ہیں۔ امام ابن حجر مکی ارقام فرماتے ہیں ولک ان تقول ان افضلیت ابی بکر قطعیة ثبتت بالقطع حتی عند غیر الاشعری ایضا بناء علی معتقد الشیعة والرافضةو ذالک واذ عن علی وھو معصوم عندھم والمعصوم (لایجوز علیہ الکذب ان ابابکر و عمر افضل الامة قال الذھبی و قدتوا ترعنه فی خلافته و کرسی مملکته و بین الجم الغفیر من شیعته [1] اخرج دار قطنی ان علیا بلغه ان رجلا یعیب ابابکر و عمر فاحضره عرض له بعیبھما العله یعترف ففطن فقال له اماوالذی بعث محمدا صلی اللہ علیہ وسلم بالحق ان لو سمعت منک الذی بلغنی اوالذی نبثت عنک وثبت عنک وثبت علیک ببینته لا فعلن بک کذا و کذا [2] امام ابن حجر مکی دار قطنی کے حوالہ سے نقل فرماتے ہیں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر پہنچی کہ ایک آدمی حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی گستاخی کر رہا ہے آپ نے اس کو حاضر کروایا اور ان کی گستاخیاں اس سے بیان کروائیں تا کہ وہ اعتراف کرے وہ سمجھ گیا خاموش رہا آپ نے فرمایا خبردار مجھے اس ذات پاک کی قسم

---

[1] الصواعق المحرقہ  [2] الصواعق المحرقہ

marfat.com

جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ معبوث فرمایا اگر وہ خبر جو تیری نسبت مجھے پہنچی ہے یا وہ جو مجھے تیرے متعلق اطلاع ملی ہے میں سن لیتا۔ تجھ سے اور گواہوں سے اگر ثابت ہو جاتی تو تجھے یہ سزا دیتا۔ (مؤلف)

جو لوگ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ سے محبت کا دعوی کرتے ہیں وہ شیخین کی گستاخیوں سے باز آ جائیں اور حضرت علی المرتضٰی شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے فیصلوں سے عبرت حاصل کریں اگر آج حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ ہوتے تو ایک رافضی شیعہ بھی نہ ہوتا کیونکہ آپ سزائیں دیکر ختم کر دیتے۔

اور یہ گستاخ کل قیامت کے دن دردناک عذاب سے دوچار ہوں گے۔

امام ابن حجر مکی اسی مقام خصوصاً اھل بیت النبی ﷺ کو مشورہ ارشاد فرماتے ہیں۔ آپ یوں ارقام فرماتے ہیں۔ اذا تقرر ذالک فلائق باھل البیت النبوی الاجتناب من قبیح الجھل والغباوۃ والعناد فالحذر الحذر عما ینقلونہ الیھم من ان کل من اعتقد تفضیل ابی بکر علی علی رضی اللہ تعالیٰ عنھما کان کفرا لان مرادھم بذالک ان یقرروا عندھم تکفیر الامۃ من الصحابۃ والتابعین ومن بعدھم من آئمۃ الدین و علماء الشریعۃ و عوامھم وانہ لامومن غیرھم و ھذا مئود الی ھدم قواعد الشریعۃ من اصلھا والغاء العمل بکتب السنۃ وماجاء عن النبی ﷺ وعن صحابتہ واھل بیتہ اذالراوی بحمیع آثار ھم واخبارھم ولاحادیث باسرھا بل والناقل للقرآن فی کل عصر من عصر النبی ﷺ والی ھذا العصر لیس الا الصحابۃ والتابعون

marfat.com

وعلماء الدين ليس للشيعة والرافضة روايته لادراية يدرون بها فروع الشريقه وانماغاية امرهم ان يقع فی خلال بعض الاسانيد من هو رافضی اونحوه والكلام فی قبولهم معروف عند آئمة الاثرونقادالسنة فاذاقدحوا فيهم قدحوافی القرآن والسنة ابطلوا الشريعة راساو صار الامر كمافی زمن الجاهلية الجهلاء فلعنة الله عليهم. [1]

(سادات کرام) کو چاہیے وہ اپنے اسلاف بزرگوں کی اتباع کریں اس معاملہ (افضلیت میں) اور روافض اور شیعہ اپنی جہالت غباوۃ اور دشمنی کیوجہ سے جس گمراہی کی طرف لیجاتے ہیں اُس سے اعراض کریں اور بچیں اور دور رہیں اُس چیز سے جوان کے دلوں میں ڈالنے کی کوشش کرتے ہیں کہ جس نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ پر فضیلت دی وہ کافر ہے کیونکہ ان شیعہ اور روافض غالیوں کے نزدیک امت کافر ہے صحابہ کرام تابعین اور بعد والے آئمہ دین علماء شریعت اور عوام الناس ان کے نزدیک مومن صرف روافض شیعہ لوگ ہیں ان کی یہ سازش قواعد شرعیہ کو بنیاد سے گرادیتی ہے اور کتب سنۃ پر عمل لغو کردیتی ہے نبی اکرم ﷺ سے جو کچھ عطا ہوا صحابہ کرام اھل بیت اطہار سے جو کچھ ملا کیونکہ آثار و اخبار اور احادیث تمام کی تمام بلکہ قرآن مجید کو نقل کرنے والے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے دور سے لیکر صحابہ کرام تابعین علماء دین ہیں ان میں روافض کا تو حصہ نہیں نہ روایت میں نہ درایت میں جس سے کوئی فروع شرعیہ معلوم کی جاسکیں. زیادہ سے

---

[1] الصواعق المحرقہ

marfat.com

زیادہ کہیں بعض اسناد میں کوئی رافضی اور اسکے علاوہ باطل عقیدہ والا آجائے تو اسکے قبول کرنے میں ہمارے آئمہ اور شر اور نقاد السنتہ کا ارشاد معروف ہے (اپنے مقام پر) جب انہوں نے صحابہ کرام سے لے کر تابعین آئمہ دین میں نقص وخرابیاں ثابت کرنے کی کوشش کی (اور انہیں نشانہ بنایا) تو اس سے قرآن مجید سے اور سنت مبارکہ سے اعتماد اٹھانا اور شریعت ساری کی ساری کو باطل کرنا مقصود ہے۔ تو پھر بالکل اس طرح کا دور اور معاملہ چاہتے ہیں جسطرح زمانہ جاہلیت میں تھا (العیاذ باللہ تعالیٰ) ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

قارئین یہ تبصرہ تفضیلیہ امام ابن حجر مکی رحمتہ اللہ تعالیٰ نے روافض شیعہ اور تفضیلیہ اور ان متعدی خرابیوں پر فرمایا۔

## اکابرین امت پر برطانیہ میں شدید حملے:

روافض اور شیعہ کی روش برطانیہ میں یہ ہے کہ کچھ ایسے علماء کو اہل سنت کی باگ دوڑ، زور بازو اور اپنا گروپ بنا کر اکابرین امت کو شدید نقصان اور ان پر رکیک حملے کرتے ہیں۔ جن اکابرین امت پر وقتاً فوقتاً اپنے خاص پروگراموں اور بعض اوقات دوسروں کے ہاں بڑے پروگراموں میں حملے کئے جاتے ہیں۔ ان میں امام الائمہ امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ۔ مجتہد مطلق حضرت امام مالک رضی اللہ عنہ۔ فقہ حنفیہ کے دوسرے مشائخ حضرت امام ابویوسف رضی اللہ عنہ اور حضرت امیر المؤمنین فی الحدیث امام بخاری رضی اللہ عنہ۔

یہ وہ پاکان امت اور آئمہ دین متین ہیں جن پر حملے فقیر ناچیز نے خود اپنے کانوں سے سنے ہیں چونکہ ہمارا یہ موضوع نہیں لہذا اِس بات کو ہم طرداللباب ذکر کر

marfat.com

رہے ہیں۔ چونکہ روافض وشیعہ کی سازش سے لنک کرتا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ ان بزرگوں کونشانہ بنایا جائے تو عوام کا اعتماد ان سے اُٹھ جائیگا۔ اگر ان سے اعتماد اُٹھا تو پھر اہل سنت کے دین سے اعتماد اُٹھ جائے گا باقی صرف روافض وشیعہ کا جعلی مذہب رہ جائے گا۔ ہم ان اکابرین پر کئے گئے حملوں اور ان کی طرف سے دفاع مستقل طور پر ذکر کریں گے۔ ایک مجلس میں فقہ حنفیہ کے شیخ اور امام اعظم اور نائب مجتہد فی المذہب حضرت امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ پر شدید حملہ کیا گیا۔ ہم نے برسر مجلس حملے سے روکا تو مجھے کہا گیا آپ دفاع کریں ہم الحمدللہ امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ کی فقہ سے مستفید ہوئے ہیں۔ ہم ان کے دفاع میں ضرور کوشش کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ بحرمۃ سید الابرا ﷺ۔

خلفاء اربعہ کی محبت خلافت وافضلیت کی ترتیب پر ہے۔

خلفاء اربعہ کی محبت بالکل اُسی ترتیب سے ہے جس ترتیب سے خلافت ہے چونکہ خلافت اسی ترتیب سے ہے جس ترتیب سے افضلیت ہے۔

علماء اکابرین نے تصریح فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان چاروں بزرگ اکابر صحابہ کرام کی عمر بھی اُسی ترتیب سے متعین فرمائی ہیں جس ترتیب سے خلافت واقع ہونی تھی اور ازل میں ان کی افضلیت کا فیصلہ اِسی ترتیب سے ہی تھا۔

لہذا ان سے محبت اِسی ترتیب سے ہونا لازمی ہے اور محبت سے مراد وہ محبت ہے جس پر اجر وثواب مرتب ہو اور وہ محبت اختیاری ہوتی ہے اور شریعت میں ایسی محبت افضلیت عنداللہ کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ لہذا جو مرتبہ میں زیادہ ہو اُس سے محبت بھی زیادہ ہونا ضروری ہے۔ جو محبت شریعت کا مقتضٰی ہے۔ چونکہ سب سے

marfat.com

افضل امت میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں لہذا سب سے زیادہ محبت ابوبکر صدیق سے ضروری ہے۔ پھر مرتبہ حضرت عمر فاروق کا ہے لہذا بعداز ابوبکر صدیق سب سے زیادہ محبت عمر فاروق سے ضروری ہے۔ پھر مرتبہ میں سب سے زیادہ عثمان غنی ہیں عند جمہور اہل سنت لہذا بعداز عمر فاروق سب سے زیادہ محبت حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ضروری ہے اور پوری امت کا اتفاق ہے کہ بعداز عثمان غنی مرتبہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا ہے لہذا بعداز حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ محبت حضرت علی المرتضٰی سے ضروری ہے۔

امام علامہ عبدالعزیز پرہاروی رحمہ اللہ تعالیٰ یوں ارقام فرماتے ہیں: هل يجوز لاحد ان يحب عليا رضى الله تعالىٰ عنه اكثر من الثلاثة مع الاعتقاد بالافضليت على الترتيب قال فى الكردرى لاباس به وفى الناطقى عن ابى حنيفة رضى الله تعالىٰ عنه قال من قال على احب الى من الجميع فهو رجل دغل اى فاسد قال بعض الكبراء ان غلب على قلبك حب احد الاربعة فاستسره قلت اراد الحب الغير الاختيارى والامر بالستر حفظ لادب الشرع ولعل الامام الاعظيم رضى الله عنه انكر على القائل لتصريحه بذالك حقق بعضهم ان كان الحب للدين يجب ان يكون على ترتيب الافضليت وان كان لامر آخر كالانتساب اليه فلا بأس لكن لاينبغى افشاء ذالك ۔[1] کیا جائز ہے کسی مسلمان کیلئے اصحاب ثلاثہ سے زیادہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے محبت

---

[1] نبراس شرح شرح العقائد

marfat.com

زیادہ کرے باجود اعتقاد اس بات کے کہ اصحاب ثلاثہ حضرت علی المرتضیٰ سے افضل ہیں۔ کردری میں ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں اور ناطفی میں حضور امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا جس شخص نے کہا تمام صحابہ کرام (ابوبکر صدیق اور عمر فاروق) سے حضرت علی المرتضیٰ مجھے زیادہ محبوب ہیں وہ آدمی فاسد عقیدہ والا ہے اور بعض اکابر نے فرمایا کہ اگر کسی شخص کے دل پر چار صحابہ میں سے کسی ایک کی محبت کا غلبہ ہو (یعنی خلاف ترتیب) تو وہ اُسے چھپا کے رکھے۔ میں (صاحب نبراس) کہتا ہوں بعض اکابر کی مراد محبت غیر اختیاری ہے اور چھپانے کا حکم شرع پاک کے احترام کی حفاظت کیلئے اور شاید امام اعظم رضی اللہ عنہ کا انکار اُس شخص پر ہے جو اس محبت غیر اختیاری کی تصریح کا قائل ہے اور بعض اکابر نے تحقیق فرمائی ہے اگر محبت دین اسلام کی بنا پر ہے تو پھر واجب ہے کہ محبت اُسی ترتیب پر ہو جس ترتیب پر افضلیت ہے اور اگر محبت امر آخر کی بنا پر ہے (مثلاً خاندان ونسب) کی وجہ سے پھر کوئی حرج نہیں لیکن ضروری یہ بات ہے کہ اس محبت کے نعرے نہ لگائے۔

قارئین اس عبارت سے ایک تو یہ ثابت ہوا کہ امام صاحب رضی اللہ عنہ نے تصریح فرما دی۔ محبت اختیاری ترتیب کے خلاف مردود ہے۔ ثانیاً محبت غیر اختیاری باعث اجر وثواب نہیں۔ ثالثاً اگر غیر اختیاری محبت کا اظہار کریگا تو شریعت کی خلاف ورزی ہوگی لہذا اس پر گناہ ہوگا۔

رابعاً محبت دین کی بنا پر ہو تو پھر اسی ترتیب پر لازم ہے۔

اور معتبر وہ محبت ہے جو دین کی بنا پر ہو۔

---

ا۔ فتح الباری

marfat.com

اِسی کو یوں بیان فرمایا گیا: **الحب فی اللہ و البغض فی اللہ**۔ اللہ تعالیٰ کے لئے ہی محبت کی جائے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے بغض وعداوت کی جائے۔

لہذا خلاصہ یہ ہوا کہ محبت اور پھر اسکا اظہار اُسی ترتیب سے ضروری ہے جس ترتیب پر خلافت وافضلیت واقع ہے۔

## ابن عبدالبر کا اعتراض:

اُس سے پہلے ایک تمہیدی مقدمہ ہے وہ یہ بخاری شریف میں باب افضلیت صدیق اکبر میں سب سے پہلے امام بخاری نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی حدیث درج فرمائی: **عن ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما قال کنا نخیّر بین الناس فی زمن النبی ﷺ نخیّر ابابکر ثم عمر بن الخطاب ثم عثمان بن عفان رضی اللہ عنہما**۔ پہلے ہم اس حدیث کو ذکر کر چکے ہیں۔ اس حدیث پر علامہ ابن عبدالبر کا اعتراض ہے کہ اس حدیث میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی فضیلت کا ذکر نہیں۔ اور اہل سنت کا اجماع ہے کہ اصحاب ثلاثہ کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سب سے افضل ہیں۔ اعتراض کا خلاصہ یہ ہوا کہ یہ حدیث اجماع امت کے خلاف ہے اور ضابطہ یہ ہے کہ اجماع امت کے خلاف حدیث درجہ اعتبار سے ساقط ہو جاتی ہے اگرچہ صحیح ہی ہو لہذا یہ حدیث غلط ہے۔ اس کا جواب امام ابن حجر عسقلانی نے چند وجوہ سے دیا اور اعتراض کو ھباءً منثورا کر دیا ہے۔ اعتراض کی مدار اس پر تھی کہ اس حدیث میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت علی المرتضیٰ کا ذکر نہیں اُن کے ذکر سے سکوت ہے۔ لہذا یہ حدیث اجماع کے خلاف قرار پائی۔

marfat.com

امام ابن حجر عسقلانی نے علامہ ابن عبدالبر کا اعتراض تفصیلاً فتح الباری شرح بخاری میں ذکر فرمایا اور پھر شافی جواب ارشاد فرمایا۔ امام ابن حجر عسقلانی جواب کے اندر یہ بھی فرماتے ہیں: **فلا یلزم من ترکھم التفاضل اذا ذاک ان لایکونوا اعتقدوا بعد ذالک تفضیل علی علی من سواہ واللہ اعلم وقد اعترف ابن عمر بتقدیم علی علی غیرہ کما تقدم فی حدیثہ الذی اوردتہ فی الباب الذی قبلہ وجاء فی بعض الطرق فی حدیث ابن عمر تقیید الخیریتہ المذکورۃ والافضلیۃ بما یتعلق بالخلافۃ وذالک فیما اخرجہ ابن عساکر عن عبداللہ بن یسار عن سالم عن ابن عمر قال انکم لتعلمون انا کنا نقول علی عہد رسول اللہ ﷺ ابوبکر وعمر وعثمان یعنی فی الخلافۃ ومن طریق عبداللہ عن نافع عن عبداللہ بن عمر کنا نقول فی عہد رسول اللہ ﷺ من یکون اولی الناس بھذا الامر فنقول ابوبکر ثم عمر۔** [1]

اس عبارت کا خلاصہ یہ ہے کہ امام ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر کا حضرت عثمان غنی کے بعد حضرت علی المرتضیٰ کا ذکر نہ کرنا اس کو مستلزم نہیں کہ وہ خلفاء ثلاثہ کے بعد حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی افضلیت کا اعتقاد نہیں رکھتے تھے۔ اور نہ کہا جائے کہ عدم ذکر سے لازم آتا ہے کہ وہ عدم تفضیل کا عقیدہ رکھتے تھے۔ اس عدم لزوم پر دلیل وتائید پیش کرتے ہوئے امام ابن عسقلانی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تو اصحاب ثلاثہ کے بعد حضرت علی

---

[1] فتح الباری شرح بخاری

marfat.com

المرتضیٰ کی تفضیل کے قائل ومعترف ہیں جیسا کہ اس سے ماقبل باب میں حدیث پیش کردی ہے ہم نے (عن ابن عمر قال کنا نقول فی زمن رسول الله ﷺ خیر الناس ابوبکر ثم عمر ولقداعطی علی ابن ابی طالب ثلاث خصال لان یکون لی واحدة منهن احب الی من حمرالنعم. زوجه رسول الله ﷺ ابنة وولدت له وسدالابواب الابابه فی المسجد واعطاه الرایة یوم خیبر اخرجه الطبرانی [1]) اور حضرت ابن عمر کے بعض طرق میں یہ آیا کہ خیریت وافضلیت اُس ترتیب سے متعلق ہے جو ترتیب خلافت میں واقع ہے یہ اُس حدیث میں ہے جس کو ابن عساکر نے عبداللہ بن یسار سے اُس نے سالم سے اور سالم نے عبداللہ بن عمر سے روایت کیا کہ انہوں نے فرمایا ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کہا کرتے تھے کہ خلیفہ بننے کا حق سب سے پہلے کس کا ہے جواب ہوتا تھا کہ ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق دوسرا طریق عبداللہ نافع سے اور نافع عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں لوگوں میں سے سب سے پہلے خلافت کے حق دار ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تین ایسی خصلتیں (فضیلتیں) عطا کی گئی ہیں اگر ان میں سے ایک بھی مجھے عطا کی جاتی تو میں اُسے سرخ اونٹوں سے زیادہ محبوب رکھوں۔ امام ابن حجر قسطلانی نے بھی علامہ ابن عبدالبر کے اعتراض کا جواب دیا لیکن انہوں نے علامہ بن عبدالبر کا ذکر نہیں کیا وہ یوں ارقام فرماتے ہیں: ولایلزم من سکوتهم اذ ذاک عن تفضیل علی عدم تفضیله وفی بعض طرق الحدیث عند ابن عساکر عن عبدالله بن لیسار عن سالم عن ابن عمر

---

[1] فتح الباری

marfat.com

قال، انکم لتعلمون آنا کنا نقول علی عهد رسول الله ﷺ ابوبکر وعمر وعثمان یعنی فی الخلافة کذا فی اصل الحدیث ففیه تقیید الخیریة المذکورہ والافضلیة بما یتعلق بالخلافة فقدا طبق السلف علی خیریتهم عندالله علی هذا الترتیب بخلافتهم۔[1]

ان دونوں بزرگوں نے ترجمۃ الباب والی حدیث پر ہونے والے اعتراض کا جواب دیا کہ یہ حدیث اجماع کے خلاف نہیں کیونکہ عبداللہ بن عمر کے سکوت سے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی افضلیت علی من سواھم کا انکار لازم نہیں آتا۔ پھر اس پر حضرت عبداللہ بن عمر کے اعترافات سے تائیدات پیش کیں ان دونوں بزرگوں نے واضح کیا کہ افضلیت کو اُسی ترتیب سے سمجھو جس ترتیب سے خلافت واقع ہوئی اور خلافت کی ترتیب افضلیت پر رکھی۔

لہذا ان دونوں شارحین نے جو یہ فرمایا کہ: تقید اللخیریة المذکورہ والا فضلیت بما یتعلق بالخلافة۔ اس میں لفظ ما سے مراد ترتیب ہے یعنی وہ ترتیب جو خلافت میں واقع ہے اُسی ترتیب سے متعلق افضلیت ہے۔ اور پھر امام ابن حجر قسطلانی فرماتے ہیں سلف کا اتفاق ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں مرتبہ وخیریت وافضلیت اُس ترتیب پر ہے جس پر خلافت واقع ہے بالکل بے غبار ہوگیا یہ بالکل اِس آیۃ کریمہ کا ترجمہ ہے ان اکرمکم عندالله اتقی کم القرآن۔ واضح ہوگیا کہ افضلیت (مرتبہ مراد ہے) یہ تو ملاحظہ فرمائیں امام ابن حجر عسقلانی اور امام ابن حجر قسطلانی کی تصریحات۔

---

[1] ارشاد الساری شرح بخاری

marfat.com

اب مولوی برخوردار ملتانی کی عجیب وغریب تقریر ملاحظہ فرمائیں۔اور خود غور فرمائیں کہ مولوی برخوردار کی تقریر بالکل غلط ہے یا غلط فہمی یا پھر ارادۃً روافض کو تقویت دی جارہی ہے اور برطانیہ میں وہ لوگ جو اہل سنت کی صفوں میں رہ کر حضرت علی المرتضیٰ کی افضلیت علی ابی بکر صدیق کو اہل حق کا مذہب ظاہر کر کے دھوکہ دیتے ہیں وہ مولوی برخوردار ملتانی کی یہ عبارتیں اپنے دروس اور تقریروں میں عوام اہل سنت اور آئمہ وخطباء کو بطور حوالہ اور دلیل پیش کرتے ہیں۔ہم اِس عبارت کا ماخذ ذکر کر کے خرابیوں کی نشان دہی کریں گے۔

اصل میں امام علامہ عبدالعزیز پرھاروی رحمہ اللہ علیہ نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی افضلیت علی علی المرتضیٰ پر دلائل نقل کرتے ہوئے نبراس شرح شرح عقائد میں یوں ارقام فرماتے ہیں: **ثم انا نجد دلائل شرعیةً علی ان عثمان افضل احدها حدیث عبدالله بن عمر قال کنا نقول ورسول الله ﷺ حی افضل امته بعده ابوبکر ثم عمر ثم عثمان فبلغ ذالک رسول الله ﷺ فلاینکره** ۔[1] اِس حدیث پر حاشیہ چڑھاتے ہوئے مولوی برخوردار ملتانی یوں رقم طراز ہوتے ہیں: **قوله حدیث عبدالله بن عمر وله طرق قدروی البخاری عن ابن عمر کنا نخیر بین الناس فی زمن رسول الله ﷺ فنخیر ابا بکر ثم عمر بن الخطاب ثم عثمان بن عفان قال ابن حجر وفی روایة عبید الله بن عمر الخ**۔آگے امام ابن حجر کی بطور تشریح نقل کردہ احادیث ذکر کرنے کے تھوڑی دیر بعد مولوی برخوردار یوں رقم فرماتے ہیں: **وانت**

---

[1] رواہ الترمذی

marfat.com

**تعلم ان مدلول هذا الحديث خلاف ما عليه الجمهور بل خلاف اجماع اهل السنة وان عليا افضل الکل بعد الثلاثه وانما اختلفوا فی الاربعة ولهذا طعن فی هذا الحدیث ابن عبدالبر** الخ یہاں سے مولوی برخوردار نے امام بخاری کی روایت کردہ حدیث اور پھر امام ابن حجر کی بطور تشریح فتح الباری میں نقل کردہ احادیث پر اعتراض کیا ہے۔ اعتراض کا انداز یہ ہے کہ یہ حدیث جمہور اہل سنت کے مذہب کے خلاف ہے بلکہ اہلسنت کے اجماع کے خلاف ہے اگرچہ اعتراض کے سر پاؤں نہیں لیکن مطلب یہ ہے کہ جمہور اہل سنت کے نزدیک خلفاء ثلاثہ کے بعد حضرت علی افضل ہیں اور پھر بل سے ترقی کرتے ہوئے کہا کہ یہ حدیث بخاری اہل سنت کے اجماع کے خلاف ہے۔ آگے واؤ استنافیہ بنائیں تو عبارت بنتی ہے کہ سوال کا ہے جواب کہ حضرت علی خلفاء ثلاثہ کے بعد افضل الکل ہیں یہ مجمع علیہ ہے۔ واؤ استنافیہ ہم نے بنائی ورنہ اس عبارت کا منہ، سر ہی نہیں۔ آگے کہا اہل سنت کا اختلاف خلفاء اربعہ میں ہے اِسی لئے ابن عبدالبر نے اس حدیث پر طعن کیا ہے۔ آگے طعن نقل کیا۔ قارئین فنی اعتبار سے برخوردار کی عبارت پر چند وجوہ سے اعتراض ہے اولاً یہ برخوردار نے جس انداز سے حاشیہ میں عبارت نقل کرتے ہوئے ذکر کیا اُس سے معلوم ہوتا ہے۔ **وانت تعلم** الخ یہ قال ابن حجر کا مقولہ ہے اس کے قائل امام ابن حجر ہیں جبکہ یہ غلط ہے فتح الباری میں یوں عبارت نہیں۔ ثانیاً اگر مولوی برخوردار کی اپنی عبارت ہے تو پھر یہاں بے ڈھنگہ اعتراض کر کے چھوڑ دیا۔ ابن عبدالبر کا طعن تو نظر آ گیا مگر امام ابن حجر عسقلانی نے فتح الباری میں شافی جواب کئی وجوہ سے ذکر فرمایا وہ نظر نہیں آیا۔ ثالثاً مولوی برخوردار نے ابن عبدالبر کا اعتراض نقل

marfat.com

کرتے ہوئے رقم کیا: **ودل ھذا الاجماع علی ان حدیث ابن عمر غلط وان کان السند الیه صحیحاً**۔ اجماع دلالت کرتا ہے کہ حدیث ابن عمر غلط ہے اگرچہ مسند صحیح بھی کیوں نہ ہو۔ آگے مولوی برخوردار ابن عبدالبر کی تائید توثیق کرتے ہوئے ارقام کرتے ہیں: **یؤیدہ اعتراف ابن عمر بتقدیم علی علی غیرہ وان صح ھذا الحدیث یقال انه فی الخلافة والامارة لافی الفضیلة** حاشیہ نبراس حدیث ترجمۃ الباب کے غلط ہونے کی تائید پیش یوں کرتے ہیں کہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ خود اعتراف کرتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰ اپنے غیر پر مقدم ہیں اور اگر یہ حدیث صحیح بھی ہو تو پھر یہ مسئلہ خلافت وامارۃ کا ہے نہ کہ فاضلیۃ ومفضولیۃ کا۔ اس عبارت پر غور کیجئے مولوی برخوردار جس اعتراف ابن عمر کو حدیث ترجمۃ الباب کے غلط ہونے کی تائید بنا رہے ہیں یہ بھی عجوبہ ہے اولا یوں مردود ہے کہ اعتراف ہے کیا بتائیے؟ یہ اعتراف عبداللہ بن عمر فتح الباری شرح بخاری میں ہے۔ امام ابن حجر عسقلانی یوں ارقام فرماتے ہیں **قد اعترف ابن عمر یتقدم علی علی غیرہ کما تقدم**۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ امام ابن حجر عسقلانی نے حضرت عبداللہ بن عمر کا اعتراف کیوں پیش کیا؟ انہوں نے حدیث ترجمہ الباب پر ہونے والے اعتراض کے دفع میں پیش فرمایا کہ یہ حدیث اجماع اہل سنت کے خلاف نہیں۔ کیونکہ **فلا یلزم من ترکھم التفاضل اذ ذاک ان لایکونوا اعتقدوا بعد ذالک تفضیل علی علی من سواہ** کہ صحابہ کرام کا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد ایک دوسرے پر فضیلت کے ذکر نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ صحابہ کرام کا یہ عقیدہ نہیں

marfat.com

تھا کہ حضرت علی المرتضٰی اپنے ماسوا سے افضل ہیں۔ بلکہ عبداللہ بن عمر کا اعتراف دلیل وتائید ہے کہ صحابہ کرام کا عقیدہ تھا کہ حضرت علی المرتضٰی بعد از عثمان غنی تمام سے افضل ہیں۔ کمال ہے امام ابن حجر عسقلانی اعتراف ابن عمر کو جس حدیث کے حق ہونے پر بطور دلیل پیش فرما رہے ہیں مولوی برخوردار اُس اعتراف کو اُسی مقام سے اُسی حدیث ترجمۃ الباب کے باطل ہونے پر بطور دلیل وتائید پیش کر رہا ہے۔ ہاں اگر واقع میں برخوردار کی تائید بنتی تو ہم اس کو نقص کہتے لیکن حقیقت حال یہ ہے واقع میں مولوی برخوردار کی تائید نہیں بنتی۔ اور پھر دیکھئے مولوی برخوردار نے عبارت یوں ذکر کی **ویوئدہ اعترف ابن عمر بتقدیم علی علی غیرہ** تو مغالطہ یہ دیا کہ غیرہ کی ہ ضمیر کا مرجع حضرت علی المرتضٰی کرم اللہ وجہہ الکریم کو نکال کر انبیاء ومرسلین کے بعد تمام لوگ ہیں۔ تب ہی تو مولوی برخوردار کا مدعا افضلیت علی المرتضٰی علیٰ الکل الا الانبیاء ثابت ہوگا حالانکہ جہاں سے عبارت لی گئی وہ فتح الباری شرح بخاری ہے۔ اور وہاں اِس عبارت کے موجد امام ابن حجر عسقلانی خلفاء ثلاثہ کو نکال کر باقی امت کو غیرہ کی ہ ضمیر کا مرجع بنا رہے ہیں۔ ہم اس تقریر کو مبنی بر بددیانت نہ کہیں تو اور کیا کہیں اور اس سرقہ کو سرقہ کی حد تک رکھتے تو اور بات تھی مگر اس کو بطور ہتھیار امام ابن حجر عسقلانی کے خلاف استعمال کیا ہے۔

ثانیاً پھر یہ کہا کہ ہم ارخاء عنان کرتے ہوئے کہتے ہیں اگر یہ حدیث صحیح بھی ہو اس میں خلافت کی ترتیب کا بیان ہے نہ فضیلت کا بیان۔ ہم طوالت کے خوف سے مختصر کرتے ہیں اور اس عبارت کو کئی طریقوں سے پلٹایا جا سکتا ہے۔ یہ بات مردود ہے اولاً یہ علماء امت نے تصریح فرمائی ہے کہ خلافت کی ترتیب افضلیت کی ترتیب پر

marfat.com

واقع ہے۔ اللہ تعالیٰ کے ہاں ان کے مراتب اور فضیلت اسی ترتیب سے تھی کہ ان سب سے افضل ابوبکر صدیق پھر عمر الفاروق پھر عثمان ذوالنورین پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم۔تو یہی وجہ ہے کہ یہ خلافتیں بھی بر بنائے فضیلت و مراتب کے عطا کی گئیں۔ لہذا خلافت کا مبنی افضلیت ٹھہرا۔لہذا مولوی برخوردار کی بات لغو ہے۔ ثانیاً ہم پوچھتے ہیں آپ بتائیں آپ اہل سنت ہیں یا رافضی اگر اہل سنت ہیں تو تم نے ابھی خود اعتراف کیا ہے کہ اہل سنت کا اجماع ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ حضرت عثمان غنی کے بعد تمام امت سے افضل ہیں اور یہ بات بے غبار ہے کہ اہل سنت کی اس بات میں پیچ وتاب نہیں سیدھی سی بات ہے کہ حضرت عثمان غنی کے بعد قیامت تک کوئی امتی ایسا نہیں ہے نہ ہوگا جو حضرت علی المرتضیٰ سے افضل ہو۔اگر تم رافضی ہو تو ہم پوچھتے ہیں تم حضرت علی المرتضیٰ کو بعد الانبیاء افضل الکل مانتے ہو کہ نہیں اگر مانتے ہو تو ہم پوچھتے ہیں کیوں افضل مانتے ہو تو تمہارا جواب یہ ہوگا وہ خلیفہ اوّل ہیں واقع میں پھر سوال ہوگا کہ وہ کیوں خلیفہ اوّل ہیں واقع میں تو تمہارا جواب ہوگا کہ وہ افضل الکل ہیں بعد الانبیاء اور جو نبی اللہ کے بعد افضل الکل ہو وہی حقیقۃ اور واقع میں خلیفہ ہوتا ہے۔تو نتیجہ یہ نکلا کہ تم ان کو افضل الکل مانتے ہو لہذا ان کا حق تھا کہ خلافت کرتے۔تو ان کا حق غصب ہوا جو حق غیر غصب کرے وہ ظالم ہوتا ہے لہذا عندکم العیاذ باللہ تعالیٰ صحابہ کرام ظالم ہوئے۔ یہ ہے تمہاری ساری تگ ودو کہ وہ افضل ہیں لہذا وہی خلافت کے حق دار ہیں۔اب اس کا جواب ہم اہل سنت کا ملاحظہ فرمائیں کہ ہم کہتے ہیں کہ ابوبکر صدیق سب سے افضل پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم دلیل کیا وہی جو تم نے دی۔ جو افضل ہو وہی حقیقت اور واقع میں

marfat.com

خلیفہ ہوتا ہے چونکہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ واقع میں خلیفہ اوّل ہوئے لہذا واقع میں بالدلیل وہی افضل الکل ہیں پھر خلیفہ واقع ہونے میں ثانی حضرت عمر فاروق ہوئے لہذا دوسرے مرتبہ میں افضل الکل۔ پھر واقع میں خلیفہ ثالث حضرت عثمان غنی ہوئے لہذا واقع میں بالدلیل وہ تیسرے مرتبہ میں افضل الکل اور واقع میں خلیفۃ رابع حضرت علی المرتضٰی ہیں لہذا بالدلیل چوتھے مرتبہ واقع میں افضل الکل چوتھے مرتبہ حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ عنہ ہوئے۔

ہم نے تمہاری دلیل سے اپنا مدعا ثابت کر دیا۔ کہ خلافت وامارۃ کا یہی بیان سہی لیکن اِسی سے افضل ہونا بالترتیب ثابت ہوا۔ بدلیلکم۔ دعوٰی ہمارا دلیل تمہاری۔

اور اگر تم رافضی ہو کر حضرت علی المرتضٰی کو افضل الکل نہیں مانتے تو پھر تم رافضی نہیں کوئی اور چیز ہو اس کو تم خود ہی بیان کرو کہ کون ہو۔

مولوی برخوردار اپنے اس باطل مدعا پر کہ **ان الترتیب فی الخلافت والامارۃ لافی الفضیلۃ** بطور دلیل بخاری شریف کے دو شارحین (امام ابن حجر عسقلانی اور امام ابن حجر قسطلانی) کی عبارتیں پیش کیں ہیں۔ حاشیہ برنبراس میں یوں ارقام کیا: **قال فی الفتح والقسطلانی قدجاء فی بعض الطرق فی حدیث ابن عمر تقیید الخیریۃ المذکورۃ والافضلیۃ بما یتعلق بالخلافۃ وذالک فیما اخرجہ ابن عساکر عن ابن عمر انکم لتعلمون انا کنا نقول علی عهد رسول اللہ ﷺ ابوبکر وعمر وعثمان یعنی فی الخلافۃ کذا فی اصل الحدیث ومن طریق عبید اللہ**

marfat.com

**عن ابن عمر کنا نقول فی عهد رسول الله ﷺ من یکون اولیٰ الناس بهذا الامر فنقول ابوبکر وعمر وقلت وسکوت الحافظ ابن حجر العسقلانی علیهما فی معرض الاحتجاج سیما فی هذا المقام دلیل ثبوتهما فتامل وتنبه۔**

مولوی برخوردار نے ان دونوں بزرگوں کی عبارت سے بڑی ہوشیاری سے اپنا مقصد ثابت کرنا چاہا مگر وہ مقصد حاصل نہیں ہوسکتا۔ ان دونوں شارحین نے حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی حدیث پر ابن عبدالبر کی طرف سے وارد اعتراض کا جواب دیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمر سے دوسرے طرق سے مروی ہے کہ صحابہ کرام رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں کہا کرتے تھے خلافت میں استحقاق کس طرح ہے تو کہا جاتا تھا ابوبکر صدیق پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی دوسری روایت میں ہے ابوبکر وعمر تو اس سے ثابت ہوا افضلیت وخیریت ترتیب خلافت پر ہے۔ تو خلافت میں حضرت علی المرتضیٰ چوتھے نمبر پر ہیں لہذا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد پوری امت سے حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں کیونکہ خلیفہ برحق چوتھے نمبر ہی ہیں۔

لہذا اعتراض رفع ہوگیا کہ آپ کی روایت بخاری والی غلط ہے کیونکہ اجماع کے خلاف ہے۔ اجماع اس پر ہے کہ حضرت عثمان غنی کے بعد پوری امت سے حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں۔ اوراس میں ان کی افضلیت بعد از عثمان غنی علی سائر الامۃ ثابت نہیں۔ تو ان بزرگوں نے جواب دیا کہ جب افضلیت بر بنائے خلافت ہے تو پھر ان کی افضلیت بعد از عثمان غنی علیٰ سائر الامۃ ثابت ہے۔

تو اب مولوی برخوردار کی عبارت کہ امام ابن حجر عسقلانی کا ان دو روایات پر

marfat.com

سکوت کرنا جبکہ معرض استدلال میں ہیں۔ خصوصاً اس مقام میں تو یہ دلیل ہے اس بات کی کہ افضلیت وخیریت خلافت سے متعلق ہیں۔ تو اس کا جواب اولاً تو یہ ہے، ہم بتا چکے ہیں کہ ان بزرگوں کی عبارت میں جو بما یتعلق میں لفظ ما ہے اس سے مراد ترتیب ہے اور ترتیب وہ جو خلافت میں واقع ہے مطلب یہ ہوا افضلیت وخیریت اُس ترتیب پر ہے جس ترتیب پر خلافت واقع ہوئی ہے اور اکابر علماء امت نے یہی فرمایا جن میں امام ربانی مجدد الف ثانی، حضرت ملا علی قاری، حضرت امام ابن حجر مکی، حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی، حضرت امام عبدالوہاب شعرانی، امام اہل سنت اعلی حضرت عظیم البرکت امام احمد رضا خان بریلوی وغیرھم ہیں۔

ثانیاً وہ استدلال اسی پر کر رہے ہیں کہ ترتیب خلافت یعنی برافضلیت ہے اور یہ ثابت ہے تو پھر ان بزرگوں کی عبارت کا مطلب اور بیان کرنا تاویل بمالا یرضیٰ قائلہ کے قبیلہ سے ہے لہذا مولوی برخوردار ان عبارتوں سے رافضیوں والا مقصد حاصل نہیں کر سکتے۔ کہ حضرت علی افضل الکل ہیں بلکہ ان عبارتوں سے اہل سنت کا مسلک بالکل واضح ہے۔ حضرت صدیق اکبر افضل الامۃ ہیں بعد الانبیاء۔ پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہم۔

مولوی برخوردار کی عبارتوں سے رفض ظاہر ہوتا ہے۔

اسی مقام پر امام عبدالعزیز پرھاروی نبراس میں ترتیب افضلیت با ترتیب خلافت پر حضرت علی المرتضیٰ کا اثر نقل فرماتے ہیں اور مولوی برخوردار کی سینہ زوری ملاحظہ فرمائیں۔ وثانيهما نصوص السلف فعن علی رضی الله عنه قال خير الناس فی هذه الامته بعد ابی بكر عمر الفاروق ثم عثمان

marfat.com

ذوالنورین ثم انا رواہ الحافظ ابوسعید السمان کما فی فصل الخطاب نبراس ۔ہم پہلے دلائل میں اثر نقل کر چکے ہیں۔اس پر حاشیہ چڑھاتے ہوئے مولوی برخوردار ملتانی لکھتے ہیں: ان صح ھذا الاثر فیقول المعنی خیر الناس فی ھذہٖ الامة فی امر الخلافة کما مرا لکلام فی الحدیث قبله ۔اگر یہ صحیح ہوتو پھر معنی یہ ہے اِس امت میں امرِ خلافت میں خیرالناس ابوبکر ہیں پھر عمر پھر عثمان پھر ہیں۔جس طرح کہ حدیث میں کلام گزر چکا ہے۔

اس عبارت پر چند گزارشات ہیں اولاً صاحب نبراس مسلک اہل سنت پر دلائل پیش کررہے ہیں کہ حدیث میں اور اثر میں افضل و خیر بمعنیٰ کثرت ثواب ہے لہذاافضلیت بمعنیٰ کثرت ثواب کا بیان ہے حدیث میں اور اثر میں تو پھر بایں معنیٰ یہ حضرات ہذاالترتیب افضل قرار پائے۔

ثانیاًاہل سنت کا یہ بھی مذہب ہے کہ خلافت کا وقوع بربنائے افضلیت بمعنیٰ کثرت ثواب ہی ہوا۔تو پھر مولوی برخوردار کو سینہ زوری اور تاویل بمالا یرضی بہ قائلہ کی کیا ضرورت پیش آئی۔

یہاں اہل سنت کے دلائل کو خواہ مخواہ توڑنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے۔اور یہی حرکت اس نے امام ابن حجر عسقلانی اور امام ابن حجر قسطلانی کی عبارتوں کے ساتھ کی ہے جبکہ امام ابن حجر قسطلانی جہاں فرماتے ہیں: فیہ تقیید الخیریة المذکورہ والافضلیة بما یتعلق بالخلافة متصل بعد ارقام فرماتے ہیں فقد اطبق السلف علی خیریتھم عنداللہ علی ھذا الترتیب بخلافتھم [1]

---

[1] ارشادالساری

marfat.com

اسلاف نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ ان کے مراتب اللہ تعالیٰ کے نزدیک اُسی ترتیب پر ہیں جس ترتیب پر خلافت واقع ہے۔

لہذا ان حرکتوں سے واضح ہوتا ہے کہ مولوی برخوردار ملتانی میں رفض پایا جاتا تھا لہذا مولوی برخوردار ملتانی کی عبارات کا سہارا لینا اہل سنت کے نزدیک معتبر نہیں جو لوگ یہ عبارتیں پڑھ کر سناتے ہیں یا قلت فہم کا شکار ہیں یا مذموم عزائم رکھتے ہیں ان عبارتوں کے سہارے علماء اہل سنت (جو یہ عبارتیں سمجھنے سے قاصر ہیں) کو مرعوب کر کے رافضیت پھیلانا چاہتے ہیں اور اس میں وہ لوگ کامیاب ہیں کیونکہ ان کا سامنا کرنے سے اکثر علما اہل سنت کتراتے ہیں الا یہ تائید ایزدی سے مؤید علماء ربانی برطانیہ میں ان لوگوں کو للکارتے ہیں اور اعلاء کلمۃ الحق کا فریضہ ادا کر رہے ہیں۔ ہم علماء اہل سنت سے گذارش کریں گے کہ اپنے فرائض منصبی کو سمجھتے ہوئے ایسے لوگوں کو کانفرنسوں، جلوسوں اور جلسوں میں اہل سنت کے مسلک کے خلاف تقریر کرنے سے روکیں اور بغیر کسی مصلحت کا شکار ہوئے اعلاء کلمۃ الحق کر کے افضل مجاہد بنیں۔

## افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نگاہ رسول اللہ ﷺ میں:

امام علامہ عمدۃ المتکلمین عبدالعزیز پرہاروی رحمہ الباری فرماتے ہیں:

**انکر الشیعة وفضلوا علیه علیا**[1] شیعہ نے افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا انکار کیا اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر فضیلت دی ہے حالانکہ نبی اکرم ﷺ نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی افضلیت پر نص فرمائی

---

[1] مرام الکلام فی عقائد الاسلام

marfat.com

ہے۔ جیسا کہ حضرت سلمۃ بن الاکوع سے مرفوعاً مروی ہے: **قال قال رسول اللہ ﷺ ابوبکر خیر الناس بعدی الا انیکون نبیا طبرانی، خطیب، ابن عدی، دیلمی** نے اس حدیث کو روایت فرمایا۔ بحوالہ مرام الکلام فی عقائد الاسلام حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے: **قال قال رسول اللہ ﷺ خیر ھذہٖ الامۃ ابوبکر و عمر دارقطنی اصفہانی** اور ابن عساکر نے روایت فرمایا

اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی مرفوعاً مروی ہے۔ قال قال رسول اللہ صلی علیہ وسلم ابوبکر خیر الاولین والآخرین و خیر اہل السمٰوات والارضین الا النبین والمرسلین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے انبیاء و مرسلین (و رسل الملائکہ) کے پہلوں اور پچھلوں سے زمین و آسمان والوں سے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بہتر (افضل) ہیں

**ایک شبہ کا ازالہ:**

اگر کوئی یہ شبہ وارد کرے کہ ان احادیث مبارکہ میں لفظ خیر آیا ہے لفظ افضل نہیں آیا لہذا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا خیر الامتہ ہونا ثابت ہوا افضل الامتہ ہونا ثابت نہ ہوا۔ جیسا کہ منکر یہ مغالطہ اہل سنت کو دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خیر الامتہ مانتے ہیں افضل الامہ نہیں مانتے بلکہ وہ اپنی نجی محفلوں میں کہتے ہیں کہ حضرت علی المرتضےٰ افضل الامتہ ہیں لہذا حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے افضل ہیں جواب عرض ہے کہ ہم پہلے اسکا جواب تفصیلاً دے چکے ہیں اختصاراً پھر عرض ہے اولاً افضل اور خیر میں نسبت

marfat.com

تساوی کہ جو افراد افضل کے ہیں وہی افراد خیر کے ہیں اور ان دونوں کلیوں کا مصداق ایک ذات ابوبکر صدیق کی ہے اور یہ الفاظ مترادفہ ہیں دونوں کا معنی ایک ہے اور وہ ہے کثرت ثواب جیسا کہ لیلۃ القدر میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لیلتہ القدر خیر من الف شھــــر . لیلۃ القدر ہزار ماہ سے بہتر (افضل) ہے معنی ہزار ماہ کی عبادت کے ثواب سے اس رات کی عبادت کا ثواب زیادہ ہے (یعنی اس میں کثرت ثواب ہے)

ثانیاً جسطرح خیر کا لفظ احادیث مبارکہ میں حضرت ابوبکر صدیق پر محمول ہوا ہے اسی طرح لفظ افضل بھی حضرت ابوبکر صدیق پر محمول ہوا ہے۔

جیسا کہ امام عبدالعزیز پر ہاروی رحمہ الباری مرام الکلام فی عقائد الاسلام میں ارقام فرماتے ہیں

صحابہ کرام اور سلف صالحین کا اجماع ہے افضلیت و خیریت ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو حاصل ہے۔

فعن ابن عمر اجتماع المهاجرون والانصار على ان خير هذه الامة بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر عمر عثمان رواخشميته بن سعد مہاجرین وانصار صحابہ کا اتفاق ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد اس امت میں سب سے بہتر (افضل) ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہم و عنه كنا نقول و رسول الله صلى الله عليه وسلم فينا افضل الامته بعده ابوبكر ثم عمر ثم عثمان رواه ابو داؤد واخرج البخاری نحوه وزاد الترمذی والطبرانی فیبلغ ذالک رسول الله صلى الله عليه وسلم فلا ينكره اور حضرت عبداللہ ابن عمر سے ہی مروی

marfat.com

ہے کہ ہم (صحابہ کرام) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ ظاہرہ میں کہا کرتے تھے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سماعت فرماتے تو اس پر انکار نہ فرماتے. بخاری اس کی مثل اور ابوداؤد، ترمذی اور طبرانی نے روایت فرمایا.

مرام الکلام میں ہی ایک اور حدیث روایت فرماتے ہیں **عن ابی هريرة كنا معشر اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم و نحن متوافرون نقول افضل هذهٖ الامة بعد نبينا ابو بكر ثم عمر ثم عثمان رواه ابن عساكر بحواله مرام الكلام فى عقائد الاسلام**

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے۔ کہ ہم اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم درآنحالیکہ کثیر تھے۔ کہا کرتے تھے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد اس امت میں سب سے افضل ابوبکر صدیق ہیں پھر عمر فاروق ہیں پھر عثمان غنی ہیں رضی اللہ عنہم.

امام عبدالعزیز مرام الکلام میں ارقام فرماتے ہیں افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اہل بیت نے بھی نص فرمائی ہے۔ **و قد تواتر عن على رضى الله تعالىٰ عنه ان ابا بكر افضل هذهٖ الامة حتى رواه عنه اكثر من ثما نين**[1]

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم سے تواتراً مروی ہے کہ اس امت میں سب سے افضل ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ اور حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ سے (۸۰) اسی صحابہ کرام نے افضلیت ابی بکر صدیق کو روایت فرمایا۔ امام ذھبی

---

[1] مرام الکلام فی عقائد الاسلام

marfat.com

کے حوالہ سے پہلے ذکر کیا جا چکا ہے۔افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ مطلق بالتواتر حضرت علی المرتضٰی سے ثابت ہے۔

قارئین ان احادیث سے واضح ہوگیا کہ افضل اور خیر میں کوئی فرق نہیں۔ اور دونوں لفظ ابو بکر صدیق پر بولے جاتے ہیں لہذا جو لوگ ان کے درمیان فرق کر کے افضلیت صدیق اکبر کا انکار کرتے ہیں یا تو جاہل ہیں یا باطن میں رفض وشیعیت ہے جس کو اس فریب سے ظاہر کرتے ہیں تاکہ اہل سنت میں قیادت و سیادت بھی رہے اور رفض وشیعیت کا پرچار بھی رہے۔لہذا اہل سنت و جماعت اس فریب سے باخبر رہیں اور ان کے مکر و مغالطہ میں نہ آئیں مسلک حق اہل سنت و جماعت پر قائم رہیں کہ ابو بکر صدیق انبیاو مرسلین اور رسل ملائکہ کے بعد مطلق افضل الخلق ہیں۔

(نوٹ) ہم نے اس کتاب مستطاب میں تفضیلی کو رافضی شیعہ ثابت کر دیا ہے۔اور ہمارا مدعا روز روشن سے زیادہ واضح ہوگیا کہ تفضیلی اہل سنت و جماعت سے خارج ہے۔اور ناری فرقوں میں داخل ہے۔

## افضلیت میں اقوال صحابہ کی حیثیت:

خیال رہے صحابہ کرام بشمول حضرت علی المرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے جتنے اقوال وارشادات منقول ہیں وہ تمام حکماً مرفوع احادیث اور فرامین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔کیونکہ افضلیت کا مسئلہ مجتہد فیہ (قیاسی) نہیں کہ کہا جائے صحابہ کرام نے اپنے فکر ورائے سے یہ بات فرمائی ہے بلکہ ثابت یہ ہوا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سماعت فرمائی گئی ہے۔

marfat.com

## اجماع کی قطعیت وظنیت:

افضلیت میں اجماع امت کی قطعیت وظنیت میں امام عبدالعزیز پر ہاروی کی تحقیق وترجیح۔

امام عبدالعزیز پر ہاروی رحمتہ الباری (جن کے متعلق عمدۃ المتکلمین رئیس المناظرین جامع المعقول والمنقول استاذ العلماء شیخ الحدیث علامہ محمد اشرف سیالوی مدظلہ العالی نے ان کے حالات میں نبراس کے مقدمہ میں تحریر فرمایا کہ) یہ ۲۷۰ علوم میں مہارت تامہ رکھتے تھے۔آپ مرام الکلام فی عقائد الاسلام میں ارقام فرماتے ہیں: **افضلیت الصدیق قطعیة عندالشیخ ابی الحسن الاشعری و ظنیة عند القاضی الباقلانی وامام الحرمین و من نظر فی الاحادیث البالغة مبلغ التواتر و اجماع السلف عرف ان الحق مع الاشعری کیف لاوهوا مام اهل السنة المجاهد فی تحقیق المسائل واسبق زمانا من مخالفیه فهوا عرف بحقیقة الاحادیث والاجماع وما بعصده ان مالگاسئل ای الناس افضل بعد نبیهم فقال ابوبکر ثم عمر ثم قال اوفی ذالک شک حکاه عبدالله المازری مرام الکلام فی عقائد الاسلام** افضلیت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مسئلہ امام اہل سنت ابوالحسن اشعری کے نزدیک قطعی ہے قاضی باقلانی اور امام الحرمین کے نزدیک ظنی ہے جس شخص نے احادیث متواتر اور اجماع سلف میں غور کیا اُسے معلوم ہو گیا کہ حق امام اشعری کے ساتھ ہے کیوں نہ ہو حال یہ ہے کہ امام اشعری امام اہل سنت اور تحقیق مسائل میں مجاہد

marfat.com

ہیں اپنے مخالفین میں سے زمانا اسبق ہیں حد تواتر کو پہنچنے والی احادیث اور اجماع سلف کی حقیقت کو بہتر جانتے ہیں۔ اس مسئلہ کی قطعیت کو مزید یہ چیز بھی تقویت دیتی ہے کہ امام مالک سے پوچھا گیا کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد لوگوں میں سے افضل کون ہے آپ نے فرمایا ابوبکر پھر عمر پھر فرمایا امام مالک نے (استفہام، انکاری کے طور پر) کیا اس میں شک ہے؟ ہم پہلے اس مسئلہ کی قطعیت اور ظنیت کو ذکر کر چکے ہیں.

محدث ابن عبدالبر کا رد بلیغ امام عبدالعزیز پرہاروی کی نظر میں:

امام عبدالعزیز پرہاروی مرام الکلام فی عقائد الاسلام میں ارقام فرماتے ہیں: **قد ذكرنا فيه كفاية للعاقل المنصف المهتدى فان نقل عن احد من علماء السنته ما يخالف هذا فهو مردود على الناقل فلا تلتفتن الى اقاويل موسوعة حادثة بعد انعقاد الاجماع حكاها بعضهم** .ہم نے جو دلائل ذکر کیے ہیں عاقل منصف ہدایت یافتہ کے لئے کافی ہے اگر علماء اھل سنت میں سے کوئی ایسی روایت نقل کرے جو اس اجماع کے خلاف ہو تو وہ ناقل پر رد کر دی جائے گی ایسے اقوال جو وسوسہ کیئے ہوئے اور اجماع امت کے بعد پیدا ہونے والے ہیں ان کی طرف ہرگز توجہ نہ کی جائے۔

یہ ایسے اقوال موسوسہ ہیں جسکو بعض علماء نے حکایت کیا ہے۔

تبصرہ: امام عبدالعزیز پرہاروی رحمہ الباری نے بالکل واضح فرما دیا کہ احادیث مبارکہ اقوال صحابہ واھل بیت اور اجماع امت کے بعد احقاق حق کے لیئے مزید دلائل کی ضرورت نہیں جو ان کا انکار کریگا وہ ازلی بدبخت ضال ومضل ہے.وہ انصاف سے ہٹا ہوا مجادل اور ھم قوم لایعقلون میں داخل ہے لہذا اسکے خلاف اقوال پیش

marfat.com

کرنے والا حق سے بہت دور ہے اور جو جو اقوال پیش کریگا اسکے منہ پر مار دیئے جائیں گے۔اجماع امت اور براھین کے آگے ان کا کوئی اعتبار نہیں۔

## اقاویل موسوسہ حادثہ بعد انعقاد الاجماع:

امام عبدالعزیز پرھاروی اب وہ اقاویل باطلہ ذکر کرتے ہیں مرام الکلام میں ارقام فرماتے ہیں منها قول ابن عبدالبر ان السلف اختلفوا فی تفضیل ابی بکر و علی وان سلمان و اباذر والمقداد والخباب جابرا واباسعید الخدری و زیدبن ارقم فضلوا علیا علی غیرہٖ وقالوا ھوا ول من اسلم ۔ان قاویل باطلہ میں ابن عبدالبر کا قول ہے وہ یہ کہ سلف نے اختلاف کیا ہے ابوبکر صدیق اور علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی افضلیت میں اور حضرت سلمان فارسی ابوذر۔مقداد خباب، جابر، ابوسعید خدری اور زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنھم حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کو ان کے غیر پر فضیلت دیتے تھے۔اور وہ صحابہ کرام کہتے ہیں کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہ سب سے پہلے مسلمان ہوئے.

اب امام عبدالعزیز اس قول کا کئی وجوہ سے رد کرتے ہیں۔فرماتے ہیں:

وھذا مما تفرد به ابن عبدالبر و لو سلم فلعل آلتفضیل بوجه آخر غیر کثرۃ الثواب ولعله اسبق الی السلام اوارادواماعد الشیخین لوضوح الادلة علی افضلیتھماو یدل علیه قول ابن عبدالبر علی ما یفھم من کلام ان الاجماع استقر علی تفضیلتھما علی اختنین ۔پہلے قول باطل کے رد کی اولاً وجہ یہ ہے ابن عبدالبر قول میں متفرد ہے اُمت میں سے کوئی عالم اسکا قائل نہیں۔

marfat.com

(یہ اجماع کے مقابلہ میں مردود ہے) ثانیاً اگر اس روایت کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو پھر یہ تفضیلیت بمعنیٰ کثرت ثواب نہیں بلکہ اور وجہ سے (مثلاً نسب وغیرہ) لہذا ہم اہل سنت کو کوئی مضر نہیں.

ثالثاً اس تفضیلیت کی وجہ سبقت الی الاسلام ہے.(لہذا ہمیں مضر نہیں کیونکہ سبقت الی الاسلام افضلیت مطلقہ کی دلیل نہیں)

رابعاً صحابہ کرام کے قول کا مطلب ہے کہ شیخین کو مستثنیٰ کر کے باقیوں پر فضیلت ہے ان کے نزدیک کیونکہ شیخین کی افضیلت پر بڑے واضح دلائل ہیں۔

خامساً محدث ابن عبدالبر کا اپنا قول حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی افضلیت کی تردید کرتا ہے کیونکہ خود ابن عبدالبر کی کلام ہے.

**ان الاجماع استقر علی تفضیلھما علی اختین** کہ اجماع ثابت ہے اس پر کہ شیخین (حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما) ختنین (حضرت عثمان غنی اور حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے افضل ہیں.قارئین ابن عبدالبر کا اقرار افضلیت شیخین کا ہم فتح الباری شرح بخاری کے حوالہ سے ذکر کر چکے ہیں۔ فتذکر۔

قارئین آپ غور فرمائیں کہ امام عبدالعزیز پرہاروی نے ابن عبدالبر کا کیسا رد بلیغ کیا اب سوائے معاند کے انکار کی کوئی گنجائش نہیں اور نہ ہی کوئی اہل علم ابن عبدالبر کی روایت بیان کر کے اہل سنت و جماعت کے جلسوں میں تقریر دل پذیر کرتا ہے کیونکہ یہ سراسر گمراہی وضلالت ہے۔العیاذ باللہ تعالیٰ

marfat.com

## دوسرا قول باطل:

امام عبدالعزیز پرہاروی نقل فرماتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں و منها ان الاجماع علی الافضیلة الظنی ظنی۔ بعض لوگ کہتے ہیں افضلیت شیخین ظنی چیز ہے لہذا یہ اجماع ظنی چیز پر ہوا اسکا جواب دیتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں: و هو من سوء الظن بالسلف بل اجمع الصحابة علیها بالاحادیث التی سمعوها من النبی صلی الله علیه وسلم فاین الظن .یہ سلف صالحین کے ساتھ سوء ظن ہے (العیاذ باللہ تعالیٰ) بلکہ صحابہ کرام افضلیت شیخین پر ان احادیث مبارکہ کی بنا پر اجماع کیا ہے جو انہوں نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ پاک سے سنی ہیں .(جو چیز صحابی برائے راست نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنتا ہے وہ اسکے لئے قرآن کی طرح قطعی یقینی ہے اسکا انکار کفر ہے) لہذا افضلیت قطعیہ ہوئی اور اجماع قطعی پر ہوا نہ کہ ظنی پر ہوا.

## تیسرا قول باطل:

ذکر کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں: و منها ماحکاه اخطابی عن بعض مشائخه قال ابوبکر خیر و علی افضل اقوال موسوسہ میں ایک وہ ہے جسکو خطابی نے اپنے بعض مشائخ سے حکایت کیا ہے وہ قول یہ ہے ابوبکر صدیق خیر ہیں اور علی المرتضے افضل ہیں۔

اسکا رد کرتے ہوئے امام عبدالعزیز ارقام فرماتے ہیں و هذا تناقض یہ تناقض ہے۔( کیونکہ جو خیر ہے وہی افضل ہے اور جو افضل ہے وہی خیر ہے کیونکہ ان

marfat.com

کے درمیان نسبت تساوی کی ہے .اور افضل کا مفضل علیہ کل الامتہ ہے اور ہم دلائل سے ثابت کر چکے ہیں کہ ابوبکر صدیق خیر کل الامتہ ہیں اور یہ بھی ثابت کر چکے ہیں افضل اور خیر میں تساوی ہے .خارج میں مصداق ایک ہی فرد امت ہے اور وہ ابوبکر صدیق ہیں لہذا افضل کل الامتہ حضرت ابوبکر صدیق ہوئے نہ کہ علی المرتضٰے .اور دلائل سے افضل الامتہ کا ثبوت حضرت ابوبکر صدیق کے لئے اظہر من الشمس کیا جا چکا ہے.

امام عبدالعزیز پر ہاروی فرماتے .الا ان یراد الافضیلت من بعض الوجوہ ہاں اگر افضلیت علی المرتضٰے سے افضلیت جزی ہو یا افضلیت اضافی ہو تو پھر یہ قول درست ہے۔مگر ہمارا مدعا ہے کہ افضلیت مطلقہ ( کلیہ ) یا افضلیت حقیقۃ صرف ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ میں بند ہے غیر کی طرف تجاوز نہیں کرتی۔

## چوتھا قول:

چوتھا قولِ باطل ذکر کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں: **و منھا قول معمر لو ان رجلا قال ان علیا افضل من ابی بکر و عمر ثم اعنقه اذاذ کر فضل الشیخین و اجھما فسمعه و کیع فاعجبه** .مرام الکلام معمر نے کہا اگر کوئی آدمی کہے کہ حضرت علی المرتضٰے رضی اللہ تعالیٰ عنہ ابوبکر صدیق اور عمر فاروق سے افضل ہیں تو میں ایسے شخص کی گردن نہیں مارتا جب کہ وہ شیخین کی فضیلت کا قائل ہو اور ان سے محبت کرتا ہو۔اس کا رد کرتے ہوئے امام عبدالعزیز فرماتے ہیں۔ **فسمعه و کیع فعجبه** امام محدث وکیع نے یہ بات سنی تو انہیں حیرت ہوئی ( کہ یہ باطل قول کر رہا ہے )

دوسری بات یہ ہے کہ معمر نے کہا میں گردن نہیں ماروں گا یعنی قتل نہیں کروں

marfat.com

گا۔تو یہ اور بات ہے ہمیں مضر نہیں کیونکہ قتل نہ کرنے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اہل سنت میں داخل ہے۔

تیسرا ایسے قول کی کیا وقعت ہے ان احادیث کے مقابلہ میں جو حد تواتر کو پہنچتی ہیں اور اجماع امت قائم ہے۔

چوتھا قول باطل ذکر کرتے ہوئے ارقام فرماتے ہیں: **ومنها ماحکی عن احمد الزورقی احد مشائخ المغاربه اختلف فی ان هذا التفضیل فی الظاهر والباطن معا اوفی الظاهر فقط انتهیٰ۔**

## پانچواں قول:

پانچواں قول باطل یہ ہے کہ امام احد الزورقی جو کہ مشائخ مغاربہ میں سے ایک ہیں سے حکایت کی گئی ہے کہ اختلاف ہے اس بات میں کہ آیا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تفضیل ظاہر و باطن (یعنی شریعت و طریقت میں ہے یا صرف ظاہر (شریعت) میں اس قول کے بطلان کو بیان کرتے ہوئے امام عبدالعزیز ارقام فرماتے ہیں: **وهو اشارة الی قول بعض المتشیعة غیر الغلاة ان علیا اعلم بعلم الطریعة من سائر الصحابة ولذا ینتهی الیه سلاسل الصوفیه** ۔یہ اشارہ بعض معتدل (غیر غالی جو ساب وشاتم نہیں) کے قول کی طرف ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تمام صحابہ سے زیادہ عالم الطریقت ہیں یہی وجہ ہے کہ سلاسل طریقۃ ان پر ختم ہوتے ہیں۔

یہ قول باطل ہے۔

اول اہل سنت میں کوئی اختلاف نہیں بلکہ اتفاق ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق

marfat.com

ظاہر و باطن (شریعت وطریقت) میں افضل علی الاطلاق ہیں۔

اور یہ اختلاف شیعہ کی اختراع ہے۔اور شیعہ غیر غالی کہتے ہیں۔

حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ اعلم بالطریقت ہیں۔حضرت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ شریعت وطریقت میں اعلم ہیں۔

وضاحت:

اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ امام احمد الزروقی المغربی سے جو قول منقول ہے کہ اہل سنت وجماعت کے درمیان اختلاف ہے بعض کے نزدیک شریعت وطریقت ظاہر و باطن دونوں امور میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ افضل الصحابہ ہیں اور بعض کے نزدیک صرف ظاہر۔شریعت میں افضل الصحابہ ہیں اور جو کہتے ہیں کہ ابوبکر صدیق صرف ظاہر،شریعت میں افضل الصحابہ ہیں وہ کہتے ہیں کہ حضرت علی المرتضیٰ باطنی امور (طریقت) میں تمام صحابہ سے زیادہ علم والے ہیں لہذا طریقت میں حضرت علی المرتضیٰ افضل ہیں۔لہذا یہ قول اختلاف باطل ہے۔

یعنی اہل سنت کے درمیان اختلاف سرے سے ہے ہی نہیں۔ یہ ظاہر وباطن والی کوئی تفریق نہیں۔اور یہ شیعہ کا عقیدہ ہے کہ حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ طریقت میں تمام صحابہ کرام سے اعلم ہیں لہذا آپ باب طریقت میں حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما سے افضل ہیں۔اہل سنت کا مجمع علیہ اور متفق علیہ چودہ سو سال سے یہ عقیدہ آرہا ہے کہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مطلق ہر باب میں یعنی شریعت وطریقت میں تمام صحابہ کرام سے افضل ہیں۔

marfat.com

قارئین چند اکابر کی تصریحات کے ساتھ کتاب (انکار افضلیت ابی بکر صدیق خروج من اهل السنة والجماعة) کا اختتام ہو رہا ہے۔ امام علامہ سعد الدین تفتازانی رحمۃ اللہ تعالیٰ ارقام فرماتے ہیں: والانصاف ان مساعی ابی بکر وعمر فی الاسلام امر علی الشان جلی البرهان غنی البیان۔ [1]

انصاف یہ ہے کہ ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہم کی اسلامی خدمات کا امر اتنا بلند و بالا ہے اور اس پر روشن دلائل ہیں کہ بیان کا محتاج ہی نہیں۔

حضرت شیخ المحدثین شاہ ولی اللہ محدث دہلوی ارقام فرماتے ہیں:

تلویح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بافضلیت شیخین جمیعا وواحدا باثبات لوازم آں از احبیۃ وسیادۃ اہل جنت واکثریۃ ثواب وعلو مرتبہ در آخرت [2] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کی افضلیت کو بے غبار فرما دیا ہے کہیں دونوں کا اکٹھا اور کہیں ایک ایک کر کے ان کی افضلیت کے لوازم کو بیان فرمایا۔ مثلاً اُن کا سب سے زیادہ محبوب ہونا، جنتیوں کا سردار ہونا، ان کے اعمال کے ثواب کی کثرت اور آخرت میں ان کا مرتبہ سب سے بلند ہونا۔ دوسرے مقام پر یوم ارقام فرماتے ہیں: استخلاف شیخین قطعاً متحقق شد بخلاف غیر ایشاں وخلافت مشروط است بصفات کمال کمابین فی موضعہ پس استخلاف قطعی دلالت میکند بر ثبوت آں بالقطع وکسیکہ صفات کمال او بالقطع ظاہر شدہ باشد افضل است از کیسکہ افضلیت او بقیاس یا خبر واحد ثابت شود چنانکہ فرق نہادہ اند در فرض وواجب [3] شیخین کی خلافت قطعاً

---

[1] شرح مقاصد [2] قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین [3] قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین

marfat.com

ثابت ہے برخلاف ان کے علاوہ دوسروں کے، اور خلافت کیلئے صفات کمال کا ہونا شرط ہے اوران کی خلافت کا قطعی ہونا دلالت کرتا ہے کہ ان کے اندر قطعی طور پر صفات کمال پائے جاتے ہیں اور جن کے صفات کمال قطعی اور یقینی طور پر ظاہر ہوں وہ ان سے افضل ہی ہوتے ہیں جن کی صفات کمال قیاس یا خبر واحد سے ثابت ہوں کیونکہ فرق واضح ہے قطعی دلیل سے فرض ثابت ہوتا ہے۔ قیاس اور خبر واحد سے واجب ثابت ہوتا ہے۔

حضرت امام شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ ایک اور مقام پر یوں ارقام فرماتے ہیں اہل سنت میگویند افضل الامۃ ابوبکر ثم عمر واھل بدعت نفی فضل باافضلیت ہردو میکنند پس فضیلت یکے از ایشاں مثبت قول اہل سنت باشد [1] خلاصہ یہ ہے حضرت ابوبکر صدیق اور عمر فاروق کو افضل الامۃ ماننا یہ اہل سنت کا عقیدہ ہے اور ان کی افضلیت مطلقہ کی نفی کرنی اہل بدعت گمراہ اور ناری فرقہ کا عقیدہ ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی اپنی مشہور کتاب ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفا میں ارقام فرماتے ہیں: اما تشبہ قوۃ عقلیہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ باقوۃ عقلیہ انبیاء صلوٰۃ اللہ علیہم پس باید دانست کہ چوں فیض الٰہی در نفس ناطقہ کسے رامے آید اثر آں فیض را چندیں ہیاکل ظاہر می شود واز صدیق اکبر اکثراں ہیاکل شناختہ شدہ خلاصہ یہ ہے کہ ابوبکر صدیق کی قوت عقلیہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی قوت عقلیہ کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اور فیض الٰہی جب کسی کے نفس ناطقہ میں داخل ہوتا ہے تو اس فیض کا اثر کتنی مختلف انواع کے مناظر میں ظاہر ہوتا ہے اور صدیق اکبر رضی

---

[1] قرۃ العینین فی تفضیل الشیخین

marfat.com

اللہ عنہ سے اکثر وہ مناظر پہچانے جاتے ہیں۔

ازالۃ الخفاء میں دوسرے مقام پر ارقام فرماتے ہیں: واما تشبه صديق اكبر رضى الله عنه درقوت عمليه بانبياء كرام عليهم السلام پس از شواهد آنست.

حدیث: ابوهريره قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اصبح منكم اليوم صائما قال ابوبكر انا، قال فمن تبع منكم اليوم جنازه قال ابوبكر انا قال فمن اطعم اليوم مسكيناً قال ابوبكر انا قال فمن عاد منكم اليوم مريضاً قال ابوبكر انا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما اجتمعن فى امرءٍ الا دخل الجنة اخرجه الشيخان۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی قوت عملیہ میں بھی انبیاء کرام علیہم السلام کے ساتھ مشابہت ہے اس کے شواہد میں سے حدیث ابوہریرہ ہے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آج تم میں سے روزے کی حالت میں صبح کس نے کی ہے۔ ابوبکر صدیق نے عرض کی میں نے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھر فرمایا تم میں سے آج جنازہ میں کون شریک ہوا۔ حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کیا میں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ پھر آپ نے فرمایا تم میں سے آج مسکین کو کھانا کس نے کھلایا ہے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں نے پھر آپ نے فرمایا تم میں سے آج بیمار کی عیادت کس نے کی ہے؟ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میں نے، پھر آپ نے فرمایا کسی آدمی میں یہ چیزیں جمع نہیں ہوسکتیں مگر وہ آدمی جنت میں داخل ہوگا۔

marfat.com

## حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تصوف و طریقت کے امام ہیں:

شاہ ولی اللہ صاحب ازالۃ الخفاء میں ایک اور مقام پر ارقام فرماتے ہیں:

اما اتصاف حضرت صدیق بصفت صفائے قلب آں را در عرف زمان ما طریقت گویند در کشف المحجوب مذکور است کہ شیخ جنید بغدادی گفتہ است اشرف کلمۃ فی التوحید قول ابی بکر الصدیق سبحان من لم یجعل لخلقہ سبیلا الا بالعجز عن معرفتہ وصاحب کشف المحجوب در مدح صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کلمہ دارد ان الصفا صفۃ الصدیق ان اردت صوفیاء علی التحقیق از انچہ صفارا اصلی است وفرعی اصلش انقطاع دل است از اغیار وفرعش خلو دل است از دنیا غدار وایں ہر دو صفت صدیق اکبر است پس امام اہل ایں طریقہ اوست انتہی۔ رہا یہ کہ حضرت ابو بکر صدیق صفائی قلب کے ساتھ متصف تھے تو اس میں یہ حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخش لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کشف المحجوب شریف میں فرماتے ہیں توحید میں سب سے بلند کلمہ حضرت ابو بکر صدیق کا قول ہے کہ پاک ہے وہ ذات جس کی مخلوق کیلئے اپنی معرفت کی کوئی راہ نہیں مگر اپنی معرفت سے عاجز ہونے کی اور صاحب کشف المحجوب نے حضرت صدیق اکبر کی مدح میں بہت اونچی بات لکھی ہے۔ یعنی ان الصفا الخ کہ اگر تیرا ارادہ ایسی صوفیت ہے جو علی التحقیق ہو (یعنی حقیقی صوفی بننا چاہتا ہے تو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے نقش قدم پر چل) کہ صفا صدیق کی صفت ہے کیونکہ صفا کی ایک اصل ہے اور ایک فرع اس کی اصل ہے دل کا اغیار سے منقطع ہو جانا۔ اور اس کی فرع ہے دل کا خالی ہونا دنیا غدار سے تو دونوں صفتیں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی ہیں تو جو اس طریقہ (تصوف) والے ہیں ان کے امام وہ ہیں۔ (کلام ختم ہوا)

marfat.com

چشت اہل بہشت کی مسلمہ شخصیت اور چشتیت کے منشی جامع شریعت وطریقت حضرت سید السادات سید میر عبدالواحد بالگرامی رحمہ اللہ علیہ یوں ارقام فرماتے ہیں واجماع دارند کہ افضل از جملہ بشر بعد از انبیاء ابوبکر صدیق است وبعد از وے عمر فاروق است وبعد از وے عثمان ذوالنورین است وبعد از وے علی المرتضیٰ است رضی اللہ تعالیٰ عنہم فضل ختنین از فضل شیخین کمتر است بے نقصان وبے قصور اجماع اصحاب وتابعین وتبع تابعین وسائر علماء امت بریں عقیدہ واقع شدہ است کسے کہ امیر المؤمنین علی را خلیفہ نداند از خوارج است وکسیکہ اُورا بر امیر المؤمنین ابوبکر وعمر تفضیل کند او از روافض است۔[1]

اس پر اجماع ہے کہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بعد ابوبکر صدیق افضل ہیں۔ پھر عمر فاروق پھر عثمان غنی پھر علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم، ختنین کا مرتبہ شیخین سے کم ہے مگر ان کا اپنا مرتبہ جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک ہے اس میں کوئی کمی ونقصان نہیں۔ صحابہ، تابعین، تبع تابعین اور تمام علماء امت کا اس ترتیب کا عقیدہ ہے جو شخص حضرت امیر المؤمنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت وعظمت کا انکار کرتا ہے وہ خارجی ہے اور جو حضرت علی المرتضیٰ کو ابوبکر صدیق اور فاروق اعظم پر فضیلت دے وہ رافضی ہے۔ (یہ خارجی اور رافضی دونوں اہل سنت سے خارج ہیں۔)

امام عضد الملۃ والدین عقائد کی معتبر شرح مواقف میں یوں ارقام فرماتے ہیں **المقصد وامام علامہ میر سید سند شریف جرجانی رئیس المتکلمین الخامس فی افضل الناس بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ**

---

[1] سبع سنابل شریف

marfat.com

وسلم وھو عندنا واکثر قدماء المعتزلة ابوبکر وعند الشیعة واکثر متاخری المعتزلة علی لنا وجوہ قولہ تعالیٰ وسیجنبھا الاتقی الذی یؤتی مالہ یتزکی قال اکثر المفسرین وقد اعتمد علیہ العلماء انھا نزلت فی ابی بکر فھو اتقی ومن ھو اتقی فھو اکرم عنداللہ لقولہ ان اکرمکم عنداللہ اتقکم وھو ای الاکرم عنداللہ ھو الافضل فابوبکر افضل ممن عداہ من الامة۔[1]

خلاصہ یہ ہے شرح مواقف میں ایک مستقل مقصد باندھا ہے افضلیت ابی بکر کے عنوان سے یعنی اہل سنت و جماعت اور اکثر قدماء معتزلہ کے نزدیک انبیاء کرام کے بعد افضل ابوبکر صدیق ہیں اور شیعہ اور اکثر متاخرین معتزلہ کے نزدیک حضرت علی افضل ہیں۔ ہمارے دلائل میں سے اللہ تعالیٰ کا قول ہے: وسیجنبھا الاتقی الآیۃ عنقریب اللہ تعالیٰ اس شخص کو جہنم سے دور کردیگا جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے اپنا ستھرا مال اُس کی رضا کیلئے خرچ کرتا ہے۔ اکثر مفسرین نے فرمایا اور اسی پر علماء کا اعتماد ہے کہ یہ آیت کریمہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی پس یہ سب سے زیادہ پرہیزگار ہیں اور جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے وہی اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت (مرتبہ) والا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تم میں سے سب سے زیادہ عزت والا اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا ہی افضل ہے لہذا ابوبکر صدیق باقی تمام امت سے افضل ہیں۔

---

[1] شرح مواقف

marfat.com

اعلیٰ حضرت عظیم البرکت امام اہل سنت مجدد دین وملت الشاہ احمد رضا خاں بریلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین میں افضلیت شیخین مطلقہ پر دلائل و براہین اپنی شان کے مطابق پیش فرمائے ہیں۔

ہم ان میں سے صرف ایک جھلک دکھاتے ہیں۔قرآن مجید کی آیات سے استدلال کرتے ہوئے فرماتے ہیں: **قال اللہ تعالیٰ وتقدس اھدنا الصراط المستقیم** ۔دکھا ہمیں راہ سیدھی۔حضرت خواجہ حسن بصری وابوالعالیہ کہ دونوں حضرات اجلہ علماء تابعین میں سے ہیں۔فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ وصاحباہ صراط مستقیم رسول اللہ ﷺ ہیں اور ان کے دونوں یار صدیق وفاروق رضی اللہ عنہما۔

**اقول وربی یغفرلی** اس تفسیر پر آیہ کریمہ میں صدیق وفاروق رضی اللہ عنہما کو راہ راست اور انہیں اِس وصف میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک پر مسلمانوں کو عموماً اور صحابہ کرام کو جن میں مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم بھی داخل ہیں ابتداءً حکم فرمایا جاتا ہے۔ہماری بارگاہ میں التجا کرو کہ الٰہی ہمیں ان کی چال سکھا اور انہی کی راہ چلا اور یہ بات متصور نہیں جب تک نفوس عالیہ الشیخین اعلیٰ درجہ تقی ونقی میں نہ خلق کئے گئے ہوں اور اطاعت وانقیاد و رشاد وارشاد واتیان مرضیات واجتناب مکروہات رسول اللہ ﷺ کے بعد انہی کا مرتبہ ہو اور ان کے سوا کوئی اس فضل میں ان کا عدیل سہیم نہ ہو حتیٰ کہ کافہ امت کو ان کی تقلید کا حکم دیں اور نہایت مہربانی سے خود تعلیم کریں ہماری بارگاہ میں یوں التجا کرو کہ ہمیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر وعمر کی روش پر چلنا نصیب کر، آیا اب یہی آیہ کریمہ اپنی تفسیر پر صاف صاف نہیں کہہ رہی ہے کہ شیخین بعد سید الکونین ﷺ کے امام متبوع و پیشوا ومقتدی وطوع واتقی، وافضل

marfat.com

واعلیٰ واکرم امت ہیں۔ عزیز اسی ارشاد کا اثر ہے کہ امیر المؤمنین مولیٰ علی کرم اللہ وجہہ الکریم نے صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی نعش اقدس پر فرمایا میں ان سے زیادہ کسی کی نسبت یہ نہیں چاہتا کہ اُس کے سے عمل کر کے خدا سے ملوں پھر جب جناب عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا وصال ہوا تو ان کے جنازہ پر بھی ایسا ہی کلمہ کہا۔ سبحان اللہ جل جلالہ نے کیا خوب دُعا قبول فرمائی۔ شیخین کی وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَاماً. ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا کر دے کہ انہیں تمام امت کا امام بنایا اور صحابہ جیسے متقین کو ان کی تقلید کا حکم فرمایا:

**ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشآء واللہ ذو الفضل العظیم۔** (انتہی کلام الاعلیٰ حضرت)

قارئین ملاحظہ فرمایا اعلیٰ حضرت عظیم البرکت نے کس قدر مسئلہ افضلیت کو آیت کریمہ کی روشنی میں بے غبار فرمایا۔

اب ایک حدیث مبارکہ کی روشنی میں ملاحظہ فرمائیں جو اعلیٰ حضرت نے ہی مطلع القمرین میں درج فرمائی ہے۔ عبد بن حمید اپنی مسند اور ابو عبداللہ حاکم نیشاپوری صحیح مستدرک اور حافظ ابو نعیم حلیۃ الاولیاء میں اور حافظ محمود بن نجار بہ چند طرق اسناد سیدنا ابو درداء رضی اللہ عنہ سے راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

**ماطلعت الشمس ولاغربت علی احد افضل من ابی بکر الا ان یکون نبی** ۔ نہ طلوع کیا آفتاب نے اور نہ غروب کیا کسی شخص پر جو ابو بکر سے افضل ہو۔ سوائے نبی کے۔

**فائدہ یہاں دو امر قابل لحاظ:**

جو اِس حدیث اور اس کے ماورا میں اکثر بکار آمد ہونگے اُور بلغا کا قاعدہ

marfat.com

ہے جب کسی شی کی نفی کلی مقصود ہوتی ہے اُسے اُسی قسم کے الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں کہ آفتاب ایسی چیز پر طالع نہ ہوا۔ یا اس پر طلوع وغروب نہ کیا یا زیر سایہ آسماں ایسا کوئی نہیں یا وجہ ارض اُس سے خالی ہے یا زمین نے نہ اٹھایا اور فلک نے سایہ میں نہ لیا کسی ایسے کو یا دن نہ چمکا اور رات نہ تاریک ہوئی اُس پر اور مقصود ان سے بطریق اثبات لازم بہ ثبوت ملزوم خواہ یوں کہیں کہ نفی ملزوم بانتفاء لازم وہی سلب مطلق وعدم عام ہوتا ہے۔ پس حاصل یہ ہے کہ زمانہ آدم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے آج تک بعد انبیاء ومرسلین کے کوئی شخص ابوبکر سے افضل پیدا نہ ہوا۔ ثانیاً عرف دائر وسائر ہے کہ نفی تفضیل کو نفی افضل کے پیرایہ میں ادا کرنے میں کہتے یہ ہیں کہ فلاں شخص سے کوئی افضل نہیں اور مراد یہ کہ نہ اس سے کوئی بہتر نہ اس کا کوئی ہمسر بلکہ وہی سب سے خیر وبرتر اور شاید اس میں یہ ہے کہ مساوات تامہ کلیہ حقیقیہ دو شخصوں میں کہ ہر وصف وہر نعت وہر خوبی وہر کمال میں کانٹے کی تول ایک سانچے سانچی کی ڈھال ہوں از قبیل محال عادی پس نفی افضل افادہ مقصود میں کافی تو معنیٰ حدیث یہ ہوئے کہ تمام جہاں میں انبیاء ومرسلین کے بعد نہ کوئی صدیق سے اَمثل نہ کوئی اُس کا مثل بلکہ وہی سائر مخلوق سے افضل۔

ایک اور حدیث جو اس کے بعد درج فرمائی ہے طبرانی سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ حضرت سید العالمین ﷺ فرماتے ہیں ماطلعت **الشمس علی احد منکم افضل من ابی بکر** تم میں سے کسی ایسے پر آفتاب نہ نکلا جو ابوبکر سے افضل ہو۔

marfat.com

**فائدہ:**

اس حدیث کیلئے شواہد کثیرہ ہیں اور حافظ عماد الدین بن کثیر نے اس کی صحت کی طرف اشارہ فرمایا: (انتھی کلام الاعلیٰ حضرت)

قارئین ملاحظہ فرمایا: اعلیٰ حضرت عظیم البرکت نے ان احادیث سے افضلیت مطلقہ ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ ایسے محققانہ انداز میں پیش فرمائی کہ اِس سے بہتر ممکن ہی نہیں۔ اعلیٰ حضرت عظیم البرکت نے مطلع القمرین فی ابانۃ سبقۃ العمرین میں ایک اور حدیث روایت فرمائی اور اس پر آپ کی تنقیحات ہیں۔ اِسی پر کتاب کا اختتام ہورہا ہے۔ **ابوبکر وعمر خیر الاولین والآخرین وخیر اهل السمٰوٰت وخیر اهل الارضین الاالنبیین والمرسلین** ابوبکر وعمر بہترین سب اگلوں پچھلوں سے اور بہترین سب آسمان والوں اور سب زمین والوں سے سوائے انبیاء ومرسلین کے۔ للہ ذرا انصاف کیجئے اگر مرتبہ مولا علی کا زیادہ ہوتا تو یہ الفاظ شیخین ہی کی نسبت فرمائے جاتے! ہم تو یہ جانتے ہیں اللہ کے نزدیک جس کی قدر زیادہ وہی سب زمین وآسمان والوں اور اگلوں پچھلوں سے بہتر ہوگا۔ یہ طرفہ تماشا ہے کہ مرتبہ میں وہ بڑے اور جہاں بھر سے بہتری اِن کو۔ تنقیح اہل سنت کہتے ہیں افضل الصحابہ صدیق ہیں پھر فاروق پھر ذی النورین پھر ابوالحسن مولا علی پھر بقیہ عشرہ مبشرہ پھر سائر صحابہ۔ نوٹ اعلیٰ حضرت کی اِس حدیث میں تنقیح اوّل کی کلام یہاں تک ہم نے نقل کی بقیہ کلام جو اصل کتاب قلمی نسخہ پر پانی گرنے سے درمیان سے مٹ گئی لہذا من وعن عبارت کا باقی حصہ پیش نہیں کر سکتے مگر جو اُس کے سیاق وسباق سے سمجھ آرہا ہے وہ ہم پیش کردیتے ہیں۔ تنقیح اوّل کے بقیہ حصہ میں اعلیٰ حضرت عظیم البرکت

marfat.com

تفضیلیہ پر معارضہ قائم فرماتے ہیں کہ جو حضرات امر خلافت میں تفاضل مانتے ہیں کہ خلیفہ ہونے کی حیثیت سے یہ حضرات حضرت علی سے افضل ہیں تو یہ حیثیت آپ کی آگے کیونکر چلی کیا باقی عشرہ اور باقی صحابہ بھی خلفاء راشدین سے اس امر میں فاضل ومفضول ہوں گے۔

تنقیح: جب یہ ٹھہراتے ہو کہ ایک جہت سے یہ افضل اور ایک جہت سے وہ افضل جیسا کہ اکثر بلکہ تمام تفضیلیہ کا مقولہ ہے۔ تو علماء اہل سنت کو کیا ہوا ہے کہ صحابہ سے لیکر اب تک اُسی جہت کا اعتبار کرتے ہیں جس سے شیخین افضل ہوئے کبھی تو جہت آخر کا بھی خیال چاہیے تھا اور دوبارہ سلسلہ تفضیل قائم کر کے جناب مولیٰ علی کو تقدیم دینی تھی جیسے عقیدہ افضل البشر بعد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر ثم عمر ثم عثمان ثم علی سے کتابیں مالا مال کردی ہیں۔ دس بیس یا دس بیس نہ سہی تین چار کتابوں میں افضل البشر بعد نبینا صلی اللہ علیہ وسلم علی ثم ابوبکر ثم عمر بھی تو کہتے یہ کیا ہوا کہ اس جہت کو یک لخت بھول گئے اور صدیق افضل صدیق افضل کہتے رہے۔ خصوصاً جبکہ قرب ووجاہت عنداللہ میں حضرت مرتضوی زیادہ تھے تو سچی تفضیل تو انہی کو دینا تھی۔ پس خوب معلوم ہوا کہ سنیوں کے نزدیک گو مولیٰ علی کو فضائل خاصہ حاصل ہیں جن میں شیخین کو اشتراک نہیں مگر وہ سب ان کے مقابل فضل جزی ہیں کہ فضل کلی شیخین کی مزاحمت نہیں کرتے۔ (انتہیٰ کلام اعلیٰ حضرت عظیم البرکت مجدد دین وملت امام اہل سنت امام احمد رضا خاں بریلوی رحمۃ اللہ علیہ)

marfat.com

وما حوى الغار من خير و من كرم

و كل طرف من الكفار عنه عمي

فالصدق في الغار و الصديق لم يريا

و هم يقولون ما بالغار من ارم

ثم الرضا عن ابي بكر و عن عمر

و عن علي و عن عثمان ذي الكرم


الناشر:

جامعہ اسلامیہ رضویہ

ساؤتھ فیلڈ لین۔ بریڈ فورڈ۔ ۵

جامعہ اسلامیہ سلطانیہ

نزد پیر شہابؒ حافظ ٹاؤن۔ جی ٹی روڈ۔ جہلم

Sultania Publications

92 544 628354